بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرو چمن

فی

احوال امام حسن ع

مؤلفہ

خان بہادر مولینا سید اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی

باہتمام

سید منیر حسن منیر زیدی الواسطی

ناشر مطبوعات

مطبع یوسفی دھلی

سنہ ۱۳۳۸ھ

مطبوعہ یوسفی پریس دھلی

طبع ثانیہ

تعداد طبع ۵۰۰

تفسیر عمدۃ البیان ہر سہ جلد

کلام معصومین سے اس میں ایک ایک آیہ قرآنی کی تفسیر (بزبان اردو) موجود ہے

ہدیہ قسم اول ہر سہ جلد کامل ۱۸ عـ

ہدیہ قسم دوم ہر سہ جلد کامل ۱۴ عـ

ہدیہ قسم سوم ہر سہ جلد کامل صـ

ترجمہ شیخ عبد الحکیم المقادیم

تقطیع ۲۲ × ۲۹ - دو صفحہ کاغذ حنائی - طباعت و کتابت و قرطاس نہایت صاف و دلکش اور خوشنما - جلد طلب فرما

ترجمہ درمیان میں ہے کہ جلدیں ختم ہو جائیں۔ ہدیہ غیر مجلد ۸ روپے ۔ مجلد ۹ فی روپیہ

قرآن مجید مترجم

علوم القرآن

ممتاز الافاضل جامع معقول و منقول مولانا مولوی السید [illegible] صاحب ... نے اس تصنیف لطیف میں علوم [illegible] نادرہ کا عجیب و غریب ثبوت دیا ہے ... کتاب [illegible] حضرات اس کتاب [illegible] فرمائیں۔ قیمت فی جلد ۱۲

جامع عباسی مترجم اردو

جامع عباسی بست بابی جملہ مسائل مذہب شیعہ کے متعلق شیخ بہائی علیہ الرحمہ کی وہ بیش بہا اور نادر کتاب ہے جس کے بعد کسی اور کتاب فقہ کی ضرورت باقی نہیں رہتی اسی نادر و بےمثل کتاب کا نہایت صحیح اردو ترجمہ ہے۔ جو بکمال محنت و کوشش طبع کیا گیا ہے

قیمت ۱۲ عـ

[illegible] المومنین

جامع و بسیط کتاب مع فالنامہ معصوم علیہ السلام اعمال و وظائف بطرز شیعہ میں ایک کاغذ لونیہ طباعت خوشنما اور قیمت فی جلد صرف ۲ عـ ہر عبادت گذار شیعہ کو یہ کتاب ضرور منگوانی چاہیئے قیمت ۲ عـ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

تذکرۃ المعصومین اردو

ایسی زریں کتاب کی ضرورت سختی سے محسوس ہو رہی تھی جسمیں ایک ہی جگہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مقدس و مبارک واقعات زندگی مہیا کئے گئے ہیں یہ ایک کتاب فی الحقیقت صدہا کتب سوانح معصومین سے مستغنی کردیتی ہے ہر مومن و پیرو چہاردہ معصومین ضرور منگائیں

(قیمت ۸ عـ)

فضائل مرتضیٰ

(کلان اردو)

امام المشارق والمغارب اسد اللہ الغالب علی ابن ابیطالب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ... امام المظفر شجاع الغضنفر قاسم [illegible] ۹۵ معجزات ... قیمت فی جلد ۸ عـ

واقعات [illegible]

[illegible] واقعات [illegible] قیمت فی جلد صرف ۱۸ ... [illegible]

اسباب النجات

تمام حاجات شرعیہ کے لئے مفید و مجرب اعمال - ادعیہ اور اذکار کا کامل اور قیمتی ذخیرہ - قیمت فی جلد صرف ۸ محصولڈاک ہر کتاب کا بذمہ خریدار ہوگا

[illegible]

اعجاز داؤدی

[illegible]

تمام درخواستیں بھیجنے کا صحیح پتہ:- سید منیر حسن منیر زیدی الواسطی مالک یوسفی پریس [illegible]

ان علماؤ اور انکی کتابوں کے نام جن سے اس کتاب میں ماخذ کیا گیا ہے

فہرست نمبروار

سلسلہ نمبر	کتاب	مولف کتاب
۱	المختصر المشہور بتاریخ ابوالفدا	شاہ اسمٰعیل یمنی
۲	تاریخ طبری	محمد جریر طبری
۳	تاریخ الخمیس	علامہ شیخ حسین دیاربکری
۴	تاریخ اعثم کوفی	خواجہ احمد اعثم الکوفی
۵	تاریخ روضۃ الاحباب	میر جمال الدین حسینی محدث
۶	تاریخ روضۃ الصفا	مرزا خاوند شاہ
۷	جلاء العیون	اخوند ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ
۸	فصول المہمہ	ابن طلحۃ الشافعی
۹	صواعق محرقہ	علامہ ابن حجر عسقلانی
۱۰	کتاب الاستیعاب	امام عبد البرؒ
۱۱	زاد عقبےٰ ترجمہ مودۃ القربےٰ	سیدؒ علی ہمدانی الشافعی
۱۲	حیواۃ الحیوان	علامہ دمیری
۱۳	ینابیع المودت	شیخ الاسلام السلیمان الحنفی النقشبندی
۱۴	مدارج النبوۃ	شاہ عبد الحق محدث دہلوی
۱۵	عمدۃ المطالب فی عد مناقب علیؑ ابن ابیطالبؑ	خواجہ عبید اللہ امرتسری
۱۶	مراۃ الجنان	امام یافعی
۱۷	جواہر العقدین فی مناقب حسنین علیہم السلام	امام حموینی

المولف

سید اولاد حیدر بلگرامی

HYDERABAD STATE LIBRARY

؏

چو غلام آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم
نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وابنائہ المعصومین الیٰ یوم الدین ؛

کامل دس برس سے حضرات آئمہ معصومین سلام اللہ علیہم اجمعین کے حالات و واقعات کی ترتیب و تالیف کی طرف مصروف ہوں اس مبارک سلسلہ کے نمبر اول کی پوری تکمیل کرنے کے بعد کوئی دو برس تک میں نے تالیف و تصنیف کا کام بالکل چھوڑ دیا تھا اور کسی وجہ سے نہیں صرف اس غرض سے کہ سات برس کی شبانہ روز اور دلسوز محنتوں کے بعد کچھ عرصہ تک آرام لے لوں اور حقیقت میں جناب امیر المومنین عالم علم الاولین والآخرین نفس سید المرسلین مظہر العجائب مصدر الغرائب اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب علیہا السلام من رب المشارق والمغارب کی حیات قدسی صفات کے مقدس حالات اور مبارک واقعات ایسے ہی وسیع اور بسیط تھے جن کی تلاش تجمیع ترتیب اور ترکیب میں مجھکو کامل سات برس تک لگاتار رات دن محنت کرنی ہوئی تاہم مصداق آنکہ ؏

ہفتاد و دو سال صرف کردم اما   معلوم شد کہ ہیچ معلوم نشد

میں اتنی بڑی کتاب کو جو ڈیڑھ ہزار صفحوں پر تمام ہے آپ کے دفتر حالات کا ایک جزو بھی نہیں سمجھتا ارباب تالیف و تصنیف خوب سمجھتے ہیں کہ اتنی بڑی تالیف کے بعد میرے لئے کچھ عرصہ تک آرام لینا اور اپنی دماغی قوتوں میں سکون پیدا کر لینا کتنا ضروری اور لازمی تھا۔

کتاب **سراج المبین** فی تاریخ مولانا و سیدنا امیر المومنین علیہ السلام کو تمام کر کے میں خاموش تو ہو بیٹھا مگر یہ فرصت کا زمانہ بھی کتب بینی کے مشاغل سے خالی نہیں تھا ہاں فرق اتنا تھا کہ ان کتابوں کو میں نے سرسری طور سے دیکھا اور بالاستیعاب نہیں سال گذشتہ محض احباب کی فرمائش سے حضرات چہاردہ معصومین علیہم السلام کے ولادت کے حالات مسدس کی ترکیب میں منظوم کر ڈالے اور وہ امسال **مطبع یوسفی دہلی** سے چھپکر ملک اور قوم میں شائع بھی ہو گئے مجھکو اس کا اعتراف ہے کہ **چودہ ساغر** کی تصنیف میں سوائے شاعرانہ فکر کے اور کوئی خاص محنت کرنی نہیں پڑی تاہم سوچتے سوچتے اور لکھتے لکھتے تین مہینے ہو گئے۔ ذالحجہ سنہ ۱۳۲۲ھ میں

چودہ ساغر کی تصنیف سے فراغت پائی تھی کہ جناب فخر الحکما حکیم مولوی سید **مقبول احمد صاحب** دہلوی یہاں تشریف لائے اور غریب خانہ پر مقیم ہوئے میں نے سراج المبین کو ان کی خدمت میں پیش کیا جناب ممدوح نے جبتک قیام فرما رہے میری کتاب کو بالاستیعاب ملاحظہ فرمایا اور اُسپر نہایت طول و طویل تقریظ بھی تحریر فرمائی کتاب دیکر مجھ سے آئندہ سلسلہ تالیف جاری کرنے کے لئے تاکید کی میں نے عرض کی کہ میرا قصد تو یہ پہلے ہی سے ہے کہ اگر میری حیات مستعار نے وفا کی تو میں اس سلسلہ کے اختتام کا وعدہ انشاء اللہ المستعان ضرور پورا کردوں گا مگر ابھی کچھ عرصہ تک خاموش ہی رہنا پسند کرتا ہوں۔

جناب موصوف تو تشریف لے گئے اور میں بوجہ عزائے امام علیہ السلام عشرۂ محرم تک کچھ بھی نہ کر سکا دس دن تمام ہوتے ہی ۱۲ محرم سنہ ۱۳۲۳ ہجری سے میں نے اپنی تالیفات کی خدمات شروع کر دیں اس کے آغاز تالیف کو ابھی پورے دو ہفتہ بھی نہیں ہوئے تھے کہ میرا ایک صغیر سن بچہ تین ہی دن کے اندر اپنی موت کی بیماری میں مبتلا ہو کر لوٹ پوٹ ہو گیا ممکن تھا کہ میں اپنے اضطرار و انتشار کی غیر متحمل حالتوں میں اپنے تالیف کے کاموں کو کچھ دنوں تک اُٹھا رکھتا مگر ان اُمور ناگہانی کو احکام ربانی اور مقدرات انسانی سمجھا اور اپنی مولفانہ خدمات کو اپنا فخر و مباہات اور باقیات الصالحات سمجھکر مستقل طور سے اسیطرح برابر مصروف و مشغول رہا اور سرور زمین و زمن امام مومن جناب امام **حسن** علیہ السلام کی حیات مستغنی الصفات کے مقدس حالات اور متبرک واقعات کی تلاش و تجسس کرتا رہا اور چھ مہینے کامل میں علمائے متقدمین و متاخرین کی مختلف تصنیفات و تالیفات **تاریخ سیر رجال حدیث** اور **کلام** سے واقعات ضروری کے انتخاب کا کام تمام کیا انتخاب کے کام کے بعد تالیف و ترتیب کی خدمت شروع ہوئی۔

تالیف کا سلسلہ شروع ہی تھا کہ مجھکو اپنے وطن مالوف قصبہ **بلگرام** ضلع ہردوئی جانے کا اتفاق ہوا اور کوئی تین مہینے وہیں مقیم رہا اس لئے میرے کاموں میں ایک اتفاقی توقف ضرور ہو گیا نصف شعبان سنہ ۱۳۲۳ ہجری کو میں پھر مکان واپس آیا اور اپنی چھوٹی ہوئی خدمات کی انجام دہی پر تیار اور مستعد ہو گیا اور ماہ ربیع الاولی ۱۳۲۴ھ کے آغاز میں کامل سات مہینوں کی شبانہ روز محنتوں کے بعد اس مقدس سلسلہ کی جلد دوم بھی تمام کر دی۔

؎ للہ الحمد ٹھکانے لگی محنت میری

اس کتاب میں جناب امام حسن علیہ السلام کے حالات آپکی ولادت کے روز سے لیکر وفات کے دن تک پوری تشریح اور توضیح کے ساتھ درج ہیں خصوصًا **ابنائے رسول اللہ** صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہونے کی شرافت کو نصوص الٰہی کے آثار اور حدیث رسالت پناہی کے اخبار سے قوی دلیلوں کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے معاملات **صلح** اور اس کے تمام **شرائط** کی کامل تحقیق کی گئی ہے اور یہ امر پورے اور کامل ثبوتوں کے ساتھ ظاہر کر دیا گیا ہے کہ صلح نامہ میں معاویہ کے مر جانے کے بعد خلافت کے انتظام کے لئے **شورے** کی شرط نہیں تھی بلکہ یہ **اقرار** تھا کہ خدمت اسلامی کے اختیارات معاویہ کے بعد امام حسن علیہ السلام یا اسوقت اہلبیت طاہرین کے مبارک طبقہ میں جو

بزرگوار ہوں گے ان کی طرف منتقل کر دیئے جائیں گے یہ راز سربستہ اس وقت تک بالکل پوشیدہ تھا کتب تاریخ کے علاوہ علمائے احادیث و رجال کی تصنیفات سے اس کا پورا سراغ لگا کے اور معتبر و مستند اسناد سے اس کے کامل ثبوت بہم پہنچا کے عقلی اور نقلی دلیلوں سے الشمس فی النہار کی طرح آشکار و نمودار کر دیا گیا اسیطرح آپ کی وفات اور زہر دادنی کے اصلی اسباب جس کی غرض صرف حکومت یزید کا قائم کرنا تھا کامل تشریح کے ساتھ درج کی گئی ہے اور مختلف تاریخوں سے ان تمام واقعات کے سراغ لگائے گئے ہیں اور ہر واقعہ کی تصدیق و توثیق اس کے صحیح اور معتبر اسناد سے پہنچائی گئی ہے واقعات تاریخی کے علاوہ جناب امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق اور محامد اوصاف کے متعلق بھی مختلف واقعات متفرق کتابوں سے لکھکر ایک جداگانہ باب میں جمع کر دیئے گئے ہیں انہی مضامین کے ضمن میں آپ کے چند **خطبات** بھی لکھدیئے گئے ہیں جو آپ کی جامعیت فصاحت و بلاغت اور کمال علمی کی کامل شہادت دیتے ہیں۔

اپنی اس تحصیل سعادت کے اظہار کے ساتھ مجھ کو اس عنایت ایزدی اور نعمت الٰہی کے شکریہ کا اظہار بھی ضروری ہے جو اس نے اپنے اس عبد خاکسار اور ذرۂ بے مقدار کے حال پر مبذول فرمائی وہ یہ کہ اس کتاب کے تمام ہوتے ہی اس **منعم حقیقی** نے میرے گذشتہ استقلال اور صبر اور ضبط حال پر خیال فرما کر میرے سابق نقصانات کا نعم البدل عطا فرمایا اگرچہ میرا اخلاص اور میری عقیدت اسی کتاب کو اس کا پورا نعم البدل سمجھ چکی تھی مگر اس **ارحم الراحمین** نے بمصداق نورٌ علیٰ نور اس گوہر آبدار پر اس دُرِ شاہوار کا اضافہ فرمایا اور آج ؎ کم می طلبم مگر تو افزودہی کا معنی خیز مضمون سمجھ میں آیا **فالحمد للّٰہ الحمید المجید علیٰ احسانہ المزید وھو فعّال لما یرید** ؕ

اس کتاب کے تمام ہوتے ہی اہل مطابع میں اس کی پکار پڑ گئی ان میں سب سے پہلے ہمارے قدیم عنایت فرما ممدوح زمن جناب سید صغیر حسن صاحب ایڈیٹر اخبار اثنا عشری دہلی نے اسکی خواہش ظاہر کی اور اپنے دوستانہ شوق میں اس کا ایک جزو بھی منگا بھیجا مگر جناب موصوف نے اسکو اپنے چہورقہ ناول کے طور پر اخبار کے ساتھ جاری کرنے کی تجویز فرمائی جس کو میں نے کسی طرح قبول نہیں کیا اور حقیقت امر یہ ہے کہ اس مقدس سلسلہ کی اشاعت کی نسبت میرا یہ خیال ہے کہ اس کی ترتیب اشاعت بھی ترتیب امامت کے مطابق ہونی چاہیئے اس لئے تاوقتیکہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کے حالات شائع ہو لیں امام حسن علیہ السلام کے واقعات کی اشاعت کو کسی طرح میں مناسب نہیں سمجھتا ہوں۔

بہرحال کچھ اوپر سال بھر کی روزانہ محنتوں کا یہ بے مقدار نتیجہ تھا جو اس کتاب کی صورت میں جس کا نام **سمر وچمن تاریخ حالات جناب امام حسن علیہ السلام**

ہے ہماری قوم اور ہمارے فرقہ کے ناظرین باتمکین کی پیش نظر ہے۔

میری موجودہ کم استعدادی اور کم سوادی ہرگز اس مبارک سلسلے کے حالات کی ترتیب و تالیف کی قابلیت اور صلاحیت نہیں رکھتی میرے ناقابل اور ناچیز دست و بازو سے ان تالیفات کے متعلق اب تک جو کچھ ہو چکا ہے اور آئندہ جو کچھ ہوتا رہیگا اس کو تنہا میری کوشش میری سعی اور میری ہمت نہیں سمجھنا چاہیئے بلکہ انہی **ذوات مقدسہ** کی خیر و برکت ہوگی جنکے احوال سعادت اشتمال کے لکھنے کا فخر فی الحال مجھکو حاصل ہوا ہے وللہ الحمد وله الشکر۔ واخر دعونا الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ وآلہ المیامین الی یوم الدین ؎

کوات صانہا عن الآفات المؤلف

ششم رجب سنہ ۱۳۲۴ھ عبد احقر سید اولاد حیدر عفی عنہ

ناشر کی گذارش

مولانا و مخدومنا حضرت فوق بلگرامی کی یہ زریں تصنیف جسے سلسلۃ الذہب کی دوسری کڑی کہنا چاہیئے بار ثانی حقیر کے اہتمام سے طبع ہو کر ہدیۂ انظار مومنین باتمکین ہوتی ہے مندرجہ بالا دیباچہ کتاب مولانائے موصوف الصدر نے ۶ رجب المرجب ۱۳۲۴ ہجری کو زیب قرطاس فرمایا تھا جو محض اشاعت اولین کیلئے تھا اور برادر معظم سید صغیر حسن صاحب شمس زادہ مجدہٗ سابق مالک مطبع یوسفی دہلی نے من و عن اس دیباچہ کو معہ متن کی بار اول میں طبع فرمایا تھا لیکن اس کتاب کے ختم ہونے کے بعد اس کی طلب ملک میں نہایت بے چینی سے اس وقت شروع ہوئی جب ۲۴ دسمبر ۱۹۱۱ء کو مطبع یوسفی دہلی کی عنان انتظام و ملکیت میرے ہاتھ میں منتقل ہو چکی تھی۔

چونکہ وقت کوتاہ کے مقابلے میں اس تصنیف کی ترمیم اور دیباچہ کی تنقیح کا معاملہ "قصہ طولانی" کا مرادف تھا اسلئے میں نے ضروری سمجھا کہ تشنگان طلب علم کی پیاس بجھانے اور جلد سے جلد بہا نیکے لئے بالفعل اس کتاب کو صرف ۵۰۰ کی قلیل مقدار میں من و عن طبع کرا دوں اسلئے دیباچہ بھی نہیں تبدیل کیا گیا امید ہے کہ اگر مومنین نے اسطرف توجہ فرما کر ہاتھوں ہاتھ اس طرف توجہ فرما کر ہاتھوں ہاتھ اس طبع ثانیہ کو قبول فرما لیا تو میں انشاء اللہ مصنف ممدوح سے ملکر اس کی طبع ثالثہ کا ایسا مکمل انتظام کروں گا کہ یہ تصنیف اپنی اہم سلسلہ تصانیف میں درجۂ اول حاصل کر سکے السعی منی والاتمام من اللہ انشاء اللہ ؎

حم سید منیر حسن مالک مطبع یوسفی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ علیٰ سید المرسلین وعلیٰ آلہ وابنائہ اجمعین الی یوم الدین اسم مبارک آپ کا **حسنؑ** اور کنیت **ابو محمدؑ** اور مشہور ترین القاب **المجتبیٰ** ولادت آپ کی پندرھویں رمضان المبارک سنہ ۳ھ میں واقع ہوئی مرزا دبیر مرحوم فرماتے ہیں ع نازل ہوئے قرآن کی صورت رمضاں میں۔

علامہ ابن اثیر اسد الغابہ میں لکھتے ہیں **قال الزہریؒ ولد الحسن فی نصف من رمضان سنۃ ثلاث من الہجرۃ** زہری کا قول ہے کہ امام حسن علیہ السلام نصف (نیمہ) رمضان سنہ ۳ھ میں پیدا ہوئے۔

جناب امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کے ابتدائی حالات ولادت کے متعلق اُم الفضل جناب عباس بن عبد المطلب کی زوجہ محترمہ کا ایک خواب نہایت مشہور ہے جسکو آپ نے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیان فرمایا جس کو سنکر آنحضرت نے امام حسن علیہ السلام کے پیدا ہونے کی بشارت کہ اُس کی تعبیر فرمایا تھا ہم اس خواب کو امام بغوی اور علامہ دولابی کی اصل عبارت میں لکھتے ہیں **عن اُمّ الفضل قالت قلت یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رایت کان عضوًا من اعضائک فی بیتی فقال خیر رایتہ تلد فاطمہ علیہا السلام غلامًا فترضعہ یابن قثم** جناب اُمّ الفضلؓ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان کیا کہ ہم نے خواب میں دیکھا ہے کہ آپ کے جسم مبارک کا ایک عضو میرے گھر میں ہے آنحضرت نے فرمایا تم نے بہت مبارک خواب دیکھا ہے فاطمہ علیہا السلام کے ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کو تم اپنے بیٹے قثم ابن عباس کا دودھ پلاؤگی علامہ مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی انہیں الفاظ کے ساتھ یہ خواب جلاء العیون میں تحریر فرمایا ہے۔

جناب امام حسن علیہ السلام کی ولادت کی بشارت نے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مغموم دل کو کس قدر شاد و مسرور کیا ہوگا جس کے لئے کوئی اندازہ نہیں کیا جا سکتا سمجھنے کے لئے کافی ہے کہ کاشانۂ رسالت میں یہ پہلا چراغ ہے جو روشن ہوا اور چمنستان رسالت میں یہ پہلا پھول ہے جو کھلا۔ اگرچہ اس سے پہلے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی ولادت کا واقعہ بھی ایسا معمولی نہیں تھا جو آنحضرت کے لئے غایت درجہ کی مسرت کا باعث نہ قرار دیا جا سکے مگر ان کی ولادت کے وقت آنحضرت کو پورا اطمینان نہیں تھا جو اظہار مسرت کے لئے موزوں اور کافی بتلایا جاتا۔ امام علیہ السلام کی ولادت کا زمانہ ایسا ضرور تھا کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطالب و مقاصد میں اطمینان آچلا تھا اور دن رات کے تردد و انتشار جو اس سے قبل آپ کو حاصل تھے اگر بالکل نہیں تو نصف کے قریب رفع ہو چکے تھے اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جناب امام حسن علیہ السلام کی ولادت کا زمانہ جناب سیّدہ سلام اللہ علیہا کے ایام ولادت سے آنحضرت کے لئے زیادہ اطمینان کا زمانہ تھا تاریخ دیکھنے والے اندازہ کر سکتے ہیں کہ بعثت کے پہلے سال میں آنحضرت زیادہ مطمئن تھے یا ہجرت کے تیسرے سال میں۔

بہرحال امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی ولادت کا زمانہ آنحضرت کے لئے ہر قرینہ سے آرام و اطمینان کا زمانہ تھا جس میں آپ ہر طرف سے مطمئن ہو کر اپنے اس پارۂ جگر کی ولادت کے واقعہ پر اپنی انتہا درجہ کی مسرّت کا بخوبی اظہار فرما سکتے تھے آنحضرت کے کمال فرحت و سرور کے ثبوت اس واقعہ سے پورے طور پر ملتے ہیں جو عموماً تمام اسلام کے فضائل و مناقب کی کتابوں میں درج ہیں کہ آپ کی ولادت کا مژدہ مسجد میں سُنکر فوراً آنحضرت محلسرا کی طرف تشریف لے گئے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی خدمت میں اسوقت اسما بنت عمیسؓ سب سے زیادہ پیش پیش تھیں اور قابلہ کی تمام خدمتیں انہیں کی سعادت اور خوش قسمتی کا حصہ تھیں۔

آسما بنت عمیسؓ سے جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بچے کو اُٹھا لا آنحضرت کا حکم سنتے ہی یہ اس مولود مسعود کو ایک پاک و پاکیزہ کپڑے میں لپیٹ کر مکان ولادت سے باہر لائیں اتفاق سے وہ کپڑا زرد تھا جناب رسالتمآبؐ نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ اے اسماء میں نے تمہیں کئی بار منع کیا ہے

فٹ نوٹ اسماء بنت عمیس کے اوصاف جمیلہ سے اسلام کی تمام کتابیں مالامال ہیں انکا شمار ان عورتوں میں ہے جو مہاجرین اولیات میں داخل ہیں یہ اسوقت جناب جعفرؓ ابن ابی طالب علیہ السلام کے حبالۂ نکاح میں تھیں اور انہیں کے ساتھ سابق ہجرت میں مکہ سے حبشہ تک گئی تھیں جن کی نسبت انکو اپنے ذاتی محاسن پر بہت بڑا افتخار تھا چنانچہ ایک دفعہ حضرت عمرؓ سے اسبارہ میں گفتگو ہو گئی تھی اور ایک نے دوسرے پر اپنی فضیلت ظاہر کی تھی آخر کار یہ بات بڑھتے بڑھتے دربار رسالت میں پیش ہوئی تو آنحضرت نے اسماء کے ذاتی فضائل کی تصدیق فرما کر ان کے دعوے کو انکی دلیلوں پر ترجیح دی چنانچہ صحیح مسلم میں اس واقعہ کی نسبت یہ عبارت درج ہے :-

کہ بچوں کو زرد کپڑے میں نہ لپیٹا کرو جاؤ دوسرے کپڑے میں لاؤ چنانچہ اسماءؓ نے حکم رسولؐ کی فوراً تعمیل کی اور اب کی بار حریر کے جامۂ سفید میں لے آئیں اور اس گوہر امامت کو کنار رسالت میں دے دیا جناب رسالتمآبؐ نے اپنے پارۂ جگر کو چھاتی سے لگا کر گوش راست میں اذان اور گوش چپ میں اقامت کہی۔

جناب رسالتمآبؐ کو جو محبت اور اُلفت اپنے پارۂ جگر فرزندان بتولؑ سے حاصل تھی وہ اس واقعہ سے ظاہر ہے کہ آپ زرد لباس کو ایک منٹ کے لئے بھی ان کے جسم مبارک پر دیکھنا برداشت نہ کر سکے اب یہ بحث کہ زرد کپڑے پہنانے میں کیا نقص تھا اور دوسرے کپڑے کے پہنانے میں کیا خوبی؟ تو یہ ایک جداگانہ بحث ہے اور میرا موجودہ منصب اس کے تصفیہ کے لئے مجبور اور پابند نہیں بتلایا جا سکتا مگر اپنے اصول کے مطابق ہم اتنا ضرور کہیں گے کہ جب خدا کا کوئی فعل مصلحت کے خلاف نہیں ثابت ہوتا تو اس کے رسولؐ کا کوئی حکم ہماری اصلاح سے کب خالی کہا جا سکتا ہے۔

بہرحال اپنے پارہ جگرؑ کو گود میں لے کر آنحضرت جناب علی مرتضےٰؑ سے مخاطب ہوئے اور فرمایا کہو اپنے اس فرزند کا کچھ نام بھی تجویز کیا ہے مطیع اور فرمانبردار بھائی نے جواب میں عرض کیا کہ مجھکو کسی امر میں آپ پر سبقت کرنا لازم نہیں ہے آنحضرت نے ارشاد فرمایا کہ میں اس امر خاص میں خدائے تعالےٰ کی وحی کا منتظر ہوں اور کسی حالت میں اس کے احکام پر اپنی طرف سے سبقت کی جرأت نہیں کر سکتا۔

اسی اثنا میں آثار وحی محسوس ہوئے اور فوراً بعد انفراغ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب امیرالمومنین علیہ السلام سے فرمایا کہ مجھے حکم ہوا ہے کہ میں تمہارے بیٹوں کا وہی نام رکھوں جو حضرت ہارونؑ کے بیٹوں کے نام تھے یہ فرما کر آنحضرتؐ نے ان کا نام حسنؑ رکھا جو لفظ عبرانی شبرؑ کا عربی ترجمہ ہے۔

وسٹ نوٹ بقیہ ص اسما بنت عمیس فقال عمر سبقناکم بالہجرۃ فنحن احق برسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم منکم فغضبت وقالت کذبت یا عمر کلا

حضرت عمر نے اسماء بنت عمیس سے کہا کہ ہم لوگ ہجرت میں تم پر سابق ہیں کیونکہ ہم لوگ رسول اللہ کے ساتھ تھے اور بہ نسبت تمہارے زیادہ مستحق ہیں یہ سنکر اسماء کو غصہ آیا اور کہا تم جھوٹے ہو۔ اسی بیان میں اسماء نے اپنے دعووں کے ثبوت میں یہ دلیل پیش کی کہ تم لوگ آنحضرت کے ساتھ تھے وہ تم کو کھانا کھلاتے تھے اور وعظ و پند فرماتے تھے ہم لوگ ملک دور دراز حبشہ میں گئے تھے محض خدا اور رسولؐ کی خوشی کے لئے واللہ نہ ہم کھانا کھائیں گے نہ پانی پئیں گے جبتک کہ اس واقعہ کی پوری حالت کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض نہ کریں گے حالانکہ ہم لوگ وہاں ایسی ایذا خوف اور تکلیف میں اپنی زندگی بسر کرتے تھے! نوٹ ص ۹

حاشیہ مطالب السؤل و دیگر کتب معتبرہ میں ہے واصح ما قیل فی ولادتہ انہ ولد فی المدینۃ فی النصف من شہر رمضان سنۃ ثلاث من الہجرۃ ولما ولد واعلم النبی صلعم بہ اخذہ واذن فی اذنہ صحیح ترین ان اقوال کا جو ولادت حضرت امام حسن علیہ السلام میں وارد ہوئے ہیں یہ ہے

میں نے اس واقعہ کو مختلف الفاظ اور متفرق عبارت کے ساتھ قریب قریب ان تمام کتابوں میں دیکھا ہے جو اسوقت میرے پیش نظر ہیں مگر میں نے زیادہ تر کتاب فضائل الخلفاء الاربعہ علامہ وصابی اور جلاء العیون ملّا مجلسی علیہ الرحمہ کی نقل پر اکتفا کی ہے چنانچہ علامہ وصابی کی اصلی عبارت یہ ہے۔

عن اسما بنت عمیس قالت قبلّت فاطمةؑ بالحسن فجاء النبی صلے اللہ علیہ وآلہ قال یا اسما علی ابنی فدفعته الیه فی خرقة صفراء فالقاها عنه قائلا الم اعهد الیکن ان لا یلفقوا مولودا فی خرقة صفراء فالفقته فی خرقة بیضاء فاخذه فاذّن فی اذنه الیمنی واقام فی الیسریٰ ثم قال لعلی ای شئ سمّیت ابنی فقال ما کنت لاسبقك بذالك فقال لا انا اسبق ربّی فهبط جبرئیلؑ فقال یا محمّد صلے اللہ علیہ والہ وسلم انّ ربّك یقرئك السلام و یقول لك علیٌّ منك بمنزلة هارون من موسیٰ لکن لا نبی بعدك تسمّ ابنك هٰذا باسم ولد هارون فقال ما کان اسم ولد هارون یا جبرئیل فقال شبّر فقال انّ لسانی عربی فقال سمّه الحسنؑ

اسما بنت عمیس سے روایت ہے کہ میں جناب امام حسن علیہ السلام کی ولادت میں جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی قابلہ تھی جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تشریف لاکر مجھ سے ارشاد فرمایا اے اسماء میرے بیٹے کو مجھے دکھلا دے میں جناب امام حسنؑ کو ایک زرد کپڑے میں لپیٹ کر آپ کی خدمت میں لائی آنحضرت نے وہ کپڑا اتار کر پھینک دیا اور فرمایا کہ میں نے تجھکو کئی بار منع کیا ہے کہ کسی بچہ کو زرد کپڑے میں نہ لپیٹا کرو پھر میں نے انکو سفید کپڑے میں لپیٹا اور آنحضرت کی آغوش میں دیا حضرت نے ان کے سیدھے کان میں اذان اور اُلٹے کان میں اقامت فرمائی پھر آنحضرت نے جناب علیؑ مرتضیٰ علیہ السلام سے پوچھا تم نے میرے بیٹے کا کیا نام رکھا ہے جناب علیؑ مرتضیٰ نے فرمایا کہ میں اس امر میں آپ پر سبقت نہیں کرسکتا ہوں تب آنحضرت نے ارشاد فرمایا کہ میں

بقیہ فٹ نوٹ جب جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ تشریف لائے تو اسماء بنت عمیسؓ نے یہ تمام قصہ آپکی خدمت میں عرض کیا کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ہرگز وہ لوگ تم لوگوں سے زیادہ مستحق نہیں ہیں عمر اور اصحاب عمر کی ایک ہجرت ہے اور تم سب اہل سفینہ کی دو ہجرتیں ہیں۔

علامہ ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح بخاری میں اس روایت میں تھوڑی عبارت کا اور اضافہ کیا ہے اُن کے اصلی الفاظ یہ ہیں ومن وجه اٰخر عن الشعبی نحوه وقال فیه کذب من یقول ذالك یعنی امام شعبی سے منقول ہے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسما کی شکایت کے جواب میں فرمایا کہ وہ شخص جھوٹا ہے جو ایسا کہتا ہے۔

بہرحال اس واقعہ سے اسما بنت عمیس علیہا الرحمہ کی فضیلت اور مناقب کے پورے حالات معلوم ہوتے ہیں ؎

(آولادِ حیدر مولف)

بقیہ حاشیہ کہ بتحقیق مدینۂ منورہ میں پندرھویں شہر رمضان المبارک سنہ ۳ ہجری میں جناب امام حسن علیہ السلام پیدا ہوئے اور حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مژدہ ولادت باسعادت

بھی اس امر میں اپنے خدا پر سبقت نہیں کر سکتا پس جبرئیل علیہ السلام نے نازل ہو کر فرمایا کہ خدائے تعالیٰ سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ علیؑ تمہارے نزدیک ایسے ہیں جیسے ہارونؑ موسیٰؑ کے نزدیک لیکن بعد تمہارے نبیؐ نہیں ہے آپ اپنے بیٹے کا نام ہارونؑ کے بیٹوں کے نام پر رکھیں حضرت نے کہا ہارونؑ کے بیٹوں کا کیا نام تھا جبرئیلؑ نے کہا شبر حضرت نے فرمایا میری زبان تو عربی ہے جبرئیل کہنے لگے آپ ان کا نام حسنؑ رکھیں۔

یہ روایت مستدرک شرح شرف النبوۃ اور مناقب سادات میں بھی درج ہے)

بقیہ حاشیہ پہنچا تو سرورِ عالم اور عالمیان نے امام حسن علیٰ جدّہ وعلیہ السلام کو آکر گود میں اٹھا لیا اور گوش ہمایوں میں اذان فرمائی۔

اصابہ فی تمیز الصحابہ جلد اوّل میں یہ عبارت مندرج ہے:۔ الحسن ابن علی ابن ابیطالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف الہاشمی سبط رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وریحانتہ امیر المومنینؑ ابو محمد ولد فی نصف شہر رمضان سنۃ ثلث من الہجرۃ قال ابن سعد وابن البرقی وغیر واحد حسنؑ ابن علی ابن ابیطالب بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف ہاشمی سبط رسول اللہ صلعم اور ریحانۂ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں امیر المومنینؑ ابو محمد آپ کی کنیت ہے نصف ماہ رمضان ۳ھ میں پیدا ہوئے قائل اس قول کے ابن سعد اور ابن البرقی اور بہت سے مورخ ہیں۔

نور الابصار میں یہ تحریر ہے:۔

ولد الحسن رضی اللہ عنہ فی نصف رمضان سنۃ ثلاث من الہجرۃ وہو اوّل اولاد علیؑ وفاطمۃ رضی اللہ عنہما روی مرفوعًا الی علی ابیہ رضی اللہ عنہما قال لما حضرت ولادت فاطمۃ قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم لاسماء بنت عمیس وامّ سلمہ رضی اللہ عنہما احضرا فاطمۃ فاذا وقع ولدہا واستہل صارخا فاذّنا فی اذنہ الیمنی واقیما فی اذنہ الیسرے فانہ لا یفعل ذالک بمثلہ الا عصم من الشّیطان ولا تحدثا شیئًا حتّٰی اٰتیکما فلمّا ولدت فعلنا ذالک واتاہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فسرہ ولباہ بریقہ وقال اللّٰہم انّی اعیذہ بک وذریتہ من الشّیطان الرجیم فلمّا کان الیوم السّابع ان مولودہ قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ما سمّیتموہ قالوا حربا قال بل سموہ حسنًا

امام حسن علیہ السلام نصف ماہ رمضان المبارک ۳ھ میں پیدا ہوئے اوّل اولاد علیؑ وفاطمہؑ رضی اللہ عنہما میں روایت کیا گیا ہے اس طرح سے کہ سلسلہ اس کا حضرت علی علیہ السلام تک پہنچتا ہے کہ جس وقت قریب ہوئی ولادت حضرت امام حسنؑ کی تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسما بنت عمیسؓ سے اور اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہ سے کہ خدمت فاطمہ میں حاضر رہو جس وقت فرزند پیدا ہو اور اس کی آواز بلند ہو تو اس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہنا کیونکہ یہ فعل نہیں کیا جاتا مثل سے (رواج کے سبب سے) مگر یہ کہ لڑکا محفوظ رکھا جاتا ہے یعنی جس لڑکے کے کانوں

اس روایت کو امام حاکم نے مستدرک میں اور علامہ دار قطنی امام بیہقی ابن عساکر اور امام بغوی نے اپنی اپنی تصانیف میں لکھا ہے علامہ ابن اثیر نے اسد الغابہ میں لکھا ہے کہ عرب میں امام حسن علیہ السلام سے پہلے اس نام اور کنیت کا کوئی دوسرا آدمی نہیں تھا ان کی اصل عبارت یہ ہے۔ قال ابو محمد العسکری علیہ السّلام سمّاہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الحسن علیہ السلام وکنّاہ ابو محمّد ولم یکن ھذا الاسم جناب ابو محمد عسکری علیہ السلام سے روایت ہے کہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسنؑ مجتبیٰ کا نام حسنؑ رکھا اور یہ کنیت جاہلیت میں کسی کی بھی نہیں تھی۔

علامہ ابن سعد کا یہ قول ابن اثیر کی تصدیق کامل کرتا ہے عن عمران بن سلیمان قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم الحسنؑ والحسینؑ اسمان من اسماء اھل الجنّۃ ما سمیتہ عمران بن سلیمان کہتے ہیں کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ حسن اور حسین علیہم السلام دو اسم ہیں اسماء اہل جنت سے کبھی عرب نے یہ نام جاہلیت میں نہیں رکھے تھے۔

ولادت سے سات دن بعد جناب رسالتمآبؐ نے اپنے اس پارۂ جگر کا رسم **ختنہ** اور رسم عقیقہ ادا فرمایا اصل میں یہ دونوں رسمیں سنت ابراہیمی میں داخل ہیں اور انہیں کے اوّلیات میں شمار کی جاتی ہیں تاریخوں میں اسکے قبل کسی قوم و قبیلہ میں ان کا نشان نہیں ملتا آنحضرت نے خلیل اللہ کے ان مسنون مراسم کو اپنی شریعت میں بھی قائم رکھا اور عقیقہ کے خون کو بچوں کے سر پر ملنے کا دستور قطعی طور سے منع فرمایا اس ترمیم کی نسبت ہمارا پورا یقین ہے کہ یہ دستور شریعت ابراہیمی کے مطابق نہیں تھا بلکہ رسم و رواج قومی کی وجہ سے جاری ہو گیا تھا۔

بقیہ حاشیہ صفہ میں ترتیب مسطورہ اذان و اقامت کہی جاتی ہے وہ شر شیطان سے محفوظ رہتا ہے اور تم دونوں جب تک کہ میں نہ آؤں کوئی بات نکرنا پس جبکہ حضرت امام حسن علیہ السلام پیدا ہوئے تو اسماء بنت عمیسؓ اور اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے حسب فرمودہ رسول اللہ صلعم عمل کیا اور آنحضرت تشریف لائے اور ناف اس فرزند ارجمند کی قطع فرمائی اور اپنے لعاب دہن سے ان کو شیر پلایا اور فرمایا کہ اے میرے خدا میں تیرے سپرد کرتا ہوں اس فرزند کو اور اس کی ذرّیت کو شر شیطان سے تیری پناہ میں دیتا ہوں پس جبکہ ولادت سے ساتواں دن ہوا تو فرمایا آنحضرت نے کہ تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے تب کہا جب فرمایا فرمایا اس کا نام حسنؑ رکھو۔

اس روایت کے لکھنے سے مولف کا زیادہ تر یہ مقصود تھا کہ اسما بنت عمیسؓ جناب سیّدہ سلام اللہ علیہا کی خدمت میں حاضر تھیں بلکہ حضرت اُم المومنین اُم سلمہ علیہا السلام بھی شریک خدمت تھیں ہم آپ کی ان اعلےٰ خدمات کو جناب امام حسین علیہ السلام کی کتاب میں انشا اللہ المستعان تفصیل کے ساتھ بیان کریں گے۔ (فضل المبین مطبوعہ لکھنو صفحہ ۳۴)

([illegible] عفی عنہ)

تاریخ الخلفاء سیوطی و اسد الغابہ و شرح المجالس میں یہ عبارت درج ہے وقال المفضل ان اللہ حجب اسم الحسن والحسین حتّی سمّی بہما النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابنیہ [illegible] جناب باری عز اسمہ

بہرحال جناب رسالتمآبؐ نے اپنے پارۂ جگر کا رسم عقیقہ یوں ادا فرمایا کہ ایک ابلق دُنبہ کو اپنے ہاتھ سے قربان فرمایا اور یہ دعا پڑھی عقیقۃ عن الحسن عظمہا بعظمہ ولحمہا بلحمہ ودمہا بدمہ وشعرہا بشعرہ اللھم اجعلہا وقاء لمحمد وآلہ قربانی سے فراغت پاکر بچہ کی حجامت فرمائی اور جتنے بال اُن کے سر سے اُترے ان کے ہم وزن چاندی تصدق فرمائی اور ایک درہم اسما بنت عمیس کو انعام فرمایا اور دونوں گوشواروں میں سوراخ کر دیئے امام ترمذی نے اپنی صحیح میں اس روایت کو قریب قریب اسی عبارت کے لکھا ہے ان کے بجنسہ الفاظ یہ ہیں عن علی علیہ السلام قال عق رسول اللہ علیہ السلام عن الحسن علیہ السلام بکبش وقال یا فاطمۃ علیہا السلام احلقی راسہ وتصدقی بزنۃ شعرہ فضّۃ فکان وزنہ درھما او بعض درھم علی مرتضیٰ علیہ السلام سے مروی ہے کہ آنحضرت نے اُن کے عقیقہ میں ایک مینڈھا ذبح کیا اور فرمایا کہ اے فاطمہؑ اس کے سر کو منڈوا دو اور اس کے بالوں کے برابر چاندی کر دو پس ان بالوں کا وزن ایک درہم یا اس سے کچھ کم تھا ابو حاتم نے ابن عباس کی اسناد سے دو مینڈھے کے قربان کئے جانے کا بیان کیا ہے ؛

بچپن کا زمانہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ کی پرورش اور شفقت

حسن علیہ السلام اور محبت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ ایک ایسا مسلّم اور متفق علیہ مسئلہ ہے کہ جو ہماری کسی تصریح و تشریح کا محتاج نہیں اسلام کی کوئی کتاب عام اس سے کہ وہ کسی زمانہ کی تصنیف ہو یا کسی قوم اور فرقے کی تالیف ایسی نہیں ہوگی جو ان واقعات سے خالی بتلائی جائے یا جن میں کثرت سے ان واقعات کا صحیح اور پورا نشان نہ ملتا ہو۔

کتابوں کے مطالعہ سے قطع نظر کرکے صرف غور ہی سے کام لیا جائے تو صاف طور سے معلوم ہو جائے گا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعد اپنے سوائے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کے اور کسی دوسرے کو عقب نہیں چھوڑا جو آپ کے بعد آپ کی ذریّت یا آپ کی اولاد مشہور ہونے کی عزت رکھتا ہو اسیطرح جناب سیدہؑ کے بعد ان کی اولاد آنحضرت کی اس میراث کی تمام حیثیت سے مستحق ٹھیری اور اسی وجہ سے تمام علمائے کرام نے بلحاظ نحن انبیاء لا نورث حضرات حسنین علیہم السلام پر آنحضرت کی **آل اہلبیت قربیٰ ابناء عترت** اور **ذریّت** وغیرہ غرض متقدس اور معزز الفاظ کو ان حضرات کی ذات تک محدود و مخصوص کر رکھا ہے اور کسی غیر کے لئے ان الفاظ کے استعمال کو قطعی ناجائز کیا ہے چنانچہ علامہ ابن اثیر اسد الغابہ میں

بقیہ نوٹ ص۱۱: نے اسم حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام کو پوشیدہ فرمایا یہاں تک کہ ان دونوں ناموں کے ساتھ نبی صلعم نے نام رکھا اپنے دونوں صاحبزادوں کا ۱۲ مولف عفی عنہ

بذیل تذکرہ جناب سیدۃ العالمین تحریر فرماتے ہیں :- وانقطع نسل رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم الا منہا سوائے جناب سیدہ کے نسل جناب رسالتمآبؐ منقطع ہو گئی ہے علامہ سمہودی بھی اپنی کتاب جواہر العقدین میں اس کی تصدیق اس واقعہ سے کرتے ہیں کہ لما رأے علی ابن ابیطالب علیہ السلام الحسنین علیہما السلام یسرع الی الحرب فی الصفین قال ایہا الناس املکوا عنی ھذان الغلامین اخاف ان ینقطع بہما نسل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امیر علیہ السلام نے حضرات حسنین علیہم السلام کو لڑائی کے لئے میدان میں جاتے ہوئے دیکھکر فرمایا کہ تھام لو ان دونو بچوں میں ڈرتا ہوں کہ ان کے شہید ہو جانے سے کہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسل نہ منقطع ہو جائے۔

آجتک جہاں کہیں نسل رسول اللہؐ کا مبارک نشان پایا جاتا ہے اس کا مقدس سلسلہ انہیں حضرات سے شروع ہوتا ہے اور حقیقت امر یونہی ہے کہ سوائے حضرات حسنین علیہم السلام کے جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہار نسل کا یاد دلانے والا کون تھا آنحضرتؐ نے بھی ایک موقع پر نہیں ہزار موقع پر انہیں کو اپنا فرزند انہیں کو اپنی اولاد انہیں کو اپنی ذریت انہیں کو اپنی عترت قرار دیا ہے اور اپنی تمام امت کو برابر انہیں الفاظ سے یاد کرنے کی تاکید فرمائی۔

اگر واقعات پر تحقیق کی نظر ڈالی جائے تو یہ امر صاف طور سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی متعدد اولادیں جو مکہ اور مدینہ کے قیام میں مختلف اوقات میں ضائع ہو چکی تھیں ان کا اثر آپ کے مبارک دل پر جس شدت سے محسوس ہو رہا تھا اسکا اندازہ اس وقت ہماری خیالی قوتوں سے بالکل ناممکن ہے جناب رسالتمآبؐ کو اسی وجہ سے زبان دراز مشرکین اور بدزبان دشمنان دین جنمیں حکم ابن العاص اور ابوسفیان بنی امیہ خیل کا نام خصوصیت سے لیا جاتا ہے (خاک بدہان ایشاں باد) معاذ اللہ الابتر کا خطاب دے رکھا تھا جسکو سن سن کے آپ کے قلب مضمحل پر حسرت و افسوس کا کچھ ایسا اثر ہوتا تھا کہ پہروں آپ محزون و ملول بیٹھے رہتے تھے تا اینکہ جناب باری عز اسمہ کی درگاہ سے آنحضرتؐ کو آپ کی بقائے نسل کے لئے سچی اور قطعی بشارت دی گئی اور بخلاف آپ کے ان دشمنان دین کے اخلاف و اعقاب کے پورے استیصال تباہی اور بربادی کے وعدے فرمائے گئے جس کی پوری تصدیق ان شانئک ھو الابتر سے ہوتی ہے۔

اس واقعہ کو دیکھکر آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے کہ جناب رسالتمآبؐ کے بعد وہ کون پاک اور مبارک سلسلہ ہے جس کی موجودگی میں مشرکین اور معاندین کے اخلاف کی تباہی و بربادی ثابت ہوتی ہے کیا وہ سلسلہ ایسا ہے جو **بنی فاطمہؑ** کے علاوہ رسول اللہؐ کے کسی دوسری اولاد سے منسوب کیا جاتا ہے کیا وہ ایسا سلسلہ ہے جو حضرات حسنین علیہم السلام کے علاوہ آنحضرت کی ذریت میں کسی دوسرے سے شروع ہوتا ہے نہیں کوئی نہیں جناب رسالتمآبؐ کی اولاد اعقاب تمام روئے زمین پر جہاں جہاں پائی جاتی ہیں ان کی ابتدا جناب حسنین علیہم السلام سے شروع ہوتی ہے اور یہ ایسا نمایاں شرف ہے جو مبدء فیض سے صلب امیر المومنین علیہ السلام

اور رحم جناب سیّدۃ النسا العٰلمین سلام اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ مخصوص و ودیعت ہوا تھا جناب سیّدہ کے علاوہ آنحضرت کی دو صاحبزادیاں اور بتائی جاتی ہیں جو یکے بعد دیگرے زمانہ رسولؐ ہی میں حضرت عثمان کے ساتھ منعقد ہو کر اُن کے ذوالنّورین مشہور ہونے کا باعث ہوئیں مگر نہ وہ ذریّت رسولؐ کہی جاتی ہیں اور نہ انکی اولاد و اعقاب اہلبیت کے ساتھ شمار کئے جاتے ہیں ان کے بعد امامہ بنت زینب بنت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کے ساتھ حسب وصیت جناب سیّدہ جناب علیؑ مرتضٰے نے عقد فرمایا تھا ان کو یا ان کی اولاد کو کوئی ذریّت رسولؐ میں نہ اُس وقت کہتا تھا اور نہ اسوقت کتب رجال میں جہاں ان کی اولاد و اعقاب کی تلاش کی جائے تو اس کی نسبت علماء نے لکھا ہوگا تو جناب علیؑ مرتضیٰ علیہ السلام کی صُلبی شرافت کے لحاظ سے صرف علوی سیّد اور کچھ بھی نہیں۔

اب ہم اپنے اس مضمون کے ثبوت اور تصدیق میں چند حدیثیں لکھتے ہیں جس سے یہ امر کامل طور سے واضح ہو جائے گا کہ جناب رسولؐ خدا نے ہر موقع اور ہر مقام پر اپنی پیاری بیٹی کی اولاد کو اپنی عین اولاد و اعقاب سے خطاب فرمایا ہے اور اپنے صلبی اخلاف میں مخصوص انہیں حضرات کو قرار دیا ہے۔

امام حاکم مستدرک میں امام طبرانی معجم میں اور خطیب بغدادی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں عن ابن عباس قال کنت انا وعباس جالسین عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اذا دخل علی وسلم فردّ علیہ رسول اللہ وقام الیہ وعانقہ وقبّل بین عینیہ واجلسہ عن یمینہ فقال العبّاس یا رسول اللہ تحب ھذا فقال یا عم واللہ اشدّ حبًّا منّی انّ اللہ جعل ذرّیّۃ کلّ نبیّ فی صلبہ وجعل ذرّیّتی فی صلب علیؑ

ابن عباس فرماتے ہیں کہ میں اور میرے باپ جناب عباس جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ اتنے میں جناب علی مرتضٰی علیہ السلام تشریف لائے اور سلام کیا آنحضرت نے ان کے سلام کا جواب دیا اُٹھ کھڑے ہوئے اُن سے معانقہ فرمایا پیشانی پر بوسہ دیا اور داہنی طرف بٹھلایا حضرت عباسؓ نے فرمایا یا رسول اللہ آپ ان سے بہت محبت رکھتے ہیں آنحضرت نے فرمایا اے چچا واللہ خدا کے لئے ان سے بہت محبت رکھتا ہوں تحقیق کہ پروردگار عالم نے ہر ایک نبی کی ذریّت کو اسکے صلب میں لکھا ہے اور میری ذریّت کو علی علیہ السلام کے صلب میں قرار دیا ہے۔

امام احمد حنبل مناقب میں تحریر فرماتے ہیں:- عن علی علیہ السلام قال طلبنی رسولؐ اللہ ووجدنی فی حائطنا نائمًا فقربنی برجلہ فقال قم فواللہ لارضیک انت اخی وابو والدے

امام احمد مناقب میں تحریر فرماتے ہیں کہ جناب امیرالمومنین علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایکبار آنحضرت نے مجھ کو ڈھونڈا اور ایک دیوار کے نیچے مجھ کو سوتا پایا تو آپ نے مجھ کو اپنے پائے مبارک سے حرکت دیکر فرمایا کہ میں تجھکو یہ کہکر خوش کرتا ہوں کہ تو میرا بھائی اور میرے بیٹوں کا باپ ہے۔

اسی مضمون کو تھوڑے اضافہ کے ساتھ امام حاکم اور علامہ بغوی نے بھی تحریر کیا ہے عن محمد ابن اسامہ ابن زید قال قال رسول اللہ لعلی اما انت یا علی فختنی وابو ولدی وانت منی وانا منک محمد بن اسامہ ابن زید سے منقول ہے کہ آنحضرت نے علی السلام سے فرمایا یا علیؑ تو ہمارا داماد ہے اور ہمارے بیٹوں کا باپ ہے اور میں تجھ سے ہوں اور تو مجھ سے ہے۔

امام شیرازی اور ابن النجار نے اس مضمون کو ذیل کی عبارت میں تحریر کیا ہے عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اللھم اشھد قد بلغت ھذا اخی وابن عمی وصہری وابو ولدی اللھم کب من اعداہ فی النار ابن عمر سے مروی ہے کہ جناب سید المرسلینؐ نے فرمایا کہ اے میرے پروردگار تو گواہ رہیو میں نے پہنچا دیا ہے کہ یہ میرا بھائی اور ابن عم اور میرے بیٹوں کا باپ ہے پروردگار جو اس کا دشمن ہو تو اسکو اوندھے منہ جہنم میں ڈال۔

امام طبرانی معجم میں مخصوص جناب سیدہ سلام اللہ سے ان مطالب کو دوسرے مضامین سے بھی لکھتے ہیں انکی عبارت یہ ہے:- عن فاطمۃ قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کل بنی اب ینتمون الی ولد فاطمۃ علیہا السلام فانا انا ولیھم وعصبتھم جناب سیدہ سے مروی ہے کہ فرمایا جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ہر ایک باپ کے بیٹوں کے واسطے عصبہ مقرر ہے مگر فاطمہؑ کی اولاد کے لئے میں خود ولی اور عصبہ ہوں۔

اسی روایت کو امام حاکم نے مستدرک میں اور علامہ ابن عساکر نے تاریخ میں اور علامہ ابن حجر نے صواعق محرقہ میں اسکی تصدیق فرمائی ہے امام حاکم اور ابن عساکر نے اس کو جابر ابن عبداللہ انصاری کے اسناد سے لکھا ہے ملاحظہ ہو سوانح عمری حضرت علی علیہ السلام مطبوعہ لاہور ص ۳۲۱

علاوہ اس کے المودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی اور ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قسطنطنیہ علامہ سلیمان القندوزی الحنفی مطبوعہ بمبئی میں بھی یہ حدیث کئی طریقوں سے درج ہے فمن شاء فلیرجع الیہ

اسی بحث کے متعلق علامہ ابن حجر ہارون رشید کے دربار کا ایک خاص واقعہ تحریر کرتا ہے جسکو ہم ان کی اصل عبارت سے ذیل میں لکھتے ہیں۔

سال الرشید عن موسی الکاظم علیہ السلام کیف قلتم انا ذریۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وانتم ابناء علی علیہ السلام فتلا موسی ومن ذریتہ داؤد وسلیمان الی عیسیٰ وقال لیس لہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے رشید نے سوال کیا کہ آپ اپنے کو جناب رسالتمآبؐ کی ذریت کیونکر کہتے ہیں باوجودیکہ آپ تو جناب علیؑ مرتضےٰ کی ذریت میں داخل ہیں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے یہ آیت تلاوت فرمایا اور جناب عیسیٰ تک ختم فرما کر پوچھا کہ عیسیٰ کے تو باپ نہیں تھے۔

اگرچہ ہمارے ذیقدر علامہ نے اس واقعہ کو درج کیا مگر ایسے اختصار کے ساتھ کہ کچھ سمجھ میں آیا اور کچھ نہ آیا اس

لئے ہم اس واقعہ کو پوری تفصیل کے ساتھ ناسخ التواریخ کی اصل عبارت سے ذیل میں مندرج کرتے ہیں۔

چوں ہارون رشید از مسئلے چند بپرداخت وسخن بدیں جا آورد و گفت یا موسیٰ ابن جعفر چگونہ جائز داشتہ اید کہ عامہ وخواصہ شما را بسوئے رسول خدا منسوب دارند و فرزندان رسولؐ خوانند وحالانکہ شما فرزندان علیؑ مرتضےٰ و مرد را باید نسبت کنند نہ با مادر و فاطمہؑ شما را بمنزلہ وعائی بود و پیغمبر از جانب مادر جدّ شما ست موسیٰ علیہ السلام فرمود لوانّ رسول اللہ نشر فخطب الیك کریمتك ھل کنت تجیبه فقال سبحان اللہ ولم لا اجیبه بل افتخر علی العرب والعجم وقریش بذالك

اگر رسولؐ زندہ بشود و دختر ترا خواستگاری کند او را با رسول اللہ تزویج می کنی یا اجابت نخواہی کرد ہارون گفت چگونہ نہ نمایم بلکہ براین نسبت فخر می کنم بر عرب وعجم وقریش۔ پس موسیٰ علیہ السلام فرمود لکنّه لا یخطب الیّ ولا ازوّجه یعنے خواستگار دختر من نمی شود تا خطبہ کند ومن ہم دختر خود را با و تزویج نمی کنم ہارون گفت مانع چیست فرمود لانه ولدنی ولم یلدك فقال احسنت یا موسےٰ گفت از بہر آنکہ من فرزند پیغمبرم و فرزند من حرام است با پیغمبر نتواند فرزند زادہ خود را نکاح کند ومن نتوانم دختر خود را با پیغمبرم تزویج کنم لکن تو فرزند پیغمبر نیستی ومیتوانی دختر خویش را بالشرط زناشوئی بسرائے پیغمبر فرستی ہارون گفت آفرین بر تو باد اے موسیٰ اکنون بگو شما خود را چگونہ ذرّیت پیغمبرؐ می شمارید وحالانکہ پیغمبر بلا عقب است چہ عقب مخصوص بپسر است و دختر عقب نخواہند شد وشما فرزندان دختر اید موسیٰ علیہ السلام فرمود اسئلك بحق القرابة والقبر ومن فیه الّا اعفیتنی عن ھذا المسئلة ترا بحق خویشاوندی رحم وقبر وکسے کہ در قبر است سوگند می دہم کہ مرا از جواب ایں مسئلہ معفو داری ہارون گفت دست باز ندارم باید کہ حجت فرزندان علیؑ را بدانم کہ خود را چرا فرزندان پیغمبر دانند وتو امروز اے موسیٰ سید و امام فرزندان علیؑ ہستی واجب میکند کہ آنچہ از تو می پرسم اقامہ برہان از کتاب خدا کنی وشما اے فرزندان علیؑ دعوے دارید کہ ہیچ حرفے از قرآن فرودن نشدہ والّا آنکہ تا دلیلش نزد شما است وحجت می آورید بقول اللہ تعالےٰ ما فرّطنا فی الکتاب من شیٔ وبیان چیزے را ہم بیرون قرآن نمی شمارید وخود را از علمائے وقیاس ایشاں مستغنی میدارید موسیٰ علیہ السلام فرمود اکنوں اجازت کن تا جواب گویم گفت بگوئی فقال اعوذ باللہ العلی العظیم من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ومن ذریته داؤد وسلیمان وایوب ویوسف وموسیٰ وھارون وکذالك نجزی المحسنین وزکریا ویحیٰی وعیسےٰ والیاس کلّ من الصالحین

آنگاہ ہارون پدر عیسیٰ کیست گفت ہمانا خداوند عیسےٰ را در سلک فرزندان انبیا کشید از جانب مریم علیہا السلام وما ذریت پیغمبر را شمردہ شدیم از جانب فاطمہ علیہا السلام کہ مادر است وازیں بزیادت گویم ہارون گفت بگو فرمود قال تعالیٰ فمن حاجك فيه من بعد ما جاءك من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءكم ونساءنا ونساءكم وانفسنا وانفسكم ثم نبتهل فنجعل لعنة الله على الكاذبين واین معنی مکشوف ہست کہ رسول خدا جز علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ کسے را در زیر کسا از برائے مباہلہ نخواندہ وانہ

ابناءنا حسنؑ وحسینؑ را کہ پسران پیغمبر ند خواستہ واز نساءنا فاطمہ علیہا السلام را خواستہ واز انفسنا علیؑ ابن ابیطالب علیہ السلام را ارادہ فرمودہ بدیں کہ بجائے نفس پیغمبر است چوں موسےٰ علیہ السلام سخن بدینجا رسانید ہارون گفت احسنت یا موسےٰ اکنون حوائج خود را از من بخواہ فرمود اول من این است کہ پسر عم خود را اجازت فرمائی تا بسوئے حرم جد مراجعت نماید و با اہل وعیال خود روزگار برد ہارون گفت نگران باش انشاء اللہ باز بمدینہ خواہی گشت۔

ناسخ التواریخ مطبوعہ بمبئی جلد ششم ص ۲۳

اسی واقعہ کی طرح اور کئی ایک واقعے ہم کو حجاج ابن یوسف الثقفی کے زمانے میں سعید ابن جبیرؓ صحابی اور یحیےٰ ابن یعمر تابعی کے حال میں ملتے ہیں جس میں سے صرف ایک واقعہ کو طوالت کے لحاظ سے ہم تاریخ ابن خلکان و حیوٰۃ الحیوان دمیری کی عبارت سے ذیل میں لکھتے ہیں

عن الشعبی وعاصم ابن البخود المقری ان الحجاج ابن یوسف الثقفی بلغہ ان یحیےٰ بن یعمر التابعی یقول ان الحسنؑ والحسینؑ من ذریتہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم وکان یحیےٰ یومئذ بخراسان فکتب الحجاج الی قتیبہ بن مسلم والی خراسان ان ابعث الی یحیےٰ بن یعمر فبعث بہ الیہ فقام بین یدیہ فقال انت الذی تزعم ان الحسنؑ والحسینؑ ذریتہ رسولؐ اللہ قال اجل یا حجاج فقال الشعبی فتعجب من جوابہ فقال الحجاج تاتینی بہا بینہ واضحۃ من کتاب اللہ ولا تاتینی بہذہ الایۃ اندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم قال فان خرجت ورآء من ذالک واتیک بہا بینۃ واضحۃ من کتاب اللہ فہو امانی قال نعم فقال قال اللہ تعالیٰ ووہبنا لہ اسحٰق ویعقوب کلاً ہدینا من قبل ومن ذریتہ داؤد وسلیمان وایوب وموسیٰ وہارون کذالک نجزی المحسنین وزکریا ویحییٰ وعیسےٰ والیاس کل من الصالحین ثم قال یحییٰ بن یعمر من کان ابو عیسےٰ وقد الحقہ اللہ تعالیٰ بذریتہ ابراہیم وما بین ابراہیم وعیسےٰ اکثر ما بین الحسنؑ والحسینؑ ومحمد صلے اللہ علیہ والہ وسلم

امام شعبی اور قاری عاصم ابن البخود بیان کرتے ہیں کہ حجاج ابن یوسف الثقفی کو خبر لگی کہ یحییٰ ابن یعمر تابعی اسکے قائل ہیں کہ حضرت امام حسنؑ و امام حسین علیہم السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذریت میں ہیں اسوقت یحییٰ خراسان میں تھے حجاج نے قتیبہ ابن مسلم والئے خراسان کو لکھا کہ یحییٰ ابن یعمر کو میرے پاس روانہ کر دو قتیبہ نے یحییٰ کو حجاج کے پاس بھیجدیا جب وہ سامنے آئے تو حجاج نے کہا تیرا زعم ہے کہ حضرات حسنین علیہم السلام آنحضرت کی ذریت میں داخل ہیں یحییٰ نے کہا ہاں امام شعبی کا بیان ہے کہ یحیےٰ کے بے دھڑک ہاں کہدینے سے مجھے سخت تعجب ہوا حجاج نے کہا کوئی واضح دلیل کتاب اللہ سے بیان کر مگر قل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم کی دلیل کو پیش نہ کرنا یحیےٰ ابن یعمر نے کہا کہ اگر میں نے اس آیت کے سوا کوئی دوسری آیت قرآن سے واضح طور سے بیان کی تو تو مجھکو امان دے گا کہا ہاں تب یحییٰ نے یہ آیہ قرآن کا تلاوت فرمایا جس کا ترجمہ یہ ہے

کر دیا ہم نے اس کو (ابراہیم کو) اسحٰق اور یعقوبؑ اور سب کو ہدایت فرمائی اس سے پہلے اس کی ذریت سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو گردانا اسیطرح ہم احسان کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں اور زکریا اور یحییٰ اور عیسےٰ اور الیاس کو بھی اور ان میں سے ہر ایک نیکوکار ہے یہ آیہ تلاوت فرما کر یحییٰ بن یعمر نے پوچھا کہ عیسےٰ کا باپ کون تھا کہ اللہ تعالےٰ نے ان کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ذریت میں ملایا ہے اور ابراہیمؑ اور حضرت عیسےٰ سلام اللہ علیہ کے درمیان فاصلہ نسبی جناب حسنین علیہم التحیۃ والثنا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فاصلہ نسبی سے کہیں سوا ہے؛

جس وقت ایک تحقیق کرنے والا اپنی تحقیق کی نظر ان واقعات پر ڈالتا ہے تو خاصکر ایسے واقعات کا نشان اس زمانہ کے حالات اور سوانحات میں لگتا ہے جس زمانے میں اہلبیت علیہم السلام کے مدارج و مراتب اور فضائل و مناقب کے گھٹانے اور ان ذوات مقدسہ کے مقابل اور ہمسر پیدا کرنے کے لئے سلطنت کی طرف سے خاص کوشش کی جاتی تھی آئمہ حدیث ارباب تالیف و تصنیف خطیب قضاۃ علما اور فضلا کو اس امر کی طرف متوجہ ہونے کے لئے نہایت شدت سے تاکید کی جاتی تھی اور انہیں موضوعات کے صلے میں ان کے مناصب و مدارج میں بڑے بڑے اضافے ہوتے رہے بارگاہ خسروانی اور دربار سلطانی سے ان کو گرانبہا خلعت عنایت ہوا کرتے تھے

یہ تمام کوششیں دورۂ امویہ سے عموماً شروع ہوئیں اور عہد عباسیہ تک عام طور سے تمام قلمرو میں جاری رہیں یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ مخالفین اہلبیت طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے ہاتھ میں جب تک سلطنت کے اختیار باقی جب یہ پولیسی استحکام سلطنت کا ذریعہ قرار پا کر برابر قائم رہی اگرچہ ہم نے جہاں تک اس مضمون کی نسبت اپنی تحقیقات کو وسیع کیا ہے ہم کو یہ ثابت ہوا ہے کہ اس کے موجد بھی **معاویہ ابن ابی سفیان** ہی ہیں۔ جو ہاشم مرحوم کے خاندان و اولاد اور دودمان اعلےٰ کے جداً عن ابا مخالف چلے آتے تھے عرب میں یہی پہلے شخص ہیں جس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذریت اور ابنیت کے اعزاز و شرافت جناب حسنین علیہم السلام کو خارج کرنے کی کوشش کی دیکھو حافظ عبد العزیز ابن الاحقر اپنی معتبر تالیف میں بذکر اخلاف معاویہ ابن سفیان ذیل کا واقعہ لطیفہ کے طور پر لکھتے ہیں۔

علامہ موصوف کی اصلی عبارت یہ ہے عن ذكوان مولى المعاوية قال قال لى معاوية الا اعلم احدا سمى هذين غلامين ابنى رسول الله صلے الله عليه وآله وسلم ولكن قولوا ابنى على قال ذكوان فلما كان بعد ذالك امرنى ان كتب بينه فى الشرف فقال كتبت بينه وبنى بينه وتركت بنى بناته ثم اتيته بالكتاب فنظر فيه قال ويحك اغفلت اكثر ابنى فقلت من قال اما بنو فلانه من لا بنته قال فقلت لله ليكون بنى بنائك بنيك ولا يكون بنى فاطمه عليهم السلام بنى رسول الله صلے الله عليه وآله وسلم قال لا يسمعن هذا خدمتك

ذکوان معاویہ کا غلام بیان کرتا ہے کہ ایک دفعہ معاویہ نے کہا میں نہیں جانتا کہ ان دونوں لڑکوں (حضرات حسنین

علیہم السلام) کو کس نے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے قرار دیا ہے ان کو تو علی علیہ السلام کا بیٹا کہنا چاہیئے ذکوان کا بیان ہے کہ اس کے بعد مجھکو معاویہ نے دفتر میں اپنے بیٹوں کے نام لکھنے کا حکم دیا۔ میں نے اس کے بیٹے اور پوتوں کا نام لکھا اور نواسوں کا نام (قصداً) چھوڑ دیا اور وہ فہرست معاویہ کے پاس لے گیا معاویہ اس کاغذ کو دیکھکر کہنے لگا تو میری بیٹی کے بیٹوں کا نام درج کرنا بھول گیا میں نے کہا وہ کون ہیں معاویہ نے کہا آیا میری بیٹی کے بیٹے میرے بیٹے نہیں ہیں میں نے کہا اللہ اکبر تیری بیٹی کے بیٹے تو تیرے بیٹے ٹھہریں اور جناب سیدہ علیہا السلام کے بیٹے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے نہ قرار دیئے جائیں معاویہ نے کہا چپ رہ کہیں کوئی تجھ سے یہ بات نہ سن لے۔

ہم نے اتنے متواتر واقعات اپنے بیان کی تصدیق میں لکھدیئے جن کے بعد مجھ کو کامل یقین ہے کہ پھر ہمارے بیان کسی دوسری تصدیق و توثیق کی مطلق ضرورت نہیں رہی مگر تاہم اپنے ناظرین کے مزید اطمینان کیلئے صرف ایک حدیث کی اور نقل پر اکتفا کرتے ہیں جس میں سب سے زیادہ آنحضرت کے تاکیدی الفاظ مندرج ہیں و ہو ہذا عن عمر بن الخطاب قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کل سبب ونسب ینقطع یوم القیامۃ الا سببی ونسبی وکل بنی ام فان عصبتہم لابیہم ما خلا ولد فاطمۃ علیہا السلام فانی انا ابوہم وعصبتہم اخرجہ ابو صالح وابو نعیم فی الحلیۃ وابن سمان والمسلم فی المتابعات والدار قطنی والطبرانی فی الاوسط والبیہقی وابو الحسن المغازلی فی المناقب والدولابی فی الذریۃ الطاہرۃ۔

عمر ابن الخطاب سے منقول ہے کہ فرمایا جناب رسولخدا نے کہ قیامت کے دن تمام رشتے اور قرابتیں منقطع ہو جائیں گی سوا میرے رشتہ اور میری قرابت کے اور ہر ایک ماں کے بیٹوں کے لئے عصبہ باپ کی جانب سے ہوتا ہے بجز اولاد فاطمہ سلام اللہ علیہا کے کہ میں اُن کا باپ اور عُصبہ ہوں۔

اس حدیث کو علامہ ابو صالح نے اور حافظ ابو نعیم نے حلیۃ الاولیا میں اور ابن سمان نے اور امام مسلم نے باب النابعات میں اور علامہ دار قطنی نے اور امام طبرانی نے معجم الاوسط میں اور امام ابو الحسن مغازلی نے مناقب میں اور امام بیہقی نے اور علامہ دولابی نے کتاب الذریۃ الطاہرۃ میں اپنے اپنے معتبر اسناد سے درج کیا ہے۔

بہرحال ان معتبر اور مستند احادیث کے سوا نصوص قرآنی نے اس مسئلہ کو طے کر دیا ہے کہ ان حضرات کا تعلق جناب رسولخدا کے ساتھ ایسا ہی ہے جیسا باپ کا بیٹوں کے ان کی اولاد آل اہلبیت ذریت عترت اصلاب واعقاب پر صادق آتے ہیں وہ سب جائز طور سے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی اولاد کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں اگر تمام ثبوت سے صریح چشم پوشی فرمائی جائے تو ایک آیۂ مباہلہ کی شان نزول ایسی مستحکم حجت اور دلیل معقول ہے جس کے آگے پھر کسی تحریر و تقریر کو مطلق گنجائش نہیں ہے ہم نے ابھی ابھی

یحیی ابن یعمر کے واقعہ میں لکھا ہے کہ حجاج نے فرمائش کی تھی کہ سوائے آیۂ مباہلہ کے کوئی دوسرا آیہ قرآنی دلیل کے لئے پیش کیا جائے اس سے معلوم ہوگیا کہ حجاج اس آیہ کے تمام مطالب ومقاصد کو پورے طو سے جانتے تھے اور اس کے اسباب نزول وغیرہ کے تمام واقعات پر اسکو کامل عبور تھا مگر بنی امیہ کی کورا تقلید اور فضائل اہلبیت کے پوشیدہ رکھے جانے کی تاکید شدید اس کو امر حق کے اظہار سے مانع تھی تاہم ایک حجاج پر کیا منحصر ہے اس جیسے ہزاروں نے شروع سنہ ۴۱ھ سے لیکر چوتھی صدی کے نصف تک اس طبقہ کرام کے نام مٹانے اور ان کے فضائل ومناقب چھپانے میں اپنی جانیں کھپا دیں مگر اُن کے فضل ومراتب آج تک مثل آفتاب عالمتاب روشن اور منور ہیں مرزا دبیر مرحوم لکھنوی؎

حقا کہ آل پاک رسولؐ امم مٹیں
قرآں مٹے کسی کے مٹائے تو ہم مٹیں

اسوقت بھی بے شمار تصنیفات اور تالیفات ہماری پیش نظر ہیں جنہوں نے اس مقدس طبقہ سے کوئی سروکار قائم نہیں رکھا ہے بلکہ بخلاف اس کے دوسرے لوگوں کو مناقب ومحامد کے اعتبار سے اُن پر ترجیح دی ہے مگر جب ہم ان کی ان تصنیفات وتالیفات سے اغیار کے فضائل کا موازنہ اور مقابلہ کرنے بیٹھتے ہیں تو پھر انہیں حضرات کے اوصاف ومحامد کے پلّہ کو مقابل سے دوچند اور سہ چند پاتے ہیں؎

والفضل ما شهدت به الاعداء اصل شرافت وہی ہے جس کا مخالف بھی اقرار کرے؂

وھذا انفضل اللہ یوتیہ من یشآء واللہ ذو فضل عظیم

حضرت امام حسنؑ اور محبّت جناب رسولؐ

ہیں میں تو شک نہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی ذات بابرکات بسی غنیمت معلوم ہوتی ہوگی خصوصاً اس وقت میں جب آپ کی تمام اولاد جو وقتاً فوقتاً ضائع ہوچکی تھیں آپ کی آنکھوں کے سامنے گھومتی ہوں گی جناب رسالتمآبؐ کے ان خیالوں کا اندازہ صرف الفاطمۃ بضعۃ منی سے پورے طور سے ہوسکتا ہے پھر ایسے شفیق باپ کے آگے اور اس کی حسرت بھری نگاہوں کے سامنے اس بضاعت کی بضاعت اور اس پارۂ جگر کے پارۂ جگر کتنے عزیز معلوم ہوتے ہوں گے جہاں ایسی الفت اور محبت کی وجہیں قائم ہوں اور جہاں ایسے تعلقات اور اتحاد کے ذریعے مستحکم ہوں وہاں اشفاق وخلوص سے بحث بیکار اور محض فضول ہے۔

بہرحال جس کو سب سے پہلے جناب سیدہؑ اور جناب علیؑ مرتضےٰ کے بعد دامن رسولؐ میں پرورش پانے کا شرف حاصل ہوا ہے وہ جناب امام حسن مجتبےٰ علیہ التحیۃ والثنا ہیں اس وقت میں کنار رسولؐ کی زینت ہیں تو یہی اور آغوش بتولؑ کی رونق ہیں تو یہی ہمارے سامنے اس وقت کثرت سے وہ واقعات موجود ہیں

جن سے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غایت درجہ کے اشفاق وغایات محبت والفت کے کامل ثبوت ملتے ہیں جن کی تمام وکمال نقل پر اگر ہم جرأت کریں تو ہم کو پورا یقین ہے کہ ہم کو اپنے مدعائے تالیف سے علیحدہ ہوکر خصائص کے پورے مضامین لکھنے کے لئے پوری مجبوری ہوجائے گی اس لئے ہم ان میں سے صرف چند واقعات کو اپنے سلسلۂ بیان میں ترتیب دیتے ہیں جس سے ہمارے مدعائے تالیف کی پوری توضیح اور کامل تصدیق ہوجائے گی۔

جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ کی کوئی صحبت کوئی محفل اور کوئی مجلس ایسی نہیں ہوتی تھی جس میں آپ کی آغوش مبارک حضرات حسنین علیہم السلام سے خالی رہتی ہو یا آپ کا کوئی زمانہ اور کوئی وقت ایسا نہیں گذرتا تھا جس میں ان کا ذکر خیر نہ آتا ہو شاید ان کا ایک لمحہ بھی آپ کی نظروں سے اوجھل ہوجانا آپکو گوارہ نہ ہوتا تھا گھر سے مسجد تک آنے میں دیر ہوئی آنحضرت کی خاطر مبارک میں ہزاروں قسم کے اضطراب کا ہجوم ہوگیا اگر ان کے چہرہ پر کسی قسم کے حزن وملال کا نشان پایا گیا تو فورًا دل بے چین ہوگیا اگر ایک آنسو بھی انکی آنکھوں سے ٹپک پڑا تو قیامت ہوگئی اگر طبیعت کی ناسازی یا کسی قسم کی شکایت سنی گئی تو پھر جناب رسولخدا کو تاوقتیکہ ان کی صحت کا مژدہ نہ سن لیں آرام وسکون کہاں چنانچہ علامہ ابن سعد تحریر فرماتے ہیں۔

عن عبداللہ ابن زبیر قال اشبہ اہل النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بہ واحبہم الیہ الحسن ابن علی علیہم السلام عبداللہ ابن زبیر کہتے ہیں کہ امام حسن علیہ السلام اپنے گھر والوں میں سب سے زیادہ آنحضرت کو پیارے تھے۔

قلبی تعلقات کو طبیعات انسانی میں بڑا دخل ہے اور یہ ایک امر مسلم ہے جو ہمارے کسی بیان کا محتاج نہیں ہے اور اس کا ظہور فطرتًا انسان کی تمام عادات وسکنات سے ہوتا ہے اکثر موقع پر یہ امر مشاہدات سے ثابت ہوچکا ہے کہ انسان کی طبیعتوں میں اکثر ایسی بھی طبیعتیں ہوتی ہیں جن پر ان تعلقات کا اثر یکساں محسوس نہیں ہوتا اس وجہ سے کسی پر ان کا اثر کم اور کسی پر ان کا اثر زیادہ ہوتا ہے مگر جب ہم ان معاملات میں جناب رسالتمآب کے اشفاق ومحبت کا اندازہ ان واقعات سے کرتے ہیں تو ہم کو یہ امر پورے طور سے ثابت ہوتا ہے کہ ان تعلقات میں آپ کا شمار بھی انہیں طبیعتوں کے ساتھ ضرور ہے جنکی فطرت میں مبدء فیض نے اپنی ذریت اپنی آل اور اپنے بچوں کی محبت نہایت مفرط درجہ کے ساتھ ودیعت فرمائی ہے۔

اب ہم اپنے اس بیان کے ثبوت میں ذیل کے چند واقعات قلمبند کرتے ہیں۔

علامہ ابوحاتم تحریر فرماتے ہیں:-

عن ابوہریرۃ قال دخل التمیمی الاقرع بن جالس علی النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فراٰہ یقبل اما حسنا واما حسینا فقال تقبلہما ولی عشرۃ من ولد من قبلت واحدًا فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ من لا رحم لا یرحم ابوہریرہ سے منقول ہے کہ اقرع ابن جابس تمیمی

جناب رسالتماب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آیا آپ کو دیکھا کبھی جناب امام حسن علیہ السلام کے بوسے لیتے ہیں اور کبھی جناب امام حسین علیہ السلام کے اس نے عرض کی کہ آپ ان دونوں کو بار بار بوسہ دیتے ہیں اور باوجودیکہ میرے دس بچے ہیں اور میں ان میں سے کسی ایک کو بھی نہیں چومتا آنحضرت نے فرمایا جو رحم نہیں کرتا وہ رحم نہیں کیا جاتا۔

ابوہریرہ کی روایت کے بعد اب ہم انس بن مالک سے بھی اسی کے ایسے واقعات ذیل میں لکھتے ہیں جو ہمارے بیان کی کامل تصدیق کرتے ہیں۔

علامہ سانی اور علامہ ابن ابی الفراتی فرماتے ہیں عن انس ابن مالك قال كتب النبي صلے الله عليه واله وسلم لرجل عهداً فدخل لرجل ليسلم على النبي صلے الله عليه واله وسلم وهو يصلي فرای الحسن والحسين يركبان على عنقه مرة يركبان على ظهره مرة ويمران بين يديه وخلفه فلما فرغ صلے الله عليه واله وسلم قال له الرجل ما يقطعان الصلوٰة فغضب النبي صلے الله عليه واله وسلم وقال ناولني عهدك فاخذته فمزقه قال من لم يرحم صغيرنا ولم يوقر كبيرنا فليس منا ولا انا منه

انس بن مالک سے مروی ہے کہ آنحضرت نے ایک شخص کے واسطے خط لکھا تھا وہ آپ کے حضور میں سلام کے لئے حاضر ہوا تھا آنحضرت اسوقت نماز میں مشغول تھے اس شخص نے دیکھا کہ جناب حسنین علیہم السلام کبھی آپکی گردن مبارک پر اور کبھی آپ کی پشت مبارک پر سوار ہو جاتے ہیں اور آگے پیچھے سے ہو کر گذر جاتے ہیں جب آنحضرت نماز سے فارغ ہوئے تو اس شخص نے کہا کہ ان لڑکوں نے آپ کی نماز کو کیسا خراب کیا ہے آنحضرت نے نہایت طیش میں آکر اس شخص سے فرمایا کہ اپنا خط ہمیں دے اور اس سے وہ خط لے کر پھاڑ ڈالا اور ارشاد کیا کہ جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کرتا اور ہمارے بڑوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہمارا نہیں ہے اور نہ ہم اس کے ہیں

دوسرا واقعہ خاص انس ابن مالک سے متعلق ہے امام طبرانی معجم الکبیر میں تحریر فرماتے ہیں۔

عن انس ابن مالك قال بينا رسول الله صلے الله عليه واله وسلم راقد في بيته على قفاه اذ جاء الحسن عليه السلام يدرج حتى قعد على صدر رسول الله فمنعته فقال ويحك يا انس دع ابني وثمرة فوادي فان من اذى هٰذا فقد اذاني ومن اذاني فقد اذى الله ثم دعا رسول الله صلے الله عليه واله وسلم الماء فصبه على البول صبا۔

انس ابن مالک سے منقول ہے کہ ایک دفعہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے گھر میں پیٹھ کے بھل سو رہے تھے ناگہاں حضرت امام حسن علیہ السلام تشریف لائے اور سرکتے ہوئے جناب رسالتمآب کے سینۂ اطہر پر بیٹھ گئے میں نے انکو روکا پس آنحضرت نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر اے انس میرے بیٹے اور میرے دل کے پھل کو چھوڑ دے جس نے اس کو ایذا دی اس نے مجھ کو ایذا دی اور جس نے مجھکو ایذا دی اس نے خدا کو ایذا دی

پھر آنحضرت نے پانی منگا کر ان کا بول دھو ڈالا۔

انس بن مالک سے اسلامی دنیا میں کون واقف نہیں آنحضرت کی مختلف خدمتیں ان کے متعلق بتلائی جاتی ہیں خادم خاص تو سب لکھتے ہیں بعضوں نے حاجب لکھا ہے بعضوں نے خوشبو دار اور بعضوں نے ذاتی مصارف کا تحویلدار غرض آنحضرت کی ہر ذاتی خدمات پر مشرف بتلائے جاتے ہیں اور باعتبار ان خدمات کے اگر آنحضرت کی عنایات کا ایک درجہ تک مبذول رہنا بھی قریب العقل ہے مگر ان تعلقات کے مقابلے میں ان کے محاسن خدمات اپنا کوئی اثر اور اپنی کوئی وقعت بھی قائم نہ رکھ سکے اور حقیقت میں انس نے جناب امام حسن علیہ السلام کو صرف اس خیال سے منع فرمایا تھا کہ آپ کے موجودہ خواب استراحت میں خلل نہ آوے نہ انکو مارا تھا نہ گھرکا تھا نہ ڈرایا تھا اور نہ دھمکایا اور نہ کسی ایذا رسانی کے باعث ہوئے تھے مگر صرف ان کی بچپن کی خواہشوں کو نکلنے سے روکا تھا اور اتنی ہی خفیف تہدید بھی ان کے لئے آنحضرت کے بہت بڑے عتاب کا باعث ہو گئی۔

آنحضرت کے دل میں اپنے ان پارہ ہائے جگر کی محبت والفت ایسی ہی مفرط درجہ پر تھی جس کے مقابلہ میں کسی معمولی سے معمولی اختلاف اور ملائم سے ملائم شدت بھی آپ کی طبع عالی پر سخت گراں گذرتی تھی ان واقعات کو لکھ کر اب ہم دو چار اور ایسے واقعات لکھے دیتے ہیں جو کامل طور سے آنحضرت کے ان دلی تعلقات اور قلبی جذبات کو جو آپ کو اپنے پارہ ہائے جگر کے ساتھ حاصل تھے نہایت وضاحت کے ساتھ ثابت کرتے ہیں؛

امام ترمذی اور امام نسائی اپنے اپنے صحاح میں اور امام طبرانی معجم میں لکھتے ہیں:-

عن اسامه ابن زيد ابن حارثه قال طرقت رسول الله صلے الله عليه وآله وسلم ليلة بعض الحاجة فخرج وهو مشتمل على شیٔ ولا ادری ما هو فلمّا فرغت من حاجتی قلت ما هذا الذی انت مشتمل عليه فكشف فاذا الحسن والحسين عليهم السلام فقال هذا ابنای وابنا بنتی اللّٰهم انّك تعلم انّی احبهما فاحبهما

اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ میں ایک رات کو اپنی ایک ضرورت کے لئے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے حجرہ کی زنجیر کھٹکھٹائی آنحضرت برآمد ہوئے آپ کی گود میں کوئی چیز معلوم ہوتی تھی میں نہیں جانتا تھا کون چیز ہے جب میں اپنی ضرورت کو عرض کر چکا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ حضور کے آغوش مطہر میں کیا چیز ہے آنحضرت نے اپنی ردا کو اٹھا دیا میں نے دیکھا کہ حضرات حسنین علیہم السلام آپ کی گود میں ہیں پھر آپ نے ارشاد فرمایا یہ میرے بیٹے اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں اے خدا تو جانتا ہے کہ میں انکو پیار کرتا ہوں تو بھی ان کو پیار کر۔

ذخائر العقبیٰ میں ذیل کا واقعہ اس کے قابل اعتبار مولف نے تحریر فرمایا ہے جس کی اصلی عبارت یہ ہے۔

عن ابی هريرة قال لا انّ احبّ هذا الرجل يعنی الحسن ابن علی عليه السلام بعد ما رائيت رسول الله صلے الله عليه وآله وسلم يصنع به ما يصنع يغره قال رائيت الحسن فی حجرة النبی

وهو یدخل اصابعه فی لحیته والنبی صلی اللہ علیه وآله وسلم یدخل لسانه فی فمه ثم یقول اللهم انی احبه فاحبه

ابو ہریرہ کا بیان ہے کہ میں اس وقت سے اس مرد یعنی امام حسن علیہ السلام کو دوست رکھتا ہوں جب سے میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کے ساتھ ایسا پیش آتے دیکھا ہے کہ اس کے سوا کسی دوسرے سے پیش آتے نہیں دیکھا میں نے آنحضرت کی گود میں ان کو دیکھا ہے کہ یہ آنحضرت کی ریش مبارک میں اپنی انگلیاں ڈالتے ہیں اور حضور اپنی زبان مطہر کو ان کے منہ میں دیکر فرماتے ہیں کہ اے پروردگار میں اسے پیار کرتا ہوں تو بھی اسے پیار کر یہ روایت صواعق محرقہ اور اسعاف الراغبین میں بھی ہے؛

علامہ ابن سعد اس واقعہ کو یوں لکھتے ہیں :-

عن ابی سلمه ابن عبدالرحمن قال کان رسول اللہ صلے اللہ علیه وآله وسلم یدلع لسانه للحسن ماذا رای الصبی حمرة اللسان بهش الیه آبی سلمہ ابن عبدالرحمن سے مروی ہے کہ آنحضرت امام حسن علیہ السلام کو گود میں لئے اپنی زبان دہن مبارک سے باہر نکالتے تھے اور جب وہ معصوم زبان مبارک کی سرخی کو دیکھتا تھا تو اس کی جانب جھک پڑتا تھا۔

امام بخاری اور امام مسلم نے اپنی صحاح میں اور امام احمد حنبل نے مناقب میں اور ابن ماجہ نے اپنی صحیح میں اور ابویعلی نے اپنی مسند میں ذیل کا واقعہ لکھا ہے۔

عن ابو هریرة قال خرجت مع رسول اللہ صلے اللہ علیه وآله وسلم فی طائفة لا یکلمنی و لا اکلمه حتی جاء سوق بنی قینقاع ثم انصرف حتی اتی خباء فاطمة علیها السلام فقال ثم لکع یعنی حسنا فظننا انه انما تحبسه امه لان تغسله وتلبسه سخابا فلم یلبث ان جاء یسعی حتی عتنق کل واحد منهما صاحبه فقال رسول اللہ اللهم انی احبه فاحبه واحب من احبه ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ میں ایک جماعت کے ساتھ نزدیک ہو کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ باہر نکلا نہ آپ مجھ سے بات کرتے تھے اور نہ میں آپ سے باتیں کرتا تھا یہاں تک کہ بازار بنی قینقاع کے اندر آپ تشریف لے گئے اور پھر وہاں سے لوٹے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کے گھر میں رونق افروز ہوئے اور پوچھا کیا لڑکا یہیں ہے یعنی حسن علیہ السلام یہیں ہیں ہم لوگوں نے گمان کیا کہ شاید ان کی ماں انہیں پکڑے ہیں اور نہلا رہی ہیں یا نہلا کر کپڑے بدلوا رہی ہیں کچھ دیر نہیں گذری تھی کہ جناب امام حسن علیہ السلام تشریف لائے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینۂ مبارک سے لپٹ گئے اور دونوں نے ایک دوسرے کو اپنے سینے سے چمٹا لیا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے پروردگار میں اسے پیار کرتا ہوں تو بھی اسے پیار کر اور اسے بھی پیار کر جو اسے پیار کرے۔

اس کے علاوہ امام نسائی اپنی صحیح میں امام احمد حنبل اپنے مناقب میں امام حاکم مستدرک میں امام طبرانی

معجم میں اور امام بغوی اور علامہ بیہقی اپنی اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں۔

عن عبداللہ ابن شداد ابن الھاد عن ابیہ قال خرج رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم الصلواۃ العشاء وھو حامل حسنا فتقدم النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم فوضعہ ثم کبر للصلوۃ فصلی فسجد بین ظھرانی فی الصلوۃ سجدۃ اطالھا قال انی رفعت فاذا صبی علی ظھر رسول اللہ وھو ساجد فرجعت الی سجودی فلما قضی رسول اللہ الصلواۃ قال الناس یا رسول اللہ انک سجدت بین ظھرانی صلوتک سجدۃ اطلتھا انہ قد حدث امر اوانہ یوحی الیک قال کل ذالک لم یکن ابنی ھذا ارتحلنی فکرھت ان اعجلہ حتی یقضی حاجتہ

عبداللہ ابن شداد ابن ہاد اپنے والد سے ناقل ہیں کہ ایک دفعہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم عشا کی نماز کے لئے برآمد ہوئے اور جناب امام حسن علیہ السلام کو اٹھائے ہوئے تھے ان کو زمین پر بٹھا کر حضور نے تکبیر کہی اور نماز شروع کی جب نماز میں سجدہ کو گئے تو اسکو طول دیا میرا باپ کہتا ہے کہ میں نے سر اٹھایا کیا دیکھتا ہوں کہ جناب امام حسن علیہ السلام جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہیں اور آپ سجدہ میں مصروف ہیں جب آپ نماز ادا کر چکے تو لوگوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ آج آپ نے نماز کے دوسرے سجدہ کو یہاں تک طول دیا کہ ہمیں گمان ہوا کہ کوئی امر حادث ہوا ہے یا وحی الہی نے نزول فرمایا ہے آپ نے فرمایا ان میں سے کوئی بات نہیں ہے لیکن یہ میرا بیٹا میری پشت پر سوار ہو گیا تھا مجھے برا معلوم ہوا کہ میں اسے جلدی سے اتار دوں جبتک کہ اس کی آرزو پوری نہ ہولے۔

امام احمد حنبل نے مناقب میں دوسری عبارت میں بھی اس واقعہ کو لکھا ہے ہم اسکو بھی ذیل میں درج کرتے ہیں۔ عن ابی ھریرۃ قال کنا نصلی مع النبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم العشاء فاذا سجد وثب الحسن والحسین علی ظھرہ فاذا رفع راسہ اخذھما بیدہ من خلفہ اخذا رفیقا فیضعھما علی الارض فاذا عاد عادا حتی قضی صلوتہ فاقعدھما علی فخذھما

ابو ہریرہ کا بیان ہے کہ ایک دفعہ ہم آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ عشا کی نماز پڑھتے تھے جب آنحضرت نے سجدہ کیا تو حضرات حسنین علیہم السلام حضور کی پشت مبارک پر سوار ہو گئے جب آپ نے سر اٹھایا تو ان دونوں صاحبزادوں کو آہستہ اپنے پیچھے سے اتار کر نیچے اتار دیا اور جب پھر حضور سجدہ میں گئے تو پھر وہ دونوں صاحبزادے حضور کی پشت مبارک پر سوار ہو گئے یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے اپنی نماز کو ادا فرمایا اور ان دونوں صاحبزادوں کو اپنی زانو پر بٹھا لیا۔

امام نسائی حافظ دمشقی علامہ دیلمی اور علامہ ابن سری نے اسی جیسا ایک اور واقعہ لکھا ہے جس کو ہم ذیل میں انکی اصلی عبارت میں نقل کرتے ہیں۔

عن عبداللہ ابن مسعود قال کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم یصلی والحسن والحسین

موثبان علی ظھرہ فنباعدھما النّاس فقال صلی اللہ علیه وآله وسلم دعوھما بابیھما وامّی من احبّنی فیحب ھٰذین

عبداللہ ابن مسعود فرماتے ہیں کہ جناب رسالتمآبؐ نماز پڑھا کرتے تھے اور جناب حسنین علیہم السلام آپ کی پشت مبارک پر کودا کرتے تھے ایک دفعہ ان کو ان لوگوں نے ہٹا دیا آنحضرت نے فرمایا کہ ان کو چھوڑ دو میرے ماں باپ ان پر تصدق ہوں جو کوئی مجھے پیار کرتا ہے اسکو چاہیئے کہ انکو بھی پیار کرے۔

امام ابوحاتم عبداللہ ابن زبیر کے اسناد سے ذیل کا واقعہ تحریر کرتے ہیں۔

عن عبداللہ ابن زبیر قال اشبه اھل النّبی به واحبھم الیه الحسن ابن علیؑ رایته یجی وھو ساجد فیرکب رقبته او قال ظھرہ فما ینزله حتی یکون ھو الذّی ینزل ولقد رایته یجی وھو راکع فیفرج له بین رجلیه حتی یخرج من جانب الاخر (اخرجه ابن سعد)

عبداللہ ابن زبیر ناقل ہیں کہ امام حسن علیہ السلام آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سب گھر والوں سے زیادہ مشابہ تھے اور سب گھر والوں سے زیادہ پیارے تھے میں نے ان کو دیکھا ہے کہ وہ آتے اور آنحضرت سجدہ میں ہوتے تو امام حسن علیہ السلام حضور کی گردن پر یا پشت اطہر پر سوار ہو جاتے اور جب تک کہ وہ خود نہ اُترتے حضور انکو نہ اُتارتے اور دیکھا میں نے کہ وہ تشریف لائے اور آنحضرت نے حالت رکوع میں اپنے دونو پاؤں پھیلا دیئے اور وہ ایک طرف سے گھسے اور دوسری طرف سے نکل گئے۔

امام بخاری امام مسلم امام ترمذی نے صحاح میں اور امام حاکم نے مستدرک میں عبداللہ ابن عباسؓ سے ذیل کا واقعہ لکھا ہے:-

عن ابن عباس کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم حامل الحسن ابن علی علیھم السلامُ علٰی عانقه فقال رجلؓ نعم المرکب رکبت یا غلام فقال النّبی صلی اللہ علیه وآله وسلم ونعم الراکب ھما عبداللہ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حسن ابن علی علیہم السلام کو اپنے کاندھے پر سوار کئے ہوئے تھے کہ اس اثنا میں ایک شخص نے کہا کہ اے صاحبزادے تمہارا یہ مرکب کیسا اچھا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا یہ سوار بھی تو عمدہ ہے۔

امام نسائی نے جابر ابن عبداللہ انصاریؓ کی اسناد سے بھی علٰحدہ اس روایت کو لکھا ہے مگر فرق اتنا ہے کہ اوپر کی عبارت میں مرکب کا لفظ ہے اور اس میں جمل کا لفظ مندرج ہے:-

یہاں تک تو عمومًا وہ واقعات تھے جو مخصوص عبادت الٰہی کی محویت کے اوقات میں بھی آنحضرت کے ان قلبی تعلقات کو کامل طور سے ثابت کرتے ہیں اب ہم طاعت الٰہی کی مصروفیت اور مشغولیت کے علاوہ آپ کے دوسرے مشاغل کی محویت میں بھی ان کے کامل احساس کو ذیل کے واقعات سے بیان کرتے ہیں۔

امام احمد حنبل مناقب میں امام نسائی صحیح میں ابن ماجہ اور ابی داؤد اپنے سنن میں امام مالک مستدرک

میں اور ابن حبان تحریر فرماتے ہیں۔

عن بریدة قال کان النبیؐ صلی اللہ علیه وآله وسلم یخطب اذا جاء الحسنؑ والحسینؑ علیهم السلام قمیصان احمران یمشیان ویعثران فنزل رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله من المنبر فحملهما ووضعهما بین یدیه فقال صدق اللہ ورسوله انما اموالکم واولادکم فتنة نظرت الی هٰذین الصبیین یمشیان ویعثران فلم اصبر حتی قطعت حدیثی ورفعتهما

بریدہ سے مروی ہے کہ ایکبار جناب رسولِ خدا خطبہ فرما رہے تھے کہ جناب حسنینؑ سرخ کرتے پہنے گرتے پڑتے تشریف لائے آنحضرت ان کو دیکھکر کھڑے ہوگئے اور منبر سے نیچے اُتر آئے ان کو اُٹھا لیا اور اپنے سامنے بٹھا لیا پھر فرمایا کہ اللہ اور اللہ کے رسولؐ نے سچ کہا ہے کہ سوا اس کے نہیں کہ تمہارے مال اور تمہاری اولاد فتنہ ہیں میں نے ان لڑکوں کو گرتے پڑتے دیکھا اور مجھ میں صبر نہ رہا یہاں تک کہ میں نے اپنی بات کو کاٹ دیا اور ان دونوں کو اُٹھا لیا۔

امام بخاری اپنی صحیح میں لکھتے ہیں عن براء ابن عازب قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم والحسن بن علی علی عاتقه وهو یقول اللّٰهم انی احبه فاحبه

براء ابن عازب کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ جناب امام حسن علیہ السلام آپ کے کاندھے پر سوار ہیں اور آپ فرماتے ہیں کہ پروردگار میں اسے پیار کرتا ہوں تو بھی اسے پیار کر۔

احمد ابن حنبل یحییٰ ابن کثیر اور سفیان ابن عیینہ کے اسناد سے خطبہ کا پورا واقعہ لکھکر بعد اس کے آنحضرتؐ کا قول اس عبارت میں نقل فرماتے ہیں:-

---

اصابہ ابن حجر عسقلانی میں علامہ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہیں:-

عن ابی هریرة قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم ومعه حسنؑ وحسینؑ هذا علی عاتقه وهذا علی عاتقه وهو یلثم هٰذا مرة وهذا مرة حتی انتهی الینا فقال من احبهما فقد احبنی ومن ابغضهما فقد ابغضنی

ابوہریرہ سے منقول ہے کہ باہر تشریف لائے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حسن اور حسین علیہم السلام آپ کے ساتھ تھے ایک شانے پر یہ اور ایک شانے پر وہ اور آنحضرت کبھی انکا بوسہ لیتے تھے کبھی اُن کا یہاں تک کہ ہم لوگوں کے قریب آئے اور فرمایا کہ جو شخص دوست رکھے ان دونوں کو وہ ہمارا دوست ہے اور جو شخص دشمن رکھے ان کو وہ میرا دشمن ہے۔

دوسری روایت میں لکھتے ہیں:-

عن عبد اللہ کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وآله وسلم یصلی فاذا سجد وثب الحسن والحسین علی ظهره فاذا ارادوا ان یمنعوهما اشار الیهم ان دعوهما فاذا قضی الصلوٰة وضعهما

ثم قال ایها الناس ما الولد الا فتنة لقد قمت الیهما وما معی عقلی

آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اولاد انسان کی فتنہ ہیں میں ان کو گریاں دیکھکر اٹھ کھڑا ہوا حالانکہ میرے حواس میرے ساتھ نہ تھے۔

اتنے متعدد اور ایسے معتبر اور متواتر واقعات ہم نے علمائے کرام کی مختلف صحاح اور مسانید سے اپنے سلسلۂ بیان میں مندرج کردیئے ہم کو کامل یقین ہے کہ انکو پڑھکر ہر شخص جو اپنے اہل وعیال کی ناگزیر محبّت واُلفت کے ساتھ وابستہ ہے بخوبی اندازہ کرسکتا ہے کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے ان پارۂ جگر کے ساتھ کیسی گہری محبت اور مفرط اُلفت تھی انکی دلجوئی دلداری خوشنودی اور رضامندی کی خواہشوں کے سامانوں کو آنحضرت اپنی تمام ضرورتوں پر ترجیح دیتے تھے جب فرائض خدا کی اداکاریوں کا مخصوص وقت بھی ان خیالوں سے خالی نرہا تو اور معمولی اوقات سے بحث کرنا محض فضول ہے ہم نے نماز اور خطبوں کی عین مشغولیت میں بھی ان واقعات کو مختلف طور سے لکھا ہے کہ جس پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت نے ایسے وقتوں میں صرف اپنے ان پارہ ہائے جگر کی خواہشیں پورا کرنے کے لئے اپنے مقررہ ذکر عبادت میں معمول سے زیادہ طول دیا ہے اور اپنے پیارے نواسوں کی دلی آرزوؤں کے پورا ہونے کے لئے اتنا انتظار کیا ہے کہ مقتدیان کو کسی امر غیر معمولی کے یکایک واقع ہوجانے کا یا وحی الٰہی کے نزول فرمانے کا پورا پورا گمان ہوگیا۔

بقیہ صفحہ ۲۶ فی حجرہ فقال من احبنی فلیحب ھذین وله شاهد فی السنن وصحیح ابن خزیمة عن بریدة وفی معجم البغوی نحوه بسند صحیح عن شداد ابن الهاد

عبد اللہ سے روایت ہے کہ جناب رسول خدا نماز پڑھتے تھے پس جس وقت سجدہ کرتے تھے تو آپ کی پشت حسن اور حسین علیہم السلام سوار ہوجایا کرتے تھے اور جس وقت ان کے منع کرنے کا لوگ ارادہ کرتے تھے تو آنحضرت ان لوگوں کی طرف اشارہ فرماتے تھے کہ ان کو اسی حال پر چھوڑ دو پس جس وقت آپ نماز تمام فرماتے تھے تو دونوں صاحبزادوں کو گود میں لیکر فرماتے تھے کہ جو شخص دوست رکھے مجھکو پس دوست رکھے ان دونوں کو اور اس کا شاہد سنن میں ہے۔ اور صحیح ابن خزیمہ بریدہ سے اور معجم بغوی میں مثل اس کے بسند صحیح شداد بن الہاد سے روایت ہے

ذخائر العقبیٰ میں ہے عن ابی هریرة قال لا ازال احب ھذا الرجل یعنی الحسنؑ ابن علیؑ لهما بعد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیه واله وسلم یصنع به ما یصنع قال رایت الحسنؑ فی حجر النبیؐ وهو یدخل اصابعه فی لحیة النبیؐ والنبی صلی اللہ علیه واله وسلم یدخل لسانه فی فیه ثم یقول اللهم انی احبه

ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے ہمیشہ دوست رکھتا ہوں میں اس مرد کو یعنی حسنؑ ابن علی علیہ السلام

زمانہ کی بہت سی نکتہ چین طبعتیں خصوصًا مخالفین اسلام کی وہ کم بین جماعت جنکو مسائل اسلام کی حقیقی خوبیوں کے سمجھنے کی آجتک توفیق ہی نہیں نصیب ہوئی ہے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان قلبی تعلقات کی تفصیل کو پڑہکر دنیاوی علائق میں اعتدال سے زیادہ مشغول شمار کریں گے اور ان واقعات زہد اور ترک **علائق** وغیرہ صفات انبیا علیہم السلام کے خلاف سمجھکر اپنے بے اصل اور فضول اعتراض پیش کریں گے ایسے لوگوں کے ساکت کرنے کے لئے ہم دوستانہ ان سے عرض کرتے ہیں کہ وہ بھی ان ذوات مقدسہ کے ذاتی مدارج و مناقب کی اصلی معرفت حاصل کرنے کے لئے اپنے خدا سے دعا مانگیں اگر ان کو اس طبقہ کرام علیہم السلام کی کچھ بھی معرفت ہوتی تو وہ پھر ان کے ساتھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ اشفاق اور الفت و محبت دیکھکر خود سمجھ گئے ہوتے کہ ان کی قدر و منزلت اور ان کے ذاتی فضائل و مناقب ایسے ہی تھے کہ ان کے اظہار اور ان کی ادا کاریاں بھی عبادت خدا کے اوقات میں شریک تھیں اس کے علاوہ ہماری اعتراض کرنے والی جماعت ابھی سیرت انبیا علےٰ نبینا وعلیہم السلام اور فرائض و مناصب نبوت کے مفہوم ہی کو اچھی طرح نہیں سمجھی اور زہد و ترک علائق وغیرہ کے پورے مطالب و مقاصد تک پورے طور سے نہیں پہنچی ہمارا یہ دعوے ہے کہ انہوں نے انبیا علیہم السلام کے حالات کو مطلق نہیں پڑھا ہے اور ان کو ان حضرات کے واقعات سے کچھ بھی اطلاع نہیں ہے ہم کو انبیائے کرام علےٰ نبینا وعلیہم السلام کی مقدس فہرست میں کسی خاصۂ خدا کا ایسا نام نہیں ملتا ہے جس کی مقدس فطرت انسانی تعلقات کے اجزا سے خالی نظر آتی ہو اور ان میں کوئی خدا کا برگزیدہ ایسا نہیں ملتا جو اہل و عیال کی محبت و الفت سے دنیا میں آکر وابستہ نہوا ہو

بقیہ صفحہ ۲۴:- کو اس وقت کے بعد سے کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہ کرتے ہیں ان کے ساتھ وہ سلوک کرتے ہیں

کہا ابوہریرہ نے کہ میں نے دیکھا ہے حسنؑ کو گود میں رسولؐ اللہ کی اس حالت میں کہ حسنؑ اپنی انگلیاں ریش مبارک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ڈالتے تھے اور رسولؐ اللہ اپنی زبان مبارک کو دہان حسن علیہ السلام میں دیتے تھے اور یہ فرماتے تھے کہ اے اللہ میں دوست رکھتا ہوں اسکو۔

صحیحین بخاری اور مسلم میں ہے عن البراء قال رأیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم والحسنؑ ابن علی علی عاتقہ وھو یقول اللھم انی احبہ فاحبہ

براء سے روایت ہے کہ کہا انہوں نے کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس حالت میں کہ حسنؑ ابن علی علیہ السلام آپ کی دوش مبارک پر ہیں اور آنحضرت فرماتے ہیں کہ اے اللہ میں دوست رکھتا ہوں اس کو پس تو بھی دوست رکھ اس کو۔

صواعق محرقہ و اسعاف الراغبین میں بحوالہ حلیۃ الاولیائے حافظ ابونعیم مندرج ہے۔

عن ابی بکر قال کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم یصلی بنا فیجیٔ الحسن رضی اللہ عنہ

جناب ابراہیم خلیل اللہ علےٰ نبینا وعلیہ السلام کے حالات پر نظر کرو یہ وہ مقدس باپ ہے جس کے بیٹے جس کی ذریت اور جس کی اولاد ہونے کا اعزاز تمام انبیا کو حاصل ہے دیکھو جناب اسحٰقؑ علیہ السلام کے پیدا ہونے کی آرزو ان کے مقدس والدین کے دل میں کس شدت سے تھی جناب اسحٰقؑ پر منحصر نہیں حضرت اسمٰعیل علیٰ نبینا وعلیہ السلام کو ارض بابل سے مکہ معظمہ پہنچا دینے کا فرمان پاکر خلیلؑ اللہ کے دل پر انکی مفارقت کا کیسا سخت صدمہ ہوا تھا وہ اسی سے ظاہر ہے کہ آپ اس وقت سے لے کر پھر جب تک کہ جناب اسمٰعیل علیہ السلام پورے جوان نہ ہولئے اور ان کی معیشت کے تمامی اسباب بخوبی درست نہ ہو چکے وہ کبیر السن شفیق باپ محبت پدری کے ناگریز تقاضوں کے باعث برابر ارض بابل سے مکہ معظمہ تک کی دور دراز مسافتیں برابر طے کرتا رہا اور اُن کے دیدار سے اپنے دل اور اپنی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا رہا جناب اسحٰق علیہ السلام کے صاحبزادے جناب یعقوبؑ اور جناب یوسف علیہ السلام کے پورے حالات سے کون واقف نہیں ہے پھر اسی مبارک سلسلۂ ابراہیمی میں جناب زکریا علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے مشرح حالات پڑھو تو معلوم ہو جائے گا کہ جناب زکریا علیہ السلام کو کبیر السن ہو جانے کے وقت بھی اس نعمت اولاد کی حسرت جیسی کچھ دل سے لگی تھی وہ ربِّ لا تذرنی فردًا وانت خیر الوارثین۔ کے تمنا بھرے الفاظ سے ظاہر ہے۔

پھر اس کے متعلق اور حالات دیکھنے سے معلوم ہو جائے گا کہ جناب یحییٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام جس وقت صحرا میں نکل جاتے تھے تو جناب زکریا علیہ السلام کے دلی اضطراب اور قلبی التہاب کی کیا کیفیت ہوتی تھی یہاں تک تو نوبت ہوتی تھی کہ آپ اپنے پیارے اور اکلوتے بیٹے کے غیر متحمل فراق میں گھر سے نکل جاتے تھے اور تمام صحرا میں یا ولدی و یا قرّۃ عینی کی صدائیں دیتے پھرتے تھے اور جبتک کہ بیٹے گم گشتہ کو ڈھونڈھ کر گھر میں نہ پہنچا لیتے تھے خانۂ الٰہی اور بیت المقدس کی تمام خدمتیں معطل رہتی تھیں۔

بقیہ ص۲۹:۔ وھو ساجد وھو اذاک وصغیر فیجلس علی ظھرہ ومرۃ علےٰ رقبتہ فیرفعہ النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رفعًا رفیقًا فلما فرغ من الصلٰوۃ قالوا یا رسول اللہ انا رءیناک تصنع بھٰذا الصبی شیئًا ما رءیناک تصنعہ باحد فقال انّ ھٰذا ریحانتی وانّ ھٰذا ابنی سید ابوبکر سے مروی ہے کہ کہا انہوں نے کہ ہمارے ساتھ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھتے تھے پس آتے تھے حسن علیہ السلام اس حال میں کہ آنحضرتؐ سجدے میں ہوتے تھے اور حسنؑ اس وقت کمسن تھے پس کبھی پشت مبارک پر بیٹھتے تھے اور کبھی گردن مبارک پر پس آنحضرتؐ ان کو نہایت آہستگی سے علیحدہ فرما دیتے تھے جب آنحضرت نماز سے فارغ ہوئے تو صحابہ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ ہم نے دیکھا کہ آپ اس صاحبزادے کے ساتھ وہ حسن سلوک فرماتے ہیں کہ آپؐ وہ حسن سلوک

اگر سب کے حالات پر ایک ایک کر کے غور کیا جائے تو اس مقدس طبقے میں کوئی ایسا نہ ملے گا جو ان تعلقات سے خالی پایا جائے اگر ہم بالتخصیص اس مضمون پر اس سے زائد غور کریں اور اس سے زائد ثبوت بہم پہنچانیکی کوشش کریں تو ہم کو اپنے سلسلۂ بیان سے بہت دور ہٹ جانا پڑے جسکو ہم کبھی پسند نہیں کریں گے۔

جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان واقعات کی نسبت ہمارا یہ دعوےٰ اور یہ یقین بھی ضرور ہے کہ اپنے پیارے نواسوں کے ساتھ محبت و اُلفت کے یہ واقعات بھی ہماری ہدایت اور تعلیم کی ضرورتوں سے خالی نہیں تھے اور یہ اصول بھی آنحضرتؐ کی نبوت اور رسالت کی ضروریات میں شامل تھے ان تعلقات اور ان جذبات کے اظہار میں بہت بڑی مصلحت یہ مبنی تھی کہ دنیا اور اہل دنیا کے تجرد اور رہبانیت کے جھوٹے اور بے اصل عقائد جو ان کی کج فہمی اور سوءِ عقلی کے ہاتھوں ایک مدت سے عموماً ان کے دلوں میں جمے ہوئے تھے پورے طور سے مستاصل کر دیئے جائیں اور لا رهبانية في الاسلام کے ایسے صاف اور واضح سہل اور آسان اصول بتلا کر ان کافرنعمتوں کو ازدیاد نسل حسن معاشرت یکجہتی۔ اتفاق اور موانست باہم کے مفید اور ضروری محاسن دکھلا دکھلا کر تجرد اور تفرید کی قید شدید سے نکال دیا جائے ان کی ان مخصوص تعلیم کی ضرورتوں میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے آپ کو مثال بنایا اور اپنے بچوں کے ساتھ اپنی محبت اور اُلفت کے تعلقات تمثیلاً دکھلا دکھلا کر ان کو بچوں کے ساتھ عام طور سے مسلوک ہونے کے آداب اور طریقے بتلائے اور تجرد اور رہبانیت کے غیر ضروری اصول کے اخلاف ان کو یہ بتلایا کہ خدایتعالےٰ کی قربت کے عمل اس کی سچی عبادت اور طاعت کے تمامی مراسم معاشرت اور معانست کے تعلقات قائم رکھے جانے کے ساتھ کامل طور سے ادا ہو سکتے ہیں نفس کشی تجرد اور رہبانیت کی ریاضتیں جو اخیر میں صریح خودکشی ہیں ہرگز قرابت خدا اور اُس کی رضا کا کافی ذریعہ نہیں ہوسکتیں۔

اگر انصاف کی آنکھیں کھلی اور تعصب کی بند ہوں تو وہ دیکھیں کہ قربت خدا کے آسان اور سہل ذریعے ڈھونڈھنے والوں کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ ہدایت بھی اسلام کی اور ہدایتوں کے ساتھ ایک ایسی نعمت ہے جس کی مثال سے انبیائے سلف کی شریعتیں بالکل خالی پائی جاتی ہیں اپنے طبقہ اور اپنی قوم اور اپنے قبیلہ کے ساتھ موانست انکے حقوق کی ادا کاری اپنے عیال کی خبرگیری اور خبرداری اپنے بچوں کی خبرگیری اور خبرداری ان کی پرورش اور پرستاری اسلام کے بتلائے ہوئے اصول کے مطابق خدا کی نعمتوں کی عین سپاسگذاری اور اصل دینداری ہے اور بخلاف تجرد اور رہبانیت کے ایسے آسان اور موثر اصول ہیں جن کے قبول کرنے کے لئے اور جن کے مان لئے جانے کے لئے بنی نوع انسان کے دل اپنی فطرت انسانی کے تقاضے سے فوراً آمادہ اور مستعد ہو جاتے ہیں اور اصل میں مذہب وہی مذہب ہے جس کے تمام ارکان کو دنیا اور اہل دنیا کے دل بغیر کسی کراہت کے فوراً قبول کرلیں۔

بہرحال یہ بحث جس کو ہم نے کسی قدر طول سے لکھا ہے صرف ان خیالوں کی تردید ہی نہیں کرتی جس کا

ذکر میں نے اوپر کیا ہے بلکہ عام نگاہوں میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایسے تعلقات اور ایسے اخلاق واشفاق کے واقعات کو انہیں ہدایت کے اصول پر مبنی بتلاتی ہے جو آپ کی رسالت اور آپ کی نبوت کے فرائض منصبی سمجھے جاتے ہیں اور جس سے کسی اہل اسلام کو انکار نہیں ہوسکتا۔

بہرحال ان واقعات سے تھوڑی سمجھ والا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے پیارے نواسوں کے ساتھ کیسی محبت اور اُلفت تھی اور آپ کو ان کی دلجوئی ان کی خاطرداری اور رضامندی کس درجہ تک منظور تھی ان کی خواہش پورا کرنے کے لئے اور ان کو خوشنود رکھنے کے لئے آپ فرائض طاعات میں بھی طول دیدیا کرتے تھے اور ان کو اپنے آغوش میں اُٹھا لیا کرتے تھے ذرا سے بے چین ہوجانے پر آپ بھی بیچین ہوجاتے تھے پھر جبتک ان کو چین نہ آئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چین آنا دشوار ہوجاتا تھا ان کی بچپن کی خواہشیں پوری ہونے کے لئے ان کے مرکب بن جاتے تھے اور ان کی غایت درجہ کی محبّت واُلفت کے تقاضے سے کبھی کاندھے پر کبھی پیٹھ اور کبھی شکم مبارک پر بٹھا لیا کرتے تھے اور ان تمام مشاغل میں نہ کبھی آپ کو اپنی رسالت کے مدارج اعلیٰ کا خیال مانع ہوتا تھا اور نہ کبھی نبوت کے مراتب جلیل کا۔ نانا کی آنکھوں سے ایک دم کے لئے بھی پیارے نواسوں کا اوجھل ہوجانا قیامت تھا پھر جبتک کہ وہ خود سینے سے آکر نہ چمٹ جائیں بیتاب اور بے قرار دل کا سنبھالنا دشوار تھا اتفاق سے بچوں کی ناسازئی مزاج کی خبر معلوم ہوئی اور آپ کی طبیعت میں وہ اضمحلال آیا جس کی دوا اور جس کا علاج ان کی کامل شفایابی کے سوا اور کچھ نہیں کسی بچّہ کے رونے کی آواز کانوں میں آئی آنحضرت کو فورًا اپنے پیارے بچوں کی ایذا اور زحمت کا خیال آیا پھر جبتک یہ تحقیق نہ ہولیا کہ حضرات حسنین علیہم السلام کے سوا کسی دوسرے بچّے کے رونے کی صدا ہے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اضطراب میں سکون نہ آیا۔

جناب رسالتمآبؐ کی محبت واُلفت کے سلسلہ واقعات کو اس سے زیادہ نہ لکھیں گے اور یہاں تک اپنے سلسلۂ بیان کو ان ضروری واقعات کی تحریر سے ترتیب دیکر صرف ایک اور واقعہ کو ذیل میں لکھکر اس مضمون کو تمام کرتے ہیں اگرچہ اس جیسے اور متعدد واقعات علمائے کرام کی مختلف تالیفات میں موجود ہیں جو اس وقت میری پیش نظر ہیں مگر ان تمام واقعات کو ضرورت سے زائد اور طوالت کا باعث سمجھکر قلم انداز کرکے اسی ایک کی نقل کو اپنے موجودہ مدعائے تالیف کے تمام کرنے کی غرض سے کافی سمجھتے ہیں۔

عن ابن عباس قال بینا نحن ذات یوم مع النبی صلے الله علیه وآله وسلم اذا قبلت فاطمة علیها السلام تبکی فقال لها فداك ابوك ما تبکیك قالت ان الحسن علیه السلام والحسین علیه السلام خرجا فلا ادری این باتا فقال لها رسول الله صلے الله علیه وآله وسلم لا تبکین فان خالقهما الطف بهما منی ومنك ثم رفع یدیه فقال اللهم احفظهما و

سلمهما فاتی جبرئیل علیه السلام قال یا محمد صلے الله علیه وآله وسلم لا تحزن فهما فی خطیرة بنی نجار نائمین وقد وکل الله بهما ملکا یحفظهما فقام النبی صلے الله علیه وآله وسلم ومعه اصحابه حتی الی الخطیرة بنی نجار فاذا هما مستغرقین نائمین واذا الملك الموکل بهما قد جعل احد جناحیه تحتهما والآخر فوقهما یظلهما فاکب النبی صلے الله علیه وآله وسلم علیهما یقبلهما حتی انتبهما من نومهما ثم جعل الحسن علیه السلام علے عاتقه الایمن والحسین علیه السلام علے عاتقه الایسر فتلقاه ابوبکر فقال یا رسول الله ناولنی احد الصبیین احمله عنك فقال نعم المطی مطیهما ونعم الراکبان هما وابوهما خیر منهما حتی الی المسجد فقام رسول الله صلے الله علیه وآله وسلم علے قدمیه وهما علے عاتقه ثم قال معاشر المسلمین الا ادلکم علے خیر الناس جدا وجدة قالوا بلے یا رسول الله قال الحسن والحسین علیهما السلام جدهما رسول الله خاتم النبیین وجدتهما خدیجة بنت خویلد سیدة نساء العٰلمین علیها السلام الا ادلکم علی خیر الناس عم وعمة قالوا بلی یا رسول الله قال الحسن والحسین علیهم السلام عمهما جعفر ابن ابیطالب وعمتهما ام هانی بنت ابیطالب الا ادلکم علے خیر الناس خال وخالة قالوا بلی قال الحسن والحسین علیهما السلام خالهما القاسم ابن رسول الله وخالتهما زینب بنت رسول الله قال اللهم انك تعلم ان الحسن والحسین علیهم السلام فی الجنة ومن احبهما فی الجنة ومن ابغضهما فی النار اخرجه الملانی سیرته

عبداللہ ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ ایک دن ہم جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر تھے کہ ناگہاں جناب سیدہ سلام اللہ علیہا روتی ہوئی تشریف لائیں آنحضرت نے اُن سے فرمایا: تیرا باپ تجھ پر فدا ہو تو کیوں روتی ہے جناب سیدہ ؑ نے عرض کی کہ حسنین علیہم السلام گھر سے نکل گئے ہیں نہیں معلوم کہاں سو گئے ہیں آپ نے فرمایا ان کا خالق ایزد تم سے اور مجھ سے زیادہ مہربان ہے پھر ہاتھ اُٹھا کر خدائے سبحانہ تعالےٰ سے دعا کی اے پروردگار عالم ان کی حفاظت فرما اور ان کو صحیح وسلامت رکھ پس جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہا یا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ غمگین نہ ہوں وہ دونوں حضرات خطیرۂ بنی نجار میں سو گئے ہیں خدائے تعالےٰ نے ان پر ایک مخصوص فرشتے کو موکل کیا ہے کہ ان دونوں کی حفاظت کرے پھر آنحضرت اپنے موجودہ صحابہ کے ساتھ اُٹھ کھڑے ہوئے اور خطیرہ بنی نجار میں تشریف لائے اور حضرات حسنین علیہم السلام کو ایک دوسرے کی گردنوں میں ہاتھ ڈالے ہوئے سوتا ہوا پایا اور دیکھا کہ وہ فرشتہ جو ان کی حفاظت کرتا ہے اس نے اپنا ایک بازو ان کے نیچے بچھایا ہے اور اپنے ایک بازو کا ان پر سایہ کیا ہے پس جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جھک کر انکو چوما اور جگایا پھر جناب

امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کو اپنے داہنے کاندھے پر سوار کر لیا اور امام حسین علیہ السلام کو بائیں کاندھے پر ابوبکر بن ابوقحافہ راستہ میں ملے انہوں نے عرض کی یا رسول اللہؐ مجھے ایک صاحبزادے کو دیدیجئے کہ میں لے چلوں۔

آنحضرتؐ نے جواب دیا کہ یہ سواری بہت اچھی ہے اور (اس کے لئے) یہ سوار عمدہ (زیبا ہیں) اور ان کا باپ ان سے بہتر ہے پھر آپ مسجد میں تشریف لائے اور دونوں پاؤں پر کھڑے ہو گئے اور دونوں صاحبزادے آپ کے کاندھوں پر سوار تھے آپ نے ارشاد کیا اے گروہ مسلمانان میں تم کو آگاہ کرتا ہوں ایسے دو شخصوں سے جو سب آدمیوں میں بہ اعتبار اپنے جد اور جدہ کے بہتر ہیں لوگوں نے عرض کی یا رسول اللہؐ آپ ان کو بیان فرمائیے آنحضرتؐ نے فرمایا وہ حسن اور حسین علیہم السلام ہیں کہ ان کا نانا خدا کا رسولؐ اور **خاتم النبیینؐ** ہے اور نانی **خدیجہ بنت خویلد**رضہ جو جنت کی عورتوں کی سردار ہیں پھر فرمایا کہ میں تم کو آگاہ کروں ان دو شخصوں سے کہ جو اپنے مقدس والدین کے اعتبار سے تمام آدمیوں سے بہتر ہیں لوگوں نے عرض کیا ہاں آپ نے فرمایا وہ امام حسنؑ اور امام حسین علیہم السلام ہیں ان کا باپ **علیؑ** ابن ابی طالب علیہ السلام اور ان کی ماں **فاطمۃ الزہرا** سیدۃ نساء العالمین ہے پھر ارشاد فرمایا کہ میں تم کو ان دو شخصوں سے آگاہ کروں جو باعتبار اپنے چچا اور پھوپھی کے تمام آدمیوں سے بہتر ہے لوگوں نے عرض کیا ہاں آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا وہ حسن اور حسین علیہم السلام ہیں کہ ان کے عم نامدار **جعفر طیار**رضہ ہیں اور پھوپھی **امّ ہانی**رضہ بنت ابیطالبؑ ہیں پھر فرمایا کہ میں تم کو ان دونوں شخصوں سے آگاہ کروں جو اپنے ماموں اور خالہ کے اعتبار سے سب لوگوں سے بہتر ہیں لوگوں نے عرض کیا ہاں آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا وہ حسن اور حسین علیہم السلام ہیں کہ ان کے ماموں قاسمؑ ابن رسول اللہ اور خالہ **زینب** بنت رسول اللہ ہیں پھر آنحضرتؐ نے دعا فرمائی کہ اے میرے پروردگار تو جانتا ہے کہ حسن اور حسین علیہم السلام جنت میں ہوں گے جو کوئی ان سے محبت کرے گا وہ بھی جنت میں ہوگا اور جو کوئی اُن سے بغض کرے گا وہ دوزخ میں گرے گا۔

یہ واقعہ باعتبار تواتر اور شہرت کے اس قدر مشہور اور کثیر الاسناد ہے کہ ہم کو اس کی نسبت فریقین میں سے کسی کے سند پہنچانے کی مطلق ضرورت نہیں ہے جن لوگوں کو مطالعہ کتب سے خاص دلچسپی ہے وہ اس واقعہ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد کے زمانہ سے دور عباسیہ کے وقت تک اس کے سلسلہ وار روایت کرنے والے موجود تھے۔ شیخ الاسلام قسطنطنیہ مولانا سلیمان الحنفی القندوزی نے اپنی کتاب ینابیع المودت میں اس واقعہ کو متعدد طریقوں سے لکھا ہے اور المودۃ فی القربیٰ میں سید علی ہمدانی نے بھی اسکو مختلف اسناد سے لکھا ہے

مولانا نعمت اللہ جزائریؒ نے زہرۃ الربیع میں اس واقعہ کو خاص ہارون رشید کی زبانی لکھا ہے اور اس کی نسبت ایک بہت بڑی طویل نقل بھی لکھی ہے۔ ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی اس واقعہ کو ہارون رشید کے

اسناد سے لکھا ہے:

بہر حال حضرت امام حسن علیہ السلام کی طفولیت کے مبارک زمانہ کے یہ ایسے واقعات ہیں کہ جن سے جناب رسالتمآبؐ کی اس محبت و الفت کا کامل ثبوت ملتا ہے جو آپ کو اپنے پیارے نواسوں کی طرف سے جاگزین خاطر تھی اب ہم کو جناب رسول اللہؐ کے اشفاق و عنایات کے واقعات کے بعد وہ واقعات بھی اپنے سلسلۂ بیان میں لکھدینے مناسب ہیں جو اہلبیت علیہم السلام کی عالی مرتبگی فضائل و مدارج مراتب و مناقب کے ثبوت میں منجانب اللہ نازل ہوئے ہیں اور جن ذوات مقدسہ کے سلسلہ میں جناب امام حسن المجتبےٰ علیہ التحیۃ والثنا کا دوسرا یا تیسرا نمبر قرار پاتا ہے۔

اسلام کی آسمانی بشارتوں پر ایمان لانے والے اور کم سے کم قرآن مجید کو منزل من اللہ جاننے والے ہمارے سلسلۂ واقعات میں ان واقعات کو پڑھکر نہایت آسانی سے خود اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس مقدس طبقہ کے بزرگوں میں جس میں امام حسن علیہ السلام دوسرے یا تیسرے شمار ہوتے ہیں رسول اللہؐ کے اشفاق و عنایات کے علاوہ جناب رب العزت کی رحمت شفقت اور محبت کہاں تک وسیع تھی جناب رسالتمآبؐ کو آپ کے ساتھ ایسی مفرط محبت اور الفت قائم رکھنے اور اپنی قدر و منزلت سے پیش آنے کے بہت بڑی وجہ یہ تھی کہ خود جناب باری عز اسمہ کو بھی انکی توقیر و تعظیم ایسی ہی مدنظر تھی جس کا اصلی باعث یہ تھا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام مخلوق کی ہدایت اور رشادت کے فرائض احکام شریعت کی حفاظت اور خبرگیری اور تمام مخصوص اسرار اور رموز جو انتظام عالم کے متعلق تدبیر الٰہی سے ملحق ہوتے ہیں وہ اسی مبارک سلسلہ کے سپرد ہونے والے تھے۔

جناب امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کا پانچ برس کا سن تھا کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو **بنی نجران** کے نصاریٰ کے ساتھ **مباہلہ** کی سخت مجبوری واقع ہوئی کہ یہ ضدی اور ہٹ دھرم جماعت جناب عیسےٰ بن مریم علےٰ نبینا و علیہ السلام کو ابن اللہ قرار دینے کے خیالوں میں اس قدر اصرار کرنے لگی کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی موعظت انکی کٹھ حجتی اور جہالت کے مقابلہ میں موثر نہ ہو سکی اور وہ لگاتار اپنی نافہمی اور کج عقلی کی بحثوں پر اصرار کرتے رہے نتیجہ یہ ہوا کہ جب وہ خدا کا برحق رسولؐ اچھی طرح سمجھ چکا کہ یہ جاہل قوم ہمارے سمجھائے نہیں سمجھتی تو آخر کار ان سے باہمی مباہلہ کے عہد و پیمان مستحکم فرمائے۔

اصل میں مباہلہ ایک قسم ہے یا یوں سمجھو کہ اپنے متنازعہ فیہ مسائل کا خدا سے تصفیہ چاہنا بہر حال بنی نجران کے عیسائی مباہلہ کی شرط پر راضی ہو کر اپنے قیام گاہ کو واپس گئے دوسرے دن علی الصباح وہ جماعت کی جماعت وقت معینہ پر اپنے جائے مقررہ پر آکر کھڑی ہو گئی اور جناب رسالتمآبؐ کی تشریف آوری کا انتظار کرنے لگی ابھی کچھ دیر نہیں ہوئی تھی کہ جناب رسالتمآبؐ سامنے سے نمودار ہوئے آپکی تشریف آوری کی

شان اُس وقت یہ تھی کہ سب سے آگے آپ تشریف فرما تھے آپ کی پشت پر جناب سیدہ سلام اللہ علیہا اور ان کی پشت پر جناب علی مرتضیٰ علیہ التحیۃ والثنا آنحضرت کے داہنے پہلو میں کل چار برس کے جناب امام حسن مجتبےٰ روحنا لہ الفداء اور آپ کی آغوش میں ڈھائی تین برس کے جناب خامس آل عبا علیہ السلام ان متبرک اور مقدس بزرگواروں کے تشریف لانے پر جن کی نورانی پیشانیوں سے خدا کی کمال عظمت وجلال کے تمام آثار نمایاں اور آشکار تھے عیسائی گروہ کے دلوں میں منجانب اللہ وہ رُعب سمایا کہ آخرکار انہوں نے رسول اللہ کو دعائے مباہلہ کے پڑھنے سے روک دیا اور اپنے تمام مناظرہ اور معارضہ سے ہاتھ اُٹھایا اور جزیہ اسلامی کے سہل و آسان شرائط کو قبول کرکے بعافیت تمام اپنے اپنے گھر ونجد واپس گئے؛

اس واقعہ کو جناب باری عز اسمہ نے بہت بڑی تاکید کے ساتھ اپنے پاک اور برحق کلام کے چوتھے سورہ میں تمام اہل اسلام کو یاد دلایا ہے اور وہ آیۂ مانی ہذا یہ ہے؛

قل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتہل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تم قوم نصاریٰ سے کہدو کہ آؤ ہم بلالیں اپنے بیٹوں اور تمہارے بیٹوں کو اپنی عورتوں اور تمہاری عورتوں کو اپنے نفس اور تمہارے نفس کو پھر دعا کریں کہ خدا لعنت کرے جھوٹوں پر۔

اب ہم اپنی عبارت کے بعد اس واقعہ کو علمائے کرام کی اصلی عبارت میں دکھلانا چاہتے ہیں اور اس سلسلہ میں ہم سب سے پہلے امام علی ابن ابراہیم بن احمد بن علی ابن نور الدین حلبی المتوفی سنہ ۱۰۴۴ ہجری کی مستند کتاب سیرۃ الحلبیہ کی اصلی عبارت لکھتے ہیں:۔

قال عن ابن عباس ان رھطا من نجران قدموا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فقالوا اتما شانك تذکر صاحبنا قال من ھو قالوا عیسی تزعم انہ عبد اللہ قال اجل قالوا فھل رایت مثل عیسی او انبئت بہ ثم خرجوا من عندہ فجاءہ جبرئیل فقال لہ قل لھم اذا اتوك ان مثل عیسی عند اللہ کمثل ادم وفی روایۃ ان واحدا منھم قال لہ المسیح ابن اللہ لا اب لہ وقال اخر المسیح ھو اللہ لانہ احیاء الموتی واخبر عن الغیوب وابرئ الاکمہ والابرص وخلق من طین طیرا وتزعم انہ عبد فقال صلی اللہ علیہ والہ وسلم ھو عبد اللہ وکل القاھا الی مریم فغضبوا فقالوا انما ھو اللہ وقالوا ان کنت صادقا فارنا عبد اللہ یحیی الموتی ویبرئ الاکمہ والابرص ویخلق من الطین فینفخ فیہ فیطیر فسکت عنھم فنزل الوحی بقولہ تعالی لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم وقولہ تعالی ان مثل عیسی عند اللہ کمثل ادم وقولہ تعالی فمن حاجك من العلم فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنۃ اللہ علی

الکاذبین ثم قال لهما ان امرنی لم تنقادوا للاسلام اباهلکم ثم انهم وعدوا الی الغد والما اصبح صلے اللہ علیه واله وسلم اقبل ومعه حسنؑ وحسینؑ وفاطمة علیهم السلام وعند ذالك فقال لهما اسقف انی لاری وجوها لو سألوا الله تعالی ان یزیل لهم جبلا لازاله فلا تباهلوا فتهلکوا ولا یبقے علی وجه الارض نصرانی فقال له صلے اللہ علیه واله وسلم لاباهلنك

ابن عباس سے مروی ہے کہ نجران کا ایک گروہ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آکر کہنے لگا آپ ہمارے صاحب کو کیا کہتے ہیں آپ نے فرمایا وہ کون ہیں وہ بولے کہ عیسےؑ کی نسبت تمہارا یہ گمان ہے کہ وہ خدا کے بندے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرا گمان صحیح ہے وہ کہنے لگے آپ نے عیسیٰؑ کی مانند کوئی اور دیکھا ہے یا آپ کو اس جیسے کسی اور کی بھی خبر ہے یہ کہکر وہ آپ کے پاس سے چلے گئے پس جبرئیلؑ آپ کے پاس تشریف لائے اور کہا جب وہ لوگ آئیں تو آپ ان سے کہہ دیں کہ خدا کے نزدیک آدمؑ کی مثال حضرت عیسےؑ تھے۔

اور ایک روایت میں یوں وارد ہے کہ گروہ نجران میں سے ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ مسیح خدا کے بیٹے ہیں اُن کا کوئی باپ نہیں ہے اس کے ساتھ والے دوسرے شخص نے کہا بلکہ وہ خدا تھے کیونکہ وہ مُردوں کو جلاتے تھے غیب کی خبریں دیتے تھے اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتے تھے اور مٹی سے جانور بناتے تھے اور آپ اس پیران کو خدا کا بندہ خیال کرتے ہیں۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ خدا کے پاک بندے اور اس کا پاک کلمہ تھے جو جناب مریمؑ کی طرف القا ہوا تھا یہ سُنکر وہ غصہ ہو گئے اور کہنے لگے کہ ہم نہیں راضی ہوں گے جب تک کہ آپ نہ کہیں گے وہ خدا تھے اگر آپ صادق ہیں تو آپ ہمیں کوئی ایسا خدا کا بندہ بتادیں جو مُردے کو جلا دیں اندھے کوڑھی کو اچھا کرے اور مٹی سے جانور بنائے اور ان میں پھونک دے اور وہ اُڑ جائیں یہ سُنکر جناب رسولخدا خاموش ہو گئے پس وحی نازل ہوئی کہ اللہ تعالے آپ سے فرماتا ہے تحقیق کافر ہوئے ہیں وہ لوگ جو کہتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ مسیح ابن مریم ہے بلکہ اللہ تبارک وتعالے فرماتا ہے کہ اس کے نزدیک عیسےؑ بعینہ آدمؑ کی مثال تھے اور اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ پس جو شخص کہ تجھ سے جھگڑے اس کے بعد کہ تجھے علم ہو گیا ہے پس کہدے اُن سے کہ آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو تم بلاؤ اپنے بیٹوں کو ہم اپنی عورتوں کو تم اپنی عورتوں کو ہم اپنی جانوں کو تم اپنی جانوں کو پھر دعا کریں کہ اللہ لعنت کرے جھوٹے پر۔

یہ وحی سُنکر آنحضرت نے اُن سے فرمایا کہ اگر تم اسلام کے مطیع و منقاد نہ ہوگے تو خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم سے مباہلہ کروں گا انہوں نے دوسرے دن کا وعدہ کیا جب صبح کو جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب حسنینؑ وعلیؑ وفاطمہ علیہم السلام کو ساتھ لیکر تشریف لائے اسقف نے کہا میں ان کے

چہرے دیکھتا ہوں کہ اگر خدا سے یہ دُعا کریں کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جاویں تو ضرور ٹل جائے گا تم ان سے مباہلہ نکرو ورنہ ہلاک ہوگے اور روئے زمین پر کوئی نصرانی باقی نہ رہے گا پس اسقف نے آنحضرت م سے عرض کی کہ ہم مباہلہ نہیں کرتے؛

سیرۃ الحلبیہ کی مفصل عبارت لکھکر پھر ہم کو کسی دوسری عبارت کے حوالے کی مُطلق ضرورت نہیں ہے مگر چونکہ یہ واقعہ متواترات سے ہے اس لئے ہم کو ضرور ہے کہ ہم اس کے بعد ان علما کے اسناد اور اقوال بھی لکھدیں جنہوں نے اسکو اپنے صحاح اور مسانید میں درج کیا ہے؛

صحیح مسلم میں یہ واقعہ اس عبارت میں درج ہے عن سعد ابن ابی وقاص قال انّما نزلت ھٰذہ الاٰیۃ قل تعالوا ندع ابناءنا وابنآءکم ونسآءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم فنبتہل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین دعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیؑ وفاطمۃؑ والحسنؑ والحسین علیہم السلام فقال اللّٰھمّ ھؤلاء اھلبیتی

سعد ابن ابی وقاص سے مروی ہے کہ جب یہ آیہ نازل ہوا کہ پکار تو اپنے بیٹے اور ان کے بیٹوں کو اپنی عورت اور ان کی عورتوں کو اپنی جان اور ان کی جانوں کو اور اُن سے مباہلہ کر کہ خدا کی لعنت ہو جھوٹوں پر تو پکارا جناب رسالتآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام جناب سیدہ سلام اللہ علیہا اور جناب حسن مجتبٰی علیہ التحیۃ والثنا اور جناب حسینؑ شہید کربلا ارواحنا لہُ الفداء کو اور فرمایا اے پروردگار یہی لوگ میرے اہلبیت ہیں؛

امام ترمذی اور امام نسائی نے بھی اپنی اپنی صحیح میں یہی عبارت لکھی ہے جو صحیح مسلم سے اوپر لکھی گئی۔ امام حاکم نے مستدرک میں اس واقعہ کو جناب جابر ابن عبداللہ الانصاری کے اسناد سے لکھا ہے جس کی بجنسہٖ عبارت یہ ہے؛ عن جابر ابن عبد اللہ قال انفسنا محمّد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلی وابنآئنا الحسن والحسین علیہم السلام ونسآئنا فاطمۃ علیہا السلام

جابر ابن عبداللہ الانصاری سے مروی ہے کہ انفسنا سے جناب رسالتآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلیؑ مرتضیٰ مراد ہیں اور ابناءنا سے جناب حسنینؑ اور نساءنا سے جناب سیدہ مراد ہیں۔

ان کے علاوہ اور تمامی آئمہ حدیث نے اس واقعہ کو اپنی اپنی معتبر اور مستند تالیفات اور تصنیفات میں درج کیا ہے صاحب جامع الاصول نے اور حافظ ابو نعیم حلیۃ الاولیا میں امام ثعلبی نے اپنی تفسیر میں امام سیوطی نے اپنی تفسیر میں امام بغوی نے معالم التنزیل میں سیّد علی ہمدانی نے المودۃ فی القربےٰ میں علامہ شیخ حسین دیار بکری نے تاریخ الخمیس ص ۳۱۲ مطبوعہ مصر میں علامہ ابن اثیر نے اپنی تاریخ کامل جلد دوم ص ۱۲۴ میں اور علامہ جریر طبری نے اپنی تاریخ جلد چہارم میں اس واقعہ کو پوری تصریح کے ساتھ مندرج کیا ہے اس سے زیادہ اسناد کے لئے ینابیع المودہ مصنفہ شیخ الاسلام سلیمان القندوزی الحنفی مطبوعہ

بمبئی ملاحظہ ہو۔

واقعہ مباہلہ کے بعد شاید کچھ زمانہ نہیں ہوا تھا کہ جناب امام حسن مجتبےٰ علیہ السلام کو دربار ایزدی سے بشراکت بقیۂ اہلبیت انما یرید اللہ کا خلعت فاخرہ عطا ہوا جو تمام اسلامی تاریخوں میں **واقعہ عبا یا کسا** کے نام سے مشہور ہے؛

اس واقعہ عظیمہ اور اس رُتبہ جلیلہ کی تفصیل میں جہاں تک تحقیق ہوا ہے یہ پایا جاتا ہے کہ واقعہ مباہلہ میں جو ہدایت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کی گئی تھی اس کی تعمیل کے بعد جناب باری عزاسمہٗ کی عدالت کا یہ مقتضیٰ تھا کہ وہ ان ذوات مقدسہ کے ان اعزاز واقتدار سے تمام اہل اسلام کو علے الاعلان مطلع فرمادے اور ایسے صفات مخصوصہ ان کے لئے مختص فرمائے جو سوائے اُن کے اوروں میں نہ پائے جائیں اور یہی امتیاز ان کے ترجیح علے الفضائل قائم کرنے کے لئے کافی ہے اگر ان کے مناقب ومناصب کی وہ شان ایسے پاکیزہ اور صاف الفاظ میں نہ دکھلائی جاتی تو پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس ذریات اور عوام الناس کے معمولی اہل وعیال میں فرق مابہ الامتیاز کیا باقی رہتا ہر شخص اپنے اہل وعیال کی نسبت اپنی محبت واُلفت کے غیر محدود تقاضہ کے سبب ترجیح قائم کرلیتا تو پھر آنحضرت اور آپ کی ذریت کی فضیلت ترجیح اور خصوصیت کا مسئلہ ہمیشہ کے لئے مشتبہ ہوجاتا اس لئے جناب باری تعالےٰ عزاسمہٗ نے بہت جلد اس مشکل کو آسان اور اس آیۂ وافی ہدایہ کو اعلان فرمایا انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرًا

اس آیۂ وافی ہدایہ کے اسباب نزول اس طرح بیان کئے جاتے ہیں جسکو ہم چند معتمد اور مستند آئمہ حدیث اور معتبر مفسرین کی اصلی عبارت میں نیچے لکھتے ہیں؛

امام مسلم امام ترمذی اور بیہقی کی عبارت یہ ہے :۔ عن اُم سلمۃ رض قالت فی ھذہ الآیۃ نزلت فی بیتی انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرًا وانا جالسۃ عند الباب وفی البیت رسول اللہ وعلیؑ وفاطمۃؑ وحسنؑ وحسینؑ فجللھم بکساھم وقال اللھم ھؤلاء اھل بیتی وحامتی اذھب عنکم الرجس ویطھرکم تطھیرًا قالت اُم سلمۃ وانا منھم یا رسول اللہ قال انکم علی الخیر؛

جناب اُم سلمہ رض سے منقول ہے کہ یہ آیت میرے گھر میں اُتری جس کا ترجمہ یہ ہے سوائے اس کے نہیں ہے کہ خدا نے ارادہ فرمایا ہے کہ نکالدے تم میں سے ہر قسم کی ناپاکی کو اور پاک کرے تم کو جو حق پاک کرنے کا ہے۔ میں دروازہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی اور جناب رسالت مآبؐ وعلی مرتضیٰؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ سلام اللہ علیہم اجمعین گھر کے اندر تشریف رکھتے تھے پس آنحضرتؐ نے اُن پر ایک کپڑا اُڑھا دیا اور فرمایا اے پروردگار یہی میرے اہلبیت اور میرے مددگار ہیں ان سے ناپاکی کو لے جا اور پاک کردے جو حق پاک کرنیکا ہو۔

امام مسلم اور امام ترمذی نے پھر اس واقعہ کو حضرت عائشہ کی اسناد سے بھی لکھا ہے۔ وہ عبارت یہ ہے عن عائشة قالت خرج رسول الله صلے الله عليه وآله وسلم مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسنؑ ابن علیؑ فادخله ثم جاء الحسینؑ فدخل معه ثم جاءت فاطمة فدخلها ثم جاء علیؑ فادخله ثم قال انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا۔ عائشہ سے منقول ہے کہ ایک دفعہ جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور آپ ایک منقش گلیم سیاہ اوڑھے تھے پس جناب امام حسن علیہ السلام تشریف لائے آپ نے اُن کو اپنی کملی میں لے لیا پھر جناب علیؑ مرتضیٰ تشریف لائے آپ نے ان کو بھی لے لیا پھر جناب سیدہ تشریف لائیں آپ نے ان کو بھی لے لیا پھر جناب امام حسینؑ تشریف لائے آپ نے ان کو بھی لے لیا اور فرمایا کہ پروردگار نے ارادہ فرمایا ہے کہ تم اہلبیت علیہم السلام کو تمام آلائش سے نکال دے اور تم کو ایسا پاک و پاکیزہ فرما جو حق پاکیزہ فرمانے کا ہے۔

اب اس سے زیادہ اسناد پیش کرنے کی مجھے کوئی ضرورت نہیں ہے آئمہ حدیث کی جامعیت اور صداقت سب کی قطع نظر کرکے اگر رواۃ پر غور کیا جائے تو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانی اصل ارشاد کو سُننے والے اور اس واقعہ کو دیکھنے والے اور کوئی دوسرے لوگ نہیں ازواج سید المرسلین اور اُمہات المومنین جنکو عموماً صدّیقہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس واقعہ کی تصدیق اور اس آیۂ وافی ہدایہ کے اسباب نزول کے ثبوت میں ہمارا اتنا لکھنا بھی محض فضول ہے کیونکہ یہ ایسا مشہور اور متواتر واقعہ ہے جس کے لئے ہم کو کسی ثبوت پہنچانے کی مُطلق ضرورت نہیں تھی مگر چونکہ ہم نے اپنے تالیفات کے مقاصد میں جملہ واقعات کے ثبوت اور اُن کی تصدیق کو کمال تک پہنچانا ضروری سمجھ لیا ہے اس لئے اس واقعہ کی تصدیق اور اس کی معتبر ثابت کرنے کے لئے ہم ان علماء اور آئمہ حدیث اور اُن کے مختلف رواۃ کے صرف نام لکھ دیتے ہیں اور ان کے اقوال کی نقل کو طوالت کا باعث سمجھ کر قلم انداز کرتے ہیں۔

اس واقعہ کو امام احمد حنبل امام حاکم ابو حاتم بیہقی اور دیلمی نے واثلہ ابن الاشقع کے اسناد سے لکھا ہے پھر امام احمد حاکم اور بیہقی نے اس کو عمر ابن سلمہ آنحضرت کے ربیب کی زبانی لکھا ہے پھر امام احمد امام ترمذی نے انس بن مالک کی اسناد سے لکھا ہے پھر امام احمد نے تنہا ہو کر ابی الحمرا کے اسناد سے لکھا ہے تفسیر معالم التنزیل میں امام بغوی نے اُس کو ابو سعید خدری کے اسناد سے لکھا ہے علامہ دیلمی نے اسکو تنہا جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کی زبانی لکھا ہے علامہ ابن سعد نے اس کے متواتر ہونے کی ثبوت میں یہ عبارت تصدیقی لکھی ہے اخرجه احمد فی مسنده وابن جریر الطبری مرفوعا والطبرانی والثعلبی فی تفسیره وهذا الحدیث حسن علی رای اکثر العلماء وقد صححه بعضهم

بہر حال ہم اپنے سلسلۂ بیان پر آجاتے ہیں جناب امام حسن علیہ السلام کے بچپن کا زمانہ بھی کیا مبارک زمانہ تھا جیسا جیسا آپ کی جسمانی قوتوں میں ترقی اور نمو پیدا ہوتا تھا ویسے ویسے آپ کے ذاتی اقتدار اور اعزاز میں بھی اضافہ ہوتا جاتا تھا اور دربار ایزدی سے آئے دن عظمت و وقعت و جلالت کے گرانمایہ خلعت عطا ہوجاتے تھے اور ان تمام ذاتی فضیلتوں کا اظہار دربار رسالت کے ذریعہ سے ہر خاص و عام کے سامنے کیا جاتا تھا کیوں نہ ہو جن کی تحقیقات کی نظریں وسیع اور جن کے خلوص اور توفیقات کے مدارج رفیع ہیں وہ ان فضائل اور شرافتوں کے اسباب نزول کو خوب سمجھ چکے ہیں ذریت رسولؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شمار ہونا اہلبیت نبیؐ کہلانا آغوش رسولؐ اور دامان بتولؑ سلام اللہ علیہم میں پرورش پانے کے اعتبار سے خدا کی رحمت خدا کی قربت اور خدا کی تمام بشارت اور مشیت کا مستحق ان کے سوا اور کون ہو سکتا ہے ؎

آل عبا رسولؐ اللہ وابنتہ والمرتضٰے ثم سبطاہ اذا جمعوا

صاحب مواہب لدنیہ و متن المعانی۔

آیۂ تطہیر کے نزول کے بعد جب خدا کے فضل سے ان کے سن میں کچھ اور ترقی ہوئی تو ایزد متعال کے مصدر عزت و اجلال سے ان کے عزت و اقبال میں بھی نمایاں اضافہ فرمایا گیا اب کی بار انکی فضیلت اور عالی درجاتی کا اظہار ایسے الفاظ میں کیا گیا جس نے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت اور نبوت کے تمام مناصب کو انہیں حضرات کی مودت اور محبت کا نعم البدل ٹھہرایا اور دربار ایزدی سے یہ فیصل فرما دیا گیا کہ اسلام کے تمام احکام کی تعمیل اور تصدیق ایمان کی تکمیل قطعی طور پر انہیں حضرات کی محبت و الفت اور انہیں ذوات مطہرہ کی قدر و منزلت کی معرفت پر منحصر ہے جناب سرور عالم کی ان تمام پریشانی اور جانفشانیوں کا اجر اور شبانہ روز مصیبتوں اور جگر سوز محنتوں کا صلا یا بدلا جو کچھ ہوا انہیں ذوات مقدسہ کی محبت اور مودت قرار دی گئی جس کا ذکر خدائے تبارک وتعالےٰ نے ان الفاظ میں فرمایا ہے قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربےٰ اے محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام اہل اسلام سے عموماً کہدو میں تم سے اس کی اُجرت کچھ بھی نہیں مانگتا ہوں سوائے اس کے کہ تم میرے قریب والوں سے محبت رکھو چنانچہ امام ابوالحسن علی ابن احمد الواحدی اس آیۂ وافی ہدایہ کی تفسیر میں ذیل کی عبارت تحریر کرتے ہیں:۔

عن ابن عباس قال نزلت ھذہ الایۃ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربےٰ تولوا من قرابتك ھٰؤلآء الذین وجبت علینا مودتھم قال علیًا وفاطمۃ وابناھما۔

ابن عباس سے منقول ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی جس کا ترجمہ یہ ہے کہ کہدو اے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ میں تم سے اس کی اُجرت سوائے اس کے اور نہیں مانگتا ہوں کہ تم ہمارے قریب والوں سے محبت رکھو لوگوں نے عرض کی یا رسولؐ اللہ آپ کے وہ قرابتدار کون ہیں جن کی محبت کو خدا نے ہم پر واجب فرمایا آنحضرت نے ارشاد فرمایا وہ علیؑ مرتضٰی اور فاطمہؑ اور انکے دونوں صاحبزادے ہیں سلام اللہ علیہم

امام احمد نے مسند اور مناقب میں اور امام طبرانی نے معجم میں اور ابوحاتم اور بغوی نے مقاتل کے اسناد سے اور امام حاکم اور امام دیلمی اور علامہ طبری نے اپنے اپنے مختلف تصانیف میں یہی عبارت لکھی ہے جس کو میں ابھی درج کر چکا ہوں علامہ ابوالشیخ نے اس آیۂ وافی ہدایہ کی شان نزول میں یہ عبارت مندرج کی ہے

عن زاذان عن علی علیہ السلام قال فینا اہل البیت فی حم آیت لا یحفظ مودتنا الا کل مومن ثم قرأ قل لا اسئلکم علیہ اجرا الخ

زاذان جناب علی مرتضی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ آپ نے فرمایا ہم اہلبیت کی شان کے متعلق سورۂ حم میں ایک آیت ہے نہیں نگاہ رکھے گا ہماری دوستی کو مگر وہی جو مومن ہوگا پھر آپ نے اس آیۂ وافی ہدایہ کی تلاوت فرمائی۔

ازالۃ الخفا میں شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے بھی اس آیہ کی شان نزول کے اسناد میں جناب امام حسن علیہ السلام کا وہ خاص خطبہ لکھا ہے جو آپ نے جناب امیر المومنین علیہ السلام کی شہادت کے بعد کوفہ کی مسجد جامع میں پڑھا تھا۔

تفسیر کبیر جلد ہفتم ص ۴۰۶ امام فخرالدین رازی نے نہایت متانت سے حب اہلبیت کی نسبت اپنی رائے ظاہر کی ہے جسکو ہم انکی اصل عبارت میں لکھتے ہیں۔

لا شک ان فاطمۃ وعلیاً والحسن والحسین کان تعلق بینہم وبین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اشد التعلقات وھذا کالمعلوم بالنقل المتواتر فوجب ان یکونوا ھم الآل وروی صاحب الکشاف انہ لما نزلت ھذہ الآیۃ قیل یا رسول اللہ من قرابتک ھؤلاء الذین وجبت علینا مودتہم فقال علی وفاطمۃ وحسن وحسین وابناھما فثبت ان ھؤلاء الاربعۃ اقارب النبی واذا ثبت ھذا وجب ان یکونوا مخصوصین بمزید التعظیم ویدل علیہ وجوہ الاول قولہ تعالی الا المودۃ فی القربی ووجہ الاستدلال بہ ما سبق الثانی لا شک ان کان یحب فاطمۃ قال صلعم فاطمۃ بضعۃ منی یوذینی ما یوذیہا وثبت بالنقل المتواتر ان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ کان یحب علیاً والحسن والحسین واذا ثبت ذالک وجب علی کل الامۃ مثلہ بقولہ واتبعوہ لعلکم تہتدون وبقولہ تعالی فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ وبقولہ تعالی قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ وبقولہ سبحانہ لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ الثالث ان الدعاء للآل منصب عظیم ولذالک جعل ھذا الدعاء خاتمۃ التشہد فی الصلوٰۃ وھو قولہ اللہم صل علی محمد وآل محمد وارحم محمد وآل محمد وھذا التعظیم لا یوجد فی حق غیر الآل وکل ذالک یدل علی ان حب آل محمد واجب وقال الشافعی عہ

ان کان رفضاً حب آل محمد فلیشہد الثقلان انی رافضی

اس میں شک نہیں کہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وجناب فاطمہؑ وجناب علیؑ مرتضیٰ وجناب حسنین علیہم السلام کا باہمی تعلق بہت ہی وابستہ اور متصل تعلق تھا اور چونکہ یہ بات احادیث سے متواتر ثابت ہے اس سے واجب ہوتا ہے کہ یہی لوگ آل ہیں۔

صاحب تفسیر کشاف نے روایت کی ہے کہ جب یہ آیہ نازل ہوا اصحاب نے عرض کی کہ یا حضرت آپکے قرابتدار وہ کون لوگ ہیں جن کی محبت ہمارے اوپر واجب ہوئی ہے آنحضرت نے ارشاد فرمایا کہ وہ قرابتدار ہمارے علیؑ وفاطمہؑ اور ان کے دونو صاحبزادے ہیں سلام اللہ علیہم اسلئے ثابت ہوا کہ یہی چاروں بزرگوار آپ کے قرابتدار ہیں اور جب یہ ثابت ہوگیا تو اسلئے یہ امر بھی واجب ہوگیا کہ یہی چارون بزرگوار تعظیم وتکریم کیلئے مخصوص ہیں علاوہ اس کے اور بھی دلیلیں ہیں اول حکم باریتعالیٰ المودۃ فی القربےٰ اس آیہ کی وجہ استدلال اوپر بیان ہوچکی دوم اس میں مطلق شک نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب سیدہ کو پیار کرتے تھے آپ کا ارشاد ہے فاطمۃ بضعۃ منّی فاطمہؑ میری بضاعت ہے جس نے اسکو ایذا دی اس نے مجھکو ایذادی اور یہ بات بھی جناب رسولخدا سے متواتر ثابت ہے کہ آپ حضرات علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ علیہم السلام کو محبوب رکھتے تھے جب یہ بات ثابت ہوگئی تو ان کی ساری اُمت پر واجب ہے کہ مثل آنحضرت کے ان حضرات کے ان حضرات سے محبت رکھیں جیسا کہ پروردگار عالم نے فرمایا ہے کہ تابعداری کرو آنحضرت کی کہ تم ہدایت پاؤ اور پھر فرمایا خدا نے اے محمدؐ پرہیز کرو اُن سے جو حکم الٰہی کی نافرمانی کرتے ہیں اور یہ بھی خدا نے فرمایا ہے جو محبت رکھتا ہے خدا کی اور پیروی کرتا ہے خدا کی وہ دوست رکھے آنحضرت صلعم کو

سوم دلیل آل کے لئے آنحضرت کا دعا کرنا ایک بڑا منصب ہے اسیواسطے حسب فرمان جناب باری عزاسمہ اخیر تشہد میں ہر نماز کے یہ دعا کہ اللّٰہم صل علیٰ محمدؐ وآل محمدؐ وارحم علےٰ محمدؐ وآل محمد مقرر کی گئی ہے اور یہ تعظیم آل کے سوا کسی دوسری کے واسطے نہیں پائی جاتی اور یہ سب وجوہ دلیل ہیں اس کی کہ آل محمدؐ کی محبت واجبات سے ہے اور اسی بنا پر امام شافعی کا قول ہے کہ اگر محبت آل محمدؐ رفض کا نام ہے تو دونو جہان گواہ رہیں کہ میں رافضی ہوں۔

امام فخر الدین رازی کے علاوہ امام نظام الدین اعرج نے تفسیر نیشاپوری میں بھی ایسے ہی مضامین لکھے ہیں جن سے اس آیۂ وافی ہدایہ کے تمام مقاصد ومطالب کی پوری توضیح اور تشریح ہوجاتی ہے انکی اصلی عبارت یہ ہے:۔

عن سعید بن جبیر لما نزلت ھذہ الایۃ قالوا یا رسول اللّٰہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم من ھؤلاء الذین وجبت علینا مودتھم لقرابتک فقال علےؑ وفاطمۃؑ وابناھما ولا ریب ان ھذا فخر عظیم وشرف تام ویزیدہ ما روی انہ حرمت الجنۃ علےٰ من ظلم اہلبیتی واذانی فی عترتی وکان یقول فاطمۃ بضعۃ منّی یوذینی ما یوذیھا وثبت بالنقل المتواتر انہ کان یحب علیاً والحسنؑ

والحسینؑ واذا کان ذالك وجبت علینا محبتهم بقوله وکفی شرفا لال محمدؐ وفخرا ختم التشهد بذکرهم والصلوات علیهم فی کل صلوات قال بعض المذکرین ان النبیّ صلے الله علیه وآله وسلم قال مثل اهلبیتی کمثل سفینة نوح من رکب فیها نجی ومن تخلف عنها غرق

سعید ابن جبیرؓ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے وہ قرابت والے کون لوگ ہیں جن کی محبت ہم لوگوں پر واجب ہوئی ہے آنحضرت نے ارشاد فرمایا وہ قرابت مند میرے جناب علیؑ مرتضیٰ وفاطمۂ زہرا وحسن حسین سلام اللہ علیہم ہیں اس میں شک نہیں کہ یہ بڑے فخر اور شرف کی بات ہے اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو سعید ابن جبیر سے مروی ہے کہ جنت حرام ہے اس شخص پر کہ جس نے میرے اہلبیت پر ظلم کیا اور میری عترت کے بارمیں مجھکو ایذا دی اور آپ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ فاطمہؑ میری بضاعت ہے جو چیز اسکو ایذا دیتی ہے وہی مجھکو ایذا دیتی ہے اور احادیث سے یہ متواتر ثابت ہے کہ آپ جناب علیؑ وفاطمہؑ اور حسنین علیہم السلام کو سب سے زیادہ محبوب رکھتے تھے اور جب یہ امر ثابت ہے تو ہم پر بھی ان کی محبت واجب ہے اور آل رسولؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے یہ فخر اور یہ شرف کافی ہے کہ ہر نماز میں اُن پر درُود بھیجنے کا حکم ہوا ہے اور بعض راویوں نے کہا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ میرے اہلبیت کی مثال سفینۂ نوحؑ کی ہے جو اس میں سوار ہوا وہ بچ گیا اور جو اس پر نہ سوار ہوا وہ غرق ہوا۔

محبت اہلبیت کے قطعی جواز اور وجوب ہم دو معتبر مفسروں کے قابل اعتبار استعفے لکھکر اپنے سلسلۂ بیان کو آگے بڑھاتے ہیں کہ ہم نے جناب امام حسن علیہ السلام کی طفولیت کے زمانہ کے واقعات میں طوالت سے ضرور کام لیا ہے مگر اتنے طول ہوجانے پر بھی ہم کو کامل یقین ہے کہ باعتبار اُن کثیر واقعات کے جو اس وقت میری پیش نظر ہیں ان میں سے ہم نے صرف چیدہ چیدہ واقعات کی تحریر پر اکتفا کی ہے اور اپنی تالیف کے تاریخی مضامین کو حتی الامکان فضائل اور خصائل کے مقاصد تک پہنچ جانے کی افراط سے روکا ہے اور خاصکر انہیں واقعات کی تصریح کی جس سے ان حضرات کی نسبت آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اشفاق واخلاص کے پورے حالات معلوم ہوں۔

ابھی انہیں کے ایسے متعدد واقعات میری پیش نظر ہیں جن سے ان حضرات پر خدا ورسولؐ کے الطاف وعنایت کا مبذول اور ان کی عطا ونعمت کا نزول ہونا واضح طور سے ظاہر ہوتا ہے جیسے **حلۂ عید** کا نازل ہونا **بچہ آہو** کا آنا حضرت جبرئیل علیہ السلام کا بصورت **دحیہ کلبی** تشریف لانا اور **سیب ورمان** جنت کا حسنین علیہم السلام کو تحفہ دینا وغیرہ وغیرہ عام طور سے فضائل وخصائل کی کتابوں میں مندرج ہے ملاحظہ ہو شواہد النبوۃ ملا جامی اور روضۃ الشہداء ملا حسین واعظ مگر ہم اپنے تاریخی مضامین کی خصوصیت کی وجہ سے ان کے نقل کرنے کے لئے مجبور ہیں مگر ہاں انہیں کے ذیل میں نزول **ہل اتیٰ** کا واقعہ جو بالکل

آیات مباہلہ وتطہیر وغیرہ کے نزول کی حیثیت میں مطابق او مشابہ ہے اپنے موجودہ سلسلۂ بیان میں خصوصیت کے ساتھ مندرج کرتے ہیں جس سے خدائے سبحانہ تعالیٰ کی ان عنایات اور نعمات کا پورے طور سے نشان لگتا ہے جو اسکی درگاہ میں ان ذوات مقدسہ کیلئے مخصوص ذخیرہ کئے گئے ہیں

اس واقعہ سے ان انفاس مطہرات کی صرف عالیدرجاتی اور علو شانی تنہا معلوم نہیں ہوتی بلکہ ان اوصاف کے ساتھ ان کے اخلاق کریمانہ کا بھی کامل ثبوت ہوتا ہے جو ان ذوات مقدسہ کی خلقت نورانی کے اصلی جوہر تھے اور پھر انہی اخلاقی خوبیوں کے ساتھ عبادت اور طاعت خدا اور ادائے فرائض میں ان کی محویت کے بھی پورے ثبوت پہنچتے ہیں یہ تنہا واقعہ اگر غور کی نظر سے دیکھا جائے تو اہلبیت رسالت اور خاندان نبوت کے اخلاق اور ان کی مقدس معاشرت کا تیار دفتر ہے جن اخلاق کے اظہار جن حقوق کی تعمیل اور جن محاسن کی تحصیل میں ان کا جوان اپنے بوڑھوں کے ہمسر ہو جانے کے لئے کوشاں ہے اور ان کا نادان بچہ اپنے گھر کے جوانوں اور بوڑھوں سے ساوی ہو جانے کے لئے ساعی پایا جاتا ہے وهذا فضل الله يؤتيه من يشاء والله ذو الفضل العظيم

اس واقعہ کے وقت جناب امام حسن علیہ السلام کا سن چھ برس سے زائد نہیں بتلایا جاتا اور یہ زمانہ طفولیت اور ناشعوری کا ہوتا ہے جس میں کسی قسم کے امتیاز اور شعور کا مشکل سے اعتبار کیا جا سکتا ہے ایسے وقت میں ایسے محاسن اور ایسے محامد و مکارم کا اظہار سوائے تائید پروردگار کے کچھ اور نہیں سمجھا جا سکتا ہم نزول ہل اتٰی کے عظیم الشان واقعہ کو علامہ زمخشری کی اصل عبارت میں لکھتے ہیں۔

عن ابن عباسؓ ان الحسنؑ والحسین علیہما السلام مرضا فعادہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ومعہ ابوبکر وعمر فقالوا یا ابا الحسن علیہ السلام لو نذرت علی ولدک فنذر علی وفاطمۃ وفضۃ جاریۃ لہما ان برئا ان یصوموا ثلثۃ ایام فشفیا وما معہم شئ فاستقرض علی علیہ السلام من شمعون الیہودی الخیبری ثلثۃ اصوع من الشعیر فطحنت فاطمۃ علیہا السلام صاعاً واختبزت خمسۃ اقراص علی عددہم ووضعتہا بین ایدیہم لیفطروا فوقف علیہم سائل فقال السلام علیکم اہل بیت محمد علیہم السلام مسکین من مساکین المسلمین اطعمونی اطعمکم اللہ من موائد الجنۃ فآثروہ وباتوا لم یذوقوا الا الماء واصبحوا صیاماً فلما امسوا ووضعوا الطعام بین ایدیہم وقف علیہم یتیم فآثروہ ووقف علیہم اسیر فی الثالثۃ ففعلوا مثل ذالک فلما اصبحوا اخذ علی علیہ السلام بید الحسن والحسین علیہم السلام واقبلوا علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلما ابصرہم وہم یرتعشون کالفراخ من شدۃ الجوع قال ما اشد نی ما اراکم فانطلق معہم فرای فاطمۃ علیہا السلام فی محرابہا قد التصق ظہرہا ببطنہا وغارت عینہا فساءہ ذالک فنزل جبرئیل علیہ السلام فقال خذہا یا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہناک اللہ تعالیٰ فی اہل بیتک فاقرأہ الآیۃ ویطعمون الطعام علی حبہ مسکیناً ویتیماً واسیراً

ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک جناب حسنین علیہم السلام بیمار ہوئے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ابوبکر اور عمر کے ہمراہ ان کی عیادت کے لئے تشریف لائے صحابہ نے عرض کی یا ابوالحسنؑ آپ اپنے بیٹوں کے لئے نذر مانیں تو بہتر ہو پس جناب علی مرتضیٰ اور جناب سیدہ اور حضرت فضہؓ نے ان کی تندرستی کے لئے تین روزے رکھنے کی نذر مانی جب ان دونو صاحبزادوں نے شفا پائی سب نے ملکر نذر کے روزے رکھے اہلبیت کے پاس اس وقت کچھ بھی نہیں تھا جناب علی مرتضیٰ نے شمعون یہودی خیبری سے تین صاع جو قرض لئے اس میں ایک صاع جو جناب سیدہ نے پیسے اور اپنے لوگوں کی تعداد کے مطابق ان کی پانچ روٹیاں پکائیں جب افطار صوم کے لئے یہ لوگ بیٹھے ایک سائل نے دروازے سے صدا دی السلام علیکم یا اہل البیت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مسلمان مسکینوں میں سے ایک مسکین ہوں مجھے کچھ کھلاؤ خدا تمہیں جنت کے میوے کھلائے گا سب نے اپنا کھانا اسے دیدیا اور پانی سے افطار فرما کر ان میں ہر شخص سو رہا اور پھر دن بھر روزہ رکھا جب رات ہوئی اور افطار کیلئے کھانا پکایا گیا ایک سائل نے آکر آواز دی کہ میں یتیم ہوں سب نے اپنا کھانا اس کو اٹھا دیا اور پانی سے افطار فرما کر سو رہے اسیطرح تیسرے روز کا افطار ایک قیدی کو بخش دیا صبح کو جناب امیر المومنین علیہ السلام حضرات حسنین علیہم السلام کا ہاتھ پکڑ کر جناب رسالتمآبؐ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ دونوں صاحبزادے مرغ کے چوزوں کی طرح سے شدت بھوک سے کانپ رہے تھے آنحضرت نے ان کو دیکھکر ارشاد فرمایا کہ ان کی کیا حالت ہے جس سے مجھے رنج پیدا ہو رہا ہے پھر آپ جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کے گھر تشریف لے گئے جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کو دیکھا کہ محراب عبادت میں استادہ ہیں دیکھا کہ ان کا پیٹ پیٹھ سے لگا ہوا ہے اور آنکھوں میں ضعف کی وجہ سے گڑھے پڑ گئے ہیں یہ دیکھکر آنحضرت کو سخت ملال ہوا جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور کہنے لگے یا محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم لیجئے آپ کو مبارک ہو خدائے سبحانہ آپ کو آپ کے اہلبیت کی نسبت دیتا ہے اور یہ آیہ کریمہ تلاوت فرمایا کہ یہ خاصان خدا کھلاتے ہیں کھانا خدا کی محبت پر فقیروں یتیموں اور قیدیوں کو۔

امام واحدی نے بھی اس واقعہ کو حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کے اسناد سے لکھا ہے ان کی اصلی عبارت یہ ہے۔

عن ابن عباس قال اجر علی نفسه لیبقی غذاء بشعیر لیلة حتی اصبح فلما قبض الشعیر طحن منه فجعلوا منها شیا لیاکلوا یقال له الحریرة رقیق بلا دهن فلما تم انضاجه اتا مسکین فسال فاطعموه ایاه ثم صنعوا الثلث الباقی فلما تم انضاجه اتا یتیم فسال فاطعموه ایاه ثم صنعوا الثلث الباقی فلما تم انضاجه اتا اسیر المشرکین فاطعموه ایاه فنزلت هذه الایة هذا قول الحسن وقتادہ وقال سعید بن جبیر محبوس من اهل القبلہ

ابن عباس سے مروی ہے کہ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام نے ایک دفعہ رات بھر اپنی قوت کی تحصیل کے لئے محنت کی جب صبح ہوئی تو ان کو اجرت میں جو دستیاب ہوئے آپ نے اس کو لیکر پیسا اور اس کے ایک تہائی کا پتلا سا حریرہ بغیر گھی کے پکوایا جب پک چکا تو ایک مسکین نے آکر سوال کیا آپ نے وہ کھانا اسکو دیدیا پھر دوسری

تہائی پکوائی جب وہ تیار ہوگئی تو ایک یتیم نے سوال کیا آپ نے وہ کھانا اس کو کھلا دیا پھر تیسری تہائی پکوائی اس کے پختہ ہونے پر مشرکوں کے ایک قیدی نے سوال کیا آپ نے وہ بھی سارا اس کو بخش دیا پس یہ آیہ وافی ہدایہ نازل ہوا یہ قول حسن اور قتادہ کا ہے سعید ابن جبیر فرماتے ہیں کہ وہ قیدی اہل قبلہ میں سے تھا حقیقت میں یہ واقعہ اہلبیت علیہم السلام کے محاسن اخلاق اور مکارم اشفاق کا مفصل دفتر ہے جن سے آپکے مخصوصہ اوصاف ومحامد کا پورا ثبوت ملتا ہے اہلبیت میں صرف انہیں لوگوں نے نذر کے روزے مانے تھے جو باعتبار اپنے سن کے تکالیف شرعیہ کی برداشت کرنے کی قابلیت اور صلاحیت حاصل کرچکے تھے مگر غور کرو ان کے محاسن اعمال اور مکارم افعال کی پوری تقلید اُن کے خورد سال بچوں نے بھی کی جن میں کسی کی عمر چھ برس کی تھی اور کسی کی چار سال کی جن میں طفولیت کے باعث ابھی گفتار و رفتار کی پوری طاقت نہیں آئی تھی نہ اُن پر واجبات لازمی تھے اور نہ احکام فرائض میں سے کوئی فرض نافذ پھر دیکھو تو تقلید اور متابعت بھی تو کیسی کہ صرف ایک دن نہیں دو دو اور تین تین ان کی ہمت پہ آفرین کرکے ان کے بزرگوں کے استقامت اور استقلال پر غور کرو کہ ان کے دیدہ ہائے حق بین نے اپنے بچوں کے مصائب ایسے شدید مشاہدہ فرمائے کہ انکی بھوک سے رخسار نقاہت اور ضعف کی وجہ سے زرد ہوگئے تھے آنکھوں میں حلقے پڑگئے تھے پیٹ اور پیٹھ ایک ہوگیا تھا رفتار کی طاقت تو کجا گفتار کی قوت بھی نہیں رہی تھی اُٹھنے بیٹھنے میں تیورا نے لگے یہ سب ہوتا گیا مگر ان بچوں کو کبھی اپنے محاسن کی تعمیل اور ان سعادتوں کی تحصیل سے روکنا تو کہاں ان سے کبھی اتنا بھی نہ کہا کہ اچھا کل سے تم روزہ نہ رکھنا اب ان سے قطع نظر کرکے ان بچوں کی ہمت و استقلال پر نگاہ کرو تو معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے شبانہ روز کی غیر متحمل ریاضتوں میں اپنے مقدس اور مطہر والدین کی تقلید اطاعت اور پیروی سے ایک دم کے لئے بھی ہمت نہ ہاری اور خدائے تبارک و تعالےٰ کے تقرب اس کی رضا تسلیم اور خوشنودی حاصل کرنے کے تمام دشوار گذار مرحلوں کو باوجود کمسن غیر مکلف اور معصوم ہونے کے بھی کس کشادہ پیشانی خندہ روئی اور اطمینان اور سہولت کے ساتھ تین شبانہ روز تک برابر ادا فرمایا نہ کبھی بھوک کی شکایت کی نہ پیاس کا گلا نہ کسی وقت نقاہت کا عذر ہوا اور نہ کسی دم ضعف کا شکوہ اپنی کمسنی طفولیت کے تمام خیالوں سے درگذر کرکے اپنے پروردگار عالم کے ادائے اطاعت میں سربسجود اور اپنے والدین کی تعمیل اطاعت میں موجود رہے۔

ان واقعات کو دیکھکر ہم بخوبی فیصلہ کرسکتے ہیں کہ ان ذوات مقدس کو طاعت اور عبادت الہٰی کے مشاغل میں ہردم ہر لحظہ محو رہنا کس درجہ تک پسند تھا اور ان کے ساتھ انکے گھر کے غیر مکلف اور کمسن بچے تک بھی ان کی تقلید اور ان کی تاسی میں ان حسنات کی تحصیل و تعمیل کیلئے کتنی مستعدی اور کتنے استقلال سے کام لے رہے تھے اور یہ ایسے محاسن تھے جو پروردگار عالم کی طرف سے ان ذوات مطہرہ کی مقدس فطرت کے ساتھ مخصوص ودیعت فرمائے گئے تھے اور انہیں کو اپنے برحق نبی کے بعد اپنے اسرار اور علوم کی امانت اور اپنے دین حقہ کی حفاظت اور عامۃ الخلائق کے تمام ہدایت

کے لئے منتخب کر لیا تھا ان کے مقدس بزرگواروں نے اپنے غیر مکلف اور خورد سال بچّوں کو ایسی شدید حالتوں میں مبتلا دیکھکر اسی سبب سے خاصکر منع نہیں فرمایا کہ وہ قربت طاعت اور عبادت خدا کی تعمیل میں خاصکر ان محاسن اور محامد کی تحصیل میں انکی ہمتوں کو وسیع کریں ان کے حوصلوں کو بڑھائیں اور اپنی مثال دکھلا دکھلا کر انکو اس کے ارکان اس کے اصول اس کے احکام اور اُس کے آداب بتائیں اور اس کے تمام طریقے سکھلائیں کہ وہ اپنے شعور اور پوری تمیز کے زمانے میں خدا کی عام مخلوق کو اپنی امامت اور ہدایت کے فرائض کی ادا کاریوں میں خدا کی عبادت اور طاعت کے تمامی ضروریات صرف اپنی مثال اور اپنی عادات و اخلاق سے تعلیم فرمائیں دیکھو صرف روزہ کا فرض ادا کرکے اہلبیت علیہم السلام نے کیسے محاسن کی تعلیم و ہدایت کے دروازے کھولدیئے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ہی توکل تسلیم رضا جود و سخا اور زہد و اتقا قریب قریب تمام اخلاقی اور روحانی محاسن تبلا دیئے ہیں بچے بھی اہلبیت کے بچےؐ ہیں جنپر ہمیشہ خدا کی مخصوص رحمت کی چادر اور رسوؐل کی خاص شفقت کا دامن سایہ کئے رہتا تھا خدائے تبارک و تعالےٰ نے انکو اس گھر کی زینت رونق اور آبادی کا باعث بنایا ہے جس گھر میں اُس نے اپنا قرآن اور اپنی شریعت آخری کے سارے فرمان اُتارے ہیں یہ اسی کاشانہ کے چشم و چراغ ہیں جس میں وحی الٰہی کے احکام خدائے سبحانہ تعالیٰ کا مقدس امین اور رازدار جبرئیل علیہ السلام بارگاہ ایزدی سے دربار نبوی تک پہنچایا گیا جس گھر سے دُنیا کے تمام حصوں میں ہدایت اور رشادت کے احکام پہنچے ہوں اور جس گھر سے شریعت کے اصول قائم ہوئے ہوں اور جس گھر سے تمام اخلاقی اور روحانی تعلیم جاری ہوئی ہو پھر اس گھر کی تعلیم کیسی ہوگی اور خاصکر ایسے گھر کے بچوں کی تربیت تہذیب شائستگی کے کیسے خوشنما اسلوب ہوں گے جناب علیؑ مرتضیٰ علیہ السلام سا باپ اور جناب سیدہ سلام اللہ علیہا سی ماں پھر ان دونوں حضرات پر جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم جیسا مہربان اور شفیق محافظ نورٌ علیٰ نور پھر جس گھر میں ایسے عدیم المثال اور نایاب جوہروں کا مجموعہ موجود ہو اور جس خیر و برکت کے چمن میں اتنے خوشنما پھولوں کا گلدستہ طیار ہو پھر اس کے سعادتمند نونہالوں اور ہونہار غنچوں سے اپنے مقاصد کی شگفتگی اور کامیابی کی کیوں اُمید نہ رکھے ؞

تعلیم کا زمانہ

الحمد للہ ہمارے صاحب کتاب علیہ من اللہ سلام و صلوات الی یوم الحساب کو اس کی مطلق ضرورت نہیں کہ وہ ظاہری طور پر عام بچوں کی طرح علمی تحصیل کے لئے مجبور سمجھے جائیں یہ تو ظاہر ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام اس گھر کے چشم و چراغ اور اس گلشن اقبال کے سعادتمند نونہال تھے جو دُنیا میں اپنی عظمت اور قدر و منزلت کے اعتبار سے **مدینۃ العلم دار النبوۃ معدن الحکمت** اور **بیت الشرف** کے مختلف القاب سے آج تک یاد کیا جاتا ہے ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ ان کی تعلیم و تربیت جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے نانا جناب

علی مرتضےٰ سے باپ اور جناب سیدہ سی ماں کے متعلق رہی ایسے گراں قدر اور عظیم الشان والدین کے دامن تربیت میں رہکر جن خوش قسمت اور ذی سعادت بچوں نے اپنی تعلیم پانے کا اور اپنی تحصیل کو تکمیل تک پہنچانے کا شرف پایا ہو ان کے جوہر ذاتی اور قابلیت و جامعیت کا کیا پوچھنا پھر خدا کے فضل سے وہ خوش قسمت بچے بھی کیسے اور کون جن کے عادات و اطوار کو دنیا کی معمولی طبیعتوں سے کوئی واسطہ نہیں دنیا کے عام بچوں کے خلاف انکے **قلوب** روشن ان کے **دل** نورانی ان کے **نفوس** **پاکیزہ** ان کی **زبان** صادق ان کے **ذہن** سالم ان کی **عقول** کامل ان کے **شعور** درست ان کی **طبیعتیں** حاضر ان کی **نظر** میں غائب ان کے اطوار آراستہ اور ان کی **عادات** شائستہ اور ان کے **اخلاق** وسیع تھے اور یہ تمام یکتا اور بے نظیر صفات مخصوص اہلبیت علیہم السلام کی مقدس سیرت اور مبارک فطرت تک محدود تھے جو ان سے پہلے سوائے انبیا علیہم السلام کے کسی اور دنیاوی قوم و قبیلہ کے حصہ نہ ٹھہرے۔

جناب امام حسن علیہ السلام کا سن اگرچہ آنحضرت کی وفات کے وقت آٹھ برس سے زیادہ کا ثابت نہیں ہوتا مگر بایں ہمہ آئمہ حدیث نے بہت سی حدیثوں کے اسناد کو ان سے لیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ طفولیت کے زمانے میں آپ کے قوائے ذہنی عموماً بوڑھے اور جوان کے برابر تھے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد امام حسن علیہ السلام سے آپ کے حلیہ کی نسبت سوال کیا گیا تو آپ نے عموماً سر مبارک سے پائے اقدس تک کی سچی تصویر اپنے الفاظ میں بیان فرما دی جو آجتک اسلامی کتابوں میں مندرج پائی جاتی ہے اور شمائل نبوی کے لکھنے والے اسی سے آجتک خصوصیت کے ساتھ مستفیض و مستفاد پائے جاتے ہیں۔

دیکھو ینابیع المودت شیخ الاسلام السلیمان الحنفی القندوزی

آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ان حضرات کی تعلیم اس **عالم علم الاولین والاخرین** کی قابلیت وجامعیت سے وابستہ ہوئی جو تمام امت اسلامیہ میں **انا مدینۃ العلم و علی بابہا** کا مفہوم سمجھا جاتا تھا اور اقضاکم علیاً جس کی ذاتی لیاقتوں کے جوہروں میں سے ایک چمکتا ہوا جوہر تھا ظاہری طور پر ان حضرات کی تعلیم اس طرح جس طرح دنیا کے معمولی بچے تعلیم پاتے ہیں نہیں معلوم ہو سکتی اور چونکہ ان خاصان خدا نے اپنی عین سعادتمندی اور خوش قسمتی سے علم لدنی میں مخصوص حصہ لیا تھا اس لئے ان کی تعلیم و تدریس کے معمولی حالات پر بالکل پردہ ہے اس لئے ہم کو اسلام کی ان تمام کتابوں میں جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہیں کہیں ان واقعات کا نشان نہیں معلوم ہوتا کہ حضرات حسنین علیہم السلام نے کس سے اخذ علم کیا اور کون شخص آپ حضرات کی تعلیم و تدریس کی خدمات پر مامور تھا اس سے یہ امر قطعی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرات کو معمولی تعلیم و تدریس کی متعلق ضرورت نہیں تھی اور جس مخصوص تعلیم کی ضرورت تھی وہ انسانی قوائے فہم و ادراک سے باہر تھی اور وہ بالکل تائید ایزدی اور مشیت سبحانی کے متعلق تھی اور یہ تعلیم و تلقین علم لدنی کی وہ جزو اعظم ہے اور اسرار محکم ہیں جو خاصان خدا اور مقربان رب الاعلےٰ کے مقدس طبقے میں سینہ بسینہ چلے آتے ہیں جو اس کو نہیں سیکھ سکتا مگر وہی جو خدا کا خاصہ اور مقرب ہو اور جس کو نہیں سکھا سکتا یا بتا سکتا مگر وہی جو برگزیدہ خدا یا اس کی بارگاہ عالی کا مقرب ہو

اس وجہ سے ان حضرات کی تعلیم کے واقعات تلاش کرنے میں ہم کو کوئی واقعہ جیسا ہم نے اوپر اعتراف کیا ہے سوائے اس ایک واقعہ کے جس کو ہم عنقریب ذیل میں لکھیں گے نہیں ملا یہ واقعہ بھی اگرچہ ان کی تعلیم سے متعلق ہے مگر تحقیق کی نظر سے دیکھا جائے تو ان حضرات کی قدر و منزلت اور عظمت و جلالت کو اور خدا و رسول کی ان رحمت و نعمت و شفقت کو جو ان کی ذات ستودہ آیات پر ہمیشہ مبذول رہتی ہیں نہایت وضاحت سے ظاہر کرتا ہے اور اسی ایک واقعہ سے اس امر کا پورا پورا نشان معلوم ہوجاتا ہے کہ ان کی تعلیم و تدریس کے تمامی تعلقات مخصوص خدا و رسول صلے اللہ علیہ و آلہ سے تعلق رکھتے تھے ؛

یہ واقعہ تمام اسلامی کتابوں میں عام طور سے مندرج ہے اور مستند بین الفریقین ہے چنانچہ ہم اسکو علامہ سید علی ہمدانی الشافعی کی اصلی عبارت سے ذیل میں لکھتے ہیں و ھو ہذا

عن ابن عباس رض قال انّ الحسنؑ والحسینؑ علیہما السلام کانا کتبنا فقال الحسینؑ خطّی احسن من خطک فقالا لفاطمة علیہا السلام احکمی بیننا من احسن منّا خطا فکرھت فاطمة علیہا السلام ان تؤذے احدھما بتفضیل احدھما علی الاٰخر فقالت منہما سئلا اباکما علیّا فسئلاه عن ذالک فقال علی علیہ السلام سئلا جدکما رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فسئلاه فقال لا احکم بینہما حتے اسئل جبرئیل فلمّا جاء جبرئیلؑ وقال لا احکم بینہما ولکن یحکم بینہما میکائیلؑ فقال لا احکم بینہما ولا یحکم بینہما اسرافیل فقال لا احکم بینہما حتی اسئل اللہ تعالی ان یحکم بینہما فقال اللہ تعالی لا احکم بینہما ولکن امّہا تحکم بینہما فقالت فاطمة احکم بینہما فکانت لہا قلادة من الجواھر فقالت لہما انثر جواھر ھذہ القلادة فمن اخذ منہما اکثر فخطه احسن فنثرتہا وکان جبرئیلؑ واقفا عند قائمة العرش فامره اللہ تعالی اھبط الی الارض وانصف الجواھر بینہما حتی لا یتاذی احدھما ففعل ذالک احتراما وتعظیما لہما علیہما السلام

جناب ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک دفعہ جناب حسنین علیہما السلام نے مشق کے طور پر کچھ لکھا تھا امام حسینؑ نے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا کہ میرا خط تم سے اچھا ہے اور وہ فرماتے تھے کہ میرا خط تم سے اچھا ہے آخر اپنی مادر گرامی جناب سیدہ سے عرض کی کہ تم ہمارا فیصلہ کردو کہ ہم میں سے کس کا خط اچھا ہے حضرت فاطمہؑ نے اس خیال سے کہا کہ اگر میں ایک کو دوسرے پر فضیلت دیتی ہوں تو ان میں سے ایک کو ضرور ایذا ہوگی فیصلہ کرنا پسند نہیں فرمایا اور دونوں صاحبزادوں سے ارشاد فرمایا کہ اپنے والد ماجد جناب امیر المومنین علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا سے دریافت کرو تب انہوں نے حضرت علیؑ سے پوچھا حضرت نے جواب دیا کہ اے فرزندو اپنے نانا رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھو انہوں نے آنحضرت سے دریافت کیا آنحضرت نے فرمایا میں حکم نہیں کرسکتا جبتک کہ جبرئیلؑ سے نہ پوچھ لوں جب جبرئیل حاضر ہوئے تو عرض کی کہ میں آپ کے درمیان حکم نہیں کرسکتا جبتک کہ میکائیلؑ آپکے درمیان حکم نہ کریں گے میکائیلؑ نے کہا کہ میں ان کے درمیان حکم نہیں کرسکتا بلکہ اسرافیل حکم کریں گے

اسرافیلؑ نے عرض کی کہ میں حکم نہیں کر سکتا بلکہ حضرت حق سبحانہ تعالےٰ سے درخواست کرونگا کہ وہ اس کا فیصلہ فرما دے آخرکار اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں ان کے درمیان حکم نہیں کر سکتا پر ان کی ماں فاطمہ سلام اللہ علیہا ان کے درمیان حکم فرمائینگی۔

الغرض جناب سیدۃ العالمین حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا نے فرمایا کہ میں ان کے درمیان فیصلہ کرتی ہوں معصومہ کے پاس موتیوں کا ایک ہار تھا دونو صاحبزادوں کو مخاطب فرما کے ارشاد کیا کہ میں اس ہار کو توڑ کر اس کے موتیوں کو زمین پر پھینکے دیتی ہوں تم میں سے جو کوئی زیادہ موتی چنے گا اسکے خط کو میں اچھا سمجھونگی یہ فرما کر وہ موتی پھینک دیئے اس وقت جناب جبرئیل علیہ السلام عرش الٰہی کے نزدیک موجود تھے خدائے سبحانہ تعالےٰ نے حکم فرمایا کہ زمین پر اُترو اور موتیوں کو ان دونو صاحبزادوں میں آدھوں آدھ تقسیم کر دو کہ کوئی ان میں سے رنجیدہ خاطر نہ ہو جناب جبرئیل نے ان دونوں حضرات کی عظمت و حرمت کے سبب موتی کے دانوں کو نصف نصف تقسیم کر دیا۔

ہم نے یہ عبارت علامہ سید علی ہمدانی کی اصلی کتاب المودت فی القربےٰ کی مودت چہاردہم (رابعہ عشر) سے نقل کی ہے جن کے فضائل و مناقب تمام اسلامی کتابوں میں مندرج ہیں ملا عبدالرحمن جامی نے نفحات الانس میں انکے فضائل اور ان کے علوم ظاہری و باطنی کی جامعیت کی تفصیل و تشریح کو خصوصیت کے ساتھ لکھا ہے ومن شاء فلیرجع الیہ علمائے اہلبیت نے بھی مختلف عبارتوں میں اس واقعہ کو لکھا ہے چنانچہ فریقین کے مفہوم ایک ہیں اس لئے ہم تکرار کو بے جا اور نازیبا خیال کر کے قلم انداز کرتے ہیں۔

جناب حسنین علیہم السلام اپنے ذاتی منصب کے اعتبار سے اسیوقت سے بندگان خدا کی ہدایت کی طرف مامور تھے چنانچہ ذیل کا واقعہ ہم ملا مجلسی علیہ الرحمہ کی دو کتابوں یعنی حیات القلوب اور جلاء العیون کے ترجمے سے لکھتے ہیں جس کو جناب مرحوم نے ان حضرات کے بچپن کے حالات میں خصوصیت کے ساتھ مندرج فرمایا ہے

ایک دفعہ حضرات حسنین علیہما السلام اپنی طفولیت کے زمانے میں مدینہ کی آبادی سے باہر تشریف لے گئے تو ایک مرد اعرابی کو وضو کرتے ہوئے دیکھا جس کے ارکان صحیح نہ تھے اور باعتبار ترتیب کے اس میں نقص حائل اور وضو باطل تھا ان دونوں صاحبزادوں نے اس کو وضو کی ترکیب سے جاہل سمجھکر اُسکو متنبہ کرنا چاہا مگر اس خیال کے ساتھ اس کے یکایک ٹوک دینے کو اُس کی دلشکنی کا باعث اور اپنی کج خلقی کا اظہار سمجھکر سوچنے لگے کہ کوئی ایسی تدبیر ہونی چاہیئے کہ مرد اعرابی کی ہدایت بھی ہو جائے اور اسکو ہماری طرف سے کوئی شکایت بھی نہو یہ سوچکر ان حضرات نے اس مرد اعرابی سے جس نے وضو تو کر لیا تھا مگر نماز کا تحریمہ نہیں باندھا تھا فرمایا کہ بھائی ہمارا پہلے تصفیہ کر دو تو نماز پڑھو ہم دونوں آدمیوں میں وضو کے مسئلہ پر تنازع ہے اس لئے ہم دونوں نے اس امر پر باخود اقرار کر لیا ہے کہ تم بوجہ کبیر السنی کے وضو کی ترکیب کو ہم سے اچھا جانتے ہوگے ہم دونوں وضو کرتے ہیں ہم میں سے جس کے ارکان صحیح اور اپنی ترکیب کے ساتھ درست ہوں تم اسکو بتلا دو یہ کہکر دونوں حضرات چشمہ کے کنارے بیٹھ گئے اور وضو کرنے میں مصروف ہوئے اور

اس کے صحیح طور سے تمامی ارکان بجالانے لگے وہ مرد بیچارہ جو خود جاہل مسئلہ تھا مگر حکم ہونے کی موجودہ حیثیت سے ان دونوں حضرات کے وضو کو نہایت غور اور تامل کی گہری نگاہوں سے دیکھنے لگا چونکہ اس کے ارکان اور ترکیب آپ ہی ناقص اور الٹے پلٹے تھے ان کے وضو کی عملی ترکیبوں کو دیکھکر وہ سوائے اس کے کہ اپنے وضو کے ناقص اور باطل ہونے کا خود اعتراف کرے اور کچھ نہ کر سکا جب حضرات حسنین علیہما السلام اس سے اس فیصلے کے خواہاں ہوئے تو اس پیرمرد نے صاف صاف لفظوں میں اقرار کرلیا کہ آپ دونوں حضرات کی وضو کی ترکیبیں میری دانست میں میرے ارکان وضو اور میری ترکیبوں سے بدرجہا صحیح درست اور بہتر ہیں اور آپ دونوں صاحبوں کی ترکیبوں میں سر مو فرق نہیں ہے اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ میں آج تک خود غلط وضو کیا کرتا تھا اب آپ کے وضو کرنے کے طریقہ کو دیکھکر مجھکو ہدایت ہوئی اور میں اپنی غفلت پر اسوقت سے متنبہ ہوا اس کا ایسا معذرت آمیز جواب سنکر جناب حسنین علیہما السلام نے فرمایا کہ اصل ہم دونوں کی غرض بھی صرف تیری ہدایت اور تیری غلطی کی تصحیح ہی تھی اور کچھ نہیں۔

اب اس پیرمرد نے دو ایسے صغیر السن صاحبزادوں میں اتنی صلاحیت اور محاسن کے اوصاف پاکر عرض کی کہ آپ حضرات اپنے حسب و نسب نام و نشان سے مطلع فرمائیں یہ سنکر دونوں حضرات نے کہا کہ ہماری معرفت کے لئے اتنی واقفیت کافی ہے کہ ہم دونوں آدمی جناب سید المرسلین ختم النبیین صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نواسے ہیں اور ان کی اہلبیت میں داخل ہیں۔

اس واقعہ سے یہ امر پوری صداقت تک پہنچ گیا کہ ان حضرات علیہما السلام کو اپنے ذاتی منصب کے لحاظ سے بچپن ہی کے ابتدائی زمانہ سے امور ہدایت اور تعلیم شریعت کی طرف کس قدر توجہ اور مستعدی منظور تھی اور اس کے ارکان کو کس رغبت اور کس اہتمام سے ادا فرماتے تھے اور اس شخص کی جس کی نسبت ہدایت کیطرف توجہ منظور ہوتی تھی اپنے اخلاق و اشفاق کی رعایت سے موعظت و نصیحت کے ساتھ کتنی دلجوئی اور خاطرداری کے اصول برتے جاتے تھے جو ہدایت اور اخلاق دونوں کی خوبیوں کو قائم رکھے اور مخاطب کو بھی سوء طبعی خشونت او رکج خلقی کے اعتراض اور شکایت کا مطلق موقعہ نہ دے سکے۔

یہاں تک میں نے خاصکر وہ واقعات لکھے تھے جو جناب امام حسن علیہ السلام کی تحصیل علمی کے متعلق آپ کی طفولیت کے حالات سے علاقہ رکھتے تھے اگرچہ اور ایسے ابھی کثرت سے واقعات ہمارے پیش نظر ہیں کہ ہم آسانی سے لکھ سکتے تھے مگر چونکہ ہم کو اپنے سلسلۂ بیان میں بنی تالیف کے دوسرے ضروری مضامین کو اس سے زیادہ وسعت کے ساتھ لکھنا منظور ہے اس لئے انکی تطویل کو ان کی تفصیل کے مقابل میں غیر ضروری سمجھکر قلم انداز کرتے ہیں اور اپنے سلسلۂ بیان کو آگے بڑھاتے ہیں۔

وفات رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے وقت سے تیسری خلافت کے زمانے تک جناب امام حسنؑ کے مشاغل وہ رہتے تھے جو جناب امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کے جن کی تفصیل صرف تحصیل علمی

تجمیع قرآن اور ترتیب حدیث اور دیگر روحانی تعلیمات کی تحصیل پر ختم ہوتی ہے وفات رسول اللہؐ سے جناب امیر علیہ السلام کی ظاہری خلافت تک ان کا زمانہ ایسے سکوت اور خاموشی کے عالم میں گذرا ہے جس میں سوائے ان مشاغل کے اور کسی دوسرے امور کا مشکل سے سراغ لگ سکتا ہے جناب امیر علیہ السلام کو جیسا ہم اس سلسلہ کے جلد اول میں بیان کر آئے ہیں عبادت و ریاضت کے بعد اگر کوئی دوسرے فرائض روزانہ ادا کرتے ہوتے تھے وہ بھی قرآن کی تجمیع احادیث کی ترتیب اور جناب حسنین علیہم السلام کی تعلیم ایسی ہی ان حضرات کو بھی اپنے فرائض خدا کی ادا کاریوں کے بعد کوئی مشاغل رہتے تھے تو یہی۔

خلافت ثانیہ میں محاصرۂ روم کی نسبت امام حسن علیہ السلام کی شرکت بعض تاریخوں میں پائی جاتی ہے یہ ایسا تنہا واقعہ ہے جو چیدہ چیدہ تاریخوں میں لکھا ہے اور تمام تاریخوں کا اسے اتفاق ثابت نہیں اس لئے یہ واقعہ صرف روایت ہونے کی حیثیت رکھتا ہے مگر روایت مشہور اور تواتر کا اعتبار نہیں رکھتا۔ علمائے اہلبیت علیہم السلام نے تو کہیں بھی اس کا ذکر نہیں کیا اس لئے ہم ایسے تنہا واقعات کے لکھنے سے ضرور احتیاط کرتے ہیں سوائے اس ایک واقعہ کے کوئی دوسرا واقعہ ہم کو تاریخوں میں نہیں معلوم ہوتا جس سے خلافت کے کاروبار میں امام حسنؑ کی شرکت ثابت ہوتی ہو۔

ایسے ہی خلافت ثالثہ میں محاصرۂ فارس میں بھی ان کی شرکت بتلائی جاتی ہے مگر اس کی بھی حالت ویسی ہی ہے جیسی اوپر کے واقعہ کی خلیفہ ثالث کے محاصرہ میں حضرت امام حسن علیہ السلام کی تائید کا واقعہ تمام تاریخوں میں درج پایا جاتا ہے اور یہ کہا جاتا ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کے حکم سے آپ خلیفہ کی اعانت کے لئے بھیجے گئے تھے اس واقعہ کو ہم جناب امیر المومنین علیہ السلام کے محاسن اخلاق کریم النفسی اور رفق و مدارا کا مقتضی اور ان کی اعانت و شفقت کا پورا معیار سمجھتے ہیں خلیفہ محصور کی اعانت فرمانے سے آپ کے اخلاق ہی کا ثبوت نہیں ہوتا بلکہ اس کے ساتھ ہی ان کی شورش اور پر آشوبی کے زمانے میں انکے واقعہ کے متعلق جناب امیر علیہ السلام کی پوری بے لوثی صفائی اور سازش کے غلط شبہوں کو نہایت آسانی سے رفع کرتا ہے چنانچہ اس کا فیصلہ ہم سے پہلے روضۃ الصفا کے ذی اقتدار مولف کر چکے ہیں چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ حضرت امام حسن علیہ السلام کا بھیجنا جناب امیرؑ کے خلوص پر مبنی تھا اور طلحہ نے جو اپنے بیٹے کو بھیجا تھا وہ اپنے آپ کو سازش باغیان کے الزام سے بچانے اور دشمنی کو دوستی کی آڑ میں دکھانے کی غرض سے تھا۔

بہرحال جو کچھ اس واقعہ کے متعلق ہے وہ یہ ہے کہ جناب امام حسن امیر المومنین علیہ السلام کی ہدایت کے مطابق خلیفہ ثالث کی تائید میں محاصرہ کی عین شدت اور ان کی سخت مصیبت کے وقت میں موجود تھے بعض تاریخوں کا بیان ہے کہ اسی اعانت اور حفاظت کے اظہار میں حضرت امام حسن علیہ السلام کے جسم مبارک پر کچھ تھوڑے سے خفیف زخم بھی پہنچے تھے جس کی وجہ باغیوں کی ممانعت اور مدافعت

کے سوا کچھ اور نہیں قائم کی جا سکتی ملاحظہ ہو تاریخ المختصر تاریخ ابوالفدا ذکر خلافت ثالثہ

بہرحال یہی دو ایک واقعات تھے جو خلافت ثانیہ سے لے کر ثالثہ تک امام حسن علیہ السلام کے متعلق تھے ہرچند کہ ان واقعات کو ہمارے تالیفی مقاصد سے کوئی ایسی مناسبت نہیں تھی مگر ہم نے صرف خلافت کے ترتیبی سلسلہ کے التزام قائم رکھنے کے باعث ان واقعات کو بھی اپنے سلسلۂ بیان میں جگہ دیدی۔

جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی تخت نشینی کے وقت جناب امام حسن علیہ السلام کا سن مبارک بتیس یا تینتیس برس کا ثابت ہوتا ہے مگر تاہم خلافت کے پولٹیکل امور میں آپ کی کوئی مداخلت ثابت نہیں ہوتی جنگ جمل اور صفین میں انکی شرکت تو ضرور تھی بلکہ جمل کے واقعات میں کوفہ اور اہل کوفہ کی متابعت کے انتظام آپ ہی کی متعلق پائے جاتے ہیں اس کی کیفیت یہ ہے۔

کوفہ کے باشندے ابوموسیٰ اشعری کی تحریک و اغوا کی وجہ سے جناب امیرالمومنین علیہ السلام کے امر بیعت میں رکے ہوئے تھے ابتدائے جنگ جمل میں خلافت کی طرف سے ایکبار نہیں کئی بار ان کی طلبی کی گئی تھی مگر انہوں نے ان تمام کوششوں پر لحاظ نہیں کیا آخرکار دربار خلافت سے حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت عمار یاسرؓ کے بھیجنے کی تجویز منظور ہوئی اور یہ دونو حضرات بصرہ سے کوفہ میں تشریف لائے اور وہاں کے لوگوں کو خلافت کا مطیع و منقاد بنا کر ان کو امیرالمومنین علیہ السلام کی اعانت پر پورے طور سے آمادہ فرمایا چنانچہ ہم یہ واقعہ صحیح بخاری کی اصل عبارت سے ذیل میں مندرج کرتے ہیں۔ وھو ہذا

لما سار طلحہ و زبیر و عائشۃ الی البصرۃ بعث علی علیہ السلام عمارؓ و حسنؑ فقدما علینا الکوفۃ فصعد المنبر و کان الحسنؑ فوق المنبر و اعلاہ و قام عمار اسفل من الحسنؑ فاجتمعنا الیہ فسمعت عمارا یقول ان عائشۃ قد سارت الی البصرۃ و اللہ انہا الزوجۃ نبیکم فی الدنیا والاخرۃ ولٰکن اللہ ابتلاکم لیعلم ایاہ تطیعون

جب طلحہ زبیر اور عائشہ بصرہ کو روانہ ہوئیں تو جناب امیرالمومنین علیہ السلام نے حضرت امام حسنؑ اور حضرت عمار یاسرؓ کو کوفہ میں بھیجا یہ دونوں حضرات کوفہ میں تشریف لائے اور منبر پر تشریف لے گئے امام حسن علیہ السلام منبر کے بالائی حصہ پر اور حضرت عمار یاسرؓ منبر کے پائیں حصہ پر تشریف رکھتے تھے حضرت عمارؓ نے فرمایا کہ عائشہ بصرہ میں آئی ہیں اور دنیا و آخرت میں تمہارے پیغمبرؐ کی بی بی ہیں مگر خدائے سبحانہ تعالیٰ کو تمہاری آزمائش منظور ہے تاکہ معلوم ہو تم ان دونوں میں سے کس کی اطاعت کرتے ہو۔

علامہ طبری نے اس واقعہ کے متعلق یہ عبارت تحریر فرمائی ہے کہ "امام حسن علیہ السلام اہل کوفہ را جمع نمودہ این چنین خطبہ فرمود کہ ایہا الناس علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام امام شما ست و در میان مردان فتنہ انگیز اند و خلافت را خواہند و سخن گرد آمدہ را می پراگندہ و این معنی کہ اندر گردن ایشان آمدہ نقض کنند و از خدائے عزوجل عاصی بشوند و امام شما را می خوانند بیعت او در گردن شما راست اعانت کنید و امیرالمومنین علیہ السلام

را بجوئید و بسرعت و تاخیر مکنید و یک دیگر را گیرید کہ ہر کس بگناہ خویش می آویزد و پس اعانت کردند و گفتند سمعنا واطعنا فرماں برداریم و پیش امیر المومنین علیہ السلام بردیم و تن و جان پیش امیر المومنین مے نمائیم و فدا کنیم (طبری جلد چہارم ص ۵۶۰)

اس کے بعد جب اسرائے جنگ جمل کی فہرست امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں پیش کی گئی تو مروان الحکم کی رہائی کے لئے اہل اسلام میں سے کوئی ساعی نہ نکلا تو حضرت امام حسن علیہ السلام نے ان کی سفارش و ضمانت فرما کر ان کی رہائی دلوائی بعد مرور ایام امام حسن علیہ السلام کے ان محاسن اخلاق کے معاوضہ میں مروان نے جو کچھ کیا وہ امام حسن علیہ السلام کی عالی ظرفی تھی اور وہ مروان الحکم کی خباثت فطری کا تقاضا ہے اور کچھ نہیں جیسا عنقریب معلوم ہوگا۔

جنگ جمل کی تمام ضروریات سے فارغ ہو کر جناب امیر المومنین علیہ السلام نے سب سے پہلے حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ کو عائشہ کے پاس اس غرض سے بھیجا کہ تمہارا ادہر اُدہر زیادہ رہنا نہایت نازیبا معلوم ہوتا ہے اس لئے تمہیں مدینہ میں واپس جانا مناسب ہے حسب الحکم عبد اللہ ابن عباسؓ اُم المومنین کے پاس گئے اور امیر المومنین علیہ السلام کا پیام سنایا مگر وہ راضی نہ ہوئیں تو پھر جناب امام حسن علیہ السلام بھیجے گئے تب وہ مدینہ کی مراجعت پر تیار ہوئیں (طبری ۵۶۹)

ان جزوی واقعات کے علاوہ ہم کو اس خلافت کے زمانے میں بھی امام حسن علیہ السلام کی مداخلت کسی کاروبار ملکی میں ثابت نہیں ہوتی نہ کہیں کی ولایت آپ کے متعلق تھی اور نہ فوج اور نہ کسی خاص صیغہ کی ذمہ واری ہاں اگر واقعات سے آپ کے موجودہ مشاغل کا تھوڑا بہت نشان ملتا ہے تو اس قدر کہ جناب امیر المومنینؑ نے اپنے ایام خلافت میں کثرت مشاغل اور علائق کی وجہ سے اپنی ذات ستودہ صفات کو بالکل عدیم الفرصت پا کر خانہ داری کی تمام ضرورتوں کو امام حسن علیہ السلام کے سپرد فرمایا تھا چنانچہ مختلف کتابوں کے مطالعہ سے اکثر ایسے واقعات معلوم ہوتے ہیں کہ کوئی مہمان کوئی ابن السبیل یا کوئی مستحقین میں سے امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس کی تواضع ضیافت اور مہمانداری کی تمام خدمات کے لئے امام حسن علیہ السلام ہی یاد فرمائے جاتے تھے اور انہیں سے اس کی تمام خاطر داری اور آرام رسانی کے لئے تاکید فرمائی جاتی تھی اور اگر اتفاق سے کسی ایسے مستحق کے آجانے پر امام حسن علیہ السلام حاضر نہ ہوتے تھے تو اس شخص سے یہ کہدیا جاتا تھا کہ فلاں محلہ میں امام حسنؑ کا گھر پوچھ لو اور وہیں چلے جاؤ۔

جناب امیر المومنین علیہ السلام کی خلافت کے آخر زمانے میں جو معرکے پیش آئے ان میں اگرچہ آپ کی شرکت ثابت ہوتی ہے مگر کوئی خاص واقعہ نہ جنگ صفین ہی میں آپ سے متعلق معلوم ہوتا ہے اور نہ نہروان ہی میں اس سے اب ہم جناب امیر المومنین علیہ السلام کے حالات خلافت کو ختم کر کے امام حسن علیہ السلام کی ششماہہ حکومت کے خاص واقعات کی تفصیل کی ابتدا کرتے ہیں۔

حضرت امام حسن علیہ السلام کی خلافت کے واقعات

جناب امیر المومنین علیہ السلام کی وفات کے بعد اکیسویں رمضان المبارک سنہ ۴۰ھ ہجری کو اپنے پدر عالی مقدار کے سریر سلطنت پر متمکن ہوئے تمام اہل اسلام کے موجودہ مجمع میں جن کی تعداد بعض کتابوں میں چالیس ہزار اور بعض کتابوں میں کم و بیش بتائی جاتی ہے جناب امام حسن علیہ السلام نے ذیل کا مفصل و مشرح خطبہ نہایت فصاحت و بلاغت سے ادا فرمایا جس کو ملّا علیہ الرحمہ کی مستند تالیف جلاء العیون کے ترجمہ سے ذیل میں لکھتے ہیں وھو ہذا:-

جناب امام حسن علیہ السلام نے معارف ربانی اور محامد سبحانی ادا فرما کر یوں ارشاد کیا کہ ہم ہی حزب اللہ ہیں کہ سب غالب ہیں ہم ہی عترت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں کہ آنحضرت سے نزدیک تر ہیں اور ہم ہی اہلبیت طاہرین ہیں کہ بدی اور گناہوں سے معصوم اور مطہر ہیں اور ہم ہی ان دو بزرگ چیزوں میں سے ہیں کہ آنحضرت ہم کو اپنی جگہ چھوڑ گئے اور تاکید فرما گئے۔ انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی اہلبیتی اور ہم ہی ہیں کہ آنحضرت نے ہم کو کتاب خدا و قرآن شریف کا ردیف قرار دیا ہے اور ہم ہی کو تاویل و تنزیل قرآن کا پورا علم دیا ہم قرآن میں بہ یقین سخن کرتے ہیں اور بظن و گمان تاویل آیات نہیں کرتے پس ہماری اطاعت کرو کہ ہماری اطاعت تم پر خدا کی طرف سے واجب ہوئی ہے اور خدائے سبحانہ تعالےٰ نے ہماری اطاعت اور اپنے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کو اپنی اطاعت سے مقرون کیا ہے اور فرمایا ہے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم پس حضرت نے فرمایا اس شب کو وہ شخص دنیا سے گیا ہے کہ عمل خیر میں سابقین نے جس پر سبقت نہیں کی اور نہ ان تک آئندہ کوئی سعید پہنچ سکے گا تحقیق کہ انہوں نے آنحضرتؐ کے ساتھ جہاد کیا اور اپنی جان رسولؐ پر قربان فرمائی اور آنحضرت اپنا علم دیکر ان کو جس طرف بھیجتے تھے جبرئیلؑ اس کے داہنی طرف اور میکائیلؑ اس کے بائیں طرف رہتے تھے اور پھر کر نہ آتے تھے جب تک کہ خدا ان کے ہاتھ سے فتح نہ کرتا تھا اس رات کو انہوں نے عالم بقا کی طرف رحلت فرمائی اسی رات کو حضرت عیسےٰ علی نبینا وعلیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے اور یوشعؑ ابن نونؑ وصی حضرت موسےٰ علی نبینا وعلیہ السلام نے بھی اسی رات کو انتقال فرمایا اور کچھ طلاء و نقرہ وغیرہ انہوں نے نہیں چھوڑا صرف سات سو درہم کہ ان کی عطا وجود سے بچ رہے تھے اور یہ چاہتے تھے کہ اس قیمت سے ایک خادم اپنے اہل کے لئے خریدیں اتنا فرما کر جناب امام حسن علیہ السلام پر کمال رقت طاری ہوئی پھر تھوڑی دیر خاموش رہکر آپ نے اپنے سلسلہ بیان کو آغاز فرمایا اور ارشاد کیا کہ میں فرزند بشیر و نذیر ہوں میں ہوں فرزند دعوت کنندہ منجانب خدا میں ہوں فرزند سراج منیر میں اس خانوادہ سے ہوں جسکو خدا نے رجس و عیب

سے دُور کیا ہے اور ان کو معصوم و مطہر کیا ہے میں بھی انہیں اہلبیتؑ سے ہوں کہ خدا نے ان کی محبت کو واجب کیا ہے اور فرمایا ہے قل لا اسئلکم علیہ اجراً الا المودۃ فی القربیٰ و من یقترف حسنۃ نزد لہ فیہا حسناً خدائے سبحانہ تعالےٰ نے حسنا جو اس آیت میں بیان فرمایا ہے مُراد اس سے ہماری ہی محبت ہے ترجمہ جلاء العیون ص ۲۶۶

اس خطبہ کو شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی نے بھی ازالۃ الخفا میں تحریر کیا ہے ان کی اصل عبارت یہ ہے۔

قال خطب الحسنؑ ابن علی علیہما السلام علی الناس حین قتل علیؑ فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال لقد قبض فی ہٰذہ اللیلۃ رجل لا یسبقہ اوّلون بعمل ولا یدرکہ الآخرون وقد کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم یعطیہ رایۃ فیقاتل وجبرئیلؑ عن یمینہ ومیکائیلؑ عن یسارہٖ فما یرجع حتی یفتح اللہ علیہ وما ترک علی الارض صفراء ولا بیضاء الا سبعمائۃ دراہم فضلت من عطاہ اراد ان یبتاع بہا خادماً لاہلہ ثم قال ایہا الناس من عرفنی فقد عرفنی ومن لم یعرفنی فانا الحسنؑ وانا ابن الوصی وانا ابن البشیر وانا ابن النذیر وانا ابن الداعی الی اللہ باذنہ وانا ابن السراج المنیر وانا من اہلبیت الذی کان جبرئیل ینزل الینا ویصعد من عندنا وانا من اہلبیت الذی اذہب اللہ عنہم الرجس ویطہرہم تطہیرا وانا من اہلبیت الذی افترض اللہ مودتہم علی کلّ مسلم فقال تبارک اللہ وتعالیٰ ومن یقترف حسنۃ نزد لہ فیہا حسناً فاقتراف الحسنۃ

چونکہ یہی عبارت ہم اوپر نقل کر چکے ہیں اس لئے اس کی تکرار میں لُطف نہیں صرف طوالت کا باعث ہوگا اسی خطبہ کو شیخ الاسلام قسطنطنیہ السلیمان الحنفی القندوزی نے بھی اپنی کتاب ینابیع المودت فی القربیٰ مطبوعہ بمبئی کے مختلف مقامات میں بتکرار لکھی ہے۔ فمن شاء فلیرجع الیہ

بہر حال جناب امام حسن علیہ السلام اپنے خطبہ کو یہاں تک پہنچا چکے تو حاضرین سے جن کی تعداد عموماً چالیس ہزار بتلائی جاتی ہے پہلے عبداللہ ابن عباس کھڑے ہوگئے اور عامۃ المسلمین کو مخاطب کرکے ارشاد کرنے لگے کہ اے گروہ مردمان یہ تمہارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرزند اور تمہارے امام کا وصی ہے اس کی بیعت اختیار کرو تمام لوگوں نے قبول کیا اور یہ کہکر جناب امام حسن المجتبےٰ علیہ التحیۃ والثناء کس درجہ ہم کو محبوب ہیں اور آپکے کتنے استحقاق ہیں برضا و رغبت آپ سے بیعت کی مگر جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنی موجودہ ضرورت اور حاضرین کی آزمودہ طبیعتوں کو اپنی کامل عاقبت بینی اور مآل اندیشی کی نگاہ ہونے سے موازنہ کرکے ان سے بیعت لینے کے وقت یہ شرط لے لی کہ جس سے میں جنگ کروں تم بھی جنگ کرو اور جس سے میں صلح کروں تم بھی صلح کرو ترجمہ جلاء العیون صفحہ ۲۶۶

یہی خطبہ فصول المہمہ اور نزہۃ المجالس بھی منقول ہے ۱۲

اس بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام نے تمام مسلمانوں کو معمولی طور سے اپنی خلافت کا مطیع ومنقاد نہیں بنایا تھا بلکہ ان کو اپنی اطاعت وفرمانبرداری کے معاہدہ پر قائم رہنے کے لئے ایسے شرائط قائم کئے تھے جس سے وہ تا وقتیکہ اپنے دین سے علیحدہ نہ ہو جائیں جدا نہیں ہوسکتے تھے اور حقیقت میں آپ کی وہ زرین تجویز بالکل ویسی ہی تھی جیسی آپ کے پدر عالی مقدار کی رائے اپنی خلافت کے وقت اس سے قبل ہو چکی تھی چنانچہ ہم اس کی پوری تفصیل اس سلسلہ کی جلد اول میں لکھ چکے ہیں۔

علامہ طبری کا بیان ہے کہ جس شخص نے جناب امام حسن علیہ السلام سے پہلے بیعت کی وہ سعد ابن عبادۃ الانصاری تھے طبری جلد چہارم ص ۶۰۱

سریر خلافت پر متمکن ہو کر جناب امام حسن علیہ السلام نے ضرورت کے مطابق اور نیز اس غرض سے کہ آپ کی خلافت وحکومت کا تمام میں اعلان ہو جائے عاملان اور والیان کو مقرر فرمایا اور بعض عاملوں کا تغیر وتبدل بھی عمل میں آیا اور عبداللہ ابن عباس کو جو اس وقت حاضر رکاب تھے بصرہ کی ولایت پر مامور فرما کر رخصت کیا

معاویہ کے معاملات کی ابتدا

امیر شام معاویہ ابن ابی سفیان جو دربار کوفہ کی کل کارروائیوں کو نہایت تعمق اور تحقیق کی نظروں سے دیکھا کرتا تھا اسیوقت سے امام حسن علیہ السلام کے امور کی برہم زنی اور بیخکنی پر دل وجان سے مستعد ہوئے سب سے پہلے جو اس نے اپنی مخالفانہ تدبیر کی وہ یہ تھی کہ اپنے دربار سے دو معتبر اور خیرخواہ آدمیوں کو جن کی دیانت اور امانت پر اسے کامل یقین تھا عراق کی طرف روانہ کیا اور ان کو سخت تاکیدوں کے ساتھ یہ ہدایت کر دی کہ تم وہاں اہل عراق سے بظاہر ملکر ان کے روزانہ اخبار وحالات ہم کو لکھا کرو تاکہ ہم کو ان کے تمام ضروری احوال پر روزانہ اطلاع ہوا کرے مگر حسن اتفاق سے معاویہ کا یہ جھوٹ نہ چلا اور یہ الکاراز سربستہ طشت از بام ہوگیا وہ دونوں جاسوس خاص دار الخلافت کوفہ میں پکڑے گئے اور جناب امام حسن علیہ السلام کے حکم سے قتل کئے گئے جلاء العیون ۲۹۶

ان دونوں جاسوسوں کے واقعہ کے بعد جناب امام حسن علیہ السلام نے معاویہ کو ایک خط لکھا جس کو ہم جلاء العیون کے ترجمہ سے ذیل میں لکھتے ہیں وہو ہذا

اے معاویہ تجھکو لازم ہے کہ تو مجھ سے بیعت کر لے اور اپنے فضل وکرامت واستحقاق خلافت کو بحجت ہائے شافی درج کیا اور لکھا کہ تو نے جاسوس بھیجے اور حیلہ سازی اور مکاری کی میرا گمان یہ ہے کہ تیرا ارادہ مجھ سے جنگ کرنے کا ہے اگر حقیقت میں تیرا ایسا ہی ارادہ ہے تو میں بھی موجود ہوں وبس

زمانہ کے بعض کوتاہ اندیش جنکو اسلامی واقعات پر کم عبور حاصل ہے وہ بغیر کسی تحقیق کے یہ کہنے کو موجود ہو جاتے ہیں کہ امام حسن علیہ السلام شجاع اور دلیر نہیں تھے اس لئے آپ نے اپنی خلافت کے معاملات

میں معاویہ کے مقابلے میں ابتدا ہی سے نرمی اور ملائمت کا اظہار کیا ہم خاصکر اس موقعہ پر انہیں حضرات کو مخاطب کرتے ہیں کہ وہ اپنی بصیرت کی آنکھوں سے جناب امام حسن علیہ السلام کی اس مختصر مگر پُر زور تحریر کو پڑھکر معاویہ کے معاملات میں آپ کی مردانہ آمادگی اور دلیرانہ مستعدی کو دیکھ لیں کہ آپ نے پہلے ہی خط و کتابت کے سلسلہ میں اپنی طرف سے کس قدر جرات و استقلال سے کام فرما کر معاویہ سے مقابل ہونے کا پورا پورا ارادہ ظاہر فرمایا ہے مگر اب جو موانع اس کے بعد یکے بعد دیگرے آپ کے معاملات میں پیش آتے گئے وہ صرف قلت اعوان و انصار اور ان کی طماع اور حریص طبیعتوں کی بدولت واقع ہوئے اور اس وقت امام حسن علیہ السلام کی پیچیدگیوں کی بھی وہی صورت تھی جو معرکہ صفین کے آخر میں امیر المومنین علیہ السلام کے اُمور میں مشکلیں ظاہر ہوئی تھیں گر جناب امام حسن علیہ السلام کو پورے طور سے وفادار جاں نثار ملتے تو اتنی نرمی کی شکایت بھی باقی نہیں رہتی۔

بہر حال معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کے جواب میں وہی ثقیل الفاظ اور وہی بے دلیل مضامین لکھ بھیجے جو وہ ہمیشہ دار الخلافت کوفہ کی خاص خط و کتابت کے لئے لکھا کرتے تھے اس جواب کے بھیجنے کے بعد وہ فوراً ایک گرانبار لشکر کے ساتھ شام سے کوفہ کی طرف متوجہ ہوا مگر اپنے چلنے سے پہلے اس نے وہی جوڑ توڑ کی ترکیبیں جاری کر دیں ہر چند کہ اس کے دو جاسوس گرفتار ہو کر اپنے نتیجہ کو پہنچ چکے تھے مگر تاہم اس نے اپنی تدبیروں کو اپنے حصول مطلب کے لئے پورے طور سے مفید سمجھکر پھر جاسوسوں کو کوفہ روانہ کیا اور عمرو ابن حریث و اشعث ابن قیس و شیث ابن ربعی وغیرہ کو جو اپنی خود غرضی اور طمع دنیاوی کی وجہ سے امام حسنؑ سے بظاہر بیعت کر چکے تھے ان دونوں جاسوسوں کی نسبت لکھا اور ان کو اپنے مواعید مختلفہ کا منتظر بنایا بلکہ ان وعدوں کی تفصیل میں یہ کھل کھلکر لکھ دیا کہ تم میں سے جو بدبخت امام حسنؑ کو قتل کرے گا اس کو ہم دو لاکھ دینار دیں گے اور اپنی بیٹیوں میں سے ایک بیٹی کا عقد بھی کر دیں گے اور ایک لشکر اسے شام سے اس کے تابع کر دیں گے (جلا العیون ص ۲۶۶)

امیر معاویہ تو ان جوڑ بندیوں میں ہمیشہ سے طاق تھے اور اسوقت تک ان کو حصول خلافت و امارت کی کوششوں میں جس قدر کامیابیاں ہوئی تھیں وہ انہیں ریشہ دوانیوں کی بدولت ابھی کے دن ہوئے تھے معاملات صفین میں عمرو عاص ایسے زیرک کو بوعدہ ہائے طول و طویل فلسطین کی دُور دراز مسافت سے کھینچ بلانا شرحبیل کو باوجود اتنے انکاروں کے اپنا بنا لینا مالک اشتر رضہ کے بیگناہ قتل میں جہان کش دہقان کو اپنے دام فریب میں لانا پھر معاملات مصر میں سعد ابن عبادہ کی شکائتوں میں اہل مصر کی طرف سے جعلی خط بھجوانا اور اہل عراق میں اُس کا اعلان کرانا بہ تلبیس کتاب اللہ انیث اور پتھروں کا جزدانوں میں بھر کر نیزوں پر اٹھوانا وغیرہ وغیرہ اس کی فتنہ پردازی اور جعلسازی کے ایسے کھلے واقعات ہیں جو دنیا کے پیش نظر ہیں پھر ایسے ناقص اور بودے دبے عقل سے اپنے دوسرے مقابل کے خلاف میں جو جو تدبیریں ظاہر

ہوئیں اور جو جو تجویزیں نہ واقع کی جائیں وہ امکان سے خارج نہیں سمجھی جا سکتی ہیں۔

بہر حال امام حسن علیہ السلام معاویہ کو آمادۂ پیکار پا کر کامل طور سے مستعد اور طیار ہو گئے اور اُمور خلافت کے ضروری اُمور سے فراغت فرما کر معاویہ کے معاملات کی طرف متوجہ ہوئے کیونکہ امام حسن علیہ السلام کو عام اس سے کہ معاویہ کی کسی لشکر کشی کی خبر پہنچے یا نہیں یا اس کی طرف سے اعلان جنگ کیا جاوے یا نہیں یہ امر کامل طور سے متیقن تھا کہ ہم کو اپنے اس لاگو دشمن سے ایک نہ ایک دن ضرور دست بہ شمشیر ہونا ہے

امام حسن علیہ السلام کی تخت نشینی کے تھوڑے ہی دنوں کے بعد عراق کی طرف معاویہ کے لشکر کی حرکت محسوس ہوئی تو جناب امام حسنؑ نے انہیں لوگوں کی موجودہ جماعت کو جو ظاہر میں تو موافق تھی اور باطن میں مخالف ایک دن جمع فرما کر ارشاد کیا کہ میں تم کو معاویہ سے جہاد کرنے کا حکم دیتا ہوں اس تمام مجمع میں آپ کی یہ تقریر سُنکر ایسی سرد نفسی پھیل گئی کہ کسی شخص نے زبان شمشیر کیا لب تقریر تک نہ کھولے اور جو جہاں بیٹھا تھا وہ چُپ چاپ گردن جُھکائے بیٹھا تھا اس میں تو شک نہیں کہ یہ مجمع کا مجمع معاویہ کے دام تزویر کے نیچے آ چکا تھا مگر ابھی ان میں دو چار ایسے خالص الایمان سرفروش بھی باقی تھے جو اپنی وفاداری اور جان نثاری کے اظہار سے اس موقع پہ انکار نہ کر سکے اور ایکبار ان میں سے موجودہ سکوت کے عالم کو عدی ابن حاتم الطائی کی پُر جوش تقریر نے توڑ دیا یہ اپنے مقام سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور مجمع کو مخاطب کر کے کہا سبحان اللہ بحمدہٖ تم لوگ کیسے نالائق ہو کہ فرزند رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم جہاد کا حکم کرتا ہے اور تم قبول نہیں کرتے کیا ہوئے تمہارے شجاع آیا تم لوگ قہر خدا سے نہیں ڈرتے اور ننگ و عار سے پرہیز نہیں کرتے یہ سُنکر ایک گروہ نے عدی کا ساتھ دیا امام حسن علیہ السلام نے اس گروہ سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا کہ اگر تم سچ کہتے ہو تو میرے لشکر گاہ میں جمع ہو حالانکہ مجھے معلوم ہے کہ تم اپنے قول پر وفا نہ کرو گے جس طرح سے تم نے اس سے وفا نہ کی جو مجھ سے بہتر تھا اور میں اس وقت تم پر کیسے اعتماد کروں حالانکہ میں نے خود دیکھا ہے جو کچھ تم نے میرے پدر بزرگوار کے ہمراہ سلوک کیا یہ کہکر منبر سے نیچے اُترے اور سوار ہو کر لشکر گاہ کی طرف تشریف لیگئے جب وہاں پہنچے تو دیکھا کہ جن لوگوں نے اظہار اطاعت کیا تھا ان میں سے اکثر موقع پر حاضر نہیں تھے جلا العیون ص ۲۶۶

وفاداری اور جان نثاری تو یہیں سے ثابت ہو گئی کہ ایسے جانباز اور سرفروش سپاہیوں کی بھرتی جس فوج میں ہو گی ایسی نامعتبر اور عہد شکن فوج جس فرمانروا کی ماتحتی میں ہو گی تو اس کی کامیابی کی کیا اُمید ہو سکتی ہے جناب امام حسن علیہ السلام نے انہیں کی ذلت اور اتمام حجت کے لحاظ سے اور اپنی برأت اور استقلال و ہمت ثابت کرنے کے لئے لشکر کشی کا پورا سامان کیا اور اپنی طرف سے معاویہ کے مقابلے میں پوری مستعدی اور استقلال ظاہر فرمایا اور نہایت اطمینان سے اس عہد شکن قوم کو بے اعتبار اور نامعتبر قرار دیکر انکو آئندہ واقعات

یقولون السنتہم ولیس فی قلوبہم کا مصداق ثابت فرمایا۔

بہرحال امام حسن علیہ السلام کے لشکر کی تعداد عموماً بارہ ہزار بتلائی جاتی ہے مگر یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ یہ بارہ ہزار کی جمعیت انہیں لوگوں کی تھی جن کے نام تو فرزند امیرالمومنین علیہ السلام کے لشکر میں درج تھے مگر ان کے قلوب اور ان کی آنکھیں ہر دم ہر لحظہ معاویہ کے خوان نعمت اور الوان مرحمت کی طرف لگی ہوئی تھیں مگر جناب امام حسن علیہ السلام نے اسی اصول کی بنا پر جس کو ہم ابھی ابھی اوپر لکھ آئے ہیں ان ظاہرنما اعوان و انصار پر فی الحال اعتبار کیا اور انہیں سے معاویہ کے مقابلہ کا قصد فرمایا اور اپنی موجودہ فوج کی اس طرح ترتیب دی کہ قبیلہ کندہ میں سے ایک شخص کو چار ہزار آدمیوں کی جمعیت کے ہمراہ معاویہ کے مقابلہ میں بھیجا اور حکم دیا کہ تم مقام انبار تک پہنچکر میرے حکم کا انتظار کرنا میں بھی انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد اپنا حکمنامہ تمہاری آئندہ کارروائیوں کے لئے بھیجتا ہوں۔

جب اہل عراق کی یہ جماعت شہر انبار میں پہنچی اور ان کے آنے کی خبر معاویہ کو معلوم ہوئی تو اسنے اپنا ایک معتمد قاصد پانچ سو درہم کے ہمراہ اس فوج کے افسر کے پاس بھیجا جو قبیلۂ کندہ سے تھا اور اپنے خط میں یہ مندرج کیا کہ اگر تو ہم سے ملجائے گا تو ہم شہر شام کی مختلف ولایتوں میں سے کسی شہر کی ولایت تیرے نام لکھ دیں گے اس ضعیف الایمان نے جب معاویہ کے اشفاق کو اپنے حالات پر ایسا متوجہ پایا تو اسنے معاویہ کی درخواست کو قبول کرلیا اور شہر انبار سے اٹھکر شہر شام میں جا لگا اور اپنے ساتھ عزیز و اقارب کو جو تعداد میں دو سو نفر سے زائد تھے لیتا گیا۔

جب اس کے انحراف کی خبر دربار خلافت میں پہنچی تو جناب امام حسن علیہ السلام نے اسیوقت اپنے ہمراہیوں کو جمع فرمایا اور ایک طولانی خطبہ میں اس مرد کندی کی منافقانہ حرکات اور مخالفانہ حالات کی پوری تفصیل فرماکر ارشاد کیا کہ میں نے چند بار تمہاری عہد شکن طبیعتوں کی شکایت تمہارے سامنے کی ہے اور تمہارے منہ پر صاف کہہ چکا ہوں کہ تمہارے وعدوں کے لئے وفا کی ضرورت اور تمہارے افعال و اقوال کے لئے حیا کی حاجت نہیں ہے تم سب محض دنیا کے بندے ہو دیکھو اب پھر میں تمہارے ہی سامنے تمہیں لوگوں میں سے وفاداری اور جاں نثاری کے ویسے ہی عہد و پیمان لیکر پھر ایک دوسرے شخص کو مخالف کے مقابل بھیجتا ہوں اور اس کے ساتھ بھی مجھکو کامل یقین ہے کہ یہ بھی ویسا ہی کرے گا جیسا اس سے پہلے اس کے بھائی کندی نے

یہ فرماکر جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنا خطبہ ختم کیا اور منبر سے نیچے تشریف لائے۔

اہل عراق باوجودیکہ اپنے حرکات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے اور جناب امام حسن علیہ السلام کے کلام صداقت التیام کو بھی سنتے تھے مگر انکی طبیعتوں کے نقص ایسے کیا تھے کہ اتنی تنبیہ اور ہدایت انکے مخالفانہ حرکات اور منافقانہ خیالات کی درستی کے لئے تازیانہ کا کام کرتی وہ چپ چاپ سنتے تھے جو فرمایا گیا سنے گئے امام حسن علیہ السلام نے پھر قبیلۂ مراد میں سے ایک شخص کو جسپر تمام اہل عراق کو پورا اعتبار تھا ویسی ہی

چار ہزار جمعیت کے ہمراہ روانہ کیا جب یہ شہر انبار میں پہنچے جہاں تک امیر شام کا لشکر پہنچ چکا تھا اور فی الحال جانبین کا لشکرگاہ تھا معاویہ نے ان کے پہنچنے پر بھی ان کے ساتھ وہی چالیں چلیں اثر کیا منحصر ہے یا انسے جو پہلے تھے ان پر کیا موقوف تھا فطرت نے اہل عراق کی طبیعتوں کو عام طور سے ایک ہی سانچہ میں ڈھالا تھا یہ حضرت بھی پہنچتے ہی معاویہ کی سازش میں آگئے اور پانچ ہزار کے توڑے قبول کرکے اور تفویض امارت اور ولایت کی آئندہ امیدیں لگا کر امیر شام کی خدمت میں جا پہنچے۔

دو ہی ایک روز میں ان کی خبر بھی لشکر عراق میں مشہور ہوگئی امام حسن علیہ السلام نے پھر اسیطرح اہل عراق کے حاضرین کو جمع فرمایا اور ایک طولانی خطبہ میں خدائے تبارک وتعالےٰ کی حمد اور جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعت کے بعد ارشاد فرمایا کہ میں نے چند بار مکرر اور باصرار تام تم سے کہدیا ہے کہ تم لوگوں میں وفاداری مطلق نہیں دیکھو آخر کار اس مرد مرادی نے بھی وہی کیا جو اس مرد کندی نے کیا تھا اور میں نے دونوں کی نسبت تم سے پہلے ہی کہدیا تھا اور ویسا ہی معرض ظہور میں بھی آیا۔

بہرحال امام حسن مجتبےٰ علیہ التحیۃ والثنا کو اہل عراق کی طرف سے روز بروز کیا آنًا فآنًا یاس ہوتی چلی جاتی تھی لشکر کی موجودہ جمعیت میں جیسے بزدل غیر مستقل بے وفا اور پیمان شکن لوگوں کی بھرتی تھی وہ ظاہر تھی ان سے جیسی جیسی مخالفانہ حرکتیں ظاہر ہو رہی تھیں وہ کبھی پوشیدہ نہیں تھیں اگرچہ امام حسن علیہ السلام ان امور کو پے در پے برأ العین مشاہدہ فرماتے جاتے تھے مگر تاہم اپنے استقلال اور پائداری کی وجہ سے ان کے معاملات میں اب تک خاموشی اور چشم پوشی سے کام لیتے تھے اور اسیطرح اہل عراق کی ہمراہی جماعت میں ایک کے بعد دوسرے کی امانت و دیانت ارادت و عقیدت کا امتحان فرماتے جاتے تھے اور ان کے نتائج کو یکے بعد دیگرے عام نگاہوں میں دکھلاتے جاتے تھے۔

بہرحال جب اس نامراد مرادی کے ارتداد کی کیفیت سنی گئی اور علی التواتر دو تین واقعات ایسے ظہور میں آئے گئے تو اس مرتبہ بھی جناب امام حسن علیہ السلام نے ویسی ہی تقریر فرمائی اور ان کی مخالفانہ حرکات پر انکو متنبہ فرمایا اور اب کی بار اپنی تمام ہمراہی جمعیت کو جو تعداد میں بارہ ہزار آدمی تھے قیس بن سعد ابن عبادہ اور عبداللہ ابن عباس کی ماتحتی میں دے کر دیر عبدالرحمٰن کے مقام سے معاویہ کے مقابلے میں بھیجا ان دونوں حضرات سے بھی اپنے فرائض منصبی کی تعمیل کے لئے ویسی ہی ہدایت فرمائی یہ حضرات تمام اہل عراق کیا تمام بلاد عرب اور تمام سواد اسلام میں ایسے معروف معتبر اور موقر تھے جنپر بھولکر کسی مظنہ شک اور خدشہ کا خیال گذرنا گستاخی تھا خصوصًا حضرت عبداللہ ابن عباس کے فضل ومراتب میں کسی مسلمان کو عذر ہوگا امام حسن علیہ السلام کی مقدس صحبت میں بھی معدودے چند حضرات اپنے محاسن کے اعتبار سے اعتبار و یقین کے قابل سمجھے جاتے تھے اس لئے امام حسن علیہ السلام نے اپنی آخری کوششوں میں اپنے سارے مطالب و مقاصد کو ان کی دیانت اور امانت کے سپرد فرمایا جناب عبداللہ ابن عباس سے چلتے

وقت یہ کہدیا تھا کہ اگر اتفاق سے قیس بن سعد بیمار ہو جائے اور کسی باعث سے اپنے کار منصبی کو انجام دے سکے تو اس کی جگہ اس کا لڑکا سعید ابن قیس اس کے عہدے کا کام کرے اور عبد اللہ ابن عباس سے یہ بھی تاکید فرمادیگئی تھی کہ وہ اپنی تمام ضرورتوں میں قیس ابن سعد اور سعید ابن قیس کے صلاح و مشورہ پر عمل کریں اور ان دونوں افسروں کو ہر وقت اپنا ہمدرد بہی خواہ اور مستشار موتمن سمجھیں۔

عبد اللہ ابن عباس کو روانہ فرما کر جناب امام حسن المجتبےٰ علیہ التحیۃ والثناء نے بھی اپنی باقیماندہ جمعیت کے ساتھ مدائن کی طرف کوچ فرمایا ہمراہی وہی سپاہی ہیں جن کی مخالفت کی مثالیں ہمارے سلسلۂ بیان میں برابر بیان ہوئی ہیں نہ ان میں سے کسی کے قول و اقرار کا اعتبار ہے نہ عہد و پیمان کا اعتماد وہ دین و دُنیا میں کسی کنارے نہیں حرص خود غرضی اور نفسانیت کے ناپیداکنار دریا میں غوطہ کھارہے ہیں۔

بہرحال امام حسن علیہ السلام کا باقاعدہ لشکر جو عبد اللہ ابن عباس اور قیس ابن سعد ابن عبادہ کی ماتحتی میں پہلے روانہ ہوا تھا جب اہل شام کی فرودگاہ سے قریب پہنچ گیا تو امیر شام نے حضرت عبد اللہ ابن عباس کے پاس ایک قاصد دو ہزار دینار کے ہمراہ روانہ کیا اور یہ کہلا بھیجا کہ نصف رقم تو اس وقت حاضر ہے بقیہ جب آپ آئیں گے پیشکش کی جائے گی پیچھے قاصد کے پہنچتے ہی انکے پائے ارادت میں بھی لغزش آگئی اور یہ اسی دن رات کو روپوش ہوکر معاویہ کے پاس چلے گئے۔

جب صبح ہوئی اور سعد ابن عبادہ کو اس واقعہ کی پوری اطلاع ہوئی تو اس نے صبح کی نماز اپنے بیٹے قیس ابن سعد بن عبادہ کے ساتھ پڑھکر لشکر کے تمام لوگوں کو جمع کیا اور کہا کہ اگر عبد اللہ ابن عباس سے خیانت ظاہر ہوئی تو یہ ضرور نہیں ہے کہ تم بھی خیانت کرو خدا اور رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غضب سے ڈرو اور دشمنان خدا سے جنگ کرو اس وقت تو ان لوگوں نے ظاہری طور پر ہاں میں ہاں ملادی مگر پھر یہ دستور رہا کہ روز دو چار چھپ چھپ کر اہل اسلام کے لشکر سے جاملتے تھے جلاء العیون ص ۲۶۸

تاریخ طبری میں بھی عبد اللہ ابن عباس کے اختلاف کی کیفیت لکھی ہے مگر ایک دوسرے طریق پر ان کی عبارت یہ ہے "وعبد اللہ ابن عباس نامہ کرد نزد معاویہ تا آں کہ زود تر نزد او بشود بر آں شرط کہ شما از بیت المال بصرہ از او نخواہید معاویہ اجابت کرد عبد اللہ بشام رفت با آں خواستہ کہ داشت و از آں جا بمکہ رفت"

تاریخ طبری جلد چہارم ص ۶۰۲

بہرحال عجب زمانہ تھا اور زمانہ کے عجیب لوگ جس طرح زمانہ آنا فانا رنگ بدلتا جاتا ہے اسیطرح یہ عہد شکن اور بے وفا طبیعت کے لوگ عبد اللہ ابن عباس کے واقعہ کی نسبت سوائے اس کے کہ دوست پھر جائیں تو دشمن کی شکایت کیا ہے اور کیا لکھا جا چکا ہے فاعتبروا یا اولی الابصار

اب ہم اپنے سلسلۂ بیان میں حضرت امام حسن علیہ السلام کے ہمراہیوں کے حالات اور انکی شدت مخالفت کے واقعات لکھتے ہیں ان معاملات کو آنکھوں سے ملاحظہ فرما کر امام حسن علیہ السلام کو اگر کچھ اُمید ابھی تک اہل عراق

سے بھی وہ بھی اب جاتی رہی خصوصاً حضرت عبداللہ ابن عباس کے معاملات کو دیکھکر اپنے ہمراہیوں کی ضعیف الاعتقادی اور خیانت کی طرف سے خدشہ تو لگا ہی ہوا تھا اب اس کے ساتھ ہی آپ کو اپنی عزیز جان کی حفاظت بھی ضروری ہوگئی مگر چونکہ سفر درپیش تھا اس وجہ سے شہر مدائن کے پہنچنے تک اس امر کو پوشیدہ رکھا اور مصلحت خاص کی وجہ سے ان تمام غیر اطمینانی اور پریشانیوں پر تحمل فرمایا مگر اتنے تحمل اور اتنے صبر اور ضبط سے کام لئے جانے کے بعد بھی اہل عراق کی سرکشی اور مخالفت میں کوئی فرق آیا ہو ہرگز نہیں بلکہ بالعوض اس کے جب شہر مدائن میں امام حسن علیہ السلام پہنچ لئے تو ان کی منافقانہ اور مخالفانہ حرکات و سکنات میں اور ترقی ہوگئی اخیر جناب امام حسن علیہ السلام نے ان کے معاملات کو بالکلیہ ہاتھوں سے جاتا ہوا دیکھکر اور اپنی عزیز جان کو شبانہ روز ان دشمنوں میں گرفتار دیکھکر پھر ان کو ایک مجمع میں اکٹھا فرمایا اور ذیل کا خطبہ پڑھا۔

بعد حمد و نعت کے ارشاد کیا ایہا الناس میں امید رکھتا ہوں کہ خلق خدا پر میں خیرخواہ ترین مردم ہوں اور کسی مرد مسلمان کی طرف سے میرے دل میں کینہ نہیں ہے اور کسی کی طرف سے میرے دل میں بدی کا ارادہ نہیں ہے اور میں مسلمانوں کی جمعیت ان کے پراگندہ ہونے سے کہیں بہتر سمجھتا ہوں اور جو صلاح تم اپنے حق میں بہتر سمجھتے ہو اس سے زیادہ میں بہتر جانتا ہوں پس تم کو لازم ہے کہ میرے حکم کی مخالفت نکرو اور میری رائے کو اپنے حق میں رد نکرو امید ہے کہ حق سبحانہ تعالےٰ مجھے اور تمہیں بخش دے اور مجھے اور تمہیں جس میں اس کی محبت اور خوشنودی ہے ہدایت فرمائے جلا العیون ص ۲۶۸

اس کلام صداقت التیام کے سنتے ہی ان کے باغیانہ خیالوں پر اور تازیانہ ہوا اور وہ تمام مجمع کا مجمع ایک دوسرے پر اپنی غائر نظر ڈالنے لگا وہ پست ہمت اور بزدل اس تاک میں تو لگے ہی تھے کہ کوئی موقعہ ہمیں ایسا ہاتھ لگے کہ ہم جھوٹا سچا الزام آپ پر لگا کر اور اپنی برأت دکھلا کر لشکرگاہ شام کا چلتا رستہ لیں ان میں سے ہر شخص یہ کہنے لگا کہ آپ کے اس کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو معاویہ سے صلح منظور ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ منصب خلافت معاویہ کو دیدیں یہ خیال کر کے ہر شخص اپنی جگہ سے اٹھا اور عیاذاً باللہ کہنے لگا کفر الحسن علیہ السلام کما کفر ابیہ من قبلہ

پھر کیا تھا وہ دائرۂ اسلام سے خارج اور لقمۂ ایمان سے باہر ہو کر مفسدہ نہروان کی طرح کھلے کھلے خارجی ہوگئے تمام لشکرگاہ میں ایک بلوۂ عظیم اور شورش شدید پیدا ہوگئی ان کے پوشیدہ فتنہ و فساد کی شورش یہاں تک پہنچی کہ ان میں سے بعض گمراہوں نے آپ کے ذاتی اسباب کو غارت کر دیا اور ردا دوش مبارک سے اتار لی اور وہ مصلےٰ جس پر آپ نماز پڑھ رہے تھے کھینچ لیا ان کی ایسی گستاخیوں اور ایسی ایذا رسانیوں کے اظہار پر بھی امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق اور صبر و تحمل نے سوائے کلمہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کے ان کے جواب میں اور کچھ بھی نہ کہا۔

جلا العیون ص ۲۶۸ روضۃ الصفا جلد چہارم ص ۵

بہر حال جب اہل عراق کے تمام منافقانہ احوال ان کے آخیر نتائج تک پہنچ گئے اور جو جو مفسدے برائیاں اور بغاوتیں ان کے دلوں میں پوشیدہ تھیں ظاہر ہو کر تمام خلائق کے پیش نظر ہو گئیں تو جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنے مخصوص اصحاب کے ہمراہ جن کی تعداد اکثر تاریخوں میں نو سو آدمیوں کی پائی جاتی ہے اور جن میں بروایت فریقین زیادہ تر قبیلہ ربیعہ و قبیلہ ہمدان کے لوگ تھے کوشک سفید کی طرف مراجعت فرمائی۔

کوشک سفید مدائن کی اس عمارت کا نام ہے جس کی بنا اکاسرہ فارس میں سلسلۂ ساسانیہ نے ڈالی تھی اور شاید وہی نوشیرواں کے رہنے کا محل تھا خارجیوں کی شورش اس درجہ تک پہنچی تھی کہ صرف لشکرگاہ مدائن سے کوشک سفید تک جانے میں جس کو اکثر عربی مورخین ساباط مدائن کہتے ہیں ایک خارجی نے جس کا نام جراح ابن قبیضہ اسودی تھا عین راہ پر سواری کی حالت میں جناب امام حسن علیہ السلام کی ران پر خنجر کا کاری زخم لگایا جلا العیون ص ۲۶۸ طبری جلد چہارم ص ۵۔

جناب امام حسن علیہ السلام کے شیعیان اور موالیان نے جو اس وقت رکاب میں حاضر تھے یہ دیکھکر اس موذی کا فوراً تعاقب کیا اور اسکو پکڑکر قتل کر ڈالا جراح کی گرفتاری کی نسبت صاحب روضۃ الصفا نے لکھا ہے کہ عبداللہ ابن حنظل اور عبداللہ ابن طیان نے اسکو گرفتار کیا اور انہیں دونوں نے اس کو قتل بھی کیا۔

مگر مورخین اہلسنت نے اس کی گرفتاری اور اس کے قتل کو حضرت ابی الفضل عباس ابن علیؑ ابن ابیطالب علیہ السلام کے محاسن خدمات کے متعلق بتلایا ہے۔

بہر حال جناب امام حسن علیہ السلام شدت زخم کی وجہ سے کچھ ایسے مضمحل ہو گئے تھے کہ اپنی فرودگاہ کی مسافت کو طے نہ کر سکے یہ دیکھکر ہمراہیوں نے گھوڑے سے اتار کر عماری میں بٹھلایا اور وہاں سے لاکر سعد ابن ابی عبادہ ثقفی کے گھر اتار دیا سعد ابن ابی عبیدہ مختار کے چچا تھے اور علاقہ مدائن پر خلافت کی طرف سے عہدۂ ولایت پر ممتاز تھے سعد اپنے مقتدا اور اپنے امام زماں کی خدمت کو اپنے لئے دینی اور دُنیاوی سعادت کا ذخیرہ سمجھکر نہایت جاں نثاری اور وفا شعاری سے آپ کی خدمتگذاری کرنے لگا ہوشیار خیرخواہوں سے زخم کا معالجہ شروع ہوا اور اس کے اندمال پانے اور جلد اچھے ہو جانے کے لئے علمی ترکیبیں عمل میں لائی جانے لگیں۔

موجودہ زمانے میں جناب امام حسن علیہ السلام کو خلافت کے متعلق کسی قسم کی اطلاع نہیں ہوتی تھی اور تاوقتیکہ شفائے کامل نہ ہو لے اب خود بھی ان اُمور کی طرف متوجہ ہونا نہیں چاہتے تھے بہر حال امام حسن علیہ السلام اپنے مخصوصین اقارب و انصار کے ہمراہ سعد کے گھر میں مقیم رہے اور وہ وفادار اور جاں نثار صحابہ کی جماعت بھی جو گروہ خارجی کے نکل جانے کے بعد بچ رہے تھے مدائن میں مقیم رہے اور عیادت اور دیگر ضرورتوں سے وقتاً برابر خدمت میں حاضر ہوتے تھے انہیں ایام کے واقعات میں ایک واقعہ امیر مختار رح کی نسبت قریب قریب تمام تاریخوں میں درج ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک دن مختار اپنے چچا سعد رح کے پاس گئے

آئے اور کہنے لگے کہ چچا چلو ہم تم جناب امام حسن علیہ السلام کو لے کر معاویہ کو دیدیں اور اس سے اپنے اس کام کے صلے میں معاویہ سے ولایت عراق کا عہدہ لے لیں سعد نے جواب دیا تیرا برا ہو یہ کیسی بری تجویز ہے امام حسن علیہ السلام اور اُن کے پدر عالی مقدار کی طرف سے میں مدائن کا والی ہوں ان کا حق نعمت فراموش کروں اور فرزند رسول خدا کو بدست معاویہ گرفتار کرا دوں جب شیعیان امام حسن علیہ السلام نے مختار کی ایسی رائے سنی تو ان کا قصد ہوا کہ مختار کو قتل کر دیں مگر بسبب سعد کے خیال اور اس کی سفارش کی وجہ سے اس کی تقصیر سے درگذرے تاریخ طبری ص ۶۰۲ تاریخ روضۃ الصفا جلد سوم جلاء العیون ص ۲۶۸

اس میں شک نہیں کہ ایسا ارادہ اور کھلے کھلے بغاوت کا قصد جس سے پورا پورا اختلاف وانحراف مختار کی نسبت پایۂ ثبوت تک پہنچتا ہے مگر جب مختار کے دیگر خلوص اور عقیدت کے دوسرے واقعات پر جو ان کو اہلبیت علیہم السلام اور ان کے حقوق کے ساتھ حاصل تھے نظر ڈالتے ہیں تو سخت اضطراب و استعجاب کا باعث ہوتا ہے اگرچہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے جلاء العیون میں اس واقعہ کو لکھکر اس کی کوئی تردید و تنقید نہیں فرمائی ہے مگر جلد عاشر بحار الانوار میں جہاں مختار کا پورا حال تحریر فرمایا ہے وہاں کہیں اس واقعہ کا ذکر نہیں فرمایا اور جو کچھ مختار کی نسبت اپنے تمام اخبار و آثار نقل فرمائے ہیں وہ مختار کے محاسن کا انتظار کرتے ہیں نہ معایب و مناقص کا۔

کتاب نور الابصار فی اخذ الثار مطبوعہ لکھنو صفحہ ۹ میں جناب مرحوم مجتہد العصر والزمان جناب سید ابراہیم صاحب اعلی اللہ مقامہ نے اس واقعہ کی تردید و تنقید فرمائی ہے جناب مرحوم کی اصل عبارت ذیل میں بجنسہ نقل ہوتی ہے وھو ہذا

گفتہ اند ہرگاہ امام حسن علیہ السلام را در نواحی مدائن زخم زدند و او در قصر الابیض فرود آمد مختار کہ بعد از قتل پدر ملازمت عم خویش سعد ابن مسعود می نمود باوے گفت کہ صلاح آنست کہ امام حسن علیہ السلام را گرفتہ بمعاویہ سپاری عم او گفت لعنت بر تو باد کہ مرا ترغیب می کنی کہ فرزند پیغمبر آخر الزمان صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم را بدست دشمنان سپارم و چوں شیعہ زخم امیر المومنین حسن علیہ السلام را نیز بہ انگیز مختار می دانستند خواستند کہ او را بکشند مختار از بیم جان گریختہ بکوفہ رفت و شیعہ عقب ہر نماز بروے لعنت می کردند و چوں مسلم ابن عقیل علیہ السلام را بجہت اخذ بیعت امیر المومنین حسین علیہ السلام بکوفہ آمد مختار نزد او در منزل خود فرود آوردہ بوظائف خدمتگاری قیام می نمود تا آں بدنامی بروے نماند و شیعہ ازیں معنی وقوف یافتہ بعذر خواہی او مشغول گشتند کہ ظن ما در بارۂ تو خطا بود و نیز شیخ جلیل عبد الجلیل رازی قزوینی در کتاب نقض الفضائح مجیباً عن ذالک فرمودہ کہ آں سخن را کہ صاحب روضۃ الصفا در باب مختار بلا اتصال کردہ ناقلان آثار خوب نفہمیدہ اند نسبت چنیں امرے بمختار کشید کہ امیر المومنین علیہ السلام در روزگار طفولیت او دعا کردہ باشد و ثنا گفتہ و نصرت وعدہ دادہ و بصحت قول آں معصوم صدہا خارجی و

باغی را از اعدائے آل مصطفےٰ سلام اللہ علیہم کشتہ باشد در رخت سعادت بہ جنت بردہ بلکہ مختصر قصہ او با عم خود در باب حضرت امام حسن علیہ السلام چنین بود کہ چوں امام معصوم بنزدیک سعد کہ عم مختار و از قبل معاویہ والئے موصل بود بموصل در آمد مختار از صفائی عقیدہ خود و نور مودت بر حضرت امام حسنؑ بترسید کہ مبادا عمم جہت خاطر معاویہ آسیبے باو رساند لاجرم گریاں و غمناک پیش شریک اعور حارثی شیعی آمد و گفت می ترسم کہ عمم بدیں امام بزرگوار کہ قبلۂ متقیان و امام مومنان و وارث علم انبیا و اوصیا است آسیبے رساند رائے تو دریں اندیشہ چیست شریک اعور رحمۃ اللہ علیہ کہ از عقلائے روزگار و زیرکان دنیا و کارشناسان جہاں بود گفت اے فرزند رائے من دریں کار آنست کہ تنہا در خلوت پیش عمت روی و گوئی کہ امام حسن علیہ السلام را اگر ہلاک کنیم ما را پیش معاویہ سبب قدر و جاہ خواہد بود و در بسط ملک ما خواہد افزود اگر عمت با او عذرے در دل دارد و از بیم آنکہ اعتقاد ترا در حق آل علی علیہ السلام میداند اظہار نمی تواند کرد ظاہر خواہد ساخت آنگاہ چوں خیانت او ما را معلوم مے شود چارہ بسازیم آنحضرت علیہ السلام را بطرفے بیروں بریم مختار بیامد و آن سخن را در سر با عمش گفت عمش نیز چوں معتقد خاندان نبوت بود جواب چناں داد کہ مورخاں نقل کردہ اند مختار ایمن گشت و مطمئن القلب شد و ازیں معنی بر مختار حیلہ و عارے نبود بلکہ آنچہ در آں باب با عم خود گفت از غایت محبت و فرط اخلاص و صفائی اعتقاد بود۔

نقض الفضائح کی تقلیدانہ عبارت دیکھکر ہم اس موقعہ پر کہہ سکتے ہیں کہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے جلاء العیون میں اس واقعہ کو روایت عامہ کے اعتبار سے لکھدیا ہے کیونکہ بحار الانوار میں جو جلاء العیون کے بعد کی تالیف ہے اور بہت بڑی کامل اور بسیط کتاب اٹھارہ جلد و نیز تام ہے اس واقعہ کا نہ ہونا اس کے ضعف اور غیر معتبر ہونے کی کافی دلیل ہے جلد عاشر بحار الانوار میں علامہ علیہ الرحمہ نے امیر مختار رح کے معاملات میں پوری رائے ظاہر فرمائی ہے اس کے علاوہ اپنے استاد اعلی اللہ مقامہ کا ایک خاص رسالہ جو انہوں نے مختار کے حالات میں لکھا ہے پورا پورا نقل فرما دیا ہے چنانچہ بحار الانوار کی دسویں جلد کے ترجمہ کے ساتھ اس رسالہ کا بھی اردو میں ترجمہ ہو کے لکھنؤ کے مطبع اثنا عشری میں چھپ گیا ہے۔

چونکہ مجھکو مختار ابن ابوعبیدہ ثقفی کے حالات کی تحقیق سے اس وقت کوئی خاص ضرورت نہیں ہے اس لئے میں ان کے بارے میں اس مقام پر اس سے زیادہ نہیں لکھ سکتا کہ مختار کے نتائج کے اچھے ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے جناب سید الشہداء علیہ التحیۃ والثنا کے طلب انتقام کی صورتوں میں جو جو کارنمایاں ان سے معرض ظہور میں آئے اور ان کے شقی ترین قاتلوں اور ظالموں کے سزا کے معاملات میں جو کوششیں اور زحمتیں انہوں نے اٹھائیں وہ بقیہ خاندان رسالت کی دلی فرحت اور قلبی مسرت کی بہت کچھ باعث ہوئیں اور یہی ایک امر ان کے سعید دارین ثابت کرنے کے لئے پورے طور سے کافی ہے۔

بہرحال ہم پھر اپنے قدیم سلسلہ بیان پر آجاتے ہیں اہل عراق کی جمعیت جو دار الخلافۃ کوفہ سے یہاں تک

امام حسن علیہ السلام کے ہمراہ آئی تھی جیسا ہم اوپر لکھ چکے ہیں منتشر ہوگئی اور ان میں سے صرف نو سو آدمی جناب امام حسن علیہ السلام کی متابعت میں مستقل اور مستحکم رہے باقی لوگ دو جماعتوں میں تقسیم ہوگئے ایک تو وہ جو علانیہ خارجی ہوکر ادہر اودہر منتشر ہوگئے دوسرے وہ لوگ جو لشکر عراق سے علیحدہ ہوکر معاویہ سے مل گئے اس میں شک نہیں کہ اس تقسیم اور تفرقہ کے باعث حضرت عبداللہ ابن عباس کی امام حسنؑ سے علیحدگی اور معاویہ سے موافقت تھی امام حسن علیہ السلام نے زخمی ہوکر خانہ نشینی اختیار فرمائی ادہر ان بزدل اور پست ہمتوں نے کھلے خزانے اپنی مخالفت دکھانی شروع کردی علانیہ معاویہ کے پاس خط لکھے اور اپنی طرف سے اسکو منّت و ساجت لکھ بھیجی ان کارروائیوں نے معاویہ کو امام حسن علیہ السلام کے معاملات کی برہم زنی اور بیخکنی میں اس قدر قوی اور جری بنا دیا کہ اسنے ان تمام کارروائیوں کی اطلاع علانیہ کردی جنکو وہ آجتک چھپائے ہوئے تھے۔

صاحب جلاء العیون کا بیان ہے کہ ان واقعات کو معلوم کرکے معاویہ نے ایک نامہ حضرت امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں لکھا اور اس میں ان لوگوں کے نام بھی لکھدیئے اور انکی فہرست بھیجدی جن لوگوں نے اسکو لکھا تھا اور اپنی طرف سے اظہار اطاعت کیا تھا اور خط کے آخری حصے میں مشورۃً یہ بھی لکھدیا کہ تمہارے ان اصحاب نے تمہارے باپ کے ساتھ موافقت نہیں کی تو تم سے کیا موافقت کریں گے جلاء العیون ص ۲۶۹

معاویہ نے شہر انبار میں پہنچکر عبداللہ ابن عامر کو خاص مدائن کی طرف بھیجا اور وہ خود انبار میں قیس بن سعد ابن عبادہ امام حسن علیہ السلام کے فرستادہ کو روکے رہا عبداللہ ابن عامر نے مدائن میں پہنچکر شہر کا محاصرہ کیا اور علے الاعلان کہا کہ میں معاویہ کے لشکر کا مقدمہ ہوں اور معاویہ ایک لشکر گرانبار کے ساتھ عقب سے آرہا ہے وہ اس جمعیت کثیر کے ساتھ شہر انبار میں مقیم ہے اب تم لوگ میرا سلام اپنے امام ابو محمد حسن المجتبی علیہ السلام کی خدمت میں پہنچاؤ اور میری طرف سے یہ پیام دو کہ اب آپ محاربہ و مقاتلہ کے خیال سے باز آئیں اور اپنے نفس نفیس اور ان معدودے چند اصحاب خالصین کی عزیز جانوں کے ضائع ہوجانے میں آئندہ کوئی سعی نہ فرمائیں روضۃ الصفا جلد چہارم ص ۶۰

عبداللہ ابن عامر کی اس تقریر نے باقیماندہ اہل عراق کی رہی سہی ہمتوں اور جرأتوں کو بالکل پست کردیا اول تو اس جمعیت میں آدمی ہی کتنے تھے ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ خوارج تو اس وقت لشکر سے نکل گئے تھے اور جو باقی تھے وہ اپنے امور میں مذبذب تھے وہ بھی تدریجاً اپنا اپنا ٹھکانا کرتے ہی جاتے تھے اور معاویہ کو بعض اپنی معذرت بعض اپنی منت و ساجت کے خطوط لکھکر اہل شام سے ملتے جاتے تھے اور معاویہ کی خدمت میں برابر پہنچتے جاتے تھے عبداللہ ابن عامر کی اس تقریر نے ان مذبذبین کی جماعت پر زیادہ اثر ڈالا اور وہ جلد جلد اپنے امور کا تصفیہ کرنے لگے اور مدائن سے اٹھکر اہل شام کے خیمہ گاہوں میں ٹھہرنے لگے۔

روضۃ الصفا اور تاریخ طبری وغیرہ نے تو اس ہی واقعہ سے صلح اور صلحنامہ کے تحریری معاملات لکھنے شروع کردیئے ہیں مگر ملا مجلسی علیہ الرحمہ کی تحریر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ معاویہ کے آخر خط اور مخالفین کی نام بنام فہرست اس کے بعد بھی امام حسن علیہ السلام نے باوجود ان مجبوریوں کے معاویہ کے مقابلے میں اپنے استقلال اور استحکام کو ہا

بھیج دیا اور اُس کا خط اور مخالفین کی فہرست ملاحظہ فرماکر اس کا فوراً جواب لکھا اس خط کی عبارت یہ ہے:۔ اور اپنے ہمراہیوں کو جمع فرماکر یہ ارشاد فرمایا کہ میں جانتا ہوں کہ تم لوگ مکّار ہو لیکن میں اب حجت خدا تم پر تمام کرتا ہوں لازم ہے کہ کل فلاں موضع میں جمع ہو اور نقض بیعت نکرو عقوبت الٰہی سے ڈرو اس خطبہ کے بعد پھر آپ نے ایک عشرہ تک اُن کی جمعیت کا انتظار کیا مگر اسیقدر جس قدر اول دن نکلے تھے نہ اس سے کسی دن لوگ زیادہ نکلے نہ کم اور یہ خاصکر وہی تھے جو آپ کی عقیدت اور اطاعت میں خالص اور کامل تھے جیسا ہم اوپر لکھ آئے ہیں آپ نے باوجود طبیعت کی ناسازی اور زخم کی شدت کے اپنے اتمام حجت کے موعودہ مضامین کو ذیل کے الفاظ میں اس جماعت کے سامنے اعادہ فرمایا:۔

ایہا الناس! مجھے اس گروہ سے تعجب ہے کہ جو نہ حیا رکھتے ہیں اور نہ ایمان تم پر وائے ہو خدا کی قسم معاویہ جس بات کا میرے قتل پر تمہارا ضامن ہوا ہے اُسے ہرگز وفا نکرے گا اور میں تمہیں چاہتا تھا کہ دین حق پر قائم رکھوں مگر تم نے میری مطلق مدد نہ کی میں تنہا بھی خدا کی عبادت کرسکتا ہوں لیکن خدا کی قسم اگر میں اس امر خلافت کو معاویہ کے سپرد کردوں تو تم لوگ دولت بنی اُمیہ میں خوشحال نہ ہوگے بلکہ وہ تم پر انواع عذاب کریں گے اور گویا میں اس وقت تمہارے فرزندوں کو دیکھ رہا ہوں کہ ان کے فرزند (بنی اُمیہ) کے گھروں کے دروازوں پر کھڑے کھانا اور پینا مانگ رہے ہیں اور وہ (بنی اُمیہ) ان کو نہیں دیتے خدا اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی قسم کھاکر میں تم سے کہتا ہوں کہ میں ہرگز یہ حکومت معاویہ کے لئے نہ چھوڑتا کیونکہ خلافت بنی اُمیہ کے لئے حرام ہے پس اے بندگان دنیا تم پر نفرین ہو اور تم بہت جلد اپنے اعمال کے وبال میں گرفتار ہوگے۔

ملّا مجلسی علیہ الرحمہ نے اس واقعہ کے بعد سے صلح کے حالات مندرج فرمائے ہیں ہم اپنے سلسلۂ بیان کو یہیں سے شروع کرتے ہیں اور عبد اللہ ابن عامر کے پیام اور جناب امام حسن علیہ السلام کے اس خطبہ کو جس کو ہم نے جلاء العیون سے لکھا ہے معاملات صلح کے ابتدائی واقعات میں شمار کرتے ہیں جلاء العیون کے معتبر مولف عطر اللہ ضریحہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ اہل عراق کے اتمام حجت فرمانے کے بعد جناب امام حسن المجتبیٰ علیہ التحیۃ والثناء نے معاویہ کو ایک خط لکھا جس کی عبارت یہ تھی۔

اے معاویہ میں چاہتا تھا کہ کتاب خدا اور سنت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جاری کردوں لوگوں نے مجھ سے موافقت نہیں کی اب مجھکو منظور ہے کہ میں چند شرطوں پر تیرے ساتھ صلح کرلوں ہرچند کہ مجھکو یہ معلوم ہے کہ تو ان شرطوں پر بھی کبھی وفا نہیں کرے گا اس بادشاہی پر جو تجھے نصیب ہے خوش نہو کہ تو بہت پشیمان ہوگا جس طرح اوروں نے بادشاہی کی اور پشیمانی اٹھائی اور ان کی پشیمانی ان کو کوئی نفع نہ پہنچا سکی جلاء العیون ص ۲۶۹

معاویہ کو اس خط کے ماننے میں کب عذر ہو سکتا تھا فوراً اسیوقت نہایت نرمی سے منظوری کا جواب گیا

اس کا جواب پاکر امام حسن علیہ السلام نے عبداللہ ابن الحارث ابن عبیداللہ ابن عبدالمطلب اپنے پسر عم کو معاویہ کے پاس شرائط صلح کے طے کرنے کے لئے بھیجا علامہ طبری نے واقعہ کی تو یہی صورت لکھی ہے مگر عبداللہ ابن الحارث یا کسی شخص کا نام نہیں لکھا ہے۔

طبری جلد چہارم ص ۲۰۰ روضۃ الصفا اور دیگر مورخین نے عبداللہ ابن عامر کو جانبین میں پیام و سلام کی خدمت انجام دیتے ہوئے بتایا ہے ان تاریخوں میں اور جلاء العیون کے بیان میں جو اختلاف ہے تو اس کی نسبت ہم کہہ سکتے ہیں کہ شرائط صلح اور اس کے متعلق دیگر معاملات میں یہ ممکن ہے کہ عبداللہ ابن عامر معاویہ کی طرف سے اور عبداللہ ابن الحارث امام حسن علیہ السلام کی طرف سے مقرر ہوئے ہوں اس قربانیوں سے دونو مورخین کا لکھنا صحیح معلوم ہو سکتا ہے ۔۔۔

معاملات صلح

بہرحال عبداللہ ابن الحارث نے امام حسن علیہ السلام کے زبان کے مطابق ذیل کے شرائط پر معاویہ سے صلح منظور کر لی ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے صلحنامہ کا یہ مضمون لکھا ہے:-

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جناب امام حسنؑ ابن علیؑ بن ابی طالب علیہ السلام نے معاویہ بن ابی سفیان سے اس شرط پر صلح کر لی کہ درمیان مردم بکتاب خدا و سنت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم شائستہ عمل کرے۔

(۲) اپنے بعد کسی کو اس کام پر معین نکرے (۳) شام و عراق و حجاز و یمن اور ہر جگہ کے لوگ اس کے شر اور غدر سے امین رہیں (۴) اصحاب علی علیہ السلام اور ان کے تمام شیعہ اپنی جان و مال زنان و فرزند کے ساتھ بے خوف و مطمئن رہیں (۵) جناب امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام اور جمیع اہلبیت و خویشان رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معاویہ کوئی مکر اور کوئی غدر نکرے اور پنہان و آشکار کوئی ضرر نہ پہنچائے اور ان میں سے کسیکو کسی کے مقام پر نہ ڈرائے اور ہر ذی حق کا حق پہنچائے (۶) ہر سال خراج ملک سے پچاس ہزار درہم آنحضرت علیہ السلام کو بھیجا رہے (۷) جناب امیر المومنین علی علیہ السلام کو برا نہ کہے اور قنوت نماز میں جیسا ان کا قاعدہ ہے جناب امیر علیہ السلام اور ان کے شیعوں کو برا نہ کہے۔

یہ صلحنامہ لکھکر تیار ہو گیا اور عبداللہ ابن حارث عمر ابن ابی سلمہ اور عبداللہ ابن ابی ثمرہ وغیرہم نے اس صلحنامہ اپنے دستخط کر لئے جلاء العیون ص ۲۶۹ جلد دوم

تاریخ طبری نے صلحنامہ کا مضمون اس عبارت میں لکھا ہے۔

امام حسن علیہ السلام خواست کہ با در معاویہ صلح کنند بآن شرطہا کہ او گوید (۱) علی علیہ السلام را لعنت نکند (۲) امام حسن علیہ السلام را باز بمدینہ فرسید (۳) ہر خواستہ کہ در بیت المال ست بعراق و کوفہ بہ حسن علیہ السلام رہا کند تا میان او و میان برادرانش و خواہرانش باشد و آں خواستہ پنج ہزار درہم بود۔ (۴) درہم خراج دارآ ہر سال بحسن علیہ السلام دہد و آں شہر یست از شہرہائے فارس نزدیک بصرہ و حسن علیہ السلام ایں را برائے آں بخواست کہ از علی علیہ السلام چیزے نماندہ بود و فرزندان بسیار بودش خواست تا درویش نباشند زیرا کہ چوں علی علیہ السلام بمرد ششصد درہم بماند پس معاویہ عبدالرحمن بن عمرو عبدالرحمن بن سمرہ بن جندب را فرستادہ و با ایں ہمہ شرطہا وفا کرد مگر بیحرمتی کردن علی السلام کہ این بزنگیرم ولیکن چوں تو حاضر باشی بہ فرمایم تا بے حرمتی او نکنند تاریخ طبری جلد چہارم ص ۶۰۲

روضۃ الصفا کے ذی قدر مصنف نے اس صلح کے مضامین کو ذیل کی عبارت میں مندرج فرمایا ہے۔

چوں امام علیہ السلام جبن و ضعف اصحاب خود مشاہدہ فرمود بعبد اللہ ابن عامر پیغام فرستاد کہ من ترک خلافت گفتہ زمام اختیار را در کف معاویہ می نہم اما آں مشروط بچند شرط است ابو حنیفہ دینوری می گوید کہ شروط ایں بود (۱) کہ معاویہ اگر کینہ از اہل عراق و متابعان و شیعیان امیر المومنین علیہ السلام داشتہ باشد انتقام نکشد (۲) و اہل حرم واحمر از وے در امان بودہ ہیچکس را مواخذہ نکند (۳) خراج اہواز را ہر سالہ بآں حضرت مسلم دارد (۴) و مبلغ دو ہزار درہم سال بسال بمدینہ بفرستد تا حسن علیہ السلام در مہمات خود نماید (۵) دیگر امیر المومنین علیہ السلام را سب نکنند گویند کہ معاویہ مجموع شروط را قبول کرد الا سب امیر المومنین علیہ السلام را اما گفت کہ در مجلسے امام حسن علیہ السلام باشد امیر المومنین علیہ السلام را سب نکنند روضۃ الصفا جلد سوم ص ۹

ابو الفدا اپنی مستند اور معتبر تاریخ المختصر میں اس صلحنامہ کی نسبت یہ عبارت درج فرماتے ہیں۔

(۱) جو مال اس وقت تک بیت المال کوفہ میں موجود ہے وہ میرے اور میرے ہمراہیوں کے لئے چھوڑ دیا جائے۔

(۲) دارالجرد متعلقہ ملک فارس کا محاصل ہمیشہ کیلئے اہلبیت طاہرین علیہم السلام کے مصارف اور گذران کے واسطے چھوڑ دیا جائے (۳) اس وقت تک جو سب امیر المومنین علیہ السلام کی جاتی ہے اور ان کی شان میں لاطائل کلمات کہے جاتے ہیں وہ سب موقوف کر دیئے جائیں۔

محقق ابو الفداء کا مثل تاریخ طبری اعثم کوفی روضۃ الاحباب روضۃ الصفا وغیرہم کے بیان سے کہ معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کی طرف سے ان شرائط کو قبول کر لیا مگر سب علی علیہ السلام کی نسبت کہلا بھیجا کہ اسے ضرور کہیں گے آخرکار بعد اصرار بسیار یہ تجویز ہوا کہ جس مجلس میں امام حسن علیہ السلام موجود ہوں امیر المومنین علیہ السلام پر زبان طعن و تشنیع دراز نہ کی جائے لیکن اس شرط کو بھی پورا نہیں کیا بیت المال کوفہ میں لاکھ درہم تھے وہ امام حسن علیہ السلام کے ہاتھ لگے باقی داراب جرد کا خراج کبھی اہلبیت طاہرین یا امام حسن علیہ السلام کو نہیں دیا دیکھو ترجمہ تاریخ ابو الفدا ص ۲۴۴ مطبوعہ مطبع انصاری دہلی۔

صواعق محرقہ میں علامہ ابن حجر صلحنامہ کی یہ عبارت لکھتے ہیں۔
ولما صالح الحسن علیہ السلام معاویہ کتب الصلح وصورتہ بسم اللہ الرحمن الرحیم هذا
صالح علیہ حسن ابن علی علیہما السلام ومعاویہ ابن ابو سفیان صالحہ علی ان یسلم
ولایۃ المسلمین علی ان یعمل فیہم بکتاب اللہ وسنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم وسیرۃ الخلفاء الراشدین
(۲) ولیس لمعویہ ان یعہد الی احد من بعدہ عہدا بل یکون الامر من بعدہ شوریٰ بین المسلمین
(۳) علی ان الناس آمنون حیث کانوا من ارض اللہ تعالیٰ فی شامہم وعراقہم وحجازہم
ویمنہم (۴) علی ان اصحاب علی وشیعتہ امنون علی انفسہم واموالہم ونسائہم و
اولادہم حیث کانوا (۵) علی معویہ بذلک عہد اللہ ومیثاقہ لا یبتغی للحسن ابن علی
ولا لاخیہ الحسین علیہ السلام ولا لاحد من اہلبیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
غائلہ سرًا ولا جہرًا ولا یخاف احد من ہم نے افق من الافاق شہد علیہ فلان وفلان
وکفی باللہ شہیدًا۔

جناب امام حسن علیہ السلام نے معاویہ ابن ابی سفیان سے ان شرائط پر صلح کر لی کہ وہ تمام مسلمین کی حکومت مطابق کتاب خدا وسنت رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وسیرت خلفا کے کرے گا۔

(۲) اپنے بعد معاویہ امر خلافت کسی دوسرے کو سپرد نہ کرے بلکہ مسلمین کے مشورے پر چھوڑ دے۔

(۳) تمام بلاد خدا میں بنی نوع انسان عام اس سے کہ شام میں ہوں کہ عراق میں حجاز میں کہ یمن میں امن وامان میں رہیں (۴) اصحاب علی علیہ السلام اور آپ کے شیعہ اپنی جان ومال اور اہل وعیال کے ساتھ امن وامان میں ہیں (۵) معاویہ خدا کے سامنے یہ اقرار کرتا ہے کہ وہ کبھی ظاہر یا باطن کسی طرح جناب امام حسن علیہ السلام یا آپ کے برادر عالی مقدار جناب امام حسین علیہ السلام یا اہلبیت علیہم السلام میں سے کسی حضرت کو کوئی آزار پہنچائے اور نہ ان کو ڈرائے یا دھمکائے فلاں فلاں نے اس پر گواہی دی اور آیہ کفیٰ باللہ شہیدًا اپنی شہادت کی عبارت میں تحریر کیا۔

اسلامی تالیفات کے علاوہ موجودہ زمانہ کی انگریزی تاریخوں میں بھی جو آخر کار انہیں عربی اور فارسی کے مستند اور معتبر ماخذوں سے تیار کیگئی ہیں بالکل یہی واقعات مندرج ہیں جو ابھی ابھی اسلام کی متعدد اور مختلف تاریخوں سے نقل کر چکے ہیں انگریزی تاریخوں میں سب سے پہلی انگریزی تاریخ جو اسلام کے حالات کی تفصیل میں لکھی گئی ہے وہ مسٹر سائمن وی اکلی کی ہسٹری آف سارا سائنس جس کو ذی قدر مصنف نے ۱۷۱۸ء میں عربی کی اصلی ماخذوں سے جمع کر کے تالیف کیا مسٹر اکلی نے تاریخ ابن اثیر اور المکین وغیرہ کے اسناد سے لکھا ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام نے معاویہ امیر شام کے مقابلے میں ذیل کی شرائط

پر صلح کرلی (۱) جس قدر بیت المال کوفہ میں موجودہ رقم ہے وہ جناب امام حسن علیہ السلام کے لئے چھوڑ دیا جائے (۲) خراج متعلقہ ملک فارس آپ کے اور آپ کی اہلبیت طاہرین علیہم السلام کے مصارف کے لئے فروگذاشت کردیا جائے (۳) معاویہ جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی نسبت بُرے کلمات کا استعمال نکرے معاویہ اس آخر والی شرط قبول کرنے پر راضی نہوا تب آخرکار جناب امام حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ جس مجلس میں ہم موجود ہوں وہ کلمات نہ استعمال کئے جائیں معاویہ نے اسوقت اقرار کیا لیکن اپنے اقرار کو بھی پورا نکیا (ہسٹری آف سارا سائنس ص ۲۲۷

ہم نے مختلف تاریخوں سے امام حسن علیہ السلام کا ایک صلحنامہ معہ ان کی تمام شرطوں کے تحریر کردیا اس میں شک نہیں کہ تاریخوں میں باخودہا اختلاف واقع ہے مگر سوائے عبارت صواعق محرقہ کے جس کو ہم نے کتاب ینابیع المودۃ شیخ سلیمان القندوزی الحنفی النقشبندی شیخ الاسلام قسطنطنیہ ص ۲۴۴ مطبوعہ بمبئی سے لکھا ہے اور کسی تاریخ میں ایسا اختلاف واقع نہیں ہوا ہے لیکن علامہ ابن حجر کا اختلاف ایسا بیّن اور خلاف واقع اختلاف ہے جس کی نسبت ہم کو تھوڑی تنقید کی شدید ضرورت ہے۔

شیخ ابن حجر نے اپنی کتاب میں ایک شرط مسلم چھوڑدی ہے اور اس کا صلحنامہ میں کہیں اشارۃً بھی ذکر نہیں کیا حالانکہ وہ شرط ایسی معتبر اور متواتر مستند بین الفریقین ہے کہ بلا اختلاف تمام تاریخوں میں درج ہے جس فرقے اور جس طبقے کے علمائے کرام کی تالیفات و تصنیفات اس کی تحقیق میں دیکھی جاویں گی اُن میں **سبّ علی علیہ السلام** کی شرط ایسی واضح طور سے درج ہے کہ پھر اس میں کسی کو شک کرنے کی سرمو گنجائش نہیں ہے مگر علامہ ابن حجر نے اسکو اپنی کتاب میں قطعی طور سے چھوڑ دیا اس لیے ہم کو ضرور ہے کہ ہم انکی تصحیح و تنقید کردیں۔

ہم تاریخ طبری تاریخ ابوالفدا تاریخ روضۃ الصفا تاریخ اعثم کوفی روضۃ الاحباب وغیرہ کے اسناد سے سبّ علی علیہ السلام کی شرط کو اس صلحنامہ میں مندرج ہونا کافی طور سے ثابت کرآئے ہیں اور پھر اس خصوصیت کے ساتھ کہ معاویہ کو صلحنامہ کی کسی شرط کے قبول کرنے میں کوئی عذر نہوا مگر اس شرط کی اجابت اور قبولیت پر وہ کسی طرح راضی نہیں ہوتے تھے آخرکار باصرار بسیار یہ قبول کیا کہ جس مجلس میں جناب امام حسن علیہ السلام تشریف لائیں گے اس مجلس میں احتیاط کی جائیگی جلاء العیون ص ۲۰۰ طبری جلد چہارم ص ۶۰۲ ابوالفدا ص ۳۴۴ روضۃ الصفا مطبوعہ بمبئی جلد سوم ص ۶

مورخ ابوالفدا اوپر کی عبارت تحریر فرماکر پھر لکھتے ہیں کہ باوجود اس شرط کے کہ جس مجلس میں جناب امام حسن علیہ السلام ہوں گے وہاں نہیں کہیں گے اس شرط پر بھی وفا نہیں کی دیکھو تاریخ ابوالفدا ص ۳۴۴ اتنی کثیر اور متواتر اسناد کے مقابلے میں صواعق محرقہ کی تنہا عبارت کیسے اعتبار کے لائق سمجھی جاوے گی ایک ان کے انکار کردینے سے ایک ایسا امر مسلمہ جمہور دونوں فرقوں کے محدثین اور متکلمین اتفاق کرچکے ہیں

کیسے انکار کیا جا سکتا ہے اگرچہ سب علی علیہ السلام کے ثبوت کے متعلق ہم کافی طور سے اس سلسلہ کی جلد اوّل میں لکھ چکے ہیں مگر پھر اس مقام کو مناسب سمجھکر دو ایک واقعات اس کے ثبوت میں معتبر ماخذوں سے انتخاب کر کے ذیل میں لکھے دیتے ہیں :-

معاویہ کے دل میں عداوت علیؑ علیہ السلام کی تو تلاش ہی بیکار ہے تاریخیں پکار رہی ہیں کہ انسے بڑھکر کوئی د دشمن نہیں تھا اور جبتک کہ کسی کے دل میں کسی کی طرف سے عداوت اور دشمنی کے خیال نہیں ہوتے ایسے لغوبا اور حشویات کا علی الاعلان اظہار نہیں ہوتا معاویہ جیسا کچھ ان خیالوں کی طرف شدت سے محو تھا وہ ذیل کے قص

متعلقہ معاملات مصالحت

روضۃ المناظر ابن شحنہ برحاشیہ تاریخ ابن اثیر یہ عبارت درج ہے :-

لما توفی علی رضی اللہ عنہ بویع بالخلافۃ ولدہ الحسن رضی اللہ عنہ ثم بعد ستۃ اشہر صالح معاویہ وترک الخلافۃ علی ان لا یسب علیاً ویعطیہ ما بیت المال بالکوفہ وخراج دارابجرد ولم یف لہ معاویۃ بشیءٍ مما عاھد علیہ

جب علی مرتضیٰ علیہ السلام نے وفات پائی تو بیعت خلافت ان کے فرزند حسنؑ ابن علی علیہ السلام کے دست حق پرست پر کیگئی پھر بعد چھ مہینے کے حضرت امام حسن علیہ السلام نے معاویہ سے صلح کر لی اندر اس عہد پر خلافت کو چھوڑ دیا کہ معاویہ امیر المومنین علی علیہ السلام کو دشنام نہ دیے اور جو کچھ مال بیت المال کوفہ میں ہے اور خراج داراب گرد اس جناب کو ملے مگر معاویہ نے کسی شے کے ساتھ وفا نہ کی جسپر خود عہد کیا تھا۔

پھر اسی روضۃ المناظر میں ہے وکان معاویہ وعمالہ یسبّون علیاً علی المنابر معاویہ اور اس کے عمال منبروں پہ حضرت علی علیہ السلام کو گالیاں دیتے تھے۔

تاریخ ابن الوردی جلد اوّل میں یہ عبارت درج ہے والشروط یعطیہ ما فی بیت المال الکوفۃ و خراج دارابجرد من فارس وان لا یسب وھو یسمع فاجابہ وما وفی بہ

ابن وردی نے کہا کہ شرطیں یہ تھیں کہ حضرت امام حسن علیہ السلام کو جو کچھ بیت المال کوفہ میں ہے وہ دیں اور خراج داراب گرد کا فارس سے دیں اور علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کو گالیاں ندیں مگر معاویہ نے دشنام سے باز رہنے کی شرط قبول نہیں کی آخر امام حسن علیہ السلام نے یہ چاہا کہ ایسے موقعو پر گالیاں ندی جائیں کہ آواز ہمارے کان میں پڑے اس کو معاویہ نے منظور تو کیا مگر اسپر بھی عہد کو وفا نکیا۔

تاریخ ابو الفدا تاریخ طبری اور تاریخ ابن اثیر جزری کی عربی عبارت یہ ہے

وکان الذی طلب الحسن من معاویۃ ان یعطیہ ما فی بیت المال الکوفۃ وخراج دارابجرد من فارس

سے ظاہر ہے۔ علامہ ابن مردویہ فردوس الاخبار میں لکھتے ہیں۔

عن عبد اللہ الکندے قال حج معاویۃ والی المدینۃ واصحاب النبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم متوافرون فجلس فی حلقۃ بین عبد اللہ ابن عباس وعبد اللہ ابن عمر الخلیفۃ المقتول فضرب بیدہ علے فخذ ابن عباس ثم قال ماکنت احق واولی بالامر من ابن عمک قال وھم قال لانی ابن عم الخلیفۃ المقتول ظلما قال ھذا اذا یعنی ابن عمر اولی بالامر منک لان اباہ قد قتل قبل ابن عمک فاعرض ابن عباس واقبل علی سعد ابن ابی وقاص وقال وانت یا سعد الذے لم یعرف حقنا من باطل غیرنا فیکون معنا او علینا قال سعد انی لما رایت الظلمۃ قد غشیت الارض قلت لبعیری اخ فانختہ حتی اذا استفرت مصیبۃ قال واللہ لقد قرایت المصحف یوما بین الدفتین وما وجدت فیہ اخ فقال اما اذا ابیت فانی سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم یقول لعلے علیہ السلام یقول لعلے انت مع الحق وعلے مع الحق والحق معک قال لتجئنی بمن سمعہ معک اولا فعلن قال ام سلمہ علیہا السلام قال فقام فقاموا معہ حتی دخل علی ام سلمۃ قال فبدا المعویہ فی الکلام فقال یا ام المومنین ان الکذاب قد کثرت علے رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم فلا یزال قائل یقول قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم ما لم یقل وان سعدا روے حدیثا زعم انک سمعتہ منہ قالت

بقیہ حاشیہ ص ۷۴ ۔ وان لا یسب علیا فلم تجبہ الی الکف عن سب علے علیہ السلام فطلب الحسن ان لا یشتم علیا وھو یسمع فاجابہ الی ذالک ثم لم یف لہ بہ ایضا اما داراب جرد فان اھل البصرۃ منعوہ منہ وقالوا ھو فیئنا لا نعطیہ احدا وکان منعھم بامر معاویۃ

اور وہ چیز کہ طلب کی تھی امام حسن علیہ السلام نے معاویہ سے یہ تھی کہ

اول دیوے ان کو وہ مال جو بیت المال کوفہ میں ہے۔

دوم خراج داراب گرد کا فارس سے

سوم یہ کہ گالی نہ دے علی علیہ السلام کو

مگر معاویہ نے باز رہنا دشنام جناب امیر المومنین علی علیہ السلام سے قبول نہ کیا۔

آخر جناب امام حسن علیہ السلام نے فرمایا

"کہ ان کی حاضری میں حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کو گالی نہ دے۔

معاویہ نے اسکو قبول کر لیا

مگر پھر یہ بھی عہد پورا نہ کیا

خراج داراب جرد کی یہ حالت ہوئی" کہ اسکو بصرے والوں نے روکا اور کہا کہ یہ مال ہمارا فئے ہے ہم اسکو کسی کو نہیں دینگے یہ روکنا بھی انکا معاویہ کے حکم سے تھا۔ (از کتاب فضل المبین ص ۲۴)

ما هو قال زعم ان رسول الله صلے الله علیه وآله وسلم قال لعلی علیه السلام انت مع الحق والحق معك قالت صدق فی بیتی قاله فاقبل علی سعد فقال الآن الوم ما کنت علیه والله لو سمعت هذا من رسول الله ما زلت خادما لعلی حتی اموت

عبداللہ بن الکندی سے منقول ہے کہ میں ایک دفعہ حج کرکے مدینہ گیا اس وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ وہاں پر کثرت سے تھے وہ ایک مجلس میں گیا جہاں پر عبداللہ ابن عباس اور عبداللہ ابن عمر بیٹھے ہوئے تھے معاویہ ابن عباس کی ران پر ہاتھ مار کر کہنے لگا کہ میں آپ کے ابن عم یعنی جناب امیر علیہ السلام سے خلافت کے لئے زیادہ حقدار تھا یا نہیں ابن عباس نے کہا کیسے معاویہ نے کہا میں خلیفۂ مقتول کا ابن عم ہوں ابن عباس نے جواب دیا شاید یہ شخص یعنی عبداللہ ابن عمر تجھ سے زیادہ مستحق ہے کیونکہ اس کے باپ تیرے ابن عم سے پہلے شہید ہوئے ہیں یہ سنکر اس نے عبداللہ ابن عباس کی طرف سے منہ پھیر لیا اور سعد ابن وقاص کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا اے سعد تو وہی شخص ہے کہ جس نے ہمارے حق کو ہمارے غیر کے باطل سے نہ پہچانا اور ہمارا ساتھ نہ دیا سعد رضی اللہ عنہ نے کہا جب میں نے دیکھا کہ اندھیرا تمام زمین پر چھا گیا ہے میں نے اپنے اونٹ سے کہا بیٹھ جا اور ہم نے اس کو بٹھا دیا یہاں تک کہ مصیبت ٹھہر گئی معاویہ نے کہا قسم خدا کی میں نے دن بھر اول سے آخر تک قرآن شریف کو پڑھا ہے اس میں میں نے یہ بیہودہ بات نہیں پائی سعد کہنے لگے جب یہ بات ثابت بھی ہو جائے میں نے جناب رسول خدا کو حضرت امیر المومنین علیہ السلام کی نسبت فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تو حق کے ساتھ ہے اور حق تیرے ساتھ ہے معاویہ کہنے لگے کہ میرے ساتھ چل تو نے کس کے سامنے اس حدیث کو سنا ہے ورنہ میں تیرے ساتھ کچھ کر کے بیٹھوں سعد نے کہا میں نے جناب ام المومنین ام سلمہ سلام اللہ علیہا کے سامنے اس حدیث کو سنا ہے معاویہ اٹھ کھڑا ہوا اور اس کے ساتھ اور لوگ بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور یہ لوگ جناب ام المومنین ام سلمہ رض کی خدمت میں حاضر ہوئے معاویہ نے کلام شروع کیا کہ یا ام المومنین بہت سی جھوٹی باتیں جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب ہو گئیں ہیں ہمیشہ کہنے والا یہی کہتا ہے کہ جناب رسول خدا نے فرمایا ہے حالانکہ وہ بات آنحضرت نے نہیں فرمائی ام المومنین رض نے فرمایا وہ کیا ہے معاویہ کہنے لگا ان کا زعم ہے (سعد کی طرف اشارہ کرکے) کہ آنحضرت نے حضرت علی کی نسبت ارشاد فرمایا ہے کہ تو حق کے ساتھ ہے اور حق تیرے ساتھ ہے ام المومنین رض فرمانے لگیں سعد سچ کہتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حدیث کو حضرت علی علیہ السلام کے حق میں میرے ہی گھر میں ارشاد فرمایا تھا معاویہ سعد رض کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگا اب میں ملامت کے قابل ہوں جس بات پر کہ میں تھا واللہ اگر یہ حدیث میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہوتی تو اپنے مرتے دم تک میں جناب امیر علیہ السلام کا خادم بنا رہتا۔

سوانح عمری علی علیہ السلام ص ۷۴ مطبوعہ لاہور

اس واقعہ سے معاویہ امیر [illegible] عناد اور عداوت و دشمنی جو اسکو جناب امیر المومنین علیہ السلام کی طرف سے حاصل

تھی بخوبی معلوم ہوگئی اور تحقیق تک پہنچ گئی کہ انہوں نے اپنے اختلاف وانحراف کے خیالوں میں نہ انہوں نے عبداللہ ابن عباس محیط العلم والصحابہ کا لحاظ کیا اور نہ سعد ابن ابی وقاص کو جھوٹا ثابت کرنے میں دریغ فرمایا جو عشرۂ مبشرہ میں داخل تھے آخرکار جب ام المومنین ام سلمہؓ سے تصدیق کرلی تو چین آیا شرما کر جناب امیر علیہ السلام کی عقیدت کا اظہار بھی کیا تو اس طرح کہ اگر میں نے ان کے حق میں آنحضرت سے یہ حدیث سنی ہوتی تو ہمیشہ غلام بنا رہتا اتنا کچھ ہو جانے کے بعد بھی اپنے خاص سننے کی شرط لگا ہی دی۔

بہرحال یہ طولانی واقعہ تو ہم نے صرف معاویہ کی شدت عداوت کے ثبوت میں لکھا ہے اب ہم سبّ علی علیہ السلام کے ثبوت ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

علامہ ابوالحسن علی ابن محمد ابن یوسف المدائنی کتاب الاحداث میں بذیل تذکرہ معاویہ ابن ابی سفیان لکھتے ہیں

کتب معاویۃ نسخہ واحدۃ الی عمالہ بعد عام الجماعۃ ان برئت الذمۃ ممن روی شیئاً من فضل ابی تراب واھل بیتہ فقامت الخطباء فی کل کورۃ وعلی منبر یلعون علیاً ویبرؤن منہ و یقولون فیہ وفی اھلبیتہ

معاویہ نے ایک حکمنامہ اپنے تمام ملکی عمّال کو لکھ بھیجا کہ جو کوئی فضائل علی علیہ السلام یا ان کی اہلبیت علیہم السلام کا ذکر کرے تم ان پر تبرّا کرو پس خطیبوں نے گلیوں میں اور منبروں پر جناب امیر علیہ السلام اور ان کی اہلبیت علیہم السلام پر لعنت کرنی شروع کردی۔

تاریخ ابوالفداء میں اس واقعہ کے متعلق یہ عبارت تحریر ہے:۔

وکان معاویۃ وعمالہ یدعون لعثمان فی الخطبۃ یوم الجمعۃ ویسبّون علیاً وکان المغیرہ متولی الکوفۃ کان یفعل ذالک بطاعتہ

معاویہ اور اس کے عمّال جمعہ کے دن والے خطبوں میں عثمان کے واسطے دعائیں مانگتے تھے اور جناب امیر علیہ السلام پر لعنت کرتے تھے اور مغیرہ حاکم کوفہ تھا وہ بھی اطاعت معاویہ کی وجہ سے ایسا ہی کرتا تھا پھر اسی نسخہ کے ص۲ میں یہ عبارت درج ہے:۔

کان خلفاء بنی امیہ یسبّون علیاً من سنۃ احدی واربعین واھلبیتہ التی خلع الحسن علیہ السلام فیھا نفسہ من الخلافۃ الی اوّل سنۃ تسع وتسعین آخر ایام سلیمان ابن عبدالملک فلمّا ولیّ عمر ابطل ذالک وکتب الی نوابہ بابطالہ

ابتدائی خلع خلافت امام حسن علیہ السلام از سنہ ۴۱ھ ہجری تا سنہ ۹۹ھ ہجری یعنی از عہد معاویہ تا آخر دور سلیمان بن عبدالملک خلفائے بنی امیہ جناب امیر علیہ السلام اور ان کے اہلبیت پر لعنت کیا کرتے تھے جب عمر ابن عبدالعزیز حاکم ہوا تو اس نے اسکو باطل کیا اور اسکی موقوفی کے احکام اپنے تمام نوّاب کو لکھ بھیجے۔

علامہ شیخ حسین دیاربکری نے بھی اپنی معتبر تاریخ الخمیس کی جلد دوم صفحہ ۳۱۷ مطبوعہ مصر میں یہی مضمون تحریر

فرمایا ہے یہاں تک تو ہم نے تاریخوں سے اس واقعہ کا پتہ لگایا ہے اب محدثین اور علما کے صحاح اور مسانید سے بھی اس کا ثبوت ذیل میں درج ہے :۔

امام مسلم امام ترمذی اور امام نسائی نے اپنے صحاح میں اور امام احمد ابن حنبل نے اپنی مسند میں متفق اللفظ ہو کر یہ عبارت درج فرمائی ہے :۔

عن سعد ان معاویہ امرہ فقال ما منعك ان تسب ابا تراب فقال اما ذکرت ثلاثًا قالهن رسول اللّٰه صلے اللّٰه علیه واٰله وسلم اما ترضیٰ ان تکون منی بمنزلة هارونؑ من موسیٰ الا انه لا نبوة بعدی وسمعته یقول یوم خیبر لاعطین الرایة غدًا رجلاً یحب اللّٰه ورسوله فتطاولنا فقال ادعوا لی علیًا واتی به ارمد فبصق فی عینیه ودفع الرایة الیه ففتح اللّٰه علیه ولما نزلت هذه الایة فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم الخ دعا رسول اللّٰه صلے اللّٰه علیه واٰله وسلم علیًا وفاطمةؑ وحسنًا وحسینًا صلوات اللّٰه علیهم اجمعین فقال اللّٰهم هولاء اهلبیتی سوانح عمری علی علیہ السلام ص ۷۷ لاہور

سعد سے روایت ہے کہ معاویہ نے مجھکو جناب امیر علیہ السلام کے سبّ کرنے کے لئے حکم دیا اور کہا تم ان پر لعنت (معاذ اللہ) کیوں نہیں کرتے میں نے کہا کہ میں نے تم سے تین باتوں کا ذکر نہیں کیا ہے جو میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سُنی ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کو بعض غزوات میں اپنے عقب چھوڑا تو اُنہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم آپ مجھے عورتوں اور لڑکوں کے پاس پیچھے چھوڑے جاتے ہیں آنحضرت نے فرمایا کیا تو راضی نہیں ہے کہ تیری منزلت ویسی ہی ہے جیسے ہارونؑ کی موسےٰ کے نزدیک گو کہ نبوت میرے بعد نہیں ہے اور میں نے خیبر کے روز آنحضرتؐ کو فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ ہم کل علم ایسے کو دیں گے جو خدا اور خدا کے رسولؐ کو پیار کرتا ہے اور جسے خدا و رسولؐ پیار کرتے ہیں پس ہم علم کی طرف بڑھے تو آپ نے ارشاد فرمایا علی علیہ السلام کہاں ہیں اور وہ اس دن آشوب چشم میں مبتلا تھے وہ حاضر ہوئے تو آنحضرتؐ نے لعاب دہن ان کی آنکھوں میں لگا دیا اور علم ان کو عنایت فرمایا اور اللہ نے ان کو فتح دی اور جب یہ آیہ نازل ہوا پس کہدے کہ بلاؤ تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنے بیٹوں کو تم اپنی عورتوں کو ہم اپنی عورتوں کو تم اپنی جان کو ہم اپنی جان کو الخ یہ کہکر آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جناب علیؑ و فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام کے لئے دعا فرمائی کہ پروردگارا یہی میرے اہلبیت ہیں

ہمارے ہمعصر بزرگ خواجہ عبید اللہ صاحب بسمل امرتسری اپنی معتبر تالیف ارجح المطالب فی عد مناقب علی ابن ابی طالب علیہما السلام کی جلد سوم ص ۵۵۰ میں بذیل تنقید مسئلہ خطائے اجتہادی معاویہ یہ عبارت تحریر فرماتے ہیں۔

یہ حدیث تو صحاح کی ہم نے پیش کی (وہی حدیث جو اوپر ابھی ابھی تحریر ہو چکی ہے) اس قسم کی صدہا حدیثیں

ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ امیر معاویہ نے اس بدعت کو خطبہ میں ایجاد کیا جو خلیفہ عمر ابن عبدالعزیز کے وقت تک جاری رہی اور اس نامور خلیفہ نے اس کو منسوخ کیا یہ ایسے واقعات محققہ ہیں کہ جن سے کسی نے انکار نہیں کیا پس کیا یہ اُمور قبیحہ اور یہ بدعت سئیہ بھی خطائی الاجتہاد ہو سکتی ہیں حاشا و کلا۔

سوانح عمری علیہ السلام مطبوعہ لاہور ص ۵۵۸۔

اتنے واقعات لکھ کر بھی اتنے واقعات اس ثبوت میں اور ہماری پیش نظر ہیں جن کی تفصیل کو صرف تطویل کا باعث سمجھکر ہم قلم انداز کرتے ہیں اور اپنے ناظرین کو دکھلا دیتے ہیں کہ ایسے مشہور متواتر اور متفق علیہ واقعات سے جس پر تمام مورخین محدثین علما اور فضلاء اتفاق کر چکے ہیں اور جو اپنی ایجاد کے وقت سے لیکر برابر اسوقت تک صحاح مسند اور تمام اسلام کی چھوٹی بڑی کتابوں میں درج ہوتا چلا آیا ہے وہ ایک تنہا ابن حجر کے چھپائے سے چھپنے والا نہیں ہے یہ ان کی تحصیل حاصل اور فکر لا طائل ہے جو کبھی اعتبار کے قابل نہیں ہو سکتا ہے

بہر حال ہم پھر اپنے قدیم سلسلۂ بیان پر آ جاتے ہیں صلحنامے کے مضامین قریب قریب وہی تھے جو میں مختلف تاریخوں کے اسناد سے اوپر لکھ چکا ان شرائط کی تفصیل میں کوئی ایسا فرق نہیں ہے اگر کہیں ہے بھی تو جزوی طور پر جو کسی لحاظ کے قابل نہیں ہو سکتا ؛

صلح کے بعد سے معاودت مدینہ تک کے حالات

یہ صلحنامہ جانبین کی شہادت اور عہد و پیمان وغیرہ سے مکمل ہو کر طیار ہو گیا اور فریقین نے اسیوقت سے اپنے اپنے باہمی مقابلہ و مقاتلہ کے سامانوں سے دستکشی اختیار کی معاویہ نے وہیں سے اپنے کوفہ جانے کا ارادہ کر لیا اور اپنے لشکر کی آراستگی اور ضروریات سفر کی درستی کی فکر کرنا شروع کی جناب امام حسن علیہ السلام نے مدینہ منورہ کی مُراجعت کا ارادہ فرمایا۔

معاویہ کو کوفہ پہنچنے کی جیسی کچھ تمنا اور جیسی کچھ عجلت تھی وہ میرے بیان کی محتاج نہیں آج چار چار پانچ پانچ برسوں سے معاویہ کو اس شہر کے باشندوں نے ہر موقع اور ہر مقام پر ان کی تمام فوجکشی اور محاصروں کے وقت کامل شکست پہنچائی تھی اس وجہ سے اب یہاں کے باشندوں کو انکی ذات سے کس قسم کی رفاہ و صلاح کی اُمید رکھنا ایسا ہی تھا جیسا بھیڑوں کے جھنڈ کو اپنے لاگو بھیڑیے سے اگر غور سے دیکھو تو سنہ ۶ھ یا سنہ ۷ھ سے وہ دلی مقاصد اور تمنائیں جن کے واسطے معاویہ نے کیسی کیسی کوششیں صرف کیں اور کیسی کیسی ترکیبیں عمل میں لائیں وہ آج سنہ ۴۱ ہجری میں پورے تینتیس یا چونتیس برسوں کے گذر جانے کے بعد ان کو حاصل ہوئیں اور اس کی عیارانہ اور مکارانہ کارروائیوں کے سر ظاہری کامیابیوں کا سہرا چڑھا۔

بہر حال معاویہ ابن ابوسفیان اپنی موجودہ جمعیت اور مخصوصین رفقا کے ساتھ جن میں ولید ابن عقبہ مروان

الحکم عمرؔ ابن عاص وغیرہم کا نام خصوصیت کے ساتھ درج ہے کوفہ میں داخل ہوئے انہوں نے آتے ہی پہلا خطبہ جو اہل عراق کے مجمع میں پڑھا وہ ایسا پُراثر تھا کہ اس نے عراق کے تمام باشندوں پر ان کے فساد وعناد کے خیالات کو پورے طور سے ظاہر کر دیا اول تو پہلے ہی سے وہ ان کی شدید مخالفت کو بخوبی سمجھے ہوئے تھے صرف زبان سے سُنکر اطمینان کر لینا باقی تھا وہ بھی اس خطبہ سے کما حقہ ظاہر ہو گیا ہم اس خطبہ کی عبارت ترجمہٗ جلا العیون سے ذیل میں لکھتے ہیں :-

ایہا الناس میں نے تم سے اس وجہ سے قتال نہیں کی کہ تم نماز پڑھو یا روزے رکھو یا زکواۃ دو لیکن اس سبب سے میں نے تم پر قتال کر دی کہ میں تم پر امیر ہو جاؤں اور خدا نے مجھے امارت دی ہر چند تم نے نہ چاہا اور چند شرائط میں نے جناب امام حسن علیہ السلام سے کئے ہیں اور اب وہ سب شرائط میرے قدم کے نیچے ہیں اُن میں سے ایک پر بھی وفا نہ کروں گا۔

اس خطبہ کے تمام ہونے کے بعد وہ مجمع کا مجمع متفرق ہوا اور امیر معاویہ اور اس کے ہمراہیوں نے دار الامارۂ کوفہ میں اپنی جمعیت کے ساتھ استراحت کی چند دنوں کے بعد ابھی معاویہ کوفہ ہی میں تھا کہ جناب امام حسن علیہ السلام بھی اپنے خالص اور راسخ الاعتقاد ہمراہیوں کے ساتھ مدائن سے کوفہ میں تشریف لائے معاویہ نے ان کو اپنی صحبت میں تشریف لانے کے لئے تکلیف دی چونکہ فیما بین مصالحت ہو چکی تھی آپ نے اس کی استدعا کو قبول فرمایا اور اپنے آنے کا وعدہ کیا آپ کی تشریف آوری کی تحریک سے پہلے دربار شام میں یہ امر تجویز کیلئے حاضرین شوریٰ کے سامنے پیش کیا گیا کہ جناب امام حسن علیہ السلام سے خلع خلافت کا اقرار مجمع عام میں کرا لیا جائے جو اس کے استحکام سلطنت اور ترقی سطوت کے لئے نہایت مفید ہوگا اور ان کے اس اعتراف اور اقرار سے معاویہ کو ان پر فضیلت اور ترجیح حاصل ہونے کے دعوؤں میں بہت بڑی قوت ہو جائے گی اس تحریک کی تجویز مخصوص عمرعاص کے متعلق تبلائی جاتی ہے میر مجلس امیر معاویہ کو تھوڑی دیر تک اس تحریک سے مخالفت ظاہر کرتے رہے مگر دیگر شرکائے شوریٰ نے عمرو عاص کی تجویز کی تائید کی اس لئے عمرعاص کی رائے کو (جو وزارت کی کیبنٹ) مجلس وزارت کے پہلے ممبر تھے غلبہ حاصل ہو گیا اور امیر معاویہ کو بھی اس تجویز کے فوراً منظور کر لینے میں سخت مجبوری ہو گئی۔

جناب امام حسن علیہ السلام جمعہ کے دن کوفہ کی مسجد جامع میں بُلائے گئے اب ہم اس واقعہ کو اپنے اصلی ماخذوں کی عبارت سے لکھتے ہیں :- اعثم کوفی اور روضۃ الصفا کے ذیقدر مولفین تحریر کرتے ہیں۔

چوں زمام حل و عقد مہام ارباب اسلام در قبضۂ حاکم شام آمد عمرو ابن عاص با معاویہ گفت کہ امام حسن علیہ السلام را بگو کہ بر منبر برود و خلق را از عزل خویش و خلافت تو بیا گاہاند و چناں شوند کہ امام حسن علیہ السلام از ادائے خطبہ عاجز خواہد شد و مردم را معلوم خواہد گشت کہ او را صلاحیت ایں مہم خطیر نہ بود معاویہ گفت ایں امر خطیر محتاج الیہ من نیست عمر گفت بالضرورۃ او را تکلیف باید کرد۔ روضۃ الصفا جلد سوم ص ۸ مطبوعہ بمبئی

علامہ طبری کی عبارت یہ ہے" امام حسن علیہ السلام خواست کہ باہمہ اہلبیت خویش بمدینہ رود و عمر ابن عاص معاویہ را گفت پیش ازاں کہ امام حسن علیہ السلام بمدینہ شود و عمر ابن عاص معاویہ را گفت پیش ازآنکہ امام حسن علیہ السلام بمدینہ رود مردمان کوفہ را بفرما تا امام حسن علیہ السلام خطبہ کند معاویہ گفت خطبہ کردن او مارا بچہ کار آید امام حسن علیہ السلام بر منبر شد و خطبہ کرد"

یہاں تک اس مجلس کے اہتمام اور اس کے ضروری حالات جو اہل شام کی کونسل میں تجویز ہوئے تھے ہم نے جداگانہ تاریخوں کے اسناد سے لکھ دیئے اب ہم وہ خطبہ بھی ذیل میں تاریخ طبری صفحہ ۶۰۲ جلد چہارم سے تحریر کرتے ہیں جو اس موقع پر جناب امام حسن علیہ السلام نے پڑھا۔

یا ایہا النّاس ھذا لکم ھداکم باوّلنا وحقن دماءکم باخرنا وانّ الدنیا دول ولکلّ شئ اجل وانّکم خلق یومنون علی ھذہ البیعۃ الذی بدلتھا بغیر اھلھا ووضعتھا فی غیر حقّھا وانّی اقول کما امر اللہ عزّوجل وان ادری لعلّہ فتنۃ لکم ومتاع الی حین

چوں امام حسن علیہ السلام باینجا رسید معاویہ گفت یا ابا محمد علیہ السلام فرود آئی پس امام حسن علیہ السلام فرود آمد معاویہ از عمرو عاص گفت این ست حسنؑ کہ زبان ندارد۔

صاحب روضۃ الصفا نے اپنی فارسی عبارت میں اسی خطبہ کا بجنسہ ترجمہ کردیا ہے جس کو ہم طبری کی عربی عبارت سے اوپر لکھ چکے اور اعثم کوفی میں بھی یہی عبارت درج ہے وھو ہذا

آنجناب بربالائے منبر برآمد و بعد از حمد و ثنائے باری سبحانہ و تعالے و درود بر مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم گفت اے قوم خدائے عزّوجل باوّل ما شمارا ہدایت داد بآخر ما شما را از ریختن خون نگاہ داشت و شما ہر آئینہ مرا ملامت و سرزنش نکنید کہ امر را بغیر اہل آں دادم و ایں حق را در غیر موضعش نہادم امّا قصد من دریں قضیہ صلاح حال اُمت بود وانّ اللہ تعالیٰ قال لنبیّہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وان ادری لعلہ فتنۃ لکم ومتاع الی حین۔ و چوں سخن بدیں جا رسید معاویہ بے طاقت شدہ گفت اے ابا محمد علیہ السلام فرود آئی و چوں طلاقت لسان و فصاحت بیان امیر المومنین حسن علیہ السلام سمت ظہور یافت عمر عاص خجل شد و معاویہ از آں التماس پشیمان شدہ کینہ عمر عاص در ضمیرش پدید آمد۔

ملّا مجلسی علیہ الرحمہ نے جلاء العیون میں تھوڑے اختلاف کے ساتھ اسی خطبہ کو نقل کیا ہے اور علامہ ابن حجر نے صواعق محرقہ میں بجنسہ ملّا کی عبارت نقل کردی ہے ہم دونوں کتابوں کی عبارت حرف بحرف اور لفظ بلفظ نقل کرتے ہیں اور بوجہ قدامت زمانہ کے پہلے صواعق محرقہ کی عبارت کو لکھتے ہیں۔

ثم صعد الحسن علیہ السلام المنبر قال یا ایّہا النّاس قد علمتم انّ اللہ جل ذکرہ وعزّ ہداکم بجدی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وانقذکم من الضّلالۃ وخلّصکم من الجہالۃ واعزّکم بعد الذلۃ وکثّرکم بعد القلّۃ وانّ معاویۃ نازعنی حقا ھو لی دونہ فنظرت الصّلاح الامۃ وقطع الفتنۃ

وقد کنتم بایعتمونی علی ان تسالموا من سالمنی وتحاربوا من حاربنی فرایت ان اسالم معویة واضع بینی وبینه وقد صالحته ورایت ان حقن الدماء خیر من سفکها ولم ارد بذلك الا صلاحکم وبقاءکم وان ادری لعله فتنة لکم ومتاع الی حین۔

علامہ ابن حجر کی عبارت اوپر لکھکر ہم ترجمہ جلاء العیون کی عبارت ذیل میں لکھے دیتے ہیں جو اس عربی عبارت کا کامل ترجمہ ہے ایہا الناس خداوند عالم نے تم کو ہمارے جد بزرگوار سید الانبیا محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ سے ہدایت فرمائی آنحضرت نے تم کو ضلالت وجہالت سے نکالا اور ذلیل ہونے کے بعد تمہیں معزز فرمایا بدرستیکہ امر امامت جو مجھ سے مخصوص تھا معاویہ نے مجھ سے تنازع کیا جب میں نے کوئی یاور نہ پایا بخیال اصلاح وحفظ خونہائے امت خود دست بردار ہوا تم نے مجھ سے بیعت اس امر پر کی تھی کہ جس سے میں صلح کروں تم بھی صلح کرو اور جس سے میں جنگ کروں تم بھی جنگ کرو اور میں نے مصلحت ومنفعت اس امت کی اسی میں دیکھی کہ اس سے (معاویہ سے) صلح کروں اور میں حفظ خونہائے مردم کو اس خونریزی سے بہتر سمجھا اور میری غرض تمہاری اصلاح تھی اور جو کچھ میں نے کیا وہ تم پر حجت ہے جلاء العیون ص ۲۷۰

اس خطبہ کو شیخ الاسلام قسطنطنیہ فاضل کامل علامہ شیخ السلیمان الحنفی النقشبندی القندوزی نے ینابیع المودۃ مطبوعہ بمبئی ص ۲۴۲ میں بھی درج فرمایا ہے۔

اس خطبہ کے علاوہ اور خطبے بھی جناب امام حسن علیہ السلام سے منقول ہیں جو قیام کوفہ کے زمانے میں ارشاد فرمائے گئے ہیں اور وہ عموماً تمام اسلام کی تاریخ اور سیر کی کتابوں میں درج ہیں ان میں سب سے زیادہ مشہور اور فصیح وبلیغ وہ خطبہ ہے جو جناب امام حسن علیہ السلام نے کوفہ سے مراجعت فرماتے وقت تمام اہل اسلام کے سامنے اپنے اور تمام اہلبیت کرام علیہم السلام کے فضائل ومدارج کی تصریح وتشریح میں ارشاد فرمایا ہم اس خطبہ کو علامہ حافظ جمال الدین الزرندی المدنی کی معتبر اور مستند کتاب درر السمطین سے نقل کرتے ہیں

ان الحسن ابن علی ابن ابیطالب علیہما السلام قال فی خطبة الاخری بعد الحمد والثناء علی الله والتصلیة علی رسوله انا اهل بیت اکرمنا الله واختارنا واصطفانا واذهب عنا الرجس وطهرنا تطهیرا ولم تفرق الناس فرقتین الا جعلنا الله فی خیرهما من ادم علیه السلام الی جدی محمد صلی الله علیه واله وسلم ابعثه النبوة واختاره الرسالة وانزل علیه کتابه وکان ابی اول من آمن وصدق الله ورسوله وقد قال الله تعالی فی الکتابه المنزل علی نبیه المرسل افمن کان علی بینه من ربه ویتلوه شاهد منه وقد قال له جدی رسول الله صلی الله علیه واله وسلم حین امره ان یسیر الی مکة فی موسم الحج بسورة برآءة سر بها یا علی فانی امرت ان لا یسیر بها الا انا او رجل منی وانت منی فانی من جدی وجدی من الله فقال له جدی حین قضی بینه وبین اخیه جعفر ومولاه زید ابن حارثة فی ابنة عمه حمزة اما انت یا علی

فمنی وانا منك وانت ولیّ كل مومن ومومنة بعدی فلم يزل ابی وفی جدّی بنفسه وفی كل موطن
تقدمه جدّی ولكلّ شدة يرسله ثقة منه لطمانيته اليه وقال الله تعالی والسابقون
السابقون اولئك المقربون فكان ابی سابق السابقين واقرب المقربين الی الله والی رسوله
وذالك انه لم يسبقه الی الايمان احد غير خديجة سلام الله عليها فكما ان الله عزّ وجلّ
فضّل السابقين علی المتاخرين فضل سابق السابقين وقد قال الله عز وجل اجعلتم سقاية
الحاج وعمارة المسجد الحرام كمن امن بالله واليوم الاخر وجاهد فی سبيل الله نزلت هذه
الاية فی ابی وكان حمزة وجعفر قتلا شهيدين فی قتلاء كثيرة من الصّحابة فجعل الله حمزة
سيّد الشهداء من بينهم وجعل جعفر جناحين يطير بهما فی الجنّة مع الملائكة كيف يشاء
من بينهم وذالك بقرابتهما من جدّی صلی الله عليه واله وسلم وصلّی جدّی علی عمّه حمزة
سبعين صلوات من بين الشهداء يوم احد وكذالك جعل الله تعالی النّسا بنيه المحسنة
منهنّ اجرين وللمسيئة منهنّ وزرين ضعفين لمكانهنّ من جدّی رسول الله صلی الله عليه
واله وسلم وجعل الله الصّلوٰة فی مسجد نبيّه صلی الله عليه واله وسلم بالف صلوٰة من بين
سائر المساجد الا حرام لمكان رسول الله عليه واله وسلم فلمّا نزل يا ايها الذين امنوا صلوا
عليه وسلموا تسليمًا قالوا يا رسول الله ص كيف نصلّی عليك فقال قولوا اللّهم صل علی محمد وال
محمد كل مسلم ان يصلّی علينا مع الصّلوٰة علی جدّی رسول الله صلی الله عليه واله وسلم
فريضة واجبة واحل الله تعالی خمس الغنيمة لرسوله واوجبها فی كتابه واوجب لنا وله حرم
عليه الصّدقة وحرّمها علينا فللّه الحمد نزهنا ممّا نزهته وطيب لنا ما طيّب له كرامة كرامنا
الله بها وفضيلة فضّلنا علی سائر عباده وقال الله لجدّی حين جحده كفرة اهل الكتاب و
حاجّوه فقل تعالوا ندع ابناءنا وابنائكم ونساءنا ونسائكم وانفسنا وانفسكم ثمّ نبتهل فنجعل
لعنة الله علی الكاذبين فاخرج جدّی صلی الله عليه واله وسلم معه من الانفس ابی ومن
البنين انا واخی الحسين ومن النساء امّی فاطمة فنحن اهله ولحمه ودمه ونفسه ونحن
منه وهو منّا وقد قال الله تعالی وتبارك انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت
ويطهّركم تطهيرا فلمّا نزلت هذه جمعنا جدّی اياي واخی وامّی وابی ونفسه فی كساء
خيبری فی حجرة امّ سلمة فقال اللّهمّ هؤلاء اهلبيتی وخاصّتی اذهب عنهم الرجس
ويطهّركم تطهيرًا فقالت امّ سلمة انا ادخل معهم يا رسول الله فقال قفی مكانك يرحمك
الله انت علی الخير وانّها خاصّة لی ولهم ولما نزلت وامر اهلك بالصّلوٰة واصطبر عليها
ياتينا جدّی كل يوم عند طلوع الفجر يقول الصّلوات باهل البيت يرحمكم الله انّما يريد الله

لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهرکم تطهیرا وامر بسدّ الابواب فی مسجده غیر بابنا فکلموه فی ذالك فقال انّی لم اسدّ ابوابکم ولم افتح باب علی علیه السلام من تلقاء نفسی ولکن اتبع ما اوحی الیّ انّ الله امرنی بسدّ ابوابکم وفتح باب علی علیه السلام وقد سمعت هذه الامّة جدّی صلی الله علیه واله وسلم یقول ما ولّت امّة امرها رجلاً وفیهم من هو اعلم منه الّا لم یزل یذهب امرهم سفالاً حتّی یرجعوا الیٰ ما ترکوه وسمعوه صلی الله علیه واله وسلم یقول لابی انت منّی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انّه لا نبی بعدی وقد راوه وسمعوه صلی الله علیه واله وسلم حین اخذ بید ابی بغدیر خمّ وقال لهم من کنت مولاه فعلیٌ مولاه اللّهم صل علی محمّد وال من والاه وعاد من عاداه ثمّ امرهم ان یبلغ الشاهد منهم الغائب ثم قال الحسن علیه السلام ایها الناس انکم لو التمستم ما بین جابلقاء وجابرصاء رجلاً جدّه نبی وابوه وصیّه لم تجدوا غیری وغیر اخی فاتقوا الله ولا تضلوا ایّها الناس لو ذکر الّذی اعطانا الله تبارك وتعالیٰ وخصصّنا به من الفضائل فی کتابه وعلیٰ لسان نبیّه صلی الله علیه واله وسلم اخصّه وانا ابن البشیر وانا ابن النّذیر وانا ابن السّراج المنیر الّذی جعله رحمة للعالمین و اقسم بالله لو تمسکت الامّة بالثقلین لاعطتهم السّماء قطرها والارض برکتها ولاکلوا نعمتها خضراء من فوقهم ومن تحت ارجلهم من غیر اختلاف بینهم الیٰ یوم القیامة قال الله عزوجل ولو انّ اهل القریٰ آمنوا واتقوا لفتحنا علیهم برکات من السّماء والارض ولکن کذّبوا فاخذناهم بما کانوا یکسبون نحن اولیٰ بالنّاس فی کتاب الله وعلیٰ لسان نبیّه صلی الله علیه واله وسلم یا ایها الناس اسمعوا وعوا واتقوا الله وراجعوا الیه هیهات منکم الرجعة الی الحقّ وقد صارعکم النکوص وخامرکم الطغیان والجحود انلزمکموها وانتم لها کارهون والسلام علیٰ من اتّبع الهدیٰ

ملّا مجلسی علیہ الرحمہ نے بجنسہ یہی خطبہ جلاء العیون میں تحریر فرمایا ہے اس لئے ہم ان کی عبارت کو اسکے ترجمہ کی ضرورت پورا کرنے کے لئے کافی سمجھتے ہیں۔

جناب امام حسن علیہ السلام نے بعد حمد خدا و نعت جناب شافع روز جزا محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ارشاد فرمایا کہ خدائے تبارک و تعالےٰ نے ہم اہلبیت طاہرین کو کرامت عنایت فرمائی اور ہم کو اپنی تمام مخلوق میں چیدہ اور برگزیدہ فرمایا اور تمام آلائشوں سے پاک و پاکیزہ فرمایا خدا نے آدمیوں کو فرقوں میں تقسیم فرمایا اور فرقۂ اخیار میں سے خدائے تبارک و تعالےٰ نے جناب آدم صفی اللہ علیہ السلام سے لیکر ہمارے جد بزرگوار محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تک خود اُن کو چنیا

فرمایا اور ان کے قبضۂ اقتدار میں احکام نبوت و ارشاد رسالت عطا فرمائے اور اپنی کتاب حقہ ان پر نازل فرمائی جیسے ہمارے والد بزرگوار دلیل و رہنما سب سے پہلے ایمان لائے اور جناب باری تعالیٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق فرمائی جناب باری اس کتاب میں جو اس نے اپنے نبیؐ مرسل پر نازل فرمائی ہے ارشاد کرتا ہے کہ افمن کان علیٰ بینۃٍ من ربہ ویتلوہ شاھدٌ منہ علیٰ بینہ سے مراد ہمارے جد بزرگوار اور یتلوہ منہ سے ہمارے والد ماجد مراد ہیں اور جناب جد معظم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمارے والد کی شان میں فرمایا ہے اس وقت جس وقت آپ کو ایام حج میں تبلیغ احکام عشرہ کے لئے مکہ معظمہ زاد اللہ شرفا میں روانہ فرمایا کہ یا علی علیہ السلام خدائے تبارک و تعالیٰ نے مجھکو امر فرمایا ہے کہ ان احکام کو خود میں لے جاؤں یا میرا خاص عزیز اور تم میرے مخصوص ہو پس میرے بابا میرے نانا سے اور میرے نانا خدا سے قریب تر ہیں اور یہ ہمارے باپ کی شان میں ہمارے جد بزرگوار نے اس وقت ارشاد فرمایا جس وقت دختر جناب حمزہؓ سید الشہدا کی نسبت ہمارے والد۔ جناب جعفرؓ اور زید ابن حارثہ میں بحث ہوئی یا علیؑ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں اور تم میرے بعد تمام مومن اور مومنہ کے ولی ہو اور تمام معارک کارزار میں اور سخت سے سخت جنگ و پیکار میں ہمارے والد بزرگوار بھیجے جاتے تھے اور ان کی وجہ سے اس ہم کی طرف سے آنحضرت کو اعتبار اور اطمینان حاصل ہو جاتا تھا اور جناب باری عزاسمہ نے فرمایا ہے السابقون السابقون اولئک ھم المقربون ہمارے والد بزرگوار سابق سابقین اور درگاہ رب العزت میں اقرب المقربین ہیں اور کسی فرد واحد نے آپ کے مقابلہ میں سبقت اسلام میں سوائے جناب خدیجۃ الکبریٰ کے سبقت حاصل نہیں فرمائی اور جناب باری تعالیٰ نے فرمایا اجعلتم سقایۃ الحاج وعمارۃ المسجد الحرام کمن امن باللہ والیوم الاخر وجاھد فی سبیل اللہ یہ آیۂ وافی ہدایہ ہمارے والد ماجد کی شان میں نازل ہوا ہے اور جناب حمزہؓ اور جناب جعفرؓ اکثر صحابہ کے مقابلہ میں شہید ہوئے ہیں لیکن بمقابلہ ان شہدا کے جناب اقدس الٰہی نے جناب حمزہؓ کو سید الشہدا کا خطاب اور ہمارے عم نامدار جعفر طیارؓ کو اپنی عین عنایت سے دو پر کرامت فرمائے کہ وہ ان کے ذریعہ سے بہشت میں بہمراہی ملائکہ جہاں چاہتے ہیں سیر کرتے ہیں اور یہ تمام شرف ان صاحبوں کو ہمارے جد بزرگوار کی قرابت کی وجہ سے حاصل ہوئے ہیں اور ہمارے جد بزرگوار کی مسجد میں ایک نماز پڑھنے کا ثواب برابر ہے ان ہزار رکعتوں کے جو سوائے مسجد حرام کے اور مسجدوں میں پڑھی جاویں اور جب۔ آیہ یا ایھا الذین امنوا یصلون علی النبی نازل ہوا تو لوگوں نے آنحضرت سے پوچھا کہ ہم آپ پر کیسے صلوات بھیجیں تو آپ نے فرمایا اللھم صل علی محمد وآل محمد اور تمام مسلمین پر واجب اور فرض ہے کہ ہمارے جد بزرگوار پر درود بھیجے اور خدائے تبارک و تعالیٰ نے خمس غنیمت کو اپنے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے حلال فرمایا اور اسکو اپنی کتاب میں واجب فرمایا اور اس کو ہمارے لئے بھی واجب گردانا جو اپنے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے واجب گردانا اور صدقہ کو ان کے لئے حرام فرمایا اور ویسے ہی ہمارے لئے بھی حرام فرمایا پس شکر ہے اس خدائے تبارک و تعالیٰ نے ہمیں پاک و پاکیزہ فرمایا جیسا

کہ ان کو پاکیزہ فرمایا اور ہم کو بھی ویسا ہی طاہر فرمایا جیسا کہ ان کو طاہر فرمایا یہ ایک ایسا شرف مخصوصہ اور کرامت ظاہرہ ہے اور ایسی فضیلت وافرہ ہے کہ جس سے ہم کو تمام بندگان خدا پر فضیلت حاصل ہے اور خدائے تبارک وتعالےٰ نے میرے جد بزرگوار رسول مختار سے خطاب کرکے اس وقت مخاطب فرمایا جس وقت نصارا نجران کے لوگ آپ سے مناظرہ کے لئے آئے کہ تم ان سے کہدو کہ ندع ابناء نا وابنا ئکم ونساء نا ونسائکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتہل فنجعل لعنۃ اللہ علے الکاذبین پس ہمارے جد بزرگوار اپنے ساتھ ہم کو اور ہمارے والد نامدار اور مادر عالی مقدار اور برادر گرامی آثار کو ساتھ لیکر بیت الشرف النبوۃ سے تشریف لائے اور ہمیں لوگ ان کے اہلبیت ان کے گوشت پوست ان کے خون اور ان کے نفس تھے اور ہمیں لوگ ان سے تھے اور ہمیں لوگوں سے وہ تھے اور خدا نے فرمایا

انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت ویطہرکم تطہیرا جس وقت یہ آیہ وافی ہدایہ نازل ہوا ہمارے جد بزرگوار نے ہم کو ہمارے بھائی ہماری ماں اور ہمارے باپ کو ایک کملی کے نیچے ام المومنین حضرت ام سلمہ رض کے حجرہ میں جمع فرمایا اور کہا اے پروردگار یہی لوگ میرے اہلبیت ہیں اور یہی ہمارے مخصوصین ہیں تو ان سے ہر قسم کی آلائشوں کو دور فرما اور ان کو ایسا پاک و پاکیزہ فرما جو حق پاک فرمانے کا ہے۔

معاملہ سدالباب میں سب لوگوں کے دروازے ہمارے دروازے کے سوا مسجد رسول کی طرف سے بند کردیئے گئے اس پر بعض لوگوں کو کلام ہوا آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں نے اپنی دلی خواہش کے تقاضے سے علی علیہ السلام کا دروازہ نہیں کھولا ہے اور نہ تمہارے دروازوں کو بند کیا ہے بلکہ اس امر میں میں نے خدا کے حکم کی تعمیل کی ہے اور خدا کی وحی آئی تھی کہ علیؑ کا دروازہ کھلا رہنے دیا جائے اور تمہارے سب کے دروازے بند کردیئے جائیں امت کے تمام لوگوں نے ہمارے جد بزرگوار کو ہمارے پدر عالی مقدار کی شان میں فرماتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ہمارے نزدیک اسی قدر و منزلت کے ہیں جیسے موسےٰ علےٰ نبینا وعلیہ السلام کے نزدیک جناب ہارون اور انہیں لوگوں نے ہمارے جد بزرگوار کو غدیر خم کے مقام میں کہتے ہوئے سنا ہے کہ جس کا میں مولا ہوں اس کے علی علیہ السلام مولا ہیں پروردگار تو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور تو اس کو دشمن رکھ جو اس کو دشمن رکھے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتاکید فرمایا کہ اس واقعہ کی شہادت کو حاضرین غائبین تک پہنچا دیں پس ان امور کے بعد جناب امام حسن المجتبےٰ علیہ التحیۃ والثنائے اس تمام مجمع کو مخاطب کرکے ارشاد فرمایا کہ ایہا الناس اگر تم لوگ ایسے شخص کی تلاش میں جس کا نانا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کا باپ وصی رسول علیہ السلام ہو تمام دنیا میں جابرسا و جابلقا (یہ دونوں شہر منتہائے غرب و شرق بتلائے جاتے ہیں) تک گھوم آؤ تو سوائے میرے اور میرے بھائی حسنین علیہ السلام کے کسی دوسرے کو نہ پاؤگے پس تم لوگ خدا سے ڈرو اور تقوےٰ و پرہیزگاری اختیار کرو ایہا الناس اگر ہم اپنے فضائل و مناقب جو کتاب خدا اور زبان رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ثابت

ہوئے اور اپنے وہ خصائص جو مخصوص ہماری ذات کے لئے خالق عالم کی طرف سے ودیعت فرمائے گئے ہیں اور جن کی وجہ سے ہم کو تمام دُنیا کے لوگوں پر فضیلت حاصل ہے بیان کریں تو ان کا شمار نہیں ہو سکتا ہم ابن بشیر ہم ابن نذیر اس برگزیدہ باریتعالےٰ کے صاحبزادے ہیں جن کو درگاہ رب العزت سے رحمۃ للعالمین کا گرانمایہ خطاب عطا ہوا ہے اگر دونوں جہان کے لوگ ہماری ولایت و محبت کے ساتھ متمسک نہ ہوتے تو کبھی آسمان اُنہیں قطرۂ پانی عطا نہ کرتا اور نہ زمین اپنی برکت عنایت کرتی اور دُنیا و آسمان سے ان کے لئے یہ نعمتیں نازل نہ ہوتیں جیسا کہ حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ولو انھم قاموا التوراۃ والانجیل وما انزل الیھم من ربھم لاکلوا من فوقھم ومن تحت الآیۃ وقال عزوجل ولو ان اھل القریٰ اٰمنوا وانقوا لفتحنا علیھم برکات من السمآء والارض ولکن کذبوا فاخذناھم بما کانوا یکسبون۔ اور اگر بستی والے ایمان لاتے اور تقویٰ و پرہیزگاری اختیار کرتے تو ان کے لئے آسمان و زمین کی برکتیں کھل جاتیں لیکن ان لوگوں نے جھٹلایا پس ہم نے بھی ان سے ان امور کا مواخذہ کیا جو کچھ کہ ان لوگوں نے کیا تھا ایہا الناس ہم تمام لوگوں سے ازروئے کتاب خدا و حدیث رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اولیٰ و بہتر ہیں پس اے معشر الناس ہمارے احکام کو سنو اور ہماری اعانت کرو اور خدائے سبحانہ تعالےٰ سے ڈرو اور اسی کی طرف رجوع کرو۔

ھیہات منکم الرجعۃ الی الحق وقد صار علیکم النکوص وخامرکم الطغیان والجحود انلزمکموھا وانتم لھا کارھون والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

ینابیع المودۃ للعلامہ سلیمان مطبوعہ بمبئی صفحہ ۳۹۹ و ۴۰۰۔

ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے ترجمہ جلاء العیون میں صفحہ ۲۷۱ سے لے کر ۲۷۵ تک یہی خطبہ درج فرمایا ہے اگر پہلے خطبہ کی عبارت سے جس کو ابھی ابھی ہم کتاب درالسمطین سے نقل کر چکے ہیں اس خطبہ کی عبارت سے ملا دیں تو قریب قریب دونوں کے مضامین ایک دوسرے سے ملتے ہوئے پائے جائیں گے۔

جناب امام حسن علیہ السلام کے اس طولانی خطبے سے تمام اہل اسلام کی ہدایت عام کی مصلحت پر خاص طور سے مبنی تھے واقعی اگر اس تفصیل اور تشریح کے ساتھ خاندان نبوت اور دُودمان رسالت سلام اللہ علیہم اجمعین کے فضائل و مناقب اس مجلس میں بیان کئے جاتے جو خاص کر عمرو ابن عاص و ولید ابن عقبہ وغیرہ خیر خواہان بنی اُمیہ کے اہتمام سے منعقد ہوئے تھے تو اس واقعہ صلح کے بعد ضرور تھا کہ اہل اسلام میں بنی ہاشم اور بنی اُمیہ کی ترجیح کا مسئلہ غیر منفصل اور مشتبہ رہجاتا اس لئے جناب امام حسن علیہ السلام اپنے اس منصب کے رو سے جو درگاہ رب العزت سے آپ کو حاصل تھا اپنے لئے فرض سمجھتے تھے کہ اُمور صلح کے طے ہو جانے کے بعد اور اُمور سلطنت کے منتزع ہو جانے کے بعد بھی اتمام حجت کے طور پر تمام اہل اسلام کو دکھلا دیا جائے اور ان پر مستحکم اور مضبوط دلیلوں سے ثابت کر دیا جاوے کہ ان ظاہری غلبہ اور اقتدار کے حاصل ہو جانے

پر بھی ہمارے مخالف کو ہم پر ترجیح اور فضیلت نہیں ہو سکتی ہے اور نہ وہ ہمارے کسی ذاتی مدارج و مناقب میں ہمارا مقابل ہو سکتا ہے ہم اور ہمارے تمام ذاتی اوصاف ویسے ہی تنہا بے نظیر عدیم المثال اور لاجواب ہیں جیسے تمام سائر مخلوقات میں ہماری ذات منتخب ہے۔

اس ضرورت کو مدنظر فرما کر جناب امام حسن علیہ السلام نے تمام اہل اسلام کے سامنے خاصکر اس موقع پر جب مقابل کا حریف بھی موجود تھا اور اس کے تمام اعوان و انصار بھی حاضر تھے اہلبیت کرام علیہم السلام کے فضائل و مناقب نہایت شرح و بسط سے بیان کئے اور اس کے ضمن میں وہ تمامی واقعات اور ان کے ضروری اور مستحکم اثبات جن سے ان مدارج عالیہ کا ثبوت ہوتا تھا اور ان پر عامۃ الخلائق کی نگاہوں میں مختلف ذریعوں سے پردہ ڈالا تھا نصوص قرآنی اور احادیث نبوی سے ثابت فرمائے اور وہ ضرورت مخصوصہ بھی بیان فرما دی گئی جس کی بناء پر اس مصالحت کے معاملات قائم کئے گئے تھے اور وہ زیادہ تر انہیں کی منفعت اور آرام رسانیوں پر مبنی تھے وہ تمام شرائط جو اس صلحنامے میں تحریر ہوئے تھے اور جس قدر ان میں تمام اہل اسلام کی رفاہ و فلاح امن و امان ان کی محافظت اعانت اور ان کے حقوق کی رعایت ضروری اور لازمی سمجھی گئی تھی کہ پھر اس میں کسی کو بھی شکایت کی گنجائش باقی نہیں رہی بہرحال جناب امام حسن علیہ السلام کا یہ خطبہ آپ کی شہنشاہی حکومت کی تمام کارروائیوں کا ایسا مکمل روزنامچہ تھا کہ کوئی اور تیزدست منشی بھی اپنے ملک کے حالات ایسے مسلسل اور مشرح پیمانہ پر تیار نہیں کر سکتا۔

بہرحال اب ہم یہاں سے اپنے قدیم سلسلۂ بیان پر آ جاتے ہیں امیر معاویہ نے اپنی حکمرانی کا سلسلہ بھی خطبہ خوانی ہی سے آغاز کیا ہم اس مقام پر اعثم کوفی کی عبارت درج کرتے ہیں۔

ذی اقتدار مورخ کا بیان ہے کہ وقوع صلح کے بعد کوفہ کی مسجد جامع میں جو خطبہ معاویہ کے نام سے پڑھا گیا وہ وہی خطبہ تھا جس کو ان کی طرف سے ان کے مشیر با تدبیر عمرو عاص نے تمام اہل اسلام کے مجمع عام میں پڑھا۔ ہمارے مستند مورخ کی عبارت یہ ہے۔

پس عمرو عاص برخواست و گفت اے اہل عراق ما و شما براہ راست و طریق مستقیم بودیم ہوا ہائے مختلف ما را از یکدیگر جدا افگند و تفرقہ باحوال ما و شما راہ یافت و جنگ ہا و محاربت ہا افتاد و کار بداں رسید کہ حکمین نصب کردہ شد ہمگاں بحکم ایشاں کہ بروفق کتاب خدائے تعالےٰ و سنت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کردند راضی شدیم و حکم حکمین بر آنجملہ امضا رسید کہ شما بر ما تفضلی می جستید و ظلم میکردید امروز حق بر مرکز خود قرار یافت و جہانیان از منازعت آسودند پس شما را عذر گذشتہ می باید خواست و نافرمانی ہا و عصیان ہا را بموافقت و مطاوعت تدارک می باید کرد مصالح جہاں و سعادت دین و دنیا بشما ظاہر گردد و پراگندیہا و تشویش ہا زائل گردد والسلام

عمرو عاص کی تقریر ختم ہونے کے بعد خود معاویہ نے بھی خطبہ خوانی شروع کی ان کے خطبہ کی عبارت مستند اور

معتبر مورخ نے یہ لکھی ہے وھو ہذا

اے مردمان بدانید کہ پیش از ما ہر طائفہ کہ بعد از وفات پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیکدیگر طریق مخالفت سپردند وشیوہ منازعت پیش گرفتہ اند دراں منازعت ارباب خیر وصلاح مغلوب بودند واصحاب شر وفساد غالب الا امت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ تقدیر باریتعالےٰ درحق ایشاں چناں است کہ اہل صلاح مستولی باشند وآنچہ بایں جانب از محاربہا کہ افتاد وخونہا کہ ریختہ شد گذشت امروز بحمد اللہ تعالےٰ کار را نظمے ونظامے پدید آوردہ وتفرقہا زایل گشت وبعد از تزلزل بسیار حق در مقر خویشتن قرار یافت ونائرہ فتنہ اطفا پذیرفت ودعوت ما عزیز شد ہر شرطے کہ کردم امروز مردود است وہر وعدہ کہ دادم سررشتہ آں امروز در دست من است اگر خواہم وفا کنم واگر نخواہم نکنم شما را باآں ہیچ کارے نیست وشما را باطاعت ومتابعت من کار است والسلام آعثم کوفی ص ۴۵۶

ہم نے ابھی کچھ اوپر معاویہ کا یہی خطبہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ کی کتاب جلاء العیون سے لکھا ہے اگر آغاز خطبہ کا نہیں ہے تو انتہائے خطبہ کا تو بالکل یہی مضمون ہے بہر حال اہل عراق کی وہ تمام اُمیدیں جو اس مصالحت سے تھوڑی بہت ہوئی بھی تھیں اس تقریر سے بالکل منقطع ہوگئیں اور معاویہ کے دلی عناد اور قلبی فساد کے ارادوں کو یہ بخوبی سمجھ گئے نئے امیر کی اس تازہ تقریر کا اتنا جلد اور کامل اثر حاضرین جلسہ پر پڑا کہ تمام جماعت کی جماعت میں ایک سخت انتشار پیدا ہوگیا اور اس تمام مجمع میں ایک عام پریشانی اور غیر اطمینانی پھیل گئی چنانچہ ہمارے ذی قدر مورخ لکھتے ہیں۔

مردمان چوں ایں خطبہ از معاویہ شنیدند بہم آمدہ درخشم شدند واورا دردشنامہا دادند (کیا اچھی تخت نشینی کی تہنیت دی گئی ہے) ونزدیک بود کہ آتش فتنہ بر سر او ریختہ شود وخونہا ہم ریختہ شود معاویہ ترسید واز گفتہ خود پشیمان گردید پس مسیّب بن نجبۃ الفزاری برخاستہ نزدیک امیر المومنین حسن علیہ السلام آمد وگفت چنداں کہ تامل می کنم ایں مشکل حل نمی شود وتعجب من از تو آخر نمی گیرد کہ چرا با معاویہ صلح کردی وچہل ہزار مرد شمشیر زن را معطل گذاشتی ایں چہ کار بود کہ کردی ومع ذالک عہدے مستحکم از او بستاندی ومردمان از آں خبر ندارند بدیں سبب معاویہ بر منبر می گوید عہدے کہ کردہ ام سررشتہ آں در دست من است اگر خواہم بدآں وفا کنم والا نکنم ودر حضور تو چنیں می گفت واللہ کہ ایں سخن را با تو گفتہ است وبا ہیچ کس دیگر نگفت سہوے عظیم ست کہ ترا افتادہ عاقبت آں خیر باد امیر المومنین حسن علیہ السلام گفت اکنوں تدارک آنرا چہ می اندیشی مسیّب گفت تدبیر آنست کہ از ایں سخن صلح باز گردی وبر سر کار خویشتن نشوی ومعاویہ را بگو کہ عہد خود را شکستی کہ در شانہ من گفتی کہ اگر خواہم بعہد خود وفا کنم والا اگر نخواہم نکنم حضرت امام حسن علیہ السلام دراں کار فرو ماندہ گفت اے مسیب من دل ازیں کار برگرفتہ وعذریں نیکو من نباشد اگر من خواہان حرمت وجاہ دنیا بودمے معاویہ را آں محل نشناختمے کہ در جنگ برابر من بہ

ایستادے چہ حق ازاو در کل احوال وسائر اعمال صبورتر وثابت قدم ترم لیکن من بایں صلح کردم صلاح رعیت ونظام کار مسلماناں خواستم شما نیز بقضائے باری تعالےٰ راضی بشوید وطریق مناقشت ومنازعت مبرید تا صالحان امت جدم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم برآسایند واز مفسدان باز رہند۔

حقوق بنی امیہ کی رعایت اور تائید کرنے والے حضرات جناب امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق کی بےنظیر مثال کو اس واقعہ سے ملاحظہ کرلیں اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ اس موقع پر اگر آپ کے سوا کوئی دوسرا معاویہ کے مقابلہ میں ہوتا تو وہ کبھی ایسے موقعہ کو ہاتھ سے نہ دیتا اور مصالحت کی تمام شرطوں سے دستبردار ہو کر جہاں تک ہوتا ان کے حقوق کے استیصال کے لئے اپنی طرف سے پوری کوشش کرتا ان کے محاسن اخلاق کے جواب میں اور صلحنامہ کے شرائط کی ادا کاریوں کے عوض میں جو مفاسد اور مظالم امیر معاویہ کی طرف سے عمل میں لائے گئے وہ بہت جلد ہم ایک علیحدہ مضمون کے متعلق بیان کرتے ہیں۔

بہرحال امیر معاویہ کے اس خطبہ نے ایسا زہریلا اثر پیدا کردیا کہ ہر شخص انکی دلی ارادوں کو سمجھکر اپنی جگہ پر بے چین ہو بیٹھا اور اس تمام مجمع میں ایک غیر اطمینانی اور پریشانی پھیل گئی اپنے استحکام سلطنت کی ضرورت کی وجہ سے اپنے تسلط کے ابتدائی زمانہ میں رعایا اور ان کے حقوق کی ہمدردی دلجوئی اور رعایت کہاں تک فرمائیں گے سریر خلافت پر قدم رکھتے ہی رعایا اور تمام اہل اسلام پر تیغ انتقام کھینچنے لگے اور اُن تمام وعدوں سے انکار کرنے لگے جن کی روشنائی بھی صلحنامے کے کاغذ میں اچھی طرح خشک ہونے بھی نہیں پائی تھی مسیب کا پورا واقعہ اپنے ذیقدر مؤرخ کی اصل عبارت سے ہم ابھی ابھی اوپر تحریر کرچکے ہیں اور جناب امام حسن علیہ السلام کا منصفانہ اور دانشمندانہ جواب بھی قلمبند کرچکے ہیں جو آپ نے مسیب کو اس کی تقریر سنکر دیا ہے اس میں شک نہیں کہ جناب امام حسن علیہ السلام کو ہر طرح سے مسلمانوں کی اصلاح حال منظور تھی اور زمانہ کی موجودہ ضرورتوں کے اعتبار سے سب سے زیادہ ضروری اور لازمی اسی پر آپ نے عمل فرمایا ہرچند کہ معاویہ کے نقص طبیعت اور رفتار کردار سے معلوم تھا کہ اس کے عہد و پیمان بالکل ناقابل اعتماد اور غیر معتبر ہیں اور اسکی طرف سے ان معاہدہ پر کبھی وفا نہیں کی جائے گی مگر یہ اصلاح حال اور عامۃ الناس کی رفاہ وفلاح اسی میں تھی کہ جنگی معاملات کے سلسلہ کو قطع کردیا جاوے کیونکہ اس سلسلہ کا قائم رکھنا آدمیوں کی جمعیت پر منحصر تھا اور جمعیت میں جیسے کچھ خلوص اور اعتقاد والے مجتمع تھے ان کی پوری کیفیت ہم نہایت شرح وبسط کے ساتھ اوپر لکھ چکے ہیں ان کے معاملات کو بغیر اس صورت کے ایکبارگی یوہیں ترک کردینا اور کوئی صورت قرار واقعی قائم نہ کرنا امام حسن علیہ السلام کے موجودہ منصب کے خلاف تھا معاویہ کی عہد شکنی خلاف وعدگی کے فطرت معائب اور قبائح جو اس کی طبیعت کے لازمی اجزا تھے جب تک اس صلحنامہ کے شرائط کے خلاف میں مشاہدۃً عام طور سے ظاہر نہ ہولیں کامل طور سے ثابت نہیں ہوسکتے تھے اور اس کی ناقابل خلافت ہونے کے دلایل مستحکم نہیں رہ سکتے تھے

اس مضمون کی نسبت ہم اتنا اور لکھ دیں گے کہ معاویہ کی اس تقریر سے جو کچھ اثر عامۃ الناس پر پڑا تھا وہ اتنا ضرور تھا کہ معاویہ کی ابتدائی کارروائیوں میں انتشار پیدا کرتا اور امام حسن علیہ السلام کی جگہ معا جیسا امارت کا حریص حکومت و ریاست کا شیدا کوئی دوسرا دعویدار ہوتا تو وہ صلحنامہ کے شرائط پر ایک منٹ کے لئے بھی لحاظ نہ کرتا اور اسی وقت سے اپنی منفعت کے لئے ایک تازہ فساد کی شاخ لگاتا مگر چونکہ امام حسن علیہ السلام کو انہیں دلیلوں سے معاویہ کے تمام جھوٹے سچے استحقاق خلافت کے دلائل کاٹنے تھے تو اس لئے وہ دلیلیں اپنے اوپر کیسے جمع کی جاسکتی تھیں اور نقص عہد فرما کر اپنے پاک و پاکیزہ دامن عصمت میں کیسے داغ لگایا جاسکتا تھا اسی وجہ سے جناب امام حسن علیہ السلام نے اس عالم انتشار و اضطرار پر کوئی خاص توجہ نہیں فرمائی اور اسکو اسی حال پر چھوڑ دیا اور مسیب سلیمان ابن صرد خزاعی رحمہم اللہ علیہم کی جداگانہ اور دوستانہ تحریک سے قطع نظر فرما کر کوفہ کے قیام سے مدینہ منورہ زاد اللہ شرفاً کی مراجعت فرمانے کو پسند فرمایا۔

بہرحال یہاں تک حالات لکھ کر ہم ان واقعات کے سلسلہ کو ختم کرتے ہیں جن کو ہم نے امام حسن علیہ السلام کی خلافت کی ابتدا سے لکھنا شروع کیا تھا امام حسن علیہ السلام کے وہ حالات اور واقعات جنکو اسلامی مملکت سے خاص تعلق تھا ختم ہوگئے واقعہ صلح کے بعد سے آپ کی وفات تک اگرچہ دس برس کی کامل مدت پائی جاتی ہے مگر اس درمیان میں ہم کو پھر کوئی ایسا واقعہ نہیں ملتا جس کو ہم آپ کے متعلق بلاد اسلامی کے کسی صیغہ میں پاتے ہوں المختصر ہماری کتاب کے ناظرین کو اب یہ سمجھ لینا چاہیئے کہ دار الخلافت کوفہ کے اختیارات اس صلحنامے کی رو سے دار السلطنت شام کے سپرد ہوگئے اور مملکت اسلامی کے تمام کاروبار اختیار و اقتدار معاویہ کے متعلق ہوئے اگرچہ ہم کو امیر معاویہ کے حالات لکھنے کے لئے کوئی مجبوری نہیں ہے مگر تاہم کو آپ کی تازہ حکومت کے متعلق ہم اتنے واقعات ضرور لکھیں گے۔ جو اس صلح نامے کے متعلق خصوصیت کے ساتھ پائے جاتے ہیں۔

بہرحال جناب امام حسن علیہ السلام کوفہ میں چندے اور قیام فرما کر اپنے مخصوص اہلبیت طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے ہمراہ مدینہ طیبہ کی طرف تشریف لے گئے اور خلافت و امارت کے ظاہری کاروبار سے قطعی دست بردار ہوکر خانہ نشینی اور عزلت گزینی کی معنوی نعمتوں اور اس کی محدود اور محتاط حالتوں میں اپنی حیات ستودہ صفات کے باقیماندہ ایام صرف فرمانے لگے اس زمانے میں آپ کی مقدس سیرۃ کے واقعات ایسے پوشیدہ اور خاموش ہیں کہ ایک سیرۃ نگار کے لئے ان کا سراغ لگانا سخت دشوار ہوتا ہے سمجھنے کے لئے اتنا کافی ہے کہ جس طرح جناب امیر المومنین علیہ السلام کی مقدس حیات کے واقعات اور حالات پر جناب سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے لے کر خلافت ثلاثہ کے اخیر زمانے تک بالکل پردہ ہے اسیطرح امام حسن علیہ السلام کے ان دہ سالہ حالات پر مشکل سے اطلاع ہو سکتی

مگر ہم اتنا ضرور کامل یقین کے ساتھ کہتے ہیں کہ جن مشاغل اور مصارف میں جناب امیرالمومنین علیہ السلام نے اپنی خانہ نشینی اور عزلت گزینی کی پچیس چھبیس برس کی مدت صرف فرمائی انہیں مشاغل میں امام حسن علیہ السلام نے اپنی حیات کی باقیماندہ دس سالہ مدت بھی کمال احتیاط کے ساتھ صرف فرما کر اپنی ذات جمع الصفات کو الولد سر لابیہ کا پورا پورا مصداق ٹھہرایا اور احکام فرائض و سنن اور ان تمامی امور دینیات میں جو منجانب اللہ آپ کی ذات سے متعلق تھے اپنی عمر عزیز کا یہ حصہ صرف فرمایا ہدایت عامہ اور تعلیم و تلقین مسائل دین جو منصب رسالت کے ختم ہو جانے کے بعد مسند امامت سے مخصوص تعلق رکھتے تھے کے تمام اصول جاری رکھے اور وہ مخصوصین اور جماعت مومنین جو اپنی ضرورتوں کے لئے زیارت سے مشرف ہوا کرتی تھی وہ ارشاد ہدایت اور احکام شریعت سے برابر مستفیض و مستفاد ہوتی تھی اگرچہ تھوڑے دنوں میں معاویہ کی تاکیدوں نے شریعت کے احکام عموماً اور خصوصاً وہ احکام جو شریعت اہلبیت کے مطابق نافذ ہوتے ہوں بالکل اٹھا دیئے تھے مگر تاہم وہ خالص مومنین باوجود ان شدید تاکیدوں کے صراط مستقیم سے سر مو علیحدہ نہ ہوئے اور برابر اپنے غریب خانوں پر انواع و اقسام کے مصائب اور شدائد برداشت کر کے اپنے واجب الطاعۃ امام زمانہ کی اطاعت اور متابعت کو اپنی دینی اور دنیاوی سعادت کا ذریعہ سمجھتے رہے۔

جناب امام حسن علیہ السلام کے یہ ایام مخصوصاً انہیں امور کی تعلیم و تلقین میں صرف ہوتے رہے اور وہ تمام فرائض جو آپ کے منصب امامت سے تعلق رکھتے تھے اپنے اپنے اوقات پر صرف ہوتے رہے ان میں سب سے زیادہ ترجیح بیت اللہ کے سفر ہیں جن میں خصوصیت کے ساتھ اہتمام فرمایا جاتا تھا مگر اس انتظام و اہتمام کی موجودگی میں یہ امر نہایت تعجب دلانے والا ہے کہ یہ سفر جناب امام حسن علیہ السلام نے پا پیادہ انجام دیئے مدینہ سے مکہ تک کی مسافت ہر سال یونہی کاٹی جاتی تھی اور ان کی تعداد تمام تاریخوں میں بالفاظ مختلفہ پچیس بتلائی جاتی ہے ٭ ٭ ٭

شرائط صلح کی پابندی جانبین سے کس نے کی

حسب الوعدہ ہم اپنے سلسلۂ بیان کو اس صلح نامہ کے ذکر سے شروع کرتے ہیں اور اس بحث میں اس امر کا مخصوص فیصلہ کرنا چاہتے ہیں کہ جانبین سے ان شرائط کی پابندی کس نے کی معاویہ نے یا جناب امام حسن علیہ السلام نے

یہ تو ظاہر ہے کہ جب جانبین سے ایک ایسی تحریر مستحکم ہو چکی تھی جس پر تمام اہل اسلام کے علاوہ صحابہ نے

بھی دستخط کر دیئے تھے تو فریقین کو اس کی پابندی ضروری تھی اور وہ ایک ایسا محکم اور استوار عہد ہو چکا تھا کہ اس سے انحراف و اختلاف کرنے کا فریقین میں سے کسی فریق کو کسی حالت اور کسی وقت میں مطلق اختیار باقی نہیں تھا جس صداقت اور دیانت کے اعتبار پر اس تحریر کی تکمیل ہوئی تھی اس کا پہلا فرض یہ تھا کہ وہ جس فریق کو جس حالت میں ان شرائط سے علیحدہ ہوتے ہوئے دیکھتا اسی وقت تمام اہل اسلام کو اس فریق کی اطاعت و اعانت سے قطعی دست بردار اور کنارہ کش ہو جانا لازم تھا مگر افسوس اس بات کا ہے کہ ایسی دیانت اور آعاقت والے امت مرحومہ کے دائرہ سے تیس بتیس برس پہلے خارج ہو چکے تھے اب وہ کہاں تھے جن کی وجہ سے ثروت و دولت کی تحصیل سے دست بردار ہو کر قناعت کے خزانے جمع کر لئے جاتے

بہرحال جو صلح نامہ جناب امام حسن علیہ السلام اور معاویہ ابن ابی سفیان کے مابین لکھا گیا اس کی پوری تفصیل ہم اس کتاب میں ابھی ابھی اوپر درج کر چکے ہیں مندرجہ ذیل شرائط سے یہ صلحنامہ مرتب و مکمل بتلایا جاتا ہے اور تمام تاریخیں انہیں شرائط کو عبارت صلح نامہ یوں تسلیم کرتی ہیں۔

(۱) شیعیان دوستان اور پیروان جناب امیر المومنین علی علیہ السلام سے معاویہ کوئی انتقام نہ لے اور ان کو کسی قسم کے جانی اور مالی نقصان نہ پہنچاوے (۲) معاویہ تا حین حیات امارت و خلافت پر قائم رہے بعد اپنے امر خلافت کے لئے کسی کو اپنی طرف سے نامزد نہ کرے بلکہ شوریٰ پر چھوڑ دے (۳) متعلقات بصرہ کی سالانہ آمدنی مصارف اہلبیت علیہم السلام کے واسطے فروگذاشت کر دی جائے (۴) خزانہ کوفہ کی موجودہ رقم جناب امام حسن علیہ السلام کے لئے تسلیم کر دی جائے (۵) سبّ امیر المومنین علیہ السلام کی بدعت اٹھا دی جائے۔

تمام تاریخوں کا اس پر اتفاق ہے کہ معاویہ نے تمامی شرائط قبول کر لئے مگر امتناع سب والی شرط نہیں قبول کی مگر جب جناب امام حسن علیہ السلام کی طرف سے بہت سخت اصرار کیا گیا تو جیسا ہم معتبر تاریخوں کے اسناد سے اوپر ثابت کر آئے ہیں کہ معاویہ نے یہ طے کیا کہ جس مجمع میں آپ ہوں گے وہاں اس امر سے احتیاط کی جائے گی مگر مؤرخ ابو الفدا کا قول ہے کہ وہ اپنے اس اقرار پر بھی قائم نہ رہا۔

بہرحال اس صلح میں اسی قدر شرائط تھے جن کی پابندی فریقین پر ہر وقت اور ہر حال میں لازمی اور ضروری تھی اب ہم ہر شرط کو حسب الوعدہ علیحدہ علیحدہ لکھ کر یہ دکھاتے ہیں کہ فریقین میں سے کس نے ان شرطوں پر وفا کی اور ان کو پورا کیا اور کس نے ان معاہد کو توڑا اور ان کے حدود سے اپنے قدم باہر نکالے۔

پہلی شرط شیعیان دوستان پیروان جناب امیر المومنین علیہ السلام سے معاویہ کوئی انتقام نہ لے اور نہ ان کو کسی قسم کے جانی اور مالی نقصان پہنچاوے۔

ہم اس سلسلۂ بیان میں یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ امیر شام نے اس شرط کو کہاں تک پورا کیا اس صلحنامہ کے مرتب اور مکمل ہو جانے کے بعد معاویہ نے اپنے ان تمام رازوں کو ظاہر کر دیا بلکہ وہ سالہا سال اندر

مدت ہائے دراز سے اپنے دل میں چھپائے ہوئے تھے اور حقیقت میں اب ان کے پوشیدہ رکھنے کی کوئی ضرورت بھی باقی نہیں رہی تھی بلاد اسلامیہ کی حکومت اختیار میں آچکی تھی اور وہ تمام آرزوئیں جو اس امارت اور حکومت کے حصول میں دل سے لگی تھیں پوری ہو چکی تھیں اب انہوں نے ان تمام سابق عداوتوں کے دروازے کھول دیئے اور سمجھ لیا کہ زمانہ ہمارے مخالف اور مقابل سے بالکل خالی ہے۔

ہماری کتاب کے معزز ناظرین میں جن بزرگواروں کو تاریخ اسلام کے ملاحظہ کا مذاق سلیم حاصل ہے وہ بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ معاویہ کی یہ مخالفتیں اور ان کا اظہار تعمیل صلح نامہ کے بعد شروع نہیں ہوا ہے بلکہ ان کی ظاہری ابتدا تو حکمین کے غیر معتبر فیصلہ سے قائم ہوتی ہے اور بالاتفاق تمام مستند تاریخیں ہمارے اس بیان کی شاہد و صادق ہیں چنانچہ سب سے پہلے علامہ طبری نے واقعہ تحکیم کے بعد جہاں سے ان مفسدوں کا سلسلہ شروع کیا ہے وہاں سرخی کی یہ عبارت درج فرمائی ہے۔

وصل فی خبر الشرایا التی انفقھا معاویۃ ابن ابوسفیان یعنی شر و فساد کے دروازے تو یہیں سے کھل گئے۔ دومۃ الجندل میں ابو موسیٰ کی سفاہت اور عمر عاص کی دیانت کس کو معلوم نہیں ابھی دنیا کی نگاہوں میں یہ معاملہ اچھی طرح فیصل بھی نہ ہونے پایا تھا کہ یہ فیصلہ راستبازی کے ساتھ ہوا تھا یا نہیں اور جو کچھ ہوا وہ اعتبار کے قابل ہے یا نہیں امیر معاویہ نے تمام بلاد اسلامی میں فتنہ و فساد کے تارپیڈو چھوڑ دیئے اور عام طور سے چاروں طرف ملک میں اپنی شورش کے طوفان اٹھا دیئے اور بغیر اس خیال کے کہ امت اسلام اور پیروان خیر الانام صلوات اللہ علیہ وسلام کی جانوں پر کیا گذرے گی اور ان کے جان و مال زر و فرزند کی بربادی کی کیا حالت ہو گی ایک امیر المومنین علی علیہ السلام کی تنہا مخالفت اور حصول امارت کے اشتیاق کی وجہ سے فوجوں پر فوجیں بھیجیں اور ان فوجوں پر ایسے ایسے جابر اور سنگدل ظالموں کو چن چن کر مقرر کیا جو عداوت علیؑ میں اس سے زیادہ سخت تھے ان فوج کشیوں کی وجہ سے تمام مملکت اسلام میں شام کی سرحد سے لیکر حجاز عراق یمن حضر موت الجزائر تک جیسے جیسے مفسدے خونریزیاں اور لوٹ مار مچائی وہ عام طور سے تمام اسلامی تاریخوں میں تفصیل کے ساتھ درج ہیں ان متواتر حملوں نے جیسا کچھ ملک اور رعایا کو مالی اور جانی نقصانات پہنچائے وہ نہایت شرمناک اور افسوس کے قابل ہیں اور ہرگز اس قابل نہیں کہ تاریخی پیرایہ میں لاکر غیر قوموں کے سامنے پیش کئے جائیں جنکو دیکھ کر وہ اس امر کے تصفیہ کرنے کے قابل ہوں کہ اسلام کے ناعاقبت اندیش فرمانروا نے اپنی نفسانی خواہشوں کے پورا کرنے کے لئے اپنے ملک اور اپنی رعایا کو جو خاصکر اس کے ہم قوم ہم وطن اور ہم مذہب ہونے کا سچا اور صحیح دعویٰ رکھتے تھے ایسے ایسے عظیم نقصانات پہنچائے۔

ہم ان حالات کی تفصیل کو اس سلسلہ کے جلد اوّل کے صفحہ ۵۵۱ سے لے کر ۵۹۱ تک لکھ چکے ہیں اگر ہم ان واقعات کو اسی تفصیل کے ساتھ بار دیگر لکھیں تو طول کا باعث ہوگا لیکن اس مقام کی ضرورت کیموجب

ہم ان کے خلاصہ کو اپنے سلسلۂ بیان میں مندرج کرتے ہیں۔

سب سے امیر معاویہ نے **ضحاک ابن قیس الفہری** کو **عراق** کی طرف بھیجا ضحاک شام سے روانہ ہوا راستہ میں جو صحرانشین قبیلے ملتے گئے لوٹتا ہوا منزل **ثعلبیہ** تک پہنچا وہاں اس نے قافلۂ حجاج پر چھاپہ مارا اور ان کے مال و متاع کو غارت کیا عمر ابن عمیس ابن مسعود دلی عبد اللہ ابن مسعود صحابی رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اپنے بھتیجے کو ان کے ہمراہیوں کے ساتھ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا ان کے تمام سرمایہ کو غارت کیا۔ تاریخ طبری جلد چہارم ص ۵۶۹

(۲) ضحاک کے بعد **نعمان ابن بشیر** کے مفسدے کی باری آئی یہ دو ہزار آدمیوں کی جماعت لے کر شام سے **عین التمر** تک پہنچے اور راستہ میں تمام فساد مچائے مالک ابن کعب نے سرراہ پہنچکر ان کا مقابلہ کیا نعمان تاب مقاومت نہ لائے اور جدھر سے آئے تھے ادھر چل دیئے۔ طبری ص ۵۶۹ روضۃ الصفا ص ۲۴۰ تہذیب ص ۲۶۶

(۳) **عبد اللہ ابن عامر مخزومی** نے بصرہ پر حملہ کیا اور وہاں کے لوگوں کا محاصرہ کیا مگر جاریۃ امیر المومنین علیہ السلام کے موجودہ عامل نے اس کا بہت جلد تدارک فرما کر بصرہ کو عبد اللہ کے آئندہ مفسدا اور نقصانات سے محفوظ رکھا۔

(۴) سنہ ۳۹ھ کے اخیر میں معاویہ نے **یزید ابن ثمرہ** کو چھ ہزار آدمیوں کی جمعیت کے ساتھ حرمین کی طرف بھیجا اور اس سے یہ تاکید کردی کہ اگر وہاں کے لوگ میری اطاعت قبول کریں تو ان سے بملائمت پیش آنا اور اگر وہ تیرے حکم کو نہ مانیں تو ان پر سختی کرنا اور ان سے لڑنا یزید کی آمد نے تمام حجاز میں ایک تہلکہ ڈال دیا اور وہاں کے لوگ سخت انتظار میں مبتلا ہو گئے یہاں تک نوبت پہنچی کہ قثم ابن عباس جو امیر المومنین علیہ السلام کی طرف سے مدینہ کے عامل تھے اپنے ارادوں میں متزلزل ہو گئے مگر امیر المومنین علیہ السلام کی فوری امداد نے ان کو اور ان کی رعایا کو بہت کچھ اطمینان دلایا تازہ کمک آجانے کی وجہ سے حرمین کے لوگوں کا کچھ نہ کر سکا اور حج کے مراسم ادا کر کے شام کی طرف چلا گیا تہذیب المتین ص ۲۷۴

(۵) یزید ابن ثمرہ کے ناکامیاب واپس آنے کے بعد معاویہ نے فوراً **بسر ابن ارطاۃ** کو حرمین کی طرف بھیجا بسر ابن ارطاۃ کا شمار طبقہ صحابہ میں ہوتا ہے یزید کی ناکامیابیوں کو دیکھ کر معاویہ کو اس قدر غصہ آیا کہ انہوں نے بسر ابن ارطاۃ کو تین ہزار فوج دیکر یہ تاکید کردی کہ حرمین سے لے کر یمن تک جہاں جہاں شیعیان علی ابن ابی طالب علیہ السلام کا نام و نشان ملے ان کو میری بیعت پر راضی اور مجبور کر اگر وہ انکار کریں تو ان کو تلوار سے قتل کر جب وہ قتل ہو چکیں تو ان کا مال و اسباب لوٹ لیا جائے اور مدینہ پہنچ کر بھی ایسا ہی کرنا **ابو ایوب انصاری** امیر المومنین علیہ السلام کی طرف سے مدینہ کے عامل تھے بسر ابن ارطاۃ نے پہلے مدینہ کا رخ کیا اور بسر کے آتے ہی ابو ایوبؓ روپوش ہو گئے بسر نے مدینہ کے لوگوں کو

معاویہ کی بیعت کی دعوت دی ان لوگوں سے بعض نے خوف جان کی وجہ سے قبول کیا اور بعض نے طمع دنیاوی کی وجہ سے جو منکر نکلے بسر نے ان کے گھروں میں آگ لگا دی انہیں لوگوں کے ساتھ ابو ایوب انصاری کا گھر بھی پھونک دیا طبری وغیرہ کا قول ہے کہ مدینہ میں یہ پہلی آگ تھی جو بسر نے لگائی طبری صفحہ ۵۹ جتنا لوگوں کو اسلامی تاریخوں سے دلچسپی ہے وہ جانتے ہیں کہ ابو ایوب انصاری کا گھر جس میں آگ لگائی گئی ہے وہ متبرک گھر ہے جس میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے نزول اجلال فرمایا اسی وجہ سے ان تمام لوگوں کے گھروں پر ان کے گھر کو ترجیح عنایت فرمائی اور یہ ایک ایسا نمایاں شرف تھا جو سوائے اس گھر کے اور کسی گھر کو حاصل نہیں بسر ابن ارطاۃ نے باوجودیکہ صحابئ رسول ہونے کا دعوے رکھتے تھے مگر کچھ بھی اس گھر کی شرافت اور عظمت کا خیال نہ کیا اور جس خاصۂ خدا کے فیضان صحبت کی وجہ سے اپنی ذات پر صحابیت کے اعزاز کا افتخار حاصل کر کے دنیا کی نگاہوں میں اپنے اعزاز ومدارج کا اعلان کرتے ہیں اسی کی خاک قدم اور قدم رنجہ فرمانے کی برکت اور عظمت نے اس گھر کو ایسے نمایاں شرف سے مشرف اور معزز فرمایا تھا کہ جب تک مدینہ منورہ مسجد النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمارت اور اہلبیت نبوی سلام اللہ علیہم کے لئے مکانات تعمیر ہوئے جناب رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم برابر اسی گھر میں تشریف فرما رہے ہیں۔

بسر ابن ارطاۃ کے آگ لگانے کی نسبت جب ہم کافی طور سے کام لیتے ہیں تو ہم ان کی ان جابرانہ کاروائیوں کو ان کے اولیات و اختراعات سے نہیں پاتے بلکہ اس واقعہ سے تیس برس پہلے جناب سیدۃ العالمین سلام اللہ علیہا کی عصمت سرا جو حضرت سید المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاص دولتسرا تھی ابنائے زمانہ کی آتش نفاق سے نہ بچ سکی تو اس کے مقابلے میں بیچارے ابو ایوب انصاری کا کیا شمار اور ان کا کیا اقتدار دیکھو ابوالفداء

بہر حال یہ تو ایک جملہ معترضہ تھا جو خواہ مخواہ ہمارے سلسلۂ بیان میں حائل ہو گیا پھر ہم اپنے قدیم سلسلۂ بیان پر آ جاتے ہیں آگ لگانے کے بعد بسر ابن ارطاۃ نے ایک دن مسجد رسولؐ کے دروازے پر پہرے بٹھا دیئے کہ حاضرین مسجد سے کوئی شخص معاویہ کی بیعت کئے بغیر باہر نہ جاوے پھر تمام اہل اسلام کو جمع کر کے کہا کہ تم لوگوں نے مظلوم عثمان کو قتل کیا قسم خدا کی میں حاضرین میں سے کسی کو زندہ نہ چھوڑونگا تاوقتیکہ تم سب معاویہ کی بیعت نہ کرو گے طبری جلد چہارم ص ۵۹۷

اسی ضمن میں ابو ایوب انصاری کے بعد عبداللہ ابن جابر الانصاری کا واقعہ ہے جو طبقہ صحابہ میں نہایت عظمت اور وقعت کے ساتھ یاد کئے جاتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے لئے طول عمر کی مخصوص دعا فرمائی تھی عبداللہ غریب پر نہایت سختی کی گئی آخر کار ام المومنین ام سلمہؓ کی سفارش سے ان کی مخلصی ہوئی۔

بسر بن ارطاۃ چھ مہینے تک مدینۃ النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس کے گرد ونواح میں مقیم رہا اور ابو ہریرہؓ کو اپنی طرف سے مدینہ کا عامل مقرر کر کے خود بیت اللہ زاد اللہ شرفا کی طرف روانہ ہوا تہذیب ص ۲۷۶

مدینہ سے اُٹھ کر بسر ابن ارطاۃ اپنے تمام مظالم کے ساتھ طائف تک پہنچا اور یہاں سے شیعیان علی علیہ السلام کا سُراغ لگاتا ہوا چلا جو شیعہ علیؑ جہاں اس کو ملتا گیا وہ اس کے ظلم وتعدی اور قتل وغارت کی نذر ہوتا گیا **طائف** کے قریب ایک بستی تھی جس میں شیعیان علیؑ کی تھوڑی سی آبادی تھی بسر کو ان کی خبر لگ گئی تو اس نے اپنے ہمراہیوں کو لے کر ان کا محاصرہ کر لیا اور ان کے قتل پر آمادہ ہوا بسر ابھی طائف ہی میں مقیم تھا اور اس کے ہمراہی ان بیگناہوں کی ایذا رسانی میں مصروف تھے۔

ان لوگوں نے اپنی جانوں کو موت کے پنجہ میں دیکھ کر بسر ابن ارطاۃ کے پاس اپنی معافی کیلئے درخواست بھیجی اور طائف کے عمائد نے بھی بسر سے ان کی سفارش کی جس کو بسر نے قبول تو کیا مگر عمداً اس کے جواب میں اس قدر دیر لگائی کہ تھوڑی دیر اور جواب نہ پہنچتا تو اس کے سپاہی تمام شیعیان علیؑ کے سر اُڑا دیتے مگر تاہم جواب پہنچتے پہنچتے دو ایک آدمیوں کا خون ناحق ہو ہی گیا۔

مدینہ سے ہوتا ہوا بسر ابن ارطاۃ مکہ پہنچا تمام خلقت اس کی ایذا رسانیوں کی وحشتناک خبریں سن سنکر بھاگ گئی انہیں لوگوں میں حضرت عبداللہ ابن عباس کے دو صاحبزادے بھی جن کا نام **سلیمان** اور داؤد تھا بھاگے یہ دونوں لڑکے جوریہ بنت خالد کنانی کے بطن سے تھے یہ کمسن بچے اپنے ایک غلام کو ہمراہ یمن کے قصد سے باپ کے پاس جانے کے لئے گھر سے نکلے راہ بھول گئے قضائے بسر کے آدمیوں کے ہاتھوں گرفتار کرا دیا وہ ان کو بسر کے پاس لے آئے اور اس ظالم نے ان دونو معصوم بچوں کو ایک ایک ضرب شمشیر سے قتل کر ڈالا پھر مکہ میں قتل عام کر کے نجران کی طرف مع اپنے ہمراہیوں کے روانہ ہوا۔

نجران پہنچ کر عبداللہ ابن عبدالہمدانی جو عبیداللہ ابن عباس کے خسر تھے اور ان کے اکلوتے بیٹے مالک کو نہایت بیرحمیوں سے قتل کر ڈالا تب نجران سے اُٹھ کر آرحب میں پہنچا وہاں ابوکرب کو جو تمام قبیلہ بنی ہمدان کا رئیس تھا مار ڈالا طبری ص ۵۹۰ تہذیب ص ۲۷۶

ہم نے معاویہ کے اتنے مفسدے اور عام خونریزیاں لکھدیں جو ان کے فرمانروا تسلیم ہونے سے پہلے ان کے حکم سے وقوع میں لائی گئیں شیعیان علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کے غریب جانوں اور مالوں پر جو گذریں وہ ان واقعات سے ظاہر ہے ان کو دیکھ کر ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ جس فرمانروا نے اپنی بے اختیاری کے زمانے میں خاصکر اس قوم اور اس فرقہ کے ساتھ ایسی عداوت اور مخالفت کے ظالمانہ سلوک قائم رکھے اور ایکبار ہی نہیں کئی بار ان کو جانی اور مالی نقصانات پہنچائے اور ملک کے چاروں طرف سے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر ان کو اور ان کے مال ومتاع کو غارت کیا وہ اپنی پوری حکومت واختیار اور ثروت واقتدار کے زمانے میں ان کے قتل وغارت کرنے اور ان کے نام مٹانے میں کس حد تک کوشش کریگا۔

یہاں تک تو ہم نے تمہید کے طور پر صرف وہ واقعات لکھے تھے جو علامہ طبری نے دومۃ الجندل کے ناحق فیصلہ کے بعد معاویہ کی مفاسد کی تفصیل میں لکھا ہے اس کے بعد ہم اپنے سلسلۂ بیان میں اب وہ حالات قلمبند کرتے ہیں اور ان کے وہ ظالمانہ سلوک تحریر کرتے ہیں جو وقوع صلح کے بعد معاویہ نے اور ان کے طرز حکومت نے شیعیان علی علیہ السلام اور ان کے دوستوں کے ساتھ قائم رکھے جن کے محفوظ رکھے جانے کی شرائط وہ اس صلح نامہ میں تسلیم کر چکے ہیں۔

معاویہ نے سریر سلطنت پر بیٹھتے ہی اس فرقے کا تجسس اور سراغ لگانے کے لئے بار عام حکم دیدیا ان کا یہ پہلا حکم تھا جو ملک کے گوشہ گوشہ میں نہایت سختی سے پہنچایا گیا ان کے ہر عامل اور ماتحت افسر نے نہایت سختی سے ان کے اس فرمان کو اپنے قلمرو میں جاری کیا ان کے زمانہ میں جو کچھ قصور تھا وہ شیعیان علی علیہ السلام کے سر اور جو کچھ خطا تھی وہ پیروان اہلبیت طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے ذمہ نہ کوئی یہودیوں سے متعرض ہوتا تھا اور نہ نصاریٰ سے جو کچھ برائی اور خرابی تھی وہ علی علیہ السلام کی محبت اور اہلبیت علیہم السلام کی اطاعت میں۔

ہماری دانست میں اگر معاویہ اس مخصوص فرقے کے عوض اپنی اپنی کوششیں اسلام کے کسی مخالف فرقہ کے استیصال یا ان کے راہ راست پر لانے کی فکروں میں صرف کرتے یا کم سے کم ان کی جگہ صرف قاتلان عثمان ہی کا سراغ لگاتے ان کو ڈھونڈھ نکالتے اور ان کو ان کی جائز سزاؤں تک پہنچاتے اور اپنے ان پُرزور وعدوں کو جو خون عثمان کی قصاص طلبی کے خیالوں میں جناب امیرالمومنین علیہ السلام کے روبرو پیش کئے جاتے تھے اپنے ایسے اختیار کے زمانے میں کبھی ایکبار بھی سچا اور صحیح ثابت کر دکھلاتے تو انصاف کے آنسو پنچھ جاتے اور ان کے لئے آج دنیا کے وسیع کارنامے میں ان الزامات کی جگہ تھوڑی بہت مدح و ثنا کے لئے بھی جگہ خالی چھوڑی جاتی۔

معاویہ نے صرف اس فرقہ کی بربادی کی غرض سے زیاد کو ابو سفیان کا بیٹا بنایا اور اس کو اپنا مایۂ ناز اور سرمایۂ اعزاز قرار دیا یہ واقعہ بھی ان کی اولیات و اختراعات سے شمار ہوتا ہے دیکھو کتب رجال و سیر اور اس قدر متواتر اور مشہور ہے کہ ہم کو یہاں اس کے لئے کوئی تصدیق اور توثیق بھی ضروری نہیں ہے اتنا یاد رکھنا چاہیئے کہ زیاد ابن سمیّہ اپنے نفاق و شقاق میں ابن اشعث و حصین وغیرہ کے ہموزن اور مقابل تھا بلکہ جہاں تک واقعات سے ثابت ہوتا ہے ان سے بھی زیادہ کیونکہ صفین میں ابن اشعث وغیرہ کی ابتدائی حسن خدمات نے امیرالمومنین علیہ السلام کی خدمت سے اپنے لئے قبولیت کی عزت حاصل کی تھی زیاد نے اگرچہ معرکہ ہائے جنگ میں کسی موقعہ پر اس کی شرکت ثابت نہیں مگر ملکی معاملات میں البتہ اس نے بھی جناب امیرالمومنین علیہ السلام کو اپنی خدمات سے خوش کیا خصوصاً ملک فارس کا انتظام نہایت خوبیوں سے انجام دیا۔

امام حسن علیہ السلام کے زمانے تک وہ راسخ العقیدہ بنا رہا مگر حقیقت میں اسکو اپنی پست نسبی کا عرب جیسے ملک میں ضرور خیال تھا اور ایسا ہر دم ہر لحظہ پہلو کا نیش تھا جو اس کی موجودہ ثروت و اقتدار کو اسکی نگاہوں میں خاک کئے رہتا تھا معاویہ چونکہ اس خوش عقیدگی سے واقف تھا اس لئے اپنی کسی سازش کی تحریک پر ایکبارگی جرأت نہیں کرتا تھا یہاں تک کہ جب زمانہ کی بداعمالیوں نے بلاد اسلامی کی عنان حکومت اس کی گردن میں ڈالدی تو اس کو اپنی اس تحریک کے پیش کرنے کا پورا موقعہ ہاتھ لگا امہوں نے زیاد کو اس ترکیب سے اپنا بنایا پھر تو سلامتی سے زیاد بڑے بھائی صاحب کے ایسے مطیع نکلے کہ اگلے پچھلے تمام خیالات کو خیرباد فرما گئے اور انہیں کے قدم بقدم بلکہ اپنے نام کے معنوی اعتبار سے الضاعف چلنے لگے شیعوں کی غریب جانوں کی وہ بربادی مچائی کہ تمام عراق میں واویلا مچ گئی ان کے مظالم کی مجمل کیفیت خواجہ احمد اعثم کوفی اس عبارت میں لکھتے ہیں۔

اشیاع و دوستان امیرالمومنین علیہ السلام را بقتل رسانید و در ہر کجا کہ یکے از آن جماعت یافت می کشت و دست ہائے ایشاں را می برید و چشم ہائے را بر می کند و معاویہ ابن سفیان ہمیشہ بر مصلحت دید او می رفت تاریخ اعثم کوفی ص ۱۴۱ ج۲ قلمی

ایک محبت علی علیہ السلام کے قصور میں جانیں لے لی گئیں ہاتھ پیر کاٹ ڈالے گئے آنکھیں پھوڑی گئیں مگر تاہم جوش انتقام پورا نہوا اور تسکین دلی حاصل نہوئی ہم نہیں سمجھتے کہ ظلم و ایذا کی اب وہ اور کون قسم ہوگی جو ملک کی تباہی اور رعایا کی بربادی کی تجویز کی جائے گی۔

ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے بھی ان افسوسناک واقعات کی تفصیل میں قریب یہی عبارت درج کی ہے جس کو ہم ترجمہ جلاء العیون مطبوعہ لکھنؤ سے لکھتے ہیں۔

معاویہ نے زیاد ابن سمیہ کو کوفہ اور بصرہ کا عامل مقرر کیا چونکہ زیاد شیعوں کو پہچانتا تھا اور ایک مدت تک امیرالمومنین علیہ السلام کے ہمراہ رہ چکا تھا وہ شیعیان علیؑ کو ڈھونڈھتا تھا جہاں پاتا تھا ان کو قتل کرتا تھا ان کو ڈراتا تھا ان کے ہاتھ پاؤں کاٹتا تھا اور درختان خرما میں لٹکا کر پھانسی دیتا تھا آنکھیں نکلواتا تھا شہر سے نکالدیتا تھا اور آوارہ وطن کر دیتا تھا یہاں تک کہ تمام شیعوں کو ملک عراق سے نکال دیا اور عراق میں کوئی شیعہ نہ رہا مگر مارا گیا یا سولی دیا گیا یا قید کیا گیا یا آوارہ وطن کیا گیا۔

جلاء العیون ص ۲۸۱

ان واقعات کو ہم فریقین کی دو معتبر کتابوں سے لکھکر اب ان کے احکام کی کامل عبارت بھی ذیل میں لکھتے ہیں جو شیعیان علی ابن ابی طالب علیہم السلام کے لئے مخصوص تمام ملکی عمال کے نام بھیجے گئے اور انتہائی شدت کے ساتھ عمل کیا گیا۔

علامہ یوسف کتاب الاحداث میں لکھتے ہیں کتب معاویۃ نسخۃ واحدۃ الی عمالہ بعد عام الجماعۃ

ان برئت الذمة ممن روی شیئا من فضل ابی تراب واهلبیته فقامت الخطباء في كل كورة وعلی كل منبر يلعنون عليا ويبرؤن منه ويقولون فيه وفي اهلبيته اشد الناس بلاء حينئذ اهل الكوفة لكثرة من بها من الشيعة فاستعمل عليه زياد ابن سميه وهو بهم عارف لانه كان منهم في ايام علي عليه السلام فقتلهم تحت حجر ومدر واخافهم وقطع الايدي والارجل وسمل العيون وصلبهم على جزوع النخل وشردهم عن العراق فلم يبق بها معروف منهم ثم كتب معاوية الى عماله نسخة واحدة الى جميع البلدان انظروا من عليه البينة انه يحب عليا واهلبيته فامحوه من الديوان واسقطوا عطائه ورزقه وشفع ذالك بنسخة اخرى من اتهمتموه بموالاة هؤلاء القوم فنكلوا به واهدموا داره فلم يكن البلاء اشد واكثر منه بالعراق ولاسيما بالكوفة

خلع خلافت امام حسن علیہ السلام کے بعد جب معاویہ کو امارت ملی تو اس نے اپنے عاملوں کو لکھا کہ جو کوئی فضائل علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام بیان کرے تم ان پر تبرا کر دیں خطیبوں نے ممبروں پر جناب امیر المومنینؑ و آئمہ طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین پر لعنت کرنی شروع کر دی اور وہ وقت شیعیان علیؑ پر نہایت سخت تھا اور چونکہ کوفہ میں شیعوں کی جماعت زیادہ تھی اس لئے معاویہ زیاد ابن سمیہ کو وہاں کا عامل کر کے بھیجا اس وجہ سے کہ وہ ان لوگوں کو اچھی طرح پہچانتا تھا اور وہ ان لوگوں کے ساتھ امیر المومنین علیہ السلام کے زمانے میں رہ چکا تھا زیاد نے ان لوگوں کو قتل کیا اور ان کو ڈرایا ان کے ہاتھ پیر کاٹ ڈالے آنکھیں پھوڑ ڈالیں اور درختوں میں لٹکا کر سولی دلوا دی اور عراق سے ان کو نکلوا دیا اور ان کے معروف لوگوں میں سے کوئی شخص وہاں باقی نہ رہا پھر معاویہ نے ایک عام حکمنامہ تمام عاملوں کے نام سارے ملک میں لکھ بھیجا کہ خیال رکھو جو محب علیؑ و اہلبیت علیہم السلام تمہارے سرشتہ میں بذریعہ ملازمت پایا جائے تو اس کو موقوف کر دو اور نام اس کا صیغہ ملازمت سے کاٹ دو اور انعام و اکرام اس کو نہ دو اور جس کسی کو محبت علیؑ اور اہلبیت علیہم السلام میں دیکھو اس کو بلائے سخت میں مبتلا کر دو اور گھر اس کا کھود کر پھینک دو قول فیصل ص ۱۸۸ باسناد صحیح مسلم۔

اب ہماری کتاب کے انصاف پسند ناظرین ان حالات کو عموماً اور معاویہ کے عام حکمنامہ کو خصوصاً صلح نامہ کی اس شرط سے جو خاص کر شیعیان علی علیہ السلام کے امان و تحفظ کی نسبت صلحنامے میں درج کی گئی تھی مقابلہ کر کے خود فیصلہ فرما لیں کہ معاویہ نے اس شرط کو کہاں تک پورا کیا اور امن امان کے مقاصد کے بالکل برعکس اس خاص فرقہ کے استیصال اور بیخکنی میں وہ کونسا دقیقہ تھا جو فروگذاشت کر دیا گیا۔

ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ ان واقعات کو دیکھ کر ہر ذی فہم خود فیصلہ کر سکتا ہے کہ معاویہ نے شیعیان علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کے معاملات میں اگر اس صلح نامے کے شرائط کو پورا نہیں کیا تو اسنے

اس اقوال کو البتہ سچا اور صحیح کر دکھایا جس کو انہوں نے اس صلحنامہ کے بعد مسجد جامع کوفہ میں اپنے خطبہ کے درمیان کہا تھا جس کو ہم اعثم کوفی وغیرہ کے اسناد سے پورے لکھ آئے ہیں وہ یہ تھا کہ ہم نے جناب امام حسن علیہ السلام کے ساتھ چند شرطیں کی ہیں اور اب وہ تمام شرائط میرے قدموں کے نیچے ہیں چاہے میں ان کو پورا کروں یا نکروں۔

حقیقت میں یہ صلحنامہ تو ایک صریح حیلۃ الوقتی تھا اور کسی نہ کسی طرح ان کے حصول مقاصد ہو جانے کیلئے ایک آڑ تھا معاویہ کے لئے نہ اس کی پابندی ضروری تھی نہ اس کی وفا لازمی بلکہ جو ان کے دل میں تھا وہ اس نے علے الاعلان ظاہر کر دیا اور سچ پوچھو تو سوائے عداوت علی علیہ السلام کے ان کے دل میں تھا ہی کیا اس کی تعمیل میں جیسی جیسی کارروائیاں وہ کرتے گئے وہ ناظرین کے پیش نظر ہیں۔

اب ہم علامہ ابن اثیر کی تاریخ کامل سے ایک اور واقعہ اس مقام پر مناسبت کے خیال سے درج کرتے ہیں

كتب مغيرة ابن شعبه الى صعصعة ابن سوحان اياك ان تبلغنى انك تظهر شيئا من فضل على ابن ابيطالب عليه السلام فانا اعلم بذلك منك ولكن هذا السلطان قد ظهر وقد اخذنا عيبه للناس فنحن ندع شيئا كثيرا مما امرنا به نذكر التى لا تجد منه بل اندفع به هؤلاء القوم من انفسنا

مغیرہ ابن شعبہ نے صعصعہ ابن صوحان رح کو لکھا کہ خبردار جو تو فضائل علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کا ذکر کرے ضرور میں تجھ سے زیادہ ان کے فضائل کو جانتا ہوں مگر سلطان وقت کی مصلحت کے خلاف ہے کیونکہ ہم لوگ مجبور کئے گئے ہیں کہ علی علیہ السلام کی برائیوں کو آدمیوں پر ظاہر کریں اور ان کے فضائل کو چھپائیں بہت سی باتیں تو ہم ان کے حکموں سے چھوڑ دیتے ہیں اور جس میں ہم ایسے ہی مجبور ہو جاتے ہیں تو اس کو رفع شر کی غرض سے بیان کرتے ہیں کہ اپنے نفسوں سے اس کے شر کو دفع کر دوں تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد سوم ص ۱۷۱

محبت اور عقیدت اہلبیت علیہم السلام تو صریح خطا اور معصیت تھی ہی اب ان کا صرف ذکر کرنے والا بھی سلطنت کا مجرم قرار پایا اب ایسی سلطنت اور ایسے سلطان کی ماتحتی میں شیعوں کا آباد رہنا اور امن و امان کی حالت میں بسر کرنا قطعی محال ہے۔

بہرحال اب اس کے بعد ہم اُن خاص بزرگواروں کے خون ناحق کے احوال لکھتے ہیں جو انصار جناب امیر علیہ السلام ہونے کے علاوہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی صحابیت کا بھی شرف رکھتے تھے علی علیہ السلام کی محبت معاویہ کے اعتقاد میں ایسی ہی معصیت تھی کہ اس کے مقابلہ میں نہ صحبت رسولؐ کا لحاظ کیا جاتا تھا اور نہ ان کی کسی خاص ذاتی اعزاز کا پاس ان مصیبت زدوں میں حجر ابن عدی رح اور عمر ابن حمق رح اور رشید رح اور ابو میثم تمار رح عموماً پائے جاتے ہیں

یہ وہ معروف بزرگ ہیں جو خدمت امیر المومنین علیہ السلام میں ہمیشہ کے بیٹھنے والے اور نہایت درجہ کی عقیدت اور ارادت رکھنے والے تھے ان میں سے ہم حجر ابن عدیؓ کے مصیبتناک واقعہ کو اس کی پوری تفصیل کے ساتھ مندرج کرتے ہیں۔

عرب میں وہ کون قبیلہ اور وہ کون قوم تھی جو حجر ابن عدی الطائی کی عالی نسبی اور خاندانی مدارج کو نہیں جانتی تھی یا نہیں پہچانتی تھی جیسا ہم اوپر لکھ آئے ہیں کوفہ میں پہنچ کر زیاد نے مسجد میں علانیہ جناب امیر المومنین علی علیہ السلام پر برسر منبر لعنت کرنی شروع کر دی حجر اور ان کے رفقا سے جو مسجد میں حاضر تھے سخت کلامیاں سنی نہیں گئیں اور ان لوگوں نے ہر چند زیاد کو اس حرکت سے باز رکھنا چاہا مگر وہ نہ مانا زیاد نے حجر کی سخت شکایت معاویہ کے پاس لکھ بھیجی اس نے حجر کو ان کے رفقا سمیت دمشق میں بلا بھیجا زیاد نے حسب الحکم حجر رضہ اور ان کے تمام رفقا کو جو اکثر مورخین کی تحقیق میں سو آدمی تھے معاویہ کے پاس بھیج دیا معاویہ نے جب ان لوگوں کی خبر سنی تو شہر میں ان کے داخل ہونے سے پہلے اپنا ایک آدمی یہ حکم دیکر آپکے پاس بھیج دیا کہ وہ راستہ میں ان سے جا ملے اور امیر المومنین علیہ السلام کی محبت اور عقیدت سے ان کو برگشتہ کرے اگر وہ اسیر راضی ہو جائیں تو ان کو چھوڑ دے اگر وہ نہ مانیں تو ان کو وہیں رستے میں قتل کرے۔

معاویہ کا فرستادہ یا یوں سمجھو کہ ان غریب الوطنوں کی موت کا پیادہ ان قضا کے مہمانوں کو اس منزل میں لا جہاں سے دمشق کا شہر چار دن کا رستہ تھا اس نے معاویہ کے حکم کے مطابق پہلے ان سے جناب امیر المومنین علیہ السلام کی محبت و عقیدت سے دست بردار ہو جانے کے لئے کہا ان میں سے نصف لوگوں نے تو اپنی جان کی ہلاکت یا بادشاہ وقت کی سطوت کے لحاظ سے قبول کر لیا اور وہ تو بچ گئے باقی ان پچاس راسخ العقیدہ اور کامل الایمان لوگوں کی جان جن میں نمبر اول حجر ابن عدیؓ تھے تلواروں سے لی گئی اور وہ غریب اور ستم رسیدہ جماعت قبل اس سے کہ حاکم وقت کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی برأت اپنی معافی کے لئے کچھ بیان کرتے کچھ عذر پیش کرے راستہ ہی میں بلا دریافت احوال ایک ظالم جلاد کے ہاتھوں قتل کرا دی گئی رحمۃ اللہ و رضوانہ علیہم اجمعین۔

اسلامی تواریخ میں یہ وہی مخصوص واقعات ہیں جن کا اس زمانے میں نقل کرنا اور ان کو مخالفین اسلام کی نگاہوں کے سامنے رکھنا جو ان کو دیکھکر اسلام اور اس کی عدالت کی نسبت سخت سے سخت اعتراض کرنے اور ان کو ظالم و جابر ٹھہرا سکیں ایسا خود کردہ امر ہے جس کے لئے کوئی علاج نہیں ہے اور اہل اسلام کو سوائے سکوت کے ان اعتراضات کے جواب میں کوئی تردید اور کوئی تنقید سوجھتی نہیں ہے۔

حجر ابن عدیؓ کا واقعہ کوئی معمولی واقعہ نہیں تھا کہ صفحات روزگار سے ایسے ہی بے اثر گذر جاتا اور ملک پہ اپنا کوئی اثر نہ ڈالتا چاروں طرف سے معاویہ کی اس حرکت پر سخت ناراضگی پھیل گئی اور عبد اللہ ابن عمر اور ام المومنین عائشہ نے اس واقعہ میں ان کو سخت شکایت لکھ بھیجی مگر یہ تو اپنا کام کر ہی چکے تھے اب ہونا

حجر ابن عدیؓ کا واقعہ آج تک معاویہ کی ان ظلم و تعدی کی تفصیل میں برابر لکھا جاتا ہے جن کو ارباب سیر و تاریخ نے خاصکر ان کے اولیات اور مخصوصات سے شمار کیا ہے علامہ عبد البر استیعاب میں بذکر حجر ابن عدیؓ ذیل کی عبارت لکھتے ہیں۔

قال احمد قلت لیحیی بن سلیمان ابلغك ان حجرا کان مستجاب الدعوات قال نعم وکان من افاضل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم احمد کہتے ہیں کہ میں نے یحیی ابن سلیمان سے پوچھا کہ تمہیں معلوم ہے کہ حجر ابن عدی رضی اللہ عنہ مستجاب الدعوات تھے وہ کہنے لگے ہاں اور آنحضرت کے افاضل صحابہ سے تھے۔

علامہ جریر طبری اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں عن ابی سعید المقر سے ان معاویۃ حین حج قدم علی عائشۃ فاستاذن علیہا فاذنت لہ فلما قعد قالت لہ یا معاویۃ اما خشیت اللہ فی قتل حجر ابن عدی واصحابہ ابوسعید مقرسی سے روایت ہے کہ معاویہ نے حج کیا ام المومنین عائشہ کے پاس گیا اور ان سے اذن طلب کیا انہوں نے اس کو اذن دیا جب یہ بیٹھ گیا تو کہا اے معاویہ تجھے حجر ابن عدی رضؓ اور ان کے اصحاب کے قتل کرنے میں خدا کا خوف نہ آیا۔

حجر ابن عدی رضؓ کا ایسا مشہور اور متواتر واقعہ ہے جس کی شہادت کے لئے ہم کو کسی تاریخ کے نام لکھنے کی بھی کوئی ضرورت نہیں اسلام کی کوئی تاریخ عام اس سے کہ وہ حقوق بنی امیہ کے موید ہوں یا استحقاق اہلبیت علیہم السلام کے طرفدار دیکھے جاویں ان میں یہ واقعہ اسی تفصیل سے موجود ہے دیکھو کامل ابن اثیر ابو الفدا

واقعہ حجر ابن عدیؓ اور قتل محمد ابن ابی بکرؓ کی نسبت جو کلمات عائشہ صدیقہ سے معاویہ کے بارہ میں مشہور و متواتر ہیں

استیعاب میں ہے عن مسروق بن الاجدع قال سمعت عائشۃ ام المومنین تقول اما واللہ لو علم معاویۃ ان عند اہل الکوفۃ منعۃ ما اجترء علی ان یاخذ حجرا واصحابہ من بینہم حتی یقتلہم بالشام ولکن ابن آکلۃ الاکباد علم انہ قد ذہب الناس اما واللہ ان کانوا لجمجمۃ العرب عزا ومنعۃ وفقہا اللہ در لبید حیث یقول

ذہب الذین یعاش فی اکنافہم   وبقیت فی خلف کجلد الاجرب
لا ینفعون ولا یرجی خیرہم   ویعاب قائلہم وان لا یشغب

مسروق ابن جدع سے مروی ہے کہ میں نے ام المومنین عائشہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ آگاہ ہو اے لوگو اگر معاویہ یہ جانتا کہ اہل کوفہ صاحب حمایت ہیں تو ہرگز اس امر کی جرأت نہ کرتا کہ حجرؓ اور ان کے اصحاب کو ان

طبری، روضۃ الصفا اور اعثم کوفی وغیرہم۔

اب اس واقعہ کی نسبت ہم کو کچھ اور لکھنا باقی نہیں ہے مگر صرف اتنا کہ یہ خون ناحق اور بیگناہ قتل ایسا ہی عظیم واقعہ تھا جس نے اپنا باطنی اثر معاویہ کے دل پر بھی ضرور ڈالا تھا جس کو وہ اپنی حیات کے ایام تک تو ضرور چھپائے رہا مگر بستر مرگ پر جب چاروں طرف سے یاس کا عالم ہو گیا تو ان غیر متحمل حالتوں میں آخر کار اس کے اثر کو نہ چھپا سکے اور چلا چلا کر صاف صاف لفظوں میں اس واقعہ کی نسبت اپنا انفعال اور اپنا کمال ندامت ظاہر کرنے لگے چنانچہ روضۃ الصفا اور اعثم کوفی نے ان کے حالات کو اس عبارت میں دکھلایا ہے۔

"چوں معاویہ ببسترے خود رسید آں علت روز بروز قوت گرفت و مستولی گشت و ہر شب خوابہائے پریشاں می دید ازاں می ترسید و گاہ بزبان می گفت وآب می خواست و بسیار می خورد و تشنگی او تسکین نمی یافت و وقت وقت او را غشی می آورد چنانچہ یکشب و روز غشی می بود و فریاد و نالہ بر می آورد و چوں بہوش می آمد فریاد و نالہ بر می آورد و می گفت چہ افتادہ مرا با تو اے حجر ابن عدیؓ و چہ افتاد با تو اے عمر ابن حمقؓ خزاعی و چرا با تو اختلاف کردم و حق تو گرفتم اے پسر ابیطالب الٰہی اگر مرا عقوبت کنی مستوجب عقوبتم۔"

حقیقت میں معاویہ نے حجر ابن عدیؓ وغیرہم کے معاملات میں اپنے ایسے صریح ظلم و تعدی سے کام لیا ہے کہ کسی طرح اس کی گردن دنیا و آخرت کے الزامات سے چھوٹ نہیں سکتی ؎

پنداشت ستمگر کہ ستم بر ما کرد
بر گردن او بماند و بر ما بگذشت

بہرحال ان عمائد شیعیان کے افسوسناک واقعات لکھکر اب ہم اس فرقہ کے عام لوگوں کی مجبوری اور معذوری

بقیہ حاشیہ ص ۱۰۳۔ لوگوں سے ماخوذ کرکے شام میں لے جا کر قتل کرے لیکن پسر ہند جگر خوار نے سمجھ لیا کہ مرد چل بسے آگاہ ہو قسم ہے خدا کی کہ وہ سردار عرب تھے از روئے عزت و حمایت و فقہ کے خدا ہی کے لئے ہینے کوئی امید کی اس لئے کہ وہ کہتا ہے چل بسے وہ لوگ جن کی پناہ میں زندگی بسر کی جاتی تھی اور باقی رہگیا ہیں ایسے پس ماندہ لوگوں میں جو خارشتی آدمی کی جلد کی مثل برے ہیں نہ وہ نفع پہنچاتے ہیں اور نہ ان سے کچھ خیر کی امید ہے اور معیوب جانا جاتا ہے ذکر کرنے والا ان کا اگرچہ فساد نکرے۔

کنز العمال میں ابن عساکر کے اسناد سے مروی ہے عن ابی الاسود قال دخل معاویۃ علی عائشۃ فقالت ما حملک علی قتل اھل عذراء حجر و اصحابہ قال یا ام المومنین انی رایت قتلھم صلاحا للامۃ و بقاءھم فسادا للامۃ فقالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم یقول ستقتل بعذراء ناس یغضب اللہ لھم و اھل السماء

ابی الاسود سے منقول ہے کہ معاویہ ام المومنین عائشہ کے پاس آیا تو ام المومنین عائشہ نے کہا کہ تو نے اہل عذرا کے جو حجرؓ اور اس کے ہمراہی تھے کیوں قتل کر ڈالے معاویہ نے کہا اے ام المومنین میں نے ان کا قتل کر ڈالنا ہی امت کے لئے بہتر سمجھا اور ان کی بقا کو امت کے واسطے فساد خیال کیا ام المومنین نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

کے حالات بھی اسی تفصیل کے ساتھ درج کرتے ہیں جس سے ہماری کتاب کے معزز ناظرین ان کی حد درجہ کی مجبوری اور پریشانی کے حالات کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں علامہ محمد یوسف الکنجی الشافعی کتاب الاحداث میں بذیل تذکرہ شیعیان علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام یہ عبارت لکھتے ہیں۔

ان الرجل من الشیعة لیاتیه من یوثق به فیدخل بیته فیلقی الیه سرّہ ویخاف من خادمه ومملوکه ولا یحدثه حتی مات الحسن ابن علی علیهما السلام فزاد البلاء والفتنه فلن یبق احد من هذا القبیل الا خائف وطرائی الارض تمّ نقا

اس وقت زمانہ شیعیان علی علیہ السلام پر ایسا سخت آگیا تھا کہ جو شیعہ کسی دوست پر اعتبار رکھتا تھا اور اس کے گھر بھی جاتا تھا تو مخفی طور پر اور اس سے خفیہ ملاقات کرتا تھا خدمتگار اور گھر کے غلام و کنیز تک سے بھی اپنا مذہب چھپاتا تھا اور ڈرتا تھا اور ان سے سخت قسمیں لے لیتا تھا کہ اس کا شیعہ ہونا کسی پر ظاہر نہ کیا جائے کہ اس کا شیعہ ہونا اس کے قتل کا باعث ہو یہاں تک کہ جناب امام حسن علیہ السلام نے وفات پائی تو یہ فتنہ اور یہ بلا اور زیادہ ہو گئی اور فرقہ شیعہ میں سے کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہا جو اپنی حالوں میں خائف یا وطن آوارہ ہو کر مبتلائے مصیبت نہ ہوا ہو اور گھر سے دور جا کر مقیم نہ ہوا۔

کیا فرقہ **شیعہ** کی ایسی مجبوری پریشانی اور غیر اطمینانی کے تمام و کمال حالات کو بھی پڑھکر پھر کسی انصاف والے کا دل یا کسی حق پسند کرنے والے کی زبان اقرار کر سکتی ہے کہ ان معاملات میں ان آفت رسیدوں کے ساتھ سلطنت اور اس کے قوانین کی طرف سے عدالت کے آئین برتے گئے کیا معاویہ کے قانون سیاست میں

وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ عنقریب ہے مقام عذرا میں ایسے لوگ قتل کئے جاویں گے کہ اللہ جلشانہ اور اہل آسمان ان کے قتل کی وجہ سے غضب میں آئیں گے۔

ولما بلغ عائشه قتل اخیها محمّد جزعت علیه وقنتت دبر کل صلوات تدعون علی معاویه وعمرابن العاص کذافی تاریخ ابوالفداعزلی

جس وقت عائشہ کو اپنے بھائی محمد رض کے قتل کی خبر پہنچی تو نہایت بے قرار ہوئیں اور قنوت پڑھتی تھیں پیچھے ہر نماز کے اور بد دعا کرتی تھیں معاویہ اور عمرابن العاص پر۔

استیعاب میں ہے قال احمد وحدثنا ابراهیم بن مرزوق قال حدثنا یوسف ابن یعقوب الواسطی واثنی علیه خیرا قال حدثنا عثمان بن هشیم قال حدثنا مبارك بن فضاله قال سمعت الحسن یقول وقد ذکر معاویه وقتله حجرا واصحابه ویل لمن قتل حجر واصحاب حجر قال احمد قالت یحیٰ بن سلیمان الملك ان حجرا کان مستجاب الدعوة قال نعم وکان نعم من افاضل النبی صلی اللّٰه علیه وآله وسلم

کہا احمد نے کہ حدیث کی مجھ سے ابراہیم مرزوق نے اس نے کہا کہ حدیث کی مجھ سے یوسف ابن یعقوب واسطی

خونریزی قتل عام سولی چڑھوانا زہر دلوانا ہاتھ پاؤں کٹوانا آنکھیں نکلوانا شہر بدر کرنا وظیفہ مقررہ ضبط کرانا ملکی خدمات سے معزول کرانا گھر کھدوانا نام تحفظ رعایا اور تفقد احوال خلائق تھا۔

بہرحال ان تمام واقعات کو جو علی الترتیب ہم اپنے سلسلۂ بیان میں لکھتے چلے آئے ہیں دیکھکر ہر ذی فہم سمجھ سکتا ہے کہ معاویہ نے اس شرط کے متعلق ایک ساعت کے لئے بھی اپنی ثابت قدمی ظاہر نہیں فرمائی اور جو بولا بھی کبھی ان کے ایفا کی نسبت اعتنا نہ کی ان شرائط پر وہ وفا کہاں تک کریں گے بلکہ بالکل برخلاف اس کے یا ان سے جہاں تک ہو سکا حتی المقدور معاویہ نے شیعوں کو تمام ملک میں ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر پھانسی دلوا سولی چڑھوایا اور قتل کرایا جو غریب بچ گئے وہ ایسی بے کسی اور ایسی بے بسی کی حالتوں میں گرفتار تھے کہ اپنا ملی راز بھی زبان پر نہیں لا سکتے تھے یہاں تک نوبت پہنچ گئی تھی کہ اپنے عقاید باہر کسی خادم اور گھر کی لونڈی تک سے نہیں کہہ سکتے تھے ایک شیعہ اگر کسی دوسرے کے پاس جاتا تو پہلے خفیہ جانے اور اپنے نہ پہچانے جانے کا پہلے سے تحفظ کر لیتا تب اس کے گھر جاتا اور وہاں بھی اس کے خادموں اور متعلقین سے اپنے آنے کے راز کو پوشیدہ رکھنے کے لئے قسمیں لے لیتا اور اپنا پورا اطمینان کر لیتا۔

ان کے ایام حکومت میں اس بلانصیب فرقہ کے افسوسناک اور عبرت خیز واقعات پڑھکر کون کہہ سکتا ہے کہ معاویہ نے سوتے جاگتے بھی کسی وقت کسی ساعت اور کسی لحظہ اپنے اس اقرار پر وفا کی جس کو وہ اپنے مہر و دستخط سے تمام اہل اسلام کے سامنے مرتب اور تکمیل کر چکے تھے۔

ان کی فطرت اور افتاد طبیعت کی نسبت ہم نے جہاں تک تحقیق کی ہے یہ معلوم ہوا ہے کہ یہ اپنی غرض کے غلام تھے اور اس وقت تک کہ جب تک ان سے غرض نہ نکال لیں اس کے غلام بنے رہے اور غرض نکل جانے کے بعد پھر نہ یہ اس کے تھے اور نہ وہ اس کے اسی وجہ سے ملک میں عام طور سے ان کی خودغرضی اور ظلم و جبر کی شکایت ہوتی تھی اب اس کی بیعت کے متعلق بھی دو ایک واقعے لکھے جاتے ہیں جس سے یہ تحقیق ہو جائے کہ ان کی طبیعت فطرتاً محض خودغرض رعایت و مروت سے دور ظلم و جبر پر حریص تھی اور اخلاق و اشفاق کی جگہ ظلم و شقاق کے اجزا کثرت سے موجود تھے۔

اسی وجہ سے جب ان کو اپنے اظہار مخالفت کا موقع ملتا تھا بھلا شیعہ غریبوں کو کون پوچھتا ہے یہ بنی اُمیہ اور اپنے ہم قبیلہ اور ہم قوم بزرگواروں سے حال چلنے میں باز نہ آتے تھے پھر اوروں کا کیا ذکر ہمارے اس بیان پر عبدالرحمن ابن خالد ابن ولید کا واقعہ شاہد ہے عبدالرحمن ابن خالد سے عرب میں کون واقف نہیں تھا خلافت سوم کے ایام میں اشراف کوفہ کو خلیفہ عصر نے انہیں کے سپرد کیا تھا اور جتنا کچھ ان کا اقتدار و اعتبار اس کے زمانے میں تھا وہ تاریخ کے دیکھنے والوں پر خوب روشن ہے معاویہ بھی ان سے خوب واقف تھا صاحب روضۃ الصفا نے عبدالرحمن کے واقعہ کی تفصیل میں ذیل کی عبارت تحریر کی ہے

بصحت پیوستہ کہ عبدالرحمن مردے شجاع و با رائے و تدبیر بود بنا برایں و بواسطہ خالد ابن ولید در شام

کارہائے عظیم از پیش بردہ بود چنانچہ شمہ ازاں رقم زدہ کلک بیان گشت مردم آں دیار بچشم اعزاز و احترام در عبدالرحمن می گرفتند و باقصی الغایۃ شرائط تعظیم و تبجیل وے آوردند و آخر الامر معاویہ از وے متوہم گشتہ باین اثال نصرانی گفت کہ اگر تو عبدالرحمن را ہلاک کنی از تو مدۃ الحیاۃ خراج نطلبم و ترا بر خراج حمص نیز ہم والی گردانم چون عبدالرحمن بحمص درآمد ابن اثال شربتے مسموم باو داد تا او در گذشت و آں مطلب که در حرب صفین اندوختہ بود در گردن او ماند و معاویہ آنچہ وعدہ کردہ بود وفا نمود ص ۲۹

اب کہئے اس وہم کی کیا دوا ہے دشمن تو در کنار اور ایسے مواخذے جنہوں نے ان کے حصول مقاصد کی کوششوں میں پانی کی جگہ اپنا خون گرا دیا ہو جیسا کہ ہمارے معتبر مورخ نے ابھی ابھی صفین کے معرکوں سے ثابت کر دیا وہ بھی ان سے کیا اُمید رکھ سکتا ہے خود غرضی کا ایسا جن سوار ہے جو اپنے مقابلے میں نہ کسی کی خیر خواہیوں کو کارگر ہونے دیتا ہے نہ محاسن خدمات کو۔

دنیا کے انصاف کرنے والے بتلا دیں کہ شیعوں کا تو یہ قصور تھا کہ وہ علی علیہ السلام کے دوست اور اہلبیت علیہم السلام کے پیرو تھے اور وہ اس لئے معاویہ کے نزدیک گنہگار تھے اور قابل تعذیر عبدالرحمن ابن خالد کی کیا خطا تھی یہ تو شروع سے آل ابوسفیان کے ہمداستان اور ہم زبان بنے تھے اور ہمیشہ بنی ہاشم کے برخلاف انہیں کی خیر خواہی کو اپنی سعادت سمجھتے رہے مگر باپ بیٹا ہم ان تمام خدمات کے صلہ میں آخر کار پایا تو وہی قتل اور گردن زدنی کی سزا۔

خالد ابن ولید کے صاحبزادے کی نسبت اگر یہ کہا جاوے کہ معاویہ کو ان کے ساتھ کوئی نسبی تعلق کی رعایت کرنی ضروری نہیں تھی تو لیجئے اب ہم ان خاص بزرگان بنی اُمیہ کے ساتھ انکے جوڑ توڑ کے واقعات لکھتے ہیں جو ہمارے استدلال کو ضرور پایۂ ثبوت تک پہنچا دینگے روضۃ الصفا کے ذی قدر اور معتبر مولف ایک عجیب واقعہ اس مضمون میں ذیل کی عبارت کے ساتھ اپنے تاریخی سلسلہ کی جلد سوم میں لکھتے ہیں۔

معاویہ سعید ابن عاص را از حکومت مدینہ عزل کرد بمروان ابن الحکم داد سبیش آنکہ بسعید نوشت کہ خانۂ مروان را ویران کن و مال او را بستان و دیگر بگذار کہ در فدک مدخل کند چہ فدک را عثمان باقطاع مروان دادہ بود چون نامہ بسعید رسید حقوق قرابتی را رعایت نمودہ التفاتے بمکتوب معاویہ نکرد بار دیگر معاویہ باز درین باب چیزے بسعید نوشت و سعید بہیچ باب متعرض مروان نشد بنا براین معاویہ در خشم شدہ بمروان نوشت کہ خانہ سعید را ویران کن و ہر چہ دارد از او بستان چون این مکتوب بمروان رسید فی الحال با جمعی

نے اور اس کی نیکی کی تعریف کی کہا اس نے خبر دی مجھ کو عثمان بن ہشیم نے کہا اس نے خبر دی مجھ کو مبارک بن فضالہ نے کہا اُس نے سنا میں نے حسن بصری سے جبکہ وہ معاویہ اور قتل حجر رض اور اصحاب کا ذکر کر رہے تھے وائے ہو اُس پر جس نے حجر رض اور اس کے اصحاب کو قتل کیا احمد نے کہا کہ میں نے یحییٰ ابن سلیمان سے پوچھا کہ تم نے سُنا ہے کہ حجر مستجاب الدعوات تھے اس نے کہا کہ ہاں اور وہ افاضل اصحاب نبی صلی اللہ علیہ و آلہ سے تھے

کشید و آلات و ادوات ہدم بخانہ سعید رفت سعید متحیر شدہ پرسید کہ سبب این ہجوم چیست گفت خانہ ترا بامر معاویہ خراب می کنم و در اثنائے این سخن گفت اگر تو باین قضیہ ماموری گشتی بتاخیر جائز نمیداشتی سعید گفت ای ظالم دو نوبت مکتوب نوشتہ کہ منزل ترا ویران کردہ بمصادرہ تو مشغولی کنم و من رعایت جانب تو کردہ متعرض نگشتم واینک نامہائے معاویہ در خانہ من است آنگاہ مکتوبات را طلبیدہ بمروان نمودہ سعید و مروان باتفاق بہ معاویہ لعنت کردند و مکتوبے باو فرستادند مضمون اینکہ تو در میان اقربا و خویش عداوت پیدا می کنی و حق بجانب امیرالمومنین علی علیہ السلام بود کہ ترا ضال و ظالم می خواند و طاغی و باغی میدانست۔ مطبوعہ بمبئی ص ۳۱/۳

قبیلۂ بنی امیہ میں مروان سے زیادہ اور کون بزرگ تھا نہ ان کی ذاتی وجاہت پر معاویہ کو افسوس آیا اور نہ انکی موجودہ ضعف و نقاہت پر رحم جب گھر میں ایسے معاملے برتے جائیں اور اس کی ٹوپی اس کے سر اس کی پگڑی اس کے سر رکھی جائے اور آپس کے معاملات میں در پردہ ایسی ریشہ دوانیوں سے کام لیا جائے تو اور بیگانے کب ان کے ظلم و ستم اور ایذا و ضرر رسانی سے محفوظ رہ سکتے ہیں اصل تو یوں ہے کہ ان کے دوست دشمن دونوں کی شئی خراب دشمن ہے تو ویسے ہی نالاں دوست ہیں تو وہ ویسے ہی گریاں نہ یہ اپنے کسی وعدہ پر وفا کرنے والے ہیں اور نہ کسی کے حقوق ادا کرنے والے اپنی غرض کے باولے ہیں سب کی پیچھے اور اپنی سب سے آگے رکھنے والے۔

ہم نے اتنے متعدد واقعات ان کے مخصوص حالات میں اس لئے لکھتے ہیں کہ ان کو غور کی نگاہ سے دیکھ کر ایک معمولی آدمی بھی بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ معاویہ نے اتنے وعدوں میں آج تک اپنے کسی وعدے پر وفا کی اور کس سے اپنی شرط قائم رکھی۔

ابن اثال سے ابھی عبدالرحمن ابن خالد کے مار ڈالنے کے عوض میں کیا وعدہ کیا تھا جب اس نے ان کی خاطر سے عبدالرحمن کی دعوت کی جگہ عداوت کی اور ان کو موت کا پیالہ پلایا تو کیا ملا دیکھو صاحب روضۃ الصفا تحریر فرماتے ہیں کہ "معاویہ آنچہ وعدہ کردہ بود وفا نکرد،،

جس شخص کی نسبت اتنے متعدد واقعات سے یہ ثابت ہو چکا ہو کہ اس نے اپنی مدت العمر میں آج تک اپنا وعدہ پورا نہیں کیا پھر اس سے اس صلح نامہ کے ایفائے شرط کی امید رکھنا آزمودہ را آزمودن جہل است عقل کے خلاف اور امکان سے خارج۔

دوسری شرط یہ تھی کہ معاویہ اپنی حیات تک امور خلافت کا مختار ہے مگر بعد اپنے وہ کسی کو اپنی طرف سے اس کے لئے معین نہیں کر سکتا اپنے بعد وہ کسی کو اپنی طرف سے اس کے لئے نامزد نہیں کر سکتا اپنے بعد اس امر کو وہ عام اہل اسلام کے مشورے پر چھوڑ دے جس کو وہ اس منصب کے لئے لائق اور مناسب سمجھیں گے تجویز کر لیں گے۔

البتہ [illegible] اس شرط کو [illegible] لکھا ہے مگر ہم نے جہاں تک اس کی نسبت تحقیق کی ہے یہ امر ثابت ہو چکا

ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام نے معاویہ سے یہ شرط نہیں کی تھی بلکہ یہ شرط تھی کہ امر خلافت تاحین حیات اس کی ذات سے متعلق رہے گا اس کی وفات کے بعد سلطنت کے تمام امور اسیطرح جناب امام حسن علیہ السلام کی طرف پھر رجوع کر دیئے جائیں گے چنانچہ علامہ ابن حجر فتح الباری شرح صحیح بخاری میں محمد ابن قدامہ کی کتاب الخوارج سے ذیل کی عبارت لکھتے ہیں۔

وذکر محمد ابن قدامة فی الکتاب الخوارج بسند قوی الی ابی بصرة انه سمع الحسن ابن علی علیه السلام یقول فی خطبة عند معاویة انی اشترطت علی معاویة لنفسی الخلافة واخرج ابن ا ختمه من طریق عبد الله ابن شوذب قال لما قتل علی علیه السلام سار الحسن فی اهل العراق ومعاویة فی اهل الشام فالتقوا فکره الحسن علیه السلام وبایع معاویة علی ان یجعل العهد للحسن علیه السلام من بعده

محمد ابن قدامہ کتاب الخوارج میں بسند قوی ابی بصرہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے جناب امام حسن علیہ السلام کو معاویہ کے پاس خطبہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہم نے معاویہ سے اپنی خلافت کے لئے شرط لے لی ہے اور ابن ختمہ عبد اللہ ابن شوذب کے طریق سے راوی ہیں کہ جب جناب امیر علیہ السلام قتل کئے گئے تو امام حسن علیہ السلام اہل عراق کے لشکر کے ساتھ اور معاویہ اہل شام کے لشکر کے ساتھ روانہ ہوئے اور جب دونو لشکر باہم مل گئے تو جناب امام حسن علیہ السلام نے جنگ کرنا مناسب نہ سمجھا معاویہ اس کے (معاویہ کے) بعد اپنی خلافت کے لئے عہد لیکر بیعت لینے میں مصروف ہوا

عبد البر کی نے بذیل تذکرہ عبد الرحمن بن خالد یہ عبارت لکھی ہے لما اراد معاویة البیعة لیزید خطب اهل الشام وقال لهم یا اهل الشام قد کبرت سنی وقرب اجلی وقد اردت ان اعقد لرجل یکون نظاما لکم وانما انا رجل منکم فادتوا رایکم فاصفقوا واجتمعوا وقالوا رضینا عبد الرحمن ابن خالد بن ولید فشق ذالك علی معاویة واسرها فی نفسه ثم ان عبد الرحمن مرض فامر معاویة طبیباً عند یهودیا وکان عنده مکینا ان یاتیه ویسقیه تقیة یتقیا بها فسقاه فانخرق بطنه فمات وقصة هذا مشهورة عند اهل السیر والعلم بالآثار والاخبار اختصرتها

معاویہ نے جب ارادہ کیا کہ یزید کے واسطے بیعت لے یعنی اس کو اپنا ولیعہد کرے تو اہل شام سے خطاب کیا اور کہا کہ اے اہل شام میں مسن گیا ہوں اور زمانہ موت کا قریب آگیا ہے اس لئے میں نے قصد کیا ہے کہ ایک شخص کو اپنا ولیعہد مقرر کروں تاکہ وہ تمہارا انتظام قائم رکھے اور میں بھی تمہیں میں سے ایک شخص ہوں تم سب اپنی رائے قائم کر دیں سب نے باہم متفق الرائے ہو کر کہا ہم عبد الرحمن ابن خالد ابن ولید کی حکومت سے راضی ہیں یہ تجویز اور یہ انتخاب معاویہ کو بہت شاق گذرا اگر دل میں اس ناگوار واقعہ کو پوشیدہ

وفات امام حسن علیہ السلام میں معاویہ کی اتنی سرگرمی اور مستعدی اور بیعت یزید کی تعمیل میں اتنی پرجوشی اور آمادگی جو تمام تاریخوں سے بالاتفاق ثابت ہے ہم کو صاف صاف بتلا رہی ہے کہ صلح نامے میں امام حسن علیہ السلام کو خلافت واپس ملنے کی شرط ضرور تحریر تھی اسی وجہ سے معاویہ کو رات دن یہی فکر اور یہی ادھیڑ بن لگی تھی کہ جس امر کی حسرت اور تمنا میں چالیس برس کاٹے اور ہزاروں قسم کے مظالم اور مفاسد اٹھائے وہ ملا بھی اور رہی حیات تک رہا اور اپنے اعقاب تک نہ پہنچا تو اس کا آنا نہ آنا برابر ہے کیونکہ باعتبار موجودہ سن کے وہ اپنی امارت وثروت سے منقطع ہونے کی بہت امید رکھتے تھے اور اس سے جو آرام وعیش اٹھا سکتے تھے وہ ضرور تھا کہ بہت کم زمانہ تک پایدار رہے تو ان کے بعد ضرور تھا جس کا حق تھا اس کو پہنچایا جاتا تو یہ امر ان کے دلی مقاصد کے لئے کسی طرح مفید نہیں ہو سکتا تھا۔

معاویہ پر موقوف نہیں دنیا کی حرص پسند طبیعتیں ایسی طولانی سلسلہ وار تمناؤں میں ضرور پابزنجیر رہتی ہیں اور چاہتی ہیں کہ جن نعمتوں سے وہ اپنی حیات میں مستفید ہو چکے ہیں اس سے ہمارے بعد ہماری اولاد واعقاب بھی مستفیض ہوں تب اس حکومت کے حاصل ہونے اور اس سلطنت کے پا جانے کے لئے وہ عرق ریزیاں اور جانفشانیاں جو سخت سے سخت دقتوں میں کی گئی ہیں کہی جا سکتی ہے کہ کامیابی کی حد تک پہونچ گئیں۔

اس کے ساتھ یہ بھی غور کرنا چاہئے کہ اگر شوریٰ کی شرط ہوتی تو امام حسن علیہ السلام کے قتل اور ان کے مسموم کرنے کے لئے اتنی عجلت اور کوشش وہمت سے انتظام نہ کیا جاتا جیسا کہ عنقریب امام حسن علیہ السلام کے حالات وفات سے ظاہر ہوگا اور سچ تو یوں ہے کہ یزید کی ولیعہدی کا مسئلہ بغیر اس تجویز کے حسب دلخواہ فیصل ہونا قطعی ناممکن تھا اس لئے جب تک امام حسن علیہ السلام کے وجود ذیجود سے دنیا خالی نہیں ہوئی اور معاویہ کو وہ دلی اطمینان اور قلبی استراحت جس کی نسبت خود ان کا اقرار آئندہ مضامین سے ظاہر ہوگا کامل طور سے حاصل نہ ہو لیا معاویہ نے یزید کی ولیعہدی کی تحریک کو عام طور سے اہل اسلام کے سامنے پیش نہیں کیا ہاں جب اس امام مظلوم کو مسموم کر چکے تو پھر جس زور شور اور دھوم دھام سے اپنے لائق صاحبزادے کے سر پر ولیعہدی کی دستار باندھی اور مکہ سے شام تک تمام ملک تہ وبالا کر ڈالا وہ بہت جلد ہمارے سلسلہ بیان سے ظاہر ہوگا۔

یہی ضرورت تھی کہ جس نے معاویہ کو امام حسن علیہ السلام کے مسموم کرانے میں اتنا جلد مستعد اور سرگرم کر دیا اگر صلح نامے میں یہ شرط واضح طور سے مندرج نہ ہوتی تو ان کو امام حسن علیہ السلام کے معاملات کو اخیر تک پہنچانے میں خصوصاً ان کی موجودہ بے اختیاری اور غیر سروکاری کے زمانے میں اتنی عجلت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی جس طرح یزید کی ولیعہدی قبول کرانے کی کوششوں میں انھوں نے کچھ اپنے مال و دولت سے کام لیا کچھ اپنی سطوت اور سیاست کا دباؤ ڈالا ویسے ہی ممکن تھا عام اس سے کہ

امام حسن علیہ السلام زندہ ہوتے یا نہ ہوتے ان کے اختیار میں تھا اگر شوریٰ کی محض قید ہوتی تو امام حسن علیہ السلام کا موجود رہنا ان کے حصول مقاصد اور کامیابی کے لیئے مضر اور غیر مفید تجویز کیا جاتا۔

ہمارے اس بیان سے پورے طور پر ثابت ہوگیا کہ اس صلح نامے میں خلافت کی شرط معاویہ کے بعد شوریٰ پر منحصر نہیں تھی بلکہ پھر امام حسن علیہ السلام کی طرف واپس دیئے جانے کے لیئے شرط ضرور لکھی ہوئی تھی۔

یہ ہماری تنہا رائے نہیں ہے بلکہ ہمارے قابل قدر اور معزز خواجہ عبید اللہ صاحب امرتسری جو خدا کے فضل سے ذی استعداد اور فرقہ اہلسنت والجماعت کے موجودہ سواد اعظم میں صاحب سواد اور حضور والائے رامپور کے ملازم ہیں اپنی جامع ومانع کتاب ارجح المطالب فی عدّ مناقب علیؑ ابن ابیطالب علیہ السلام کے صفحہ ۱۸۷ مطبوعہ انارکلی پریس لاہور میں میری رائے سے اتفاق فرماتے ہیں۔

ہم ان کی بلفظہ عبارت ذیل میں قلمبند کرتے ہیں۔

معاویہ حسب عہدنامہ یزید کو اپنے بعد خلیفہ بنانے کے مجاز نہیں تھے کیونکہ عہدنامے میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ امیر معاویہ کے بعد خلافت پھر خاندان نبوت کی طرف عود کرے گی چنانچہ علامہ ابن حجر فتح الباری شرح صحیح البخاری میں لکھتے ہیں (وہی عبارت جو اوپر لکھی جاچکی)

یہ عبارت لکھکر ہمارے معتبر اور ذی قدر ہمعصر تحریر فرماتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے کہ امیر معاویہ نے اسی عہدنامہ کے خوف کی وجہ سے جناب امام حسن علیہ السلام کو زہر دلوایا تھا کہ اگر امام حسن علیہ السلام میرے بعد زندہ رہے تو حسب عہدنامہ خلیفہ بن جائیں گے اور میرا بیٹا یزید خلافت سے محروم رہجائے گا دیکھو ارجح المطالب ص ۱۸۷

صاحب روضۃ الصفا نے بھی قریب قریب یہی رائے لکھی ہے ان کی بلفظہ عبارت یہ ہے۔

در بعضی روایات آمدہ کہ یکے از شرط مصالحہ آں بود کہ تعیین خلیفہ بعد از معاویہ بے مشورت امیر المومنین حسن علیہ السلام نباشد وچوں چندگاہ از قضیہ صلح بگذشت معاویہ را خاطر برآں قرار گرفت کہ یزید را ولیعہد گرداند ومعارف ومشاہیر آفاق را بہ بیعت او خواند وتحقیق می دانست کہ ایں قضیہ باوجود امیر المومنین امام حسن علیہ السلام متمشّی نخواہد شد لاجرم در دفع آں حضرت شبہا را بعرض آوردہ تدبیرے اندیشید ومروان الحکم را کہ طرید جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بود بمدینہ فرستاد۔ روضۃ الصفا ص

اگرچہ ہمارے ذی قدر مورخ نے صاف صاف تصریح نہیں کی تو اتنا بھی ضرور لکھدیا کہ امام حسن علیہ السلام کی مشورت بغیر معاویہ کے بعد خلافت کا کوئی انتظام نہیں کیا جائے گا اور یہ بھی اقرار کردیا۔ کہ جناب امام حسن علیہ السلام کی موجودگی میں یزید کی ولیعہدی کا مسئلہ نہیں چل سکتا تھا اسیوجہ سے معاویہ نے حضرت کے دفعیہ کی بہت جلد کوشش کی اور یزید کی ولیعہدی کی تحریک کا سلسلہ جاری کردیا۔

یزید کی محبت ان کے دل میں جیسی گہری تھی وہ میرے بیان کی کیوں محتاج ہونے لگی اس کی نسبت معاویہ کے خود کثرت سے اقرار موجود ہیں جن کو ہم ذیل میں لکھتے ہیں۔

روضۃ الصفا میں بستر مرگ پر ان کی یہ تقریر تحریر ہے۔

میگفت کہ این ہمہ را بسبب دوستی یزید می بینم واگر محبت او نبودے بہ سلوک طریق موافق می گشتمے وشد خویش می شناختمے وعلاقہ ابوت اومرا باعث بر این حرکات ومحاربات گشت اکنون کار بجائے رسیدہ کہ دشمن برمن خندید ودوست بگریست۔ دیکھو روضۃ الصفا مطبوعہ بمبئی ص ۲۹

یزید کی شدت محبت تو معاویہ کی اس تقریر سے جو ان کے وقت اخیر کا اقرار ہے پورے طور سے ظاہر ہے اپنے ان خیالوں میں اور انہیں خیالوں کی تعمیل میں آخر اس تجویز پر مجبور ہو گئے کہ جب تک جناب امام حسن علیہ السلام کی حیات والا صفات کا خاتمہ نہ کیا جائے گا خلافت کے واپس دینے کا اقرار مٹ نہیں سکتا انہیں ضرورتوں سے اس کی تعمیل ایسی فوری اور لازمی سمجھی گئی کہ جناب امام حسن علیہ السلام کو دس برس جینے کی بھی مہلت نہیں دی گئی جب تک کہ خاندان نبوت کے اس چشم وچراغ کو گل نہ کر لیا معاویہ کو نہ طمینان دل حاصل ہوا نہ استراحت قلبی چنانچہ جب ان کو امام حسن علیہ السلام کی وفات کی خبر ہوئی تو جس قدر کچھ مسرت اور استراحت حاصل ہوئی وہ خود ان کے کلام سے ظاہر ہے جس کو ہم ذیل میں حیوٰۃ الحیوان دمیری سے لکھتے ہیں:۔

فی الحیوٰۃ الحیوان قال ابن خلکان لما مرض الحسن علیہ السلام کتب مروان ابن الحکم الی معاویۃ بذالک وکتب الیہ معویۃ ان اقبل المطیٔ التی بخبر الحسن علیہ السلام فلما بلغ معویۃ موتہ سمع تکبیرہ من الخضراء فکبر اہل شام کذالک تکبیر فقالت فاختہ بنت قریضۃ لمعویۃ اقر اللہ عنک ما الذی کبرت لاجلہ فقال مات الحسن علیہ السلام فقال علی موت ابن فاطمہ علیہا السلام تکبر فقال ماکبرت شماتۃ ولکن استراح قلبی

جب امام حسن علیہ السلام کے مرض کی کیفیت مروان نے معاویہ کو لکھ بھیجی تو معاویہ نے اس کے جواب میں مروان کو لکھ بھیجا کہ جب وہ تمام ہو جائیں تو تم فوراً خبر دینا جب معاویہ کو ان کی وفات کی خبر لگی تو بآواز بلند تکبیر کہی اور اہل شام نے بھی تکبیریں کہیں اسپر فاختہ بنت قریضہ جو معاویہ کے پاس

حاشیہ بقیہ ص ۱۰۹:۔ رکھا بعد چند عبدالرحمٰن بیمار رہا موقع پا کر معاویہ نے ایک طبیب کو جو اس کے پاس رہتا تھا اور یہودی مذہب رکھتا تھا حکم کیا کہ عبدالرحمٰن کے پاس جائے اور کوئی ایسی دوا پلائے کہ وہ تمام ہو جائے چنانچہ طبیب نے کچھ ایسی دوا پلائی کہ عبدالرحمٰن کا پیٹ اس کے پیتے ہی پھٹ گیا اور وہ مرگیا یہ قصہ اہل سیر اور صاحبان علم میں مشہور ہے میں نے اس کو مختصر طور پر درج کیا ہے۔ فصل المبین ص ۶۲

کتاب استیعاب عبدالبر مکی میں اس شرط کے متواتر اور متفق علیہ ہونے کا ثبوت موجود ہے ان کی اصل عبارت یہ ہے ولا خلاف بین العلماء انّ الحسن بن علی علیہما السلام سلم لمعاویۃ

بیٹھی ہوئی تھی پوچھنے لگی کہ تمہارے تکبیر کہنے کا کیا باعث ہے معاویہ نے کہا امام حسن علیہ السلام نے وفات کی فاختہ نے اس کے جواب میں فرمایا کہ کیا ابن فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا کی موت پر تکبیر کہنی چاہیے معاویہ نے کہا کہ میں نے شماتت کے قصد سے تکبیر نہیں کہی ہے بلکہ اس خبر سے میرے قلب کو استراحت پہنچی ہے۔

اب تو اس اقرار لسانی سے معاویہ کے تمام اسرار نہانی کا سراغ لگ گیا اور یہ خبر وحشت اثر اندوہ سانحۂ جانگزا جس نے کم سے کم تمامی اسلامی دنیا کو تو ضرور مغموم و محزون بنایا تھا ایک ان کے لئے استراحت قلبی کا باعث ہوا جن لوگوں نے عرب کی تاریخیں پڑھی ہیں وہ جانتے ہیں کہ ان میں تکبیروں کے کہنے کا کس وقت اور کس حالت میں دستور جاری ہے ظہور اسلام کے زمانے میں عرب میں یہ دستور قائم ہوا کہ جب کوئی حریف اپنے مقابل حریف پر غالب آتا تھا تو وہ فتحیابی کی مسرت میں تکبیر کے نعرے بلند کرتا تھا اس سے سمجھ لینا چاہیئے کہ جناب امام حسن علیہ السلام کی خبر وفات سنکر معاویہ کو اپنے حریف مقابل کے اوپر غالب آنے اور فتح پا جانے کی کتنی مسرت ہوئی ہوگی جو حسب دستور ان کے تکبیر کہنے کی باعث ہوئی جس کو وہ جانتے تھے یا ان کا دل اور ان کے دل سے زیادہ وہ خالق عادل جس نے ہر کردہ و ناکردہ کو واللہ اعلم ان کنتم تسرون وما تعلنون فرما کر ایکبار نہیں متعدد بار ہشیار کر دیا ہے۔

ہم اس سے ایک اور صاف واقعہ جس سے ہمارے بیان کی اور تصدیق ہوتی ہے لکھتے ہیں۔

قال وفد المقدام بن معدیکرب وعمرابن ابوسفیان فقال یا معاویة اما علمت ان الحسن ابن علی علیہما السلام مات فترجع المقدام فقال یا فلان اتعد مصیبة ولما ارا ما مصیبة وقد رایت وضعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فی حجرہ فقال منی حسن ابن علی علیہما السلام فقال الاسدی جمرة اطفاها وراسباب اللّبیب

مقدام ابن معدی کرب اور عمران ابن ابوسفیان معاویہ کے پاس بطور وفد آئے تھے کہنے لگے تو نے سنا ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے قضا کی مقدام نے کہا انا للہ وانا الیہ راجعون معاویہ نے کہا کیا تو اس کو مصیبت سمجھتا ہے اس نے جواب دیا کہ میں اس کو کیونکر مصیبت نہ سمجھوں حالانکہ دیکھا میں نے امام حسن علیہ السلام کو کہ جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی گود میں لئے تھے اور فرماتے تھے کہ حسن ابن علی علیہما السلام مجھ سے ہیں پس کہا اسدی نے کہ ایک چنگاری تھی جو بجھ گئی۔

علامہ ابوالفدا کی تو یہاں تک تحقیق ہے کہ امام حسن علیہ السلام کی خبر وفات سنکر معاویہ ابن ابوسفیان

بقیہ حاشیہ متعلق ص ۱۰۹:- الخلافة لاغیر ثم یکون له من بعدہ وعلی ذالك العقد فی ذالك اور درمیان علما کے اس میں اختلاف نہیں ہے کہ حسنؑ ابن علی علیہ السلام نے خلافت صرف معاویہ ہی کو سپرد کی نہ غیر کو یعنی بعد معاویہ کے پھر وہ خلافت حضرت امام حسن کی ہو جائے اسی پر عہدنامہ ہو گیا

نے شکر کے سجدے کئے ابوالفداء مطبع انصاری دہلی ص ۴۴۵

امام حسن علیہ السلام کی وفات پر معاویہ کے اتنی خوشی کرنے کی کوئی وجہ ظاہر معلوم نہیں ہوتی کیونکہ اس واقعہ سے دس برس پہلے آپ ان تمام اُمور سے دست بردار ہو کر اور ان اُمور کو اسی کی مرضی کے موافق حوالہ فرما چکے تھے تو پھر جب اپنی مرضی کے موافق اپنی تمناؤں میں کامیاب ہو چکے تو پھر امام حسن علیہ السلام کی طرف سے ان کو اتنی مخالفت اور عداوت کی کیا وجہ تھی کہ ان کی خبر وفات سُنکر اپنی دلی استراحت پہنچنے کا بھی اقرار کیا جاتا ہے اور ان کو ایک خیگاری سے مثال دی جاتی ہے اور یہاں تک اس واقعہ پر مسرت دلی کا اظہار کیا جاتا ہے کہ شکرانے کے سجدے ادا کئے جاتے ہیں۔

ان واقعات سے جو حقیقت میں تاریخی ثبوت ہیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ باوجودیکہ فیمابین صلح کے مراتب طے ہو چکے تھے اور تصفیہ کی ظاہری صورت بھی قائم ہو چکی تھی تاہم اس میں کوئی ایسا مخصوص امر چھوٹ گیا تھا یا غلطی سے اُس میں مندرج ہو گیا تھا جو آگے چلکر مضرت کا باعث ٹھہرگا جس کے باعث سے معاویہ کو اپنے اُمور میں پورا اطمینان نہیں ہوا تھا اسی وجہ سے وہ امام حسن علیہ السلام کے وجود ذیجود کو اپنے حصول مقصد کے لئے ضرور مضر یقین کرتا تھا جب ہم یہاں تک پہنچکر واقعات پر غور کرنے لگتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ معاویہ کے حق میں مسئلہ استخلاف کی شرط جس کی نسبت انہوں نے واپسی خلافت کا اقرار کیا تھا ضرور ان کی منشا کے خلاف اور ان کے مقصود کے لئے مضر تھی اور یہی تنہا وجہ تھی جس کی وجہ سے انہوں نے بقیہ خاندان رسالت کے راس الرئیس کا اتنا جلد خاتمہ کر دیا جب اس کی نسبت سے اپنی کامیابی کی خبر پہنچی تو ان کو دلی راحت بھی حاصل ہوئی اور قلبی استراحت بھی اور وہ خیگاری جس کی عداوت کی سوزش ان کے اندرونی احشا کو جلایا کرتی تھی جب بجھ گئی تب اس کی آنکھوں میں نور اور دل میں سرور آیا اور مسرت دلی اور استراحت قلبی کا یہاں تک جوش ہوا کہ انہوں نے اس واقعہ کی نسبت شکر کے سجدے کئے۔

یہ تو ظاہر ہے کہ جب تک کسی کی طرف سے کسی عظیم خدشہ اور مضرت کا یقین نہیں ہوتا ہے اسکے مرنے پر یا اس کے کسی روحانی صدمہ پہنچنے کی خبر پانے پر اس کے فریق مخالف کو مسرت اطمینان اور استراحت کا ایسا غیر متحمل جوش نہیں ہوتا ان اقوال سے قطع نظر کر کے جو آرج المطالب اور روضۃ الصفا سے اوپر لکھے جا چکے ہیں معاویہ کے ان اقرار لسانی اور ان کے اظہار مسرت کی پُر جوشی اور فراوانی پر کامل غور کیا جائے تو ہمارے دعوے کا پورا ثبوت ہو جاتا ہے اور ہم اپنے مدعا کے لئے اتنا ہی کافی سمجھتے ہیں۔

اب اتنا بیان کرنے کے بعد ہمارے ناظرین کو سمجھ لینا چاہیئے کہ اس صلح میں واپسی خلافت کی ضرور شرط تھی جس کو مورخین اسلامی نے سطوت سلطانی اور سیاست خسروانی کی دباؤ کی وجہ سے ہزاروں فضائل اہلبیت علیہم السلام کی طرح مرفوع القلم کر دیا اور ان کو تاریکی کی حالت میں چھوڑ دیا

ہے مگر الحق یعلوا ولا یعلیٰ وبمصداق ظہر اللہ ان کنتم کا ڈھون اب تک صفحۂ روزگار پر علیٰ رؤس الاشہاد ظاہر اور آشکار ہے۔

اب ہم اس بحث سے قطع نظر کرکے پھر اپنے بیان کے قدیم سلسلہ پر آجاتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ بفرض محال جس طرح عام تاریخوں میں لکھا گیا ہے کہ صلح نامے میں شوریٰ کی شرط تھی تو خیر یوں ہی سہی ہم یوں بھی معاویہ کی عہد شکنی ثابت کرنے کو ہر وقت مستعد اور تیار ہیں اچھا یوں بھی ان کی صداقت اور دیانت کو جانچ لو شرط یہ تھی کہ معاویہ اپنی حیات تک خلافت کے کاروبار اپنے متعلق رکھے اپنے بعد وہ امر خلافت مسلمانوں کے شوریٰ پر چھوڑ دے عامۃ المسلمین جس کو چاہیں اپنا خلیفہ تسلیم کرلیں اب ہم کو دیکھنا چاہیئے کہ معاویہ نے اس شرط پر کہاں تک وفا کی جناب امام حسن علیہ السلام نے سنہ ۵۰ھ میں وفات فرمائی اور ان کی وفات کے بعد ہی انہوں نے اپنے خلف الرشید یزید کی ولیعہدی اور جانشینی کی سلسلہ جنبانی شروع کردی اور اس کی تعمیل میں جیسی جیسی عرق ریزیوں سے کام لیا وہ علی العموم تمام تاریخوں میں درج ہیں۔

علامہ طبری نے بیعت یزید کو سنہ ۵۶ھ ہی کے واقعات سے لکھا ہے چنانچہ ان کی عبارت یہ ہے فی خمسین عام من الهجرة واخذه البیعة لابنه یزید ابن معاویه طبری جلد چہارم ص ۶۱۱

اگر چہ معاویہ کو پورا اطمینان ہو چکا تھا اور اب اپنے دلی مقاصد کے اعلان و اظہار کردینے میں ان کیلئے کوئی امر مانع نہیں تھا مگر ان کو تاہم چار بزرگواروں کی طرف سے ضرور شبہ تھا شام کی رعایا کی طرف سے تو ان کو کامل اطمینان اور پورا اعتماد تھا عراق کی طرف سے اگر خود نہیں تو اپنے مصنوعی بھائی زیاد ابن سمیہ کی طرف سے اطمینان حاصل ہو جانے کی پوری اُمید تھی مگر حجاز (مکہ و مدینہ زاد اللہ شرفہا) کے باشندوں کی طرف سے معاویہ کو البتہ اطمینان نہیں تھا مگر با ایں ہمہ معاویہ نے یزید کی ولیعہدی کے مسئلہ کی یوں ابتدا کی کہ جناب امام حسن علیہ السلام کی وفات کے بعد سب سے پہلے ضحاک ابن قیس اور زیاد ابن سمیہ سے اس امر میں مشورت لی کیونکہ عمر عاص کے بعد اب انہیں دونوں پر معاویہ کو زیادہ اعتبار تھا اس معاملہ کی مسئلت اور مصلحت کی نسبت خاصکر انہیں دونوں آدمیوں کے نام لکھے ہیں۔

مگر خواجہ احمد اعثم کوفی بخلاف اور تاریخوں کے اس امر کی ابتدا کو بھی عمرو عاص کی تجویز کا نتیجہ بتلاتے ہیں چنانچہ ان کی عبارت یہ ہے کہ "چوں خبر وفات امیر المومنین حسن علیہ السلام در عالم شائع شد عمرو عاص بشنید و نزد معاویہ آمدہ گفت کہ حسنؑ ابن علی علیہ السلام شرف شہادت یافت و عرصہ خالی شد و خلافت بے منازعت ترا و فرزندان ترا مسلّم گشت اکنون مصلحت آن است کہ یکے از اولاد خود ولیعہد گردانی تا بعد از تو تیار ایں کار دارد و دودمان

اورا متابعت و مبایعت نمایند و ابدالدہر امر خلافت در خاندان تو ماند معاویہ گفت نیکو میگوئی۔

ہمارے معتبر اور مستند مورخ کی تحریر میں صاف صاف ایک شبہ واقع ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ اس تحریر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عمرو عاص جناب امام حسن علیہ السلام کی وفات تک بقید حیات تھے اور یہ جمہور کے خلاف ہے کیونکہ عمرو عاص کی وفات اس واقعہ سے سات برس پہلے ۴۳ھ ہجری میں متفق علیہ ہے ہم اس کی نسبت یہ خیال کرتے ہیں کہ ہمارے معتبر اور مستند مورخ سے ضرور اس موقع پر سہو ہو گیا ہے اور ان کے سلسلۂ بیان میں تھوڑا سا تقدم و تاخر واقع ہو گیا ہے اور یہ اکثر اصحاب تصانیف اور ارباب تالیف کو ان کی کثرت مشغولیت اور محویت کی وجہ سے ہو جایا کرتا ہے جو چنداں الزام کا باعث نہیں کیونکہ نفس واقعہ میں اس بیان سے کچھ نقص نہیں آتا وہ اس طرح کہ واقعہ صلح تک جو ۴۱ھ ہجری میں واقع ہوا عمرو عاص ضرور زندہ تھے کوئی تعجب نہیں ہے اگر عمرو عاص نے معاویہ کو بعد تحریر صلح نامہ یزید کی ولیعہدی کی مشورت دی ہو کیونکہ معاویہ کے مزاج میں جیسا کچھ ان کا دخل اور ان کے دربار میں اور جملہ کاروبار میں جیسا کچھ ان کا رسوخ تھا وہ کسی طرح ہمارے بیان کا محتاج نہیں علی العموم ظاہر ہے اور اس کے ساتھ ہی ان کو بھی ان کی حاجت روائی مشکلکشائی خوشامد تعلق اظہار خدمت خیر خواہی وغیرہ میں جیسی کچھ گرمجوشی اور جانفشانی ہر دم ہر لحظہ مدنظر رہتی تھی وہ بھی ہر شخص پر علی الاعلان ظاہر ہے تو کوئی تعجب نہیں ہے کہ عمرو عاص نے ہی اس کی تحریک کی ہو جس کو ہمارے ذیقدر مورخ نے سہو سے امام حسن علیہ السلام کی وفات کے واقعات میں قلمبند فرما دیا ہے چونکہ معاویہ یکایک وقوع صلح نامہ کے بعد امام حسن علیہ السلام کے زمانے میں اسی شرط کی وجہ سے جس کی نسبت ہم ابھی ابھی ایک طولانی بحث کر چکے ہیں یزید کی ولیعہدی کا آغاز کرنا قرین مصلحت نہ سمجھتے تھے اس لئے اگر عمرو عاص کی تحریک باعتبار ہمارے مورخ کے صحیح ہے تو ضرور امام حسن علیہ السلام کی وفات تک موقوف رکھی گئی اور اگر انہیں کی خاص تجویز ہے اور انہیں کے اختراعات اور اولیات اور مخصوصیات میں شامل ہے جیسا کہ اکثر مورخین کا اتفاق ہے تو اس کے مان لینے میں بھی مجھے کچھ عذر نہیں ہے۔

بہرحال معاویہ کے اس مشورے میں سب سے پہلے مغیرہ ابن شعبہ داخل ہوئے یہ حضرت اپنی اختلاف آرا کے لئے تمام عرب میں خصوصیت کے ساتھ مشہور ہیں دیکھو اس سلسلہ کی جلد اول مگر بنی امیہ اپنی چالوں سے کیوں چوکنے لگے انہوں نے اس امر میں جو تجویز معاویہ سے ظاہر کی وہ ہم روضۃ الصفا کی عبارت سے لکھتے ہیں

تقضیہ آنکہ مغیرہ ابن شعبہ در آں ایام کہ از قبل والی کوفہ بود بدمشق رفتہ با او (معاویہ) در خلوت گفت کہ اعیان اصحاب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم و صنادید قریش انتقال کردند و ابناء ایشان ماندند و تو باصابت عقل وحسن تدبیر و اجراء حکم شرعی و ملکی بر عالمیان تقدیم داری اگر مصلحت دانی ولد خویش یزید را ولی عہد گردانی تا حق ابوت بجا آوردہ باشی معاویہ گفت چگونہ ایں کار بانجام رسد مغیرہ گفت کہ من متعہد می شوم کہ رضائے اہل کوفہ را حاصل کنم و زیاد ابن سمیہ می تواند کہ ارباب بصرہ را باین معنی ہمداستان گرداند و ہرگاہ خلق

این شہر اتفاق نمایند ہیچکس ترا مخالفت نتواند کرد۔

آپ کی اس خوشامدانہ تجویز کی وجہ بھی ملاحظہ ہو وہ یہ ہے کہ امیر صاحب ان کو کوفہ کی ولایت سے معزول کرکے ان کی جگہ سعید ابن العاص کو بھیجنے والے تھے سوچے کہ بغیر اس تدبیر کے امیر صاحب متوجہ نہوں گے جب تک کہ اپنی طرف سے کوئی تازہ خیر خواہی نہیں دکھلائی جائے گی منصب ولایت پر مستقل رہنا معلوم چنانچہ تاریخ روضۃ الصفا کی آئندہ عبارت سے یہ راز سربستہ پورے طور سے کھلجاتا ہے وھو ہذا

در روایتے آنکہ پیش ازاین تاریخ اعنی است و خمسین بمدت ہفت سال در انوقتیکہ مغیرہ والئے کوفہ بود معاویہ می خواست کہ او را عزل کند و این مہم را بہ سعید ابن عاص رجوع نماید مغیرہ پیش از وصول سعید بدمشق رفتہ اول اظہار نکرد کہ من بنابر کبر سن از امارت استعفا می نمایم بعد ازاں پیش یزید رفتہ گفت اکثر اکابر صحابہ وفات یافتند و آنچہ باقیماندہ اند پیر اند و بہلاکت نزدیک و فرزندان ایشاں بسن رشد رسیدہ و می رسند و تو از ہمہ عاقل تر و فاضل تری و بہ سیاست ملکی داناتری چرا معاویہ ترا ولی عہد نمی کند و مردم را بہ بیعت تو دعوت نمی کند تا محبت تو در دل ایشاں قرار گیرد و بعد از وے کسے را دریں باب سخنے نباشد یزید گفت این کار تمشیت نبرد مغیرہ گفت واللہ چرا نبرد پس یزید پیش پدر رفتہ آنچہ از مغیرہ شنیدہ بود درمیان نہاد معاویہ مغیرہ را بخلوت طلبیدہ از وے پرسید کہ یزید چہ می گوید مغیرہ گفت مناسب چناں می نماید کہ در زمان حیات خویش یکے را ولی عہد خویش سازی تا بعد از خلافت و خون ریختن نباشد عمر ابن الخطاب کار را بر شورے انداخت تا آں ہمہ مخالفت ظاہر شد و عثمان را خود مجال نہ دادند کہ کسے را بجائے خود تعیین کند معاویہ گفت این امر ندانم کہ چگونہ بانجام رسد مغیرہ گفت کہ این کار در کوفہ و بصرہ مشکل تر است کہ اکثر سپاہ در این دو شہر اند چوں من در کوفہ (مطلب سعدی ہمیں بود) باشم و زیاد در بصرہ ہم چناں سرانجام یابد کہ دلخواہ تو باشد معاویہ گفت کوفہ ازاں تست بدل قوی رو براہ آر۔

کیوں نہ ہو دعوے سے یوں لیتے ہیں نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے مغیرہ تو ایسی راؤں کے دینے میں حاتم سے زیادہ سخاوت کرتے ہیں امیر صاحب کی خدمت سے تو اپنی منہ مانگی مراد لیکر یہ کوفہ کی طرف چلتے ہوئے پہنچے اور اسی دن سے اپنی فکروں میں اُلجھے بیت المال جو اپنا عین المال تھا آگے دھر لیا اور اشراف کوفہ میں سے صرف دس شخصوں کو تین ہزار روپیہ نقد دیکر یزید پلید کی ولی عہدی پر راضی کرلیا اور اپنے لڑکے موسٰے کے ہمراہ ان لوگوں کو معاویہ کے پاس اقرار بالمشافہ کرنے کی غرض اور اپنی خدمات کے اظہار کے لحاظ سے شام کی طرف روانہ کردیا موسٰے اور معاویہ کی گفتگو لطف سے خالی نہیں ہے اسکو بھی ہم روضۃ الصفا کی اصلی عبارت میں لکھتے ہیں :۔

آں قوم چوں با معاویہ ملاقات کردند گفتند بجہت آں آمدہ ایم کہ عقد عقوبت یزید حاصل کنیم معاویہ با ایشاں گفت برایں عزیمت باشید لیکن تعجیل مکنید و در خلوتے از موسے ابن مغیرہ استفسا نمود کہ پدر تو دین ایں مردمان را کہ از کوفہ آمدہ اند بچند خریدہ است موسے گفت بسی ہزار درہم معا گفت دین وملت نزد ایں جماعت چنداں قدر وقیمت نداشتہ صفحہ ۳۳ بمبئی

اس میں شک نہیں کہ امیر صاحب کو ایسے ایمان فروشوں سے سابقہ پڑ چکا تھا اور وہ سالہا سال سے ایسے لوگوں کے ساتھ اپنے لین دین کے کاروبار قائم فرمائے ہوئے تھے چنانچہ بعض بعض ایمان فروشوں نے تو امیر المومنین علی علیہ السلام کے زمانے ہی میں ان کے ساتھ کئی بار ایسے معاملے کئے تھے جیسے مصقلہ ابن ہبیرۃ الشیبانی کا معاملہ پھر امام حسن علیہ السلام کے وقت میں تو اچھے خاصے لوگوں نے یہ روش اختیار کر لی تھی اور امیر صاحب کو اپنی داد وستد کے معاملات میں اپنا پورا پورا مہاجن قرار دے لیا تھا۔

بہر حال یہ تمہ بیعت یزید کی تمہید تھی جو اوپر کے واقعات کی صورت میں لکھی گئی معاویہ نے اپنے تمام معاملات میں آج تک زیادہ تر اپنی عرقریزی اور جان فشانی سے کام لیا تھا مگر بیعت یزید کا معاملہ ایسا ہی ٹیڑھا نکلا کہ بغیر کامل زر افشانی یا توڑوں کے منہ کھول دینے کے ایک قدم بھی آگے بڑھنا دشوار ہو گیا نہ طاقت سے کام نکل سکا نہ منت وسماجت سے ۔

مغیرہ ابن شعبہ نے کوفہ میں تو آہستہ آہستہ اس کام کو شروع کر دیا مگر زیاد نے معاویہ کے اس حکم کو ابھی چند روز کے لئے دبا دیا اور اس کی نسبت وہ غور وفکر کرنے لگا یہاں تک کہ تھوڑے ہی دنوں میں اس کے مظالم کی پاداش نے اس کو گھیر لیا اور صرف بیچ کی انگلی یا ہاتھ میں ایک دانہ نکلا اور اتنا سخت اثر پھیلایا کہ پورے ہاتھ کاٹے جانے کی نوبت پہنچی مگر تاہم وہ نہ بچنے والا تھا نہ بچا مگر زیاد کے بعد معاویہ نے بمصداق اس کے کہ اگر پدر نتواند پسر تمام کند عبداللہ ابن زیاد کی معرفت بصرے والوں کو یزید کی ولیعہدی کی نسبت راضی کر لیا۔

سچ پوچھو تو یہ تاریخوں کا طومار ہے حقیقت میں نہ معاویہ کو کوفہ والوں کی طرف سے کوئی شبہ تھا نہ بصرے والوں کی جانب سے کوئی خدشہ تھا دھڑکا تھا تو حرمین کے باشندوں کی طرف سے وہ بھی تمام اہل اسلام کی جانب سے نہیں صرف انہیں چار شخصوں کی طرف سے جو فی الحال تمام عرب میں ممتاز اور باعث اعزاز شمار کئے جاتے تھے وہ یہ تھے جناب امام حسین علیہ السلام عبداللہ ابن عمر عبدالرحمن ابن ابی بکر اور عبداللہ ابن زبیر چنانچہ یہ تمام کیفیت بہت جلد ہمارے سلسلہ بیان میں آتی ہے خلاصہ یہ ہے کہ معاویہ نے جب شام کوفہ اور بصرہ کے تمام لوگوں کو یزید کی بیعت پر راضی کر لیا اور ان کی طرف سے اس کی پوری دل جمعی ہو گئی تو پھر از سر نو اطمینان سے حرمین

میں یزید کی ولی عہدی کی سلسلہ جنبانی شروع کی اور مروان الحکم کو جو ان کی طرف سے وہاں کے حاکم تھے یزید کی بیعت کے لئے لکھا اس کی پوری کیفیت ہم صاحب روضۃ الصفا کی عبارت سے ذیل میں مندرج کرتے ہیں۔

معاویہ مکتوبے بمروان نوشت کہ سخن حکومت یزید را در خواطر ارباب مدینہ قرار دہد و بجہت عبداللہ ابن عمر صد ہزار درہم فرستاد چوں قاصد بمدینہ رسید مال را پیش عبداللہ ابن عمر برد عبداللہ نخست اموال را قبول کرد چوں نام بیعت شنید مال را رد کردہ گفت کہ من پیر شدہ ام و دین من بصد ہزار درہم ارزان است مروان بمعاویہ پیغام داد کہ مردمان مدینہ معتقدان عبداللہ ابن عمر اند و مے گویند تا مقتدائے ما بیعت نکند ما بیعت نمی کنیم دیگراں کہ عائشہ می گوید کہ ایں بدعتی است کہ معاویہ احداث می کند چہ ابوبکر و عمر کہ خلیفہ بودند خلافت را باولاد رشید خود ندادند و ایں رسم اکاسرہ و قیاصرہ است و نیز جباران و ظالمان روضۃ الصفا ص ۳۳

حرمین کے باشندوں کے ساتھ یہاں تک کارروائی پہنچ کر معاویہ نے تھوڑے دنوں تک اس معاملہ میں قطعی خاموشی اختیار کر لی اور پہلے اس معاملہ کو باشندگان شام و عراق و مصر کی رعایا کے ساتھ محکم کرنا چاہا اور حرمین کے مخصوص لوگوں کے ساتھ اس نے یہ تجویز کیا کہ ان کے معاملات کو دو طریقوں کے صرف سے تصفیہ کرنا چاہیئے کچھ تو اپنی خاص سطوت اور کچھ اپنی دولت کے دباؤ سے چنانچہ اس نے جب اس معاملہ پر شام عراق اور مصر کے لوگوں کی رضامندی حاصل کر لی تو اس نے خود حجاز کا سفر اختیار کیا ہم ان کے سفر حجاز کی سرگذشت اور خلافت یزید کے متعلق ان کے اور ان کی رعایا کے درمیان جو کچھ گذرا وہ ہم آگے چل کر تفصیل سے لکھیں گے پہلے ہم تھوڑے وہ واقعات لکھتے ہیں جو اہل شام و اہل عراق کے خاص دکھلانے کے لئے معاویہ سے آپس کی صلاح اور آپس کے لوگوں کی مشورت سے ظہور میں آئے تھے معاویہ نے ان لوگوں کے آنے سے پہلے اسی جماعت کے سامنے یزید کے اوصاف و اخلاق کی تفصیل میں اپنی طبیعت اور معاویہ کی تعلیم کے موافق جیسی تقریر کی وہ ذیل کی عبارت سے ظاہر ہے۔

معاویہ با ضحاک ابن القیس الفہری کہ شحنہ شام بود گفت کہ امروز شام و اکابر اطراف را خواہم طلبید ترا باید کہ فرصت نگاہداری و مرا باخذ بیعت یزید ترغیب و تحریص نمائی ملخص حکایت آنکہ چوں مجلس منعقد شد معاویہ زبان بحمد و ثنائے باری تعالےٰ کشود و بر رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم درود فرستاد و در تعظیم اوامر سبحانہ مبالغہ لاتعد نمود و در معنی آیۂ اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم خوض بلیغ می آورد و بتقریب ذکر یزید کردہ او را بہ شجاعت و حلم و سماعت بستودہ و در ایں محال ضحاک ابن قیس گفت اے امیر مقصود رسیدی ازیں جا ملکہ حال جہان

وجہانیان است و سرانجام بنی آدم زوال و فنا خلق را بعد از تو والی باید کہ بہ تعظیم مہام ایشان قیام نماید و بحوادث رعایا کہ ودائع حضرت خالق البرآیا اند پرداز د و در حسن سیرت و یمن سریرت و وفور علم و کمال حلم حال یزید زیادہ تر از آن است کہ شرح و بیان را احتیاج افتد او را ولی عہد خود ساز عالمیان را در غیبت تو ملاذ و ملجاء باشد و در حوادث اُمور و نوائب و قضایا پناہ باو برند و مصلحان آسودہ و مفسدان مالیدہ باشند و چوں ضحاک امثال این ہذیانات بر زبان آوردہ خاموش شد سعید ابن العاص گفت یزید پسر امیر است توانگر ایست و اُمید تواں داشت و بہتر نیست کہ از وے امن تواں بود مروتیست مذکور بسخاوت و معروف بہ شجاعت و مشہور بعدل و سیاست امیر را فرزندے خلف است و در تمشیت مہم خلافت نظیر و عدیل ندارد معاویہ گفت احسنت یا ابا اُمیّہ ہر چہ گفتی راست گفتی و ہیچ باقی نگذاشتی بعد از ان حصین ابن نمیر گفت اے امیر بخدا سوگند اگر تو از دنیا بروی و یزید را ولی عہد خویش نکردہ باشی در تضییع امت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کوشیدہ باشی ناگاہ معاویہ بجانب احنف ابن قیس التفات نمودہ گفت تو چرا دریں باب ہیچ نمی گوئی احنف گفت تو با فعال یزید دانا تری اگر می دانی کہ از عہدۂ امر خلافت چنانچہ مقرون بر ضائے خداوند تعالےٰ باشد و مستلزم فراغت اُمت محمد صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم باشد بیروں تواند آمد با ہیچ کس مشورت مکن و او را ولی عہد گرداں و اگر گمان تو در بارۂ او بخلاف است زمام مہمات کائنات را باو مدہ و خود را بعذاب آخرت گرفتار مکن۔ صفحہ ۴۵ بمبئی

ان واقعات کو پڑھکر ہمارے ناظرین سمجھ لیں گے کہ بعیت یزید کے لئے کیسے کیسے مکڑی کے جالے تنے گئے اور گھما پھرا کر کیسے کیسے پھندے ڈالے گئے ہیں اور رائے دینے والے حضرات میں کس کس کی رائے کیسی تھی اور کہاں تک اس کی دیانت اور صداقت ثابت کرتی ہے۔

بہرحال معاویہ کا مطلب ہو گیا اور احنف ابن قیسؒ کی تقریر نقارہ میں طوطی کی آواز ہو کر رہگئی اور اس مجمع میں اپنا کوئی اثر پیدا نہ کرسکی حاضرین نے یزید کی بعیت کر لی جیسا کہ ہمارے مستند مورخ تحریر فرماتے ہیں کہ حاضرین با یزید بیعت کردند و ہر کس بمنزل خود باز گشت۔

عراق والے تو حسب دلخواہ پنجے میں آگئے اب تو امیر صاحب کو حرمین کے باشندوں سے سلسلہ جنبانی کی بھی پھر جرأت ہوئی اس سے قبل مروان کی معرفت جو تحریک ہوئی تھی وہ خاطر خواہ مفید نہیں نکلی تھی اس لئے معاویہ نے یزید کو پہلے حج کے لئے بھیجا اس سفر میں فرائض حج کے متعلق جتنے اغراض تھے وہ تو پیچھے ہیں پہلی غرض یہ تھی کہ یزید کچھ تو اپنی ظاہر دینداری اور اخلاق دکھلا کر لوگوں کے خیالات کو اپنے متعلق درست کرلے اور کچھ اپنی داد و دہش اور عطا و بخشش سے ان کے دلوں کو اپنی طرف مائل کرلے چنانچہ ہم اس سفر کے حالات کو بھی صاحب

روضۃ الصفا کی اصلی تقریر سے ذیل میں لکھتے ہیں۔

درایں سال یزید بحج رفت وبجہت تحصیل نام نیک اموال فراواں درمکہ ومدینہ زادہا اللہ شرفہا صرف کرد ودلہا رابدست آورد وذکر مروت وسماحت او درافواہ افتاد الّا چوں ایں معنی انتشار یافت کہ معاویہ یزید را ولیعہد خویش می گرداند مردم درایں باب سخنہا گفتند بعضے از شعراء اورا ہجو نمودند وبرخے بہ ستائش وے مشغول گشتند ومعاویہ طبقات خلائق را بقدر حاجات ایشاں رعایت نمود صفحہ ۴۳

معاویہ کی یہ مشن اگر پورے طور سے کام نہ کرسکی تو تھوڑی بہت تو ضرور مفید اور پُر اثر ثابت ہوئی اس کے ہر پہلو پر غور کرکے امیر صاحب نے عبداللہ ابن زبیر کو مکہ سے شام میں بلایا اور بڑی آؤ بھگت کی مگر عبداللہ ابن زبیر جیسے چالاک ہشیار اور اپنی ڈیڑھ دال الگ گلانے والے تھے وہ جنگ جمل کے زمانے سے معاویہ کے دل پر نقش تھے ان کے دام میں وہ نہ آنا تھا نہ آیا اس نے ان کے سوالوں کا جو جواب دیا وہ ذیل کی عبارت سے کماحقہ ظاہر ہوگا۔

صاحب روضۃ الصفا لکھتے ہیں۔

عبداللہ ابن زبیر گفت دوست وبرادر تو آنکس است کہ کلمۂ حق را بے حیا باو بے ریا با تو بگوید ودریں کار پیش از امضاء عزیمت تدبیر او بجا آر نباشد کہ اگر یزید را ولی عہد گردانی پشیمان شوی من درایں سخن غرض ندارم وافشا ایں حکایات نخواہم کرد۔

ان کا یہ کہنا کہ من درایں سخن غرض ندارم جہاں تک صحیح تھا وہ معاویہ پر خوب ظاہر تھا یہ حضرت بھی واقعہ عثمان کے بعد ہی سے امیدواران خلافت میں شمار ہوتے تھے اور جنگ جمل میں تو اس کے لئے پورے طور سے قسمت آزمائی کر ہی چکے تھے یزید کی خلافت تک تو ان کی کچھ بھی نہ چلی اخیر وقت میں مکہ میں کچھ ادھر کچھ اُدھر کے لوگ اکٹھا کرکے تھوڑے دنوں امیر کہلا ہی گئے مگر اس وقت تو ان کا انکار اور خلافت سے دست برداری کا اظہار ان کی مخلصی کا ذریعہ تھا ذرا سے خلاف کہنے پر توشا ان کا شام سے واپس ہونا سخت دشوار ہوجاتا انہیں وجہوں سے انہوں نے معاویہ کا جواب نہایت ملائم اور دھیمی آواز میں دیا اور معاویہ کے چوٹ بچا کر چلتے ہوئے وقت ہی ایسا آپڑا تھا بُری طرح پھنسے تھے اُس وقت تو وہ بک کر نکل گئے پھر اپنے دمدمے پر پہنچ کر جس زور شور سے معاویہ کا مقابلہ کیا ہے وہ بہت جلد ہمارے بیان سے ظاہر ہوگا۔

بہرحال عبداللہ ابن زبیر کی مشورت سے منفعت نکلی تو امیر صاحب نے پھر مروان الحکم کے ذریعہ سے اس کی تحریک کی پہلے تو جو تحریک کی گئی تھی وہ محض معمولی طور پر رعایا کے استمزاج لینے کی غرض سے اور اب کی بار جو ابتدا کی گئی وہ عام اطلاع اور تفحص احوال وغیرہ کے مضامین سے زیا

سطوت سلطانی کے اصول پر قائم تھی اب کی بار جو تحریر مروان والئ مدینہ کے نام لکھی گئی وہ باسناد روضۃ الصفا یہ تھی۔

مشائخ مصر واکابر عراق واعیان جزیرہ بدمشق آمدہ با فرزند من یزید بیعت کردند واشراف شام دراین قضیہ نیز با ایشاں موافق اند ترا نیز باید کہ از اہل مدینہ بیعت بستانی بجہت یزید والسلام۔ اس خط کا اثر کیا پڑا وہ آئندہ کی عبارت سے ظاہر ہے۔

چوں ایں نامہ بمروان رسید عنادید صحابہ و تابعین را جمع نمودہ وبرمنبر آمدہ گفت ایہا الناس بدانید کہ امیر را ضعف شیوخیت دریافتہ وپیری دروے اثر تام کردہ ؎

ازوے این روزگار نزل و مجاز   عاریتہائے ستاید باز

وازجہت کار خلافت اندیشہ مستحسن کردہ چنانچہ متضمن رضائے خداوند تعالٰے وفراغ خواطر مسلمانان باشد وداعیہ آں دارد کہ رضائے بر شمائے آں محزون کند اکنوں چہ می گوئید از جوانب مسجد آواز برآمد کہ ہرچہ کہ مقرون بخوشنودی پروردگار عالم وعالمیان باشد ما دراں ہیچ نمی گوئیم مگر سمعنا واطعنا مروان گفت کسے را کہ ولیعہد خویش گردانیدہ کہ نیکو سیرت وبامروت وعدل وسیاست است قدم بقدم خلفائے راشدین می دارد۔ وآں شخص پسر او یزید است مردم چوں نام یزید شنیدند ہیچ نگفتند الا عبدالرحمٰن ابن ابوبکر درخشم آمدہ گفت دروغ می گوئی تو اے مروان وآں کس کہ ترا بایں سخن امر فرمودہ ہم دروغ می گوید زیرا کہ یزید بایں صفت وخصال پسندیدہ متصف نیست وبخلافت او راضی نیستیم مروان درغضب آمدہ گفت شخصے کہ چنیں می گوید چنان بزرگوار ونیکوکار مردے است کہ بدرشان او خداوند عزوعلا ایں آیہ فرستاد کہ "والذین قال لوالدیہ اف لکما" خشم عبدالرحمٰن زیادت گرفت گفت کار تو بمرتبہ رسید کہ قرآن را درحق من تاویل می کنی تو آنکسی کہ جناب محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ترا وپدر ترا از شہر بیروں کردہ بود آنگاہ برخواست وپائے مروان را گرفتہ گفت اے دشمن خدا ازین منبر فرود آ کہ اہل آں نیستی جمعے از بنی امیہ کہ در مسجد بودند خواستند کہ قصد عبدالرحمٰن بن ابوبکر کنند عائشہ برایں صورت اطلاع یافتہ با جمعے از خواتین بمسجد آمد مروان چوں عائشہ را دید ترسید پیش او دوید وگفت اے مادر مومناں ترا بخدائے تعالٰے سوگند می دہم کہ آنچہ حق باشد بگو گفت من خود بجز سخن حق وراست چیزے نگویم من باوائے شہادت قیام می نمایم کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم برتو وپدر تو لعنت کردہ است وتو کہ طرید ابن طریدی چگونہ با برادر من آں نوع سخنان می گوئی کہ نقل می کنند مروان خاموش گشت وعائشہ بحجرہ خویش مراجعت کرد وآں فتنہ تسکین یافت۔

لیجیے ناحق چوٹ جلاہا کھائے بیعت ہوتی تو یزید کی سلطنت ملتی تو ان کو مروان نے جو حق ناحق عبدالرحمٰن کی مار بھی سہی اور عائشہ کی طعن آمیز باتوں کی بھرمار بندگی بے چارگی اسی کا نام ہے بہرحال اب کی بار بھی مروان سے اس مشین کی پہیا نہ چلی اور معاویہ کو بیعت یزید کے متعلق خاطر خواہ اطمینان اور قرار واقعی تسلی نہ ہوئی تو انہوں نے آخرکار اس کی یہ فیصلہ کر لیا کہ حرمین میں اس مسئلہ کی گتھی بغیر میرے گئے نہیں سلجھے گی آخرکار ڈرتا کیا نہ کرتا شام سے مکہ کا قصد کیا اور مکہ سے پہلے مدینہ میں پہنچے اس سفر میں معاویہ کے ہمراہیوں کی تعداد مورخین نے ہزار آدمی بتلائی ہے اور اس کی وجہ سوائے اظہار سطوت کے اور کیا کہی جا سکتی ہے چونکہ حجاز والوں کی طرف سے امیر صاحب کو متواتر دو تین بار ناکامیابیاں پہنچی تھیں اس لئے یہاں کے باشندوں پر ان کو انتہا درجہ کا عتاب تھا اور وہ اپنی جگہ سے نہایت غصے میں جھلا کر اٹھے اور غصہ میں بھرے آ رہے تھے چنانچہ اس کیفیت کی تفصیل میں صاحب روضۃ الصفا کا بیان ہے۔

اول کسیکہ باوے ملاقات نمود امیر المومنین امام حسین علیہ السلام بود و معاویہ بآنجناب گفت لا مرحبا و لا اہلا تو بدنہ را مانی یعنی مثل آن بدن ہستی کہ خون او بجوشش آمدہ باشد و حق عز و علا خون ترا خواہد ریخت (معرکہ کربلا کی تمہید اور اس کے مصائب عظیمہ کی تہدید تو ابھی سے شروع ہو گئی خدا خیر کرے) و چوں عبدالرحمٰن ابی بکر را دید گفت تو پیر شدہ و عقل تو زائل گشتہ خرافت بتو راہ یافتہ است و با عبداللہ ابن عمر نیز سخنان سرد گفت و با ابن زبیر ہم خطابہائے عنیف کرد و از جملہ سخن ہائے این کہ با ایشاں گفت یکے این بود کہ من شما ہا را بحسد و عداوت و سفاہت می شناسم پیچھے ہم لکھ چکے۔

اس واقعہ سے ان کی برہم مزاجی اور شوریدہ طبعی کی پوری حقیقت معلوم ہو گئی امیر صاحب غصہ میں بھرے آندھی بنے ہوئے پہنچے اور پتھر کی طرح برس پڑے فرزند رسول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان میں جس دریدہ دہنی سے کام لیا وہ اوپر کی عبارت سے ظاہر ہے پھر اپنے خلیفہ زادوں کی خدمات میں جس طرح اپنی پرورش کے حقوق ادا کئے وہ بھی معلوم ہوئے آنحضرت کے بعد عبداللہ ابن زبیر سے جو ام المومنین عائشہ کے بھانجے اور خلیفہ اول کے نواسے تھے جو دلشکن باتیں کیں وہ بھی ظاہر ہوئیں اب ان سے زیادہ اور کون لوگ وقعت رکھتے تھے جس کا لحاظ و ادب وہ اپنی خاطر میں لاتے۔ ہمارے ذی قدر مورخ لکھتے ہیں۔

امیر المومنین حسین علیہ السلام گفت آہستہ باش اے معاویہ کہ نا اہل این سخن نیستیم معاویہ گفت کہ اہل سخن ہستید و بدتر ہم و شما کارے می خواہید کہ خدائے تعالےٰ غیر آن می خواست و آنچہ ارادہ عز و علا بود ظاہر گشت۔

امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں معاویہ نے جو سخت کلامی کی اس کی نسبت مجھ کو کچھ بھی شکایت نہیں ہے کیونکہ ان کی باتیں ہمارے لئے ان کے بطلان کے واسطے قطعی دلیل ہوتی ہیں اور خدانخواستہ اس سے ہمارے مفترض الطاعت امام کی شان میں سر مو فرق نہیں آیا باقی رہا جو اپنی موجودہ ثروت واقتدار کے حق ہونے میں یا من جانب اللہ ہونے کے دعووں میں بیان کی ہیں وہ جناب باریتعالےٰ کے پاک و منزّہ ذات پر صریح تہمت اور الزام ہے ان کے قبل بہت سے دنیا پرستوں نے اپنی ثروت واقتدار کو اپنی خدائی کی سچائی اور اپنی معبودیت کی صداقت اور دلیل ٹھیرائے رہے اور برابر انبیا علیہم السلام کے روبرو ایسی ہی دلیلیں بیان کی ہیں گو عام نگاہوں میں ان کی ضعیف اور لاغر دلیلیں ان کی ظاہری سطوت و ثروت کے اعتبار سے کتنی ہی قوی اور مستحکم سمجھی گئی ہوں مگر ان برگزیدگان خدا کے سامنے جن کو دربار رب العزت سے حجۃ اللہ اور آیۃ اللہ کا خطاب عطا فرمایا گیا ہے یہ دلائل کوئی وقعت نہیں رکھتے پھر تھوڑے ہی زمانہ کے بعد دنیا اور دنیا والوں نے سوائے اس کے ان کی زوال پذیر حالتوں کو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر کے سوائے اس کے کہ ان کی مٹی ہوئی حالتوں پر حسرت کریں اور ان سے عبرت کا سبق لیں ان کے اقتدار و آثار سے صفحہ روزگار پر کوئی نشان زندہ نہ پایا اور برعکس ان کی حالتوں کے اس مقدس طبقہ کے اعزاز ومناصب میں جن کو یہ برابر اپنی سطوت اور ظاہری شان و شوکت سے ڈراتے تھے اور اپنے احکام سیاست سے دھمکاتے تھے یہاں تک کہ طرح طرح کے جانی اور مالی نقصانات پہنچاتے تھے سر مو فرق نہ آیا وہ اپنی حیات کے مقررہ ایام اسی عظمت اور جاہ و جلالت سے صرف فرما گئے جن لوگوں کو انبیائے سابقین اور سلطان باہیبت کے حالات پر عبور کامل ہے وہ امیر صاحب کی ان فضول تقریروں کو جو ان میں اور جناب امام حسین علیہ السلام کے درمیان واقع ہوئی بالکل اسی پایہ پر سمجھیں گے۔

بہرحال ہم اپنے سلسلۂ بیان پر آجاتے ہیں اتنی گفتگو کے بعد جناب امام حسین علیہ السلام اور عبدالرحمن ابن ابی بکر اور عبداللہ ابن زبیر مدینہ سے مکہ چلے آئے صفحہ ۴۳ بمبئی۔

ان لوگوں کے چلے آنے کی وجہ کوئی اور معلوم نہیں ہوتی سوائے اس کے کہ وہ معاویہ کے فتنہ انگیز طبیعت سے خوب واقف تھے اور ذرا سے اختلاف پر اپنے مخالف کے ساتھ جیسا کچھ ظالمانہ سلوک کیا کرتے تھے وہ ظاہر ہے اس لئے ان حضرات کو ضرور تھا کہ اپنی عزیز جانوں کو اپنے ہاتھوں سے معاویہ کے تہلکہ مظالم میں نہ ڈالیں ان لوگوں کو ان کی طرف سے زیادہ خوف یوں ہوا کہ اس گفتگو کے بعد ان حضرات نے معاویہ سے ملاقات چاہی اور اس نے ملاقات کرنے سے قطعی انکار کر دیا صفحہ ۴۴ بمبئی۔

اب ان حضرات کو اس کی نیت کی برائی پر پورا پورا یقین ہو گیا اور اپنی جان کی حفاظت سوائے اس کے کہ موقع سے ٹل جائیں اور کسی تدبیر میں نہیں پائی گئی اس لئے ان لوگوں نے مدینہ سے مکہ تک کی ہجرت اختیار کی معاویہ نے دوسرے دن میدان خالی پا کر مسجد جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم میں نہایت شد و مد سے خطبہ پڑھا اس کی عبارت ہے۔

معاویہ بر منبر بر آمدہ بعد از حمد و ثنائے باری تعالی گفت نمی دانی کہ امروز کسے شائستہ تر از پسر من بمسند خلافت و سریر ریاست باشد چہ آں فضائل کہ او راست دیگرے را نیست و جماعتے ازیں معنی کارہ اند و عیوبے کہ ندارد او را منسوب می دارند و تا بلائے از من بایشاں برسد ترک ایں نخواہند کرد باید کہ ترک فضولی دہند و مصلحت روزگار خود نگاہدارند و الا ببیند آنچہ سزائے ایشان ست بعد ازاں گفت کہ اگر امام حسین علیہ السلام و عبد الرحمن و عبد اللہ ابن عمر و عبد اللہ ابن زبیر را توفیق رفیق گردد و با یزید بیعت کنند فبہا و الا با ایشاں کنیم آنچہ باید کرد و ازیں بسیار گفت و تہدید بے اندازہ بر زبان آورد و از منبر بزیر آمدہ بمنزل خویش شتافت۔

سطوت سلطانی اور سیاست حکمرانی اب اس سے زیادہ اور کیا دکھلائی جائے گی اور ان لوگوں کو جن کو اس مسئلہ سے انکار ہے اس سے زیادہ اور کیا دباؤ دکھلایا جائے گا اس خطبہ میں معاویہ نے عام طور سے حرمین کی تمام رعایا پر اپنی سیاست کے رعب بٹھلا دیئے اور کھلے کھلے لفظوں میں انکو اپنے مظالم سے ڈرا دیا جس فرماں روا کی ایسی ایک رخی پالیسی ہو وہ کس وقت میں اپنے ماتحت ملک کے ساتھ محاسن ملک اور ہمدردی کا اظہار کر سکتا ہے اور اس بلا نصیب ملک کی بد قسمت رعایا ایسے جابر اور خودسری فرماں روا سے اپنی رفاہ و فلاح کی کب امید رکھ سکتی ہے۔

بہرحال تک تاریخی شہادت سے ثابت ہوتا ہے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ حاضرین نے اس کی اس تہدید پر کچھ اعتنا نہیں کی امیر صاحب تو غریب رعایا کو خوب ڈرا دھمکا کر اپنے قیام گاہ کو واپس گئے اور حاضرین بھی مسجد سے اٹھے اور سیدھے اپنے اپنے گھروں میں داخل ہو گئے اور بیعت یزید کی نسبت ابکی بار بھی کچھ فیصلہ نہ ہوا۔

امیر صاحب کے دل میں کوئی تصفیہ نہ ہونے کے باعث اور انتشار پیدا ہوا اور اپنی ذاتی کوششوں کو بھی بے اثر پا کر ان کو سخت اضطراب لاحق حال ہوا کیونکہ ان کی کوششوں میں یہ آخیر کوشش تھی امیر صاحب نے ان لوگوں کی نسبت قطعی طور پر یہ سمجھ لیا کہ ان کی بیعت کے تمام معاملات انہیں حضرت کی موافقت اور رضامندی پر منحصر ہیں جو مدینہ سے مکہ تشریف لے گئے ہیں تا وقتیکہ وہ ان معاملات میں شرکت نہ فرمائیں گے یا کم سے کم اپنی رضامندی ظاہر نہ فرمائیں گے ہماری کامیابی کی صورت قائم نہ ہوگی۔

اس وقت تو اتنا ہی سوچ کر امیر صاحب خاموش ہو گئے مگر پھر اسی سلسلہ میں یہ بھی سوچے کہ علاوہ

ان حضرات کے جو یہاں سے تشریف لے گئے باقیماندہ عمائد و اشراف مدینہ کا استمزاج لینا اور ان کو بھی اس مادہ میں لگے ہاتھوں ٹٹول لینا نہایت ضروری اور لازمی ہے اس لئے سب سے پہلے امیر صاحب نے ام المومنین عائشہ کی مزاج پرسی کی پھر عبد اللہ ابن عباسؓ سے ملے ہم ان واقعات کی تفصیل میں اپنی کسی تحریری مداخلت کو مناسب نہیں سمجھتے اس لئے کتاب روضۃ الصفا اور اعثم کوفی کی اصلی عبارت کو ذیل میں قلمبند کرتے ہیں۔

چوں این خبر بسمع عائشہ رسید خشمناک شدہ نزد معاویہ رفت و با او گفت این معنی پسندیدہ نبود کہ برادر من محمد را در مصر بکشتی و سوختی و امروز بمدینہ آمدہ برادر دیگر (عبد الرحمٰن) را ایذا می کنی و در بارۂ او سخنان درشت میگوئی و فرزند رسول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم را و پسر عمر و پسر زبیر را می رنجانی و بحبس و قتل تخویف می کنی و تو نمے دانی کہ از طلقائی و طلقا را حلال نیست کہ متصدی امر خلافت گردند و پدر تو از لشکر احزاب بود و در مخالفت رسول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نامرعی نمی گذاشت و مرا معلوم نیست کہ ترا از من کہ گردانیدہ است اگر ترا بگیرم و بقصاص برادر خویش بکشم مرا ازیں کار کہ مانع خواہد آمد۔

معاویہ گفت اے مادر مومنان خاموش باش و بدانکہ برادر ترا من نکشتہ ام و نہ فرمودہ ام کہ او را بکشند و او از آں زمانے کہ از قبل علی علیہ السلام والئے مصر بود من عمرو عاص را بدانجا فرستادم و او با عمرو عاص و معاویہ ابن خدیج جنگ کردہ گرفتار گشت و ایشاں او را کشتند و من بقتل او راضی نبودم و امر نکردہ بودم و بداں ہمداستاں نبودم و آنچہ گفتی کہ من ترا بکشم ایں زمانہ در مدینہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ام و ایں مکان دار الامان است۔

عائشہ گفت چنین است اما بسمع من رسانیدند کہ تو برادر مرا و امام حسین علیہ السلام و عبد اللہ ابن عمر و خواہر زادۂ مرا تخویف می نمائی و تہدید دادہ تو و امثال ترا حد آں نباشد کہ بہ نسبت ایں اخیار بزرگوار سخن ناصواب بگوئی معاویہ گفت معاذ اللہ کہ بخلاف رضائے تو از من صادر گردد و ایں جماعت پیش من عزیز تر از دو دیدۂ روشن من است و اگر کسے بیکے از ایشاں تعرض رساند من او را در جہاں زندہ نگذارم ولیکن پسر خود یزید را ولی عہد گردانیدم و اکثر معارف و اکابر و عموم مسلمانان با وے بیعت کردہ اند و بخلافت وے راضی شدہ اند و ایں چہار کس مخالفت می کنند و رضا نمی دہند تو جائز میداری کہ ایں معنی تاکید یافتہ و قرار پذیرفتہ بشکنم و ترک آں کنم عائشہ گفت من بہ نقض بیعت یزید کارے ندارم و بشکستن پیماں نمی فرمایم اما می گویم کہ با ایں چہار کس برفق زندگانی کن و بہ نرمی با ایشاں سخن گوئی کہ عاقبت ایں جماعت در رضائے خاطر تو خواہند کوشید و در ایں مبایعت و موافقت بجا خواہند آورد و در بارۂ ایشاں حکمے نہ فرمائی کہ متضمن مکروہے باشد و مراں زمان بکافات بر باید خواست اسے

معاویہ خدا را حاضر و ناظر داں از لحد تنگ وا زیں مفارقت دنیائے غدار بیندیش و کارے بکن کہ از انیشاں پشیماں نشوی ۱۲ مطبوعہ بمبئی

امیر صاحب نے ام المومنین سے جیسی کچھ گفتگو کی وہ اوپر کی عبارت سے ظاہر ہوئی خطبہ خوانی کے وقت تک جب سے کچھ جھلائے ہوئے اور غصے میں بھرے ہوئے تھے وہ معلوم ہے مگر فی الحال جہاں مقیم تھے وہ شام تو تھا نہیں حرمین تھا جب باعتبار فضائل و مدارج کے تمام بلاد اسلامیہ کا مایۂ ناز و سرمایۂ اعزاز اس لئے اُم المومنین کو اپنی گذشتہ تقریر کے خلاف یکایک گفتگو کا سلسلہ نرمی اور ملائمت سے اُٹھانا نہایت ضروری ہوگیا اور جس پُرجوشی اور دلیری کے ساتھ بیعت یزید کی تحریک پیش کی گئی تھی اس سے بالکل قطع نظر کرکے دھیمی آوازوں میں کچھ تو اپنی تقصیرات کی نسبت تلافی مافات چاہی گئی کچھ اپنا انفعال اور مجبوری ظاہر کی گئی غرض ان چالوں سے اُمّ المومنین کی برہم مزاجی کو ٹھنڈا کرکے اسی دھیمی آواز سے بیعت یزید کی درخواست پیش کی گئی۔

اُم المومنین بھی زمانہ دیکھے ہوئے تھیں پہلے تو غصے کے مارے اپنے آپے میں نہ رہیں مگر پھر وقت کے اعتبار سے طرح دے گئیں استدعائے بیعت یزید سُنکر اور اس کو "رموز مصلحت خویش خسرواں دانند" پر محمول فرماکر حاکم وقت کی ملکی تدبیروں سے اختلاف فرمانا مصلحت وقت کے خلاف سمجھیں و مرا از نقض بیعت یزید کار نیست کا حکم فرما کر امیر صاحب کی کسی قدر تائید بھی فرمادی جس کی وجہ سے ان کی کامیابیوں کے تھوڑے بہت آنسو پونچھ گئے سچ پوچھو تو امر خلافت یا بیعت یزید سے اُم المومنین کے موجودہ حقوق میں کوئی نقصان نہیں ہوتا تھا کیونکہ یہ بیعت جب ان کے کسی حق کے خلاف واقع ہوتی تو البتہ ان کو امیر صاحب کی تحریک سے انکار کرنے کا حق حاصل تھا بخلاف ان کے یہ تو دوسروں کا حق تھا جن سے اُم المومنین کو کوئی زندہ تعلق باقی نہیں تھا اگرچہ اس سے قبل اُم المومنین نے خود بھی انہیں استحقاق کے حاصل کرنے کے لئے بالنفس النفیس بہت بڑی کوشش فرمائی مگر ایکبارگی اپنے ارادوں میں ایسی شکست اُٹھائی کہ پھر ہمیشہ کے لئے ان کے خیالات کی اصلاح ہوگئی۔

بہرحال اُم المومنین کے کلام سے امیر شام کو اگر پوری قوت نہیں ملی تو کچھ سہارا تو ضرور ملا اور کیوں نہ ہو اس وقت تو بیعت یزید کا معاملہ خصوصاً حرمین میں ڈوبتے کو دریا میں تنکے کا سہارا تھا امیر صاحب نے اسکو غنیمت سمجھا اور اُم المومنین کو رخصت فرما کر حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کو بلایا ان سے جو گفتگو پیش ہوئی وہ روضۃ الصفا کی عبارت سے ذیل میں قلمبند ہوتی ہے۔

چوں عبداللہ ابن عباس رضؓ درآمد معاویہ او را تبجیل و تعظیم نمودہ گفت من در ہمہ اوقات از بنی ہاشم حسابہا داشتم چہ ما ہمہ پسران عبد منافیم و از یک پستان شیر خوردہ ایم و در یک چمن نشو و نما یافتہ و در ہمہ اوقات با یکدیگر بودہ ایم و طریق محبت و مودت پیمودہ غبار و نقار کہ بر حواشی خواطر راہ یافتہ بواسطہ

ملک داده قبل از این کہ امر حکومت بقبیلہ تمیم داشت شما بر آں رضا داشتید و ہیچ نوع مخالفتے صادر نمی شد و چوں عثمان را کشتند تغیرے بحال شما راہ نیافت و بر آں قتل انکار نکردید و بعد از منازعت و محاربتہا بسیار من مالک سریر مملکت گشتم و در بارۂ شما تقصیرے نکردم و در رفعت منزلت شما مساعی جمیلہ مبذول داشتم و ابواب سخا و عطا بر شما مفتوح ساختم و شما را بر اموال وافر محظوظ و بہرہ مند گردانیدم و ہر چند ملاحظہ می کنم از شما دوستی و موافقتے نمی بینم بلکہ از شما ہر روز یک نوع عداوت و مخالفت ظاہر می شود بتخصیص از امیر المومنین امام حسین علیہ السلام کہ می کنند کہ اگر آنہا را بگوئید بہتر باشد از محاربتے کہ امیر المومنین علیہ السلام با من کرد و غالب نیامد بباید شد و این نوع کلمات و حرکات را ترک کنید و باصناف آلاء و نعما کہ باری تعالیٰ در شان من ارزانی داشتہ مشاہدہ فرمائید و اگر شما را مظنہ الیست کہ مانند جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام و جناب امام حسن علیہ السلام کسے را دارید آں ظن فاسد ست صفحہ ۳۵ بمبئی؁

امیر صاحب نے اپنی اس تقریر میں دونو پہلو قائم رکھے اظہار قرابت سے تو دلجوئی منظور تھی اور سطوت شاہانہ کے اعلان سے دہمکی بھی دی جاتی تھی اگر امیر صاحب سچے ہوتے تو امام حسین علیہ السلام کے ان اقوال صداقت اشتمال کو بیان کر دیتے جو اُن پر معارک صفین سے زیادہ گراں گذرتے تھے حالانکہ آپکی مقدس سیرت کے خصائص میں امیر صاحب کے تمام مقلدین اور معتقدین آج تک برابر خصوصیت کے ساتھ لکھتے آئے ہیں کہ آپ نے اپنی فی عمرہ کوئی کلام فحش زبان سے نہ نکالا مگر امیر صاحب کے جہاں سب لچے ٹھگے چلتے ہیں وہاں یہ بھی ان کا ایک کورا فریب اور سفید جھوٹ تھا جو امام کی غیبت میں عبد اللہ ابن عباس کے مقابلہ میں چل گیا۔

بہرحال آپ کی تقریر کا جواب عبد اللہ ابن عباس کی زبانی روضۃ الصفا میں یوں تحریر ہے؂

ابن عباسؓ گفت کہ آنچہ گفتی کہ ما پسران عبد منافیم سخن حق و کلمہ صدق است و اگر تو از ما طمع دوستی داری ہم دور نیست و اکنوں بہ مقصود خویش فائز گشتی و عروس ملک را در کنار آوردی باستمالت خاطر ہا کوش و دل دوستاں اندوز ؎

اگر خاک یابی ہمہ دوست کار
کہ می روید از سنگ با دوستدار

امّا احسان و عاطفتے کہ در بارۂ ما مبذول داشتی از تو بعید و غریب نیست زیرا کہ طبیعت تو بر جود و کرم مجبول است و ہر چند کہ مال وافر نہ بخشی بر آں منت نہی و آنچہ گفتی کہ شما را مانند امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام و امام حسن علیہ السلام کسے نیست مطبوع طبع نمی افتد زیرا کہ امام حسین علیہ السلام زندہ است و او پسر پدر خویش و صلاح حال آنست کہ اذیتے باو نرسانی و اعدا نہ رنجانی کہ عالمیان ترا درین باب ملامت خواہند کرد کہ امروز در عرصۂ ربع مسکوں غیر او کسے نیست کہ پسر دختر

پیغمبر ما صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم باشد۔ صفحہ ۳۶

ہماری کتاب کے ناظرین جانبین کی گفتگو خاطر خواہ دیکھکر سمجھ گئے ہوں گے معاویہ نے اپنی تقریر میں حق قرابت بھی دکھایا اور اختیار سطوت بھی جتایا پھر اپنے احسانات بھی ظاہر کئے غرضیکہ اپنے مخاطب کو دام میں لانے کے لئے کچھ بھی باقی نہ چھوڑا مگر بیعت یزید کا معاملہ جس کے لئے یہ تمامی طوفان اُٹھائے گئے اور تمام حجاز میں ہل چل ڈال دی گئی عبد اللہ ابن عباس سے نہ کہا کیا اس کی کیا وجہ تھی اس کا اصلی سبب یہی تھا اس کا اصلی سبب یہی تھا کہ عبد اللہ ابن عباس اگرچہ زمانے کی روش کے مطابق عموماً معاویہ سے کتنے ہی موافق ہوں مگر بیعت یزید کے معاملے میں وہ ایک لحظہ کے لئے بھی ان کی شرکت نہیں کرسکتے تھے کیونکہ امیر صاحب خوب جانتے تھے کہ اگر ان کے سامنے بھی یزید کی ولیعہدی کا سلسلہ اُٹھایا اور مثل عام لوگوں کے ان کے روبرو بھی اس کے اوصاف حمیدہ اور خصائل پسندیدہ کے ثبوت میں اپنی مصنوعی اور محض زبانی دلائل پیش کئے تو یہ نہایت سختی سے اس کی تردید میں یزید پر کیا منحصر ہے یزید کے اسلاف کے پوست کندہ حالات بیان کردیں گے اور پھر یہ معائب تمام حجاز میں ایسے مشہور اور طشت ازبام ہو جائیں گے کہ پھر کسی کے چھپائے نہ چھپیں گے یہی باعث تھا کہ امیر صاحب دانتوں کے نیچے زبان داب کر اصل مطلب کو چبا گئے اور بیعت یزید کے متعلق جیسا اُم المومنین کا استمزاج خاطر خواہ دریافت کرچکے تھے عبد اللہ ابن عباس کی نسبت کچھ بھی معلوم نہ کرسکے۔

عبد اللہ ابن عباسؓ تو اس تقریر کے بعد گھر واپس آئے ادھر امیر صاحب نے پھر اپنی پیش اُفتادہ ضرورت کے متعلق غور کرنا شروع کیا۔

یہ تو ظاہر تھا کہ خاص مدینہ میں ان کی موجودہ تجویز کی نسبت کوئی حسب خواہ فیصلہ ابتک نہیں ہوا تھا اور اہل اسلام میں سے کسی ایک نے بھی عام اس سے کہ بلائے گئے ڈرائے گئے دھمکائے گئے سب کچھ ہوا مگر کسی نے اب تک بیعت یزید کی نسبت حامی نہیں بھری اور اپنی رضامندی کا اقرار نہیں کیا۔

معاویہ نے دو چار روز اور مدینہ رہکر کاٹے جب ان کو ان لوگوں کی طرف سے قطعی مایوسی ہوگئی تو آخر کار مجبور ہوکر مدینہ سے مکہ کا قصد کیا اس سفر کے قبل وہ سوچ چکے تھے کہ تاوقتیکہ وہ حضرات جو مجھ سے آزردہ ہوکر یہاں سے مکہ تشریف لے گئے ہیں کسی نہ کسی طرح سے اس معاملہ میں اپنی رضامندی ظاہر نفرمائیں گے ہمارے کئے کچھ نہ ہوگا۔

یہ سوچکر وہ مدینہ سے روانہ ہوئے اور بسرعت تمام مکہ معظمہ میں داخل ہوئے مگر قبل اس کے کہ امیر صاحب کے قیام مکہ کا روزنامچہ اور مکہ کی سرگذشت اپنے معزز ناظرین کی خدمت میں پیش کریں ہم کو صرف اتنا یاد دلانا ضروری ہے کہ ہمارے ناظرین کو یاد ہوگا کہ جس غیظ و غضب کے ساتھ ان کا نزول مدینہ میں ہوا تھا اور اب جو داخلۂ مکہ کے وقت کیفیت ہے وہ بھی پیش نظر ہے صرف اسی اختلاف سے سمجھ لینا چاہیئے کہ

امیر صاحب کن چالوں کے بزرگ ہیں صاحب روضۃ الصفا لکھتے ہیں۔

چوں منازل و مراحل طے کردہ بحوالی حرم رسیدہ معارف مکہ باستقبال او رفتند و امیر المومنین امام حسین علیہ السلام و عبداللہ ابن جعفر و عبدالرحمٰن ابن ابی بکر و عبداللہ ابن زبیر اورا استقبال نمودند چوں معاویہ ایں چہار کس را دید استبشار نمود ہر یک را بنوعے بنواخت و فرمود تا چہار جنیبت پیش ایشاں کشیدند و با ایشاں در مقام مباسطت آمدہ رواں شد و چوں در مکہ نزول کرد فراخور آں جماعت صلاۃ گرانمایہ فرستاد اما امیر المومنین امام حسین علیہ السلام جائزہ معاویہ را قبول نہ فرمود۔ صفحہ ۳۶ بمبئی)

اللہ اللہ کہاں تو وہ عتاب کہاں یہ ملائمت۔ ببیں تفاوت رہ از کجا ست تا بکجا۔ مدینہ کے ایام قیام میں تو اس جماعت کی تہدید اور عتاب شدید کے لئے کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا گیا اور مکہ میں یہ آداب اور تکریم سبحان اللہ رب العظیم کچھ سمجھ میں نہیں آتا سوائے اس کے کہ مدینہ کے قیام کے وقت میں یہ سمجھ لیا گیا تھا کہ اگر خالی دھمکیوں سے یزید کی خلافت کا کام نکل جائے اور بے نعرہ لگائے یہ پہیا چل جائے تو اپنی طرف سے نرمی اور ملائمت کے اظہار کی کیا ضرورت ہے مگر خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم یہاں تک تو معاملہ برعکس ہوا اب بغیر گردن جھکائے اور سر پھوڑائے کام نہیں نکلتا اور بس نہیں چلتا مرتا کیا نہ کرتا۔

اس وجہ سے امیر صاحب نے اپنی سابق روش کو ترک کر کے آئندہ کے لئے یہ راستہ اختیار فرمایا اور مدینہ میں جیسی سختی اختیار کی تھی مکہ میں ویسے ہی نرمی اور ملائمت کو قرین مصلحت سمجھا مگر ان مخصوص حضرات پر اس استمالت کا جیسا اثر پیدا ہوا ہو اس کو ہم نہیں کہہ سکتے مگر شاہزادہ کونین امام القبلتین مولانا و مولی الثقلین حضرت ابی عبداللہ الحسین علیہ السلام کی خاطر فیض مآثر پر یہ ظاہرداریاں بھی کوئی اثر پیدا نہ کر سکیں وہ اسی سے ظاہر ہے کہ اور حضرات نے امیر صاحب کے ہدیئے اور تحفے قبول کر لئے اور آپ نے ان تمام چیزوں کو واپس دیا اور مسترد فرمایا

تھوڑے دنوں کے بعد امیر صاحب نے پھر اپنی تجویزوں کا بنڈل کھول ہی دیا اور بیعت یزید کے معاملے کی پھر بار دیگر سلسلہ جنبانی شروع کر دی اپنی خلوت کی صحبت میں ایک دن جناب امام حسین علیہ السلام کو بلا بھیجا جب آپ تشریف لائے تو نہایت عزت و احترام بجا لائے اور نہایت لجاجت و سماجت سے یوں معروض خدمت کیا جیسا کہ ہمارے معتبر مورخ بیان کرتے ہیں۔

معاویہ گفت کہ دو سہ کلمہ معروض رائے تو خواہم کرد کہ بسمع رضا اصغا نمائی و جواب نیکو بگوئی امیر المومنین حسین علیہ السلام فرمود کہ آں کدام است معاویہ گفت کہ پیش ازیں مکتوبات باطراف ولایت فرستادہ معارف و مشاہیر را طلب داشتم تا بر یزید بیعت کنند و بحکومت او رضا دہند و در قضیہ مردم تاخیر نمودم چہ دانستم کہ اکثر ایشاں قوم و عشیرۂ او اند و با او دریں امر ہیچ مضائقہ نخواہند کرد و بالآخر چوں از ایشاں التماس نمودم کہ با یزید بیعت کنند جمعے کہ منع از ایشاں متصور و متوقع نبود با او امتناع نمودند

و من اگر دیگرے را شائستہ خلافت می دانستم اورا بولیعہدی اختیار کردم۔

بیعت یزید پر جناب امام الکونین حضرت امام حسین علیہ السلام اپنی رضامندی ظاہر فرمائیں استغفر اللہ اگرچہ امیر صاحب نے اپنی طرف سے لجاجت سماجت۔ آرزو منت کے کوئی کلام اُٹھا نہیں رکھے اور اپنی تقریر میں مسئلہ خلافت یزیدیہ کو قریب قریب تمام اہل اسلام کا مسئلہ تسلیمی بھی بیان کردیا اور اسکو اپنی ایجاد خاص ظاہر کرنے سے بھی کمال احتیاط کی مگر تاہم امام حسین علیہ السلام ان کی تہ کی چالوں کو سمجھ گئے اور آپ نے اپنے پہلے دن کے قطعی انکار پر آج تک وہی اصرار قائم رکھا اور جو ان کے جواب میں ارشاد فرمایا وہ روضۃ الصفا کی زبانی یہ ہے۔

امام حسین علیہ السلام فرمود کہ اے معاویہ آہستہ باش کہ مردم ہستند کہ سزاوار این کار ہم بہ پدر و ہم بہ مادر بر پسر تو فضیلت و رجحان دارند۔

اتنا جواب سُنکر امیر صاحب نے اسی نرمی سے اپنی تقریر کا آغاز کیا۔

معاویہ گفت مگر از این سخن خود را می خواہی امام حسین علیہ السلام نے نہایت آزادانہ جواب مختصر الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا کہ اگر خویشتن را می خواہم دور نیست۔

معاویہ گفت در آنچہ مادر و پدر تو بہتر ز مادر و پدر یزید است شکے نیست امّا بخدا سوگند کہ یزید در اقامت لوازم خلافت و اقامت قواعد سلطنت بہتر از تو باو امر و نواہی حکومت سزاوار تر از تست۔

ہاں کیونکر سزاوار نہوں گے ان کی خلافت کو شریعت سے تو کوئی واسطہ نہیں اب تو اسلام کی خواہ مخواہ خلافت ہی اصل میں کسرے کی سلطنت اور قیصر کی حکومت ہے بہرحال معاویہ کی تردید میں جناب امام حسین علیہ السلام نے فرمایا۔

کہ طرفہ حالتے است کہ خمّار فاجر اُمت بہتر از من باشد۔ امام حسین علیہ السلام کے اس پردہ فاش کردینے سے امیر صاحب بھی گرما گئے جواب میں کہنے لگے آہستہ باش کہ اگر تو در مجلس یزید مذکور گردی او بغیر از نکوی در شان تو نگوید اگرچہ امیر صاحب نے اس جواب میں اپنی معمولی نرمی کے ساتھ اپنے ولیعہد بہادر کے محاسن اخلاق کا بھی اظہار کردیا تھا مگر امام حسین علیہ السلام نے اس کا ایسا معقول جواب دیا کہ آخرکار امیر صاحب کو یزید کے اظہار فضائل کے دلائل سے عاجز آکر اپنی تقریر کے سلسلہ کو دوسرے رستہ پہ پھیرنا پڑا۔ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا کہ من آنچہ از وے میدانم می گویم او نیز می باید کہ آنچہ از من بداند بگوید۔

یہ ایسا پُر معنی اور دندان شکن جواب تھا کہ معاویہ کو بیعت یزید کے معاملات میں امام حسین علیہ السلام کی طرف سے کسی وقت موافقت فرمانے کی اُمید ہی باقی نہیں رہی اور قطعی مایوسی ہوگئی تو آخر ان کو رخصت کرنے پر مجبور ہوئے مگر چلتے وقت تہدید کے طور پہ واقعات کربلا پر مستعد رہنے کے لئے پیشنگوئی

کے طور پر تاکید کر دی ہمارے معتبر مؤرخ کی اصل عبارت یہ ہے:۔

معاویہ گفت برخیز یا اباعبداللہ علیہ السلام بسعادت باز گرد و بر جان خود بترس و از اہل شام بر حذر باش و باید آنچہ من در شان یزید از تو شنودم ایشان نہ شنوند کہ ایشان با تو و پدر تو در مقام عداوت و کدورت ہستند۔

بہتر امام حسین علیہ السلام یزید کے برخلاف اہل شام کے سامنے کہنے سے احتیاط فرمائیں گے مگر امیر صاحب نے جو سنا ہے وہ اہل شام سے نہ دوہرانے کے لئے امام حسین علیہ السلام کا کیا اطمینان اپنی طرف سے کیا جاتا ہے وہ بھی تو سنا جائے ہم کو تو پورا یقین ہے کہ امیر صاحب ایک کی جگہ دس جوڑ کر اور جن کو انہوں نے امام حسین علیہ السلام سے کبھی نہ سنا ہوگا بیان کریں گے اور جہاں تک ہو سکے گا اہل شام سے زیادہ اس موروثی عداوت اور خاندانی مخالفت کو ظاہر فرمائیں گے جس کو خود انہوں نے شام میں پھیلایا ہے اور عموماً اسکو اپنے استقلال سلطنت کی پہلی اور ضروری پالیسی قرار دی ہے ان کی تعلیمات کی پوری تفصیل ہم اس سلسلہ کے جلد اوّل میں لکھ چکے ہیں اس لئے تکرار کو ضرورت سے زائد سمجھکر قلم انداز کرتے ہیں۔

بہرحال ہم پھر اپنے سلسلۂ بیان پر آجاتے ہیں کہ جناب امام حسین علیہ السلام سے اور معاویہ سے جیسی کچھ بنی وہ ہماری کتاب کے ناظرین پر پورے طور سے ظاہر ہوئی اب اور جو لوگوں سے معاملات پیش آئے وہ بھی ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں امام حسین علیہ السلام کے بعد بیعت یزید کے سلسلہ میں جس شخص سے پہلے امیر صاحب کا سامنا ہوا وہ عبدالرحمٰن ابن ابی بکر تھے ان کے باہمی مکالمات میں ہمارے معتبر مورخ ذیل کی عبارت نقل فرماتے ہیں وھو ہذا:۔

عبدالرحمٰن گفت کہ ما ترا حوالہ بخدائے تعالےٰ کردہ ایم و ما بانخوائے تو با یزید بیعت نخواہیم کرد ہم خلافت را بہ شوریٰ باید گذاشت معاویہ گفت من سفاہت تو میدانم و آنچہ در حق تو اندیشہ کردہ ام نزدہ باشد کہ بہ بینی عبدالرحمٰن گفت خداوند عالم در دنیا و آخرت ترا بران بگیرد و عقوبت کند معاویہ بہ دست دعا بر داشت کہ خدایا ہم این شخص را از من کفایت کن آنگاہ گفت اے فلاں بدو و بہ جان خود بہ بخشائے و از ارباب شام حذر نما عبدالرحمٰن گفت ما بغیر از خدائے تعالےٰ از ہیچ کس نمی ترسم دست از ما باز دار و ما را در خانہ خویش بگزار و بہ بیعت یزید استثنا از ما دعوت مکن این سخن گفت و بخشم از نزد معاویہ برآمد۔

امیر صاحب نے خلیفہ زادے کی جیسی کچھ قدر کی وہ اس سے ظاہر ہے یزید کے استحقاق کے سامنے ان کے حقوق کی کچھ بھی رعایت نہیں کی یہ امر بھی (۳) گفتگو میں دیکھنے اور غور کرنے کے قابل تھے عبدالرحمٰن کے مقابلے میں مباہلہ تک پر قریب قریب آمادہ ہو گئے امیر صاحب نے اپنے دعوے کے حقوق ظاہر

کی صداقت پر اعتبار کر کے امام حسین علیہ السلام کے مقابلے میں اس مباہلہ کا دعوے کیا ہوتا تو واقعی ہم بھی امیر صاحب کو اگر سو دو سو میں نہیں تو دو چار لوگوں میں ضرور سچا سمجھتے مگر امیر صاحب ایسا کیا تھے جو آیت اللہ فی العالمین اور فرزند سید المرسلینؐ روحی لہ الفدا کے مقابلہ میں مباہلہ کے زعم باطل پر مستعد ہوتے یہ ایسے کیا تھے جو فوراً حجۃ اللہ فی العالمین کے مقابلہ میں مباہلہ کے لئے دست بدعا ہو کر بنی نجران کی طرح اپنی جہالت کو رسوائے عالم کرتے۔

بہرحال عبد الرحمن ابن ابی بکر کے بعد باعتبار ترتیب خلافت عبد اللہ ابن عمر کی طلبی ہوئی اور یوں تقریر شروع ہوئی

معاویہ گفت کہ من نمی دانم تو فرقت و تخالف را دشمن می داری و پیوستہ طالب سلامت و عافیتی و میخواہی کہ روزے بشب و شبے بروز آری و در تحت اوامر و نواہی و حاکمی داخل نہ باشی و طبقہ آنکہ ہمیں شیوہ مرعی داری و گرد خلافت نگردی و در صلاح ذات البین سعی نہ نمائی کہ مردم با یزید بیعت کردند و ہم او بہ سیاق و انتظام پیدا کردہ عبد اللہ گفت خلفائے ما تقدم پسران داشتہ اند فاضل و پرہیزگار تر از پسر تو و ہیچکس از ایشان رقم خلافت بہ پسر خود نکشیدہ و مع ذالک من نمی خواہم کہ در ہدم قوم مسلمانان بکوشم اگر کوفہ برآیا بر حکومت پسر تو اتفاق کنند من ہم یکے از ایشانم معاویہ گفت سنجیدہ گفتی بسعادت و سلامت مراجعت نمائی و از شامیاں پُر حذر باش۔

پُر حذر باش کی دھمکی تو امیر صاحب کا تکیہ کلام تھا مگر جس طرح معاویہ نے ان کی دلجوئی کی انہوں نے بھی زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز۔ ویسی ہی خاطر داری کر دی اور فی الجملہ یزید کی بیعت پر اپنی رضا مندی ظاہر کر دی مگر صرف کافۃ المسلمین کی برائے نام شاخ لگا دی۔

ان کے بعد جس شخص کی امیر صاحب کے دربار میں پکار ہوئی وہ ایسا حرفت والا اور آنکھ میں آنکھ ملا کر جواب دینے والا تھا جو اس وقت میں بھی ان سے زیادہ اپنے آپ کو خلافت کا دعویدار اور مستحق سمجھتا تھا اور استحقاق خلافت کے لئے انہیں جیسا خلافت پر اپنی بغاوت کا حملہ بھی کر چکا ہے اگر شام میں ان کو اپنی خلافت کا دعوے ہے تو حرمین میں وہ بھی اپنے آپ کو خلیفہ سے کم نہیں سمجھتا وہ کون ہے عبد اللہ ابن زبیر حضرت صدیق کے نواسے اور حضرت صدیقہ کے بھانجے اب ان میں اور امیر صاحب میں جیسے برابر کی جوڑ چلی اور جیسی گہری چھنی وہ ہمارے مستند مورخ کی اس عبارت سے مفصل ظاہر ہے۔

چوں چشم معاویہ بروئے اُفتاد گفت ایں روباہے است کہ ہر راہے کہ سوراخ او مسدود می شود از راہے دیگر بیروں می رود بعد ازاں گفت اے پسر زبیر بر جان خود بترس و گرد خلافت و شقاق گرد و بر آں کہ خلافت یزید قرار گرفتہ و کارے مستقیم و منتظم گشتہ است مستقل باش عبد اللہ گفت اے معاویہ در ضمیر من تخالف اہل اسلام نیست اما مے باید مؤسس و بانی فتنہ نباشی و ایں کار را بشورے حوالہ کنی و از حکومت ملول شدہ دست از آں باز بدار و بہ پسر خود مدہ خلافت رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم امرے خطیر است و در روز قیامت ترا سوال کنند کہ چوں از عہدہ ایں بیروں آمدی و بعد از خود بچہ بگذاشتی و در فاتحہ

وخاتمہ آنچہ درضمیر داری بیاندیش معاویہ گفت اے پسر زنہار این سخنان را بگذار و پرحذر باش کہ شامیان این کلمات از تو نشنوند کہ ایشان را طاقت استماع این حدیث نیست عبداللہ متامل و خائف بمنزل خود بازگشت ملّہ ہیں اگر امیر صاحب نے جو بیعت یزید کے معاملے میں کیا وہ ہمارے سلسلۂ بیان سے پورا معلوم ہوا ابھی تک ان کو اپنی کامیابی کی کوئی اُمید نہ تھی پھر دو تین روز کے بعد ہدیہ اور تحائف کا قدیم سلسلہ شروع کیا گیا اور بہت سے گرانمایہ ہدیے اور قیمتی تحفے تمام اہل اسلام کی خدمت میں پیش کئے گئے اور ان میں سے ان چار صاحبوں کی خدمات میں سب سے زیادہ اضافہ فرمایا گیا اور ان چار صاحبوں میں بھی سب سے اعلےٰ اور بہتر تحائف جناب امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں پیش کئے گئے چنانچہ ہمارے معتبر مورخ تحریر فرماتے ہیں۔

نزد امیر المومنین امام حسین علیہ السلام بیش از دیگران فرستاد و جانب اورا از ہمہ مرجح داشت اما آنجناب علیہ السلام صلۂ آں را قبول نفرمود۔ روضۃ الصفا صفحہ ۳۰

جب یہ کوشش بھی بیکار اور بے اثر ثابت ہوئی تو پھر ایک بہت بڑی مجلس خانہ کعبہ میں منعقد فرمائی اور اس میں تمام اہل اسلام حاضر ہوئے جس میں جناب امام حسین علیہ السلام عبدالرحمٰن ابن ابی بکر عبداللہ ابن زبیر بھی خصوصیت کے ساتھ بلائے گئے اور ایک بہت بڑا منبر امیر صاحب کے جلوس کے لئے آراستہ کیا گیا مگر امیر صاحب نے آغاز کلام سے پہلے سوچ لیا کہ پہلے ان حضرات کا استمزاج لینا چاہیئے کہ اب بھی ان میں سے کوئی ہمارا موافق اور ہم خیال ہوا یا نہیں اس لئے پہلے ان سے مشورۃً پوچھ لینا ضروری ہوا۔ ہم اس تقریر کو بھی روضۃ الصفا کی عبارت سے ذیل میں قلمبند کرتے ہیں۔

معاویہ امام حسین علیہ السلام و عبدالرحمٰن ابن ابی بکر و عبداللہ ابن عمر و عبداللہ ابن زبیر را طلب داشت و با ایشان گفت کہ شفقت مرا نسبت بحال خویش می شناسید و این وقت آنچہ امکان داشت دربارۂ شما خدمت شائستہ بجا می آوردم و صلۂ رحم را منظور میداشتم و اُمید دارم کہ من بعد این معنی سمت ازدیاد پذیرد و غرض از تشبیب این مقدمات آنکہ یزید برادر و پسر عم شما است و خاطر خواہ من آنکہ بحسب **ظاہر** اورا خلیفہ شمارید و در **معنی** اختیار اُمور مملکت در قبضۂ اختیار شما خواہد بود۔

غرض کیا بُری ہوتی ہے یہ بات وہ بات دہر پھیرے ہاتھ امیر صاحب ہر طرح سے مجبور اور ہر طرح سے معذور ہو کر بیعت یزید کی تجویزوں میں اس کے کہنے اور صاف صاف لفظوں میں اس اقرار کرنے میں مجبور ہو ہی گئے کہ ظاہر میں یزید خلیفہ مان لیا جاوے اور باطن میں آپ حضرات سلطنت کے تمام کاروبار اپنے اختیار سے انجام دیں سبحان اللہ دو بادشاہ ہے دریک اقلیم نگنجند کے اجتماع ضدّین پر کچھ غور نہ کیا وہ تو جیسا کچھ ہونے والا ہو ہونا رہے اس وقت تو ہماری ایسی ہو جائے اور ہماری غرض نکل جائے پھر کہ کردہ و کہ می کنند ۱۲

ہمارا جہاں تک خیال یقین کے ساتھ کام کرتا ہے ہم کو یہ ثابت ہوتا ہے کہ امیر صاحب کو اب کی بار یہ بیش قیمت

اور اعلیٰ تحفہ بھیجکر یقین کامل ہوگیا تھا کہ ان قیمتی چیزوں نے ضرور ان حضرات کو میری طرف کچھ نہ کچھ مائل کیا ہوگا اور یہ میرے ان محاسن سلوک کو مشاہدہ فرماکر پیش اُفتادہ ضرورت میں میری ضرور رعایت فرمائیں گے ہم کہتے ہیں کہ ان کا یہ خیال بھی محض خیال ہی تھا اول تو ان اقسام کے محاسن سلوک کے علانیہ اظہار ان کی خفیف الحرکاتی اور کم ظرفی کا پورا ثبوت پہنچاتی ہے دوسرے یہ کہ اگر ان تحائف نے کوئی ظاہری اثر بھی پیدا کیا ہوگا تو صرف اُنہیں پر جنہوں نے ان کے ہدیے اور تحائف قبول کئے ہوں گے۔ اب امیر صاحب کو اپنی رعایت و مروت کی اُمید رکھنی چاہیئے تو انہیں لوگوں سے مگر اس کریم النفس مستغنی المزاج کریم ابن الکریم کے ارادے اور استغنا کی نسبت وہ کیا شبہ فرما سکتے ہیں جس نے ان کے اعلیٰ ترین تحائف و ہدایا اُلٹے پیروں واپس دیئے اس نے نہ امیر صاحب کے ذاتی اعزاز کو اپنے جائز حق کے سامنے خیال فرمایا اور نہ ان کے اعلیٰ ترین تحائف کے مقابلے میں اپنی عسرت اور ضرورت کا منہ دیکھا ؎

خوشامد تملق کے حالی موالی   بہت روز لایا کئے نذر ڈالی
نظر پہ نہ اس سیر نیت نے ڈالی   رہی فقر و فاقہ میں منہ پہ بحالی

بہرحال حاضرین میں سے کسی نے بھی ان کی اس تقریر کا کچھ خیال نہ کیا اور ان کی اس خوشامدانہ تقریر پر محض سکوت اختیار کیا مگر عبداللہ ابن زبیر سے چُپ نہیں رہا گیا وہ بول اُٹھے ان کی تقریر صاحب روضۃ الصفا کی تحریر سے یہ ظاہر ہوتی ہے۔

عبداللہ ابن زبیر گفت اے معاویہ یکے از سہ کار را اختیار کن معاویہ پرسید آں کدام است گفت اول آنکہ ہیچ کس را بخلافت تعیّن مکن چنانچہ حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم تعین نکرد و چوں بجوار رحمت حضرت حق عزّ شانہٗ انتقال کرد مسلمانان بعد از استشارہ کسے را کہ اہلیت آں داشت خلیفہ ساختند یعنی ابابکر معاویہ گفت من ایں کار نتوانم کرد چہ درمیان شما ہیچ کس را مثل ابی بکر نمی بینم و می ترسم کہ بعد از من درمیان اُمت مخالفت پیدا شود۔

عبداللہ ابن زبیر گفت اگر ایں صورت مطبوع طبع تو نیست ہمچناں کہ ابوبکر شخصے را از صنادید عرب قریش برگزید خلافت داد تو نیز یکے را اختیار کن بشرط آنکہ آں کس از بنی عبدالشمس و بنی اُمیہ نباشد و اگر ایں معنی ہم موافق طبع تو نیست بسنّت عمر عمل نما و تعیّن خلیفہ را بشورے باز گذار باوجود آنکہ عمر اقربا و پسران داشت کہ ہمہ را استحقاق آں بود کہ متصدی امر خلافت بہیچ یک از ایشاں نشود معاویہ گفت ورائے ایں سہ وجہ دیگر بخاطر تو می رسد ابن زبیر گفت نے سخن ہمیں است معاویہ رو بدیگراں کردہ گفت شما چہ کس چہ می گوئید ایشاں گفتند کہ ما ہماں می گوئیم آنچہ عبداللہ ابن زبیر تقریر کرد معاویہ گفت من می خواہیم پیش از رحیل بر منبر شوم و مردم را نصیحت کنم و ایں وعظ را بفردا گذاشتم و من برائے شما از اہل شام می ترسم و قد عذر من انذر عاقبت خیر باد انشاء اللہ تعالیٰ ایں سخن گفتہ ایشاں را رخصت داد۔

اب اس ضد کا کیا علاج نہ یہ مانیں گے نہ وہ جو جی میں آئے گا وہی کریں گے امیر صاحب کی پالیسی اور طرز حکومت تو معلوم ہو گئی ان کی اس تقریر کو پڑھکر اگر حقیقت پر غور کیا جاوے تو عبد اللہ ابن زبیر کی تجویز نہایت صحیح اور جائز معلوم ہو گی امیر صاحب کے انکار کے خلاف معاویہ نے اور لوگوں کی سنت تو چھوڑ دی اپنے محسن اور کرمفرما حضرت عثمان کی مبارک سیرت بھی ترک کر دی جنہوں نے خلافت کے حاصل ہونے کے لئے سیرت شیخین پر عمل اور کاربند رہنے کا ہمیشہ کے لئے خصوصیت کے ساتھ وعدہ فرمایا تھا اور معاویہ اس وقت ان کی بھی تقلید نہیں کرتے مگر کریں تو کیسے شریر عبد اللہ ابن زبیر نے تو بیعت یزید کے معاملہ کو دو ٹوک کر کے کیا تین ٹوک کر کے ایسا سامنے رکھ دیا ہے کہ امیر صاحب کے آئے گئے حواس باختہ ہو گئے اور خصوصاً عبد الشمس اور بنی اُمیہ کی استثنا کی وہ قیامت کی شرط لگا دی کہ سونے کا سارا گھر مٹی ہو گیا اگر امیر صاحب اس سے زیادہ ان سے اُلجھتے تو اور قلعی کھلتی اسی واسطے ان لوگوں کو فوراً رخصت کر دیا اور اپنے آئندہ وعظ و پند کو بھی جس کے لئے ایک روز پہلے سے مخصوص اہتمام کیا گیا تھا اس کے لئے موجود وقت کو اچھی ساعت نہ سمجھکر کل پر ٹال دیا سمجھے کہ آج اچھی ساعت نہیں ہے اور اتنی تقریر کے بعد ہمارا جادو اس وقت کارگر نہیں ہو گا۔

بہرحال ان حضرات کی مشورت کے بعد امیر صاحب کی اُمیدوں میں یاس پیدا ہو چلی تھی اور شام سے مدینہ تک کی کوششیں اور پھر مدینہ سے لے کر مکہ تک کی کوششیں جن میں جا بجا سطوت خسروانی اور شوکت سلطانی کا اظہار کیا گیا تھا اور بعض بعض موقع پر محض عامیانہ طور پر منت و ساجت سے کام لیا گیا تھا بیکار ثابت ہونے والی تھیں کہ آخر پھر اُنہوں نے اپنی عام فریبی اور عیاری کی ترکیبوں کو عمل میں لانے کی تجویز کی۔

ہم نے جہاں تک ان کے حالات پر غور کیا ہے ان کی تمام کامیابیوں کو ان کی انہیں عیّارانہ تدبیروں کا عام طور سے نتیجہ پایا ہے اگر اپنے آنے کے وقت ہی سے ان تدبیروں کو امیر صاحب عمل میں لائے ہوتے تو کب کے کامیاب ہو گئے تھے مگر یہ تو ابھی ابھی نئے نئے تخت حکومت پر بیٹھے تھے کچھ اپنی ثروت و اقتدار کے خیالوں میں بھُولے کچھ دولت لازوال پر بھولے کبھی طاقت پر اعتبار فرمایا اور کبھی سطوت خسروانی پر دھوکا کھایا مگر ان تدبیروں میں سے ایک تدبیر بھی مفید کار نہ ثابت ہوئی آخر مجبور ہو کر جب اپنی قدیم روش پر آئے تو جس طرح دومۃ الجندل کے شور و غوغا نے ان کو خواہ مخواہ امارت دلوا دی تھی اسی طرح مکہ کے دھوم دھڑکے نے بھی بیعت یزید کے جھُوٹے سچے دعووں میں کسی قدر جان اور کسی قدر قوت پیدا کر ہی دی۔

اب ہم ان کی ان عبارتوں کا پوست کندہ حال قلمبند کرتے ہیں آج کی رات امیر صاحب نے جن بیچینیوں میں کاٹی ان مضطربانہ حالتوں کو کچھ وہی جانتے ہوں گے اسی اُلجھن میں اپنے ہمراہیوں کو جو شام سے

آئے تھے بلاکر یہ ٹھیرائی کہ کل کے مجمع میں جس کا وعدہ آج کے خطبہ میں کر دیا گیا ہے یہ مشہور کر دیا جائیگا کہ ان حضرات نے بھی بیعت یزید منظور کر لی اور فوراً پھر اس تقریر کے بعد یہ بیان کیا جائے گا کہ اب خانگیا یہ سُنا جاتا ہے کہ اس اقرار کے بعد اب پھر وہ لوگ انکار کرنے لگے ہیں تو تم لوگ اتنا سُنتے ہی اپنی تلواریں نیاموں سے کھینچ کر فوراً ان لوگوں کے سروں پر آجانا جو خاصکر اسی لئے بلوائے جائیں گے ایسی فوری کیفیت میں ضرور ہے کہ وہ لوگ اپنی اصلی رائوں کے اظہار سے قطعی مجبور ہو کر خاموش رہجائیں گے اور اس کی نسبت کچھ بھی نہ کہہ سکیں گے اور ان کی یہی خاموشی اور سکوت عامہ الناس کے دیکھنے میں انکی رضا مندی کے دیکھنے میں ان کی رضا مندی کے اظہار کا باعث ہو جائے گی اور میرا مقصود میرے ہاتھ آجائے گا اور اگر کامل طور سے دست بدست یزید کی بیعت نہیں بھی ہو گی تو اس معاملہ سے ان حضرات کی وہ مانعت تو ضرور کسی قدر رفع ہو جائے گی جو کسی طرح ہماری تجویزوں کے پہیوں کو آگے بڑھنے نہیں دیتی۔

غرض یہ تجویز قائم کر کے امیر صاحب نے دوسرے دن پھر ویسا ہی مجمع جمع کیا اور ان حضرات کو بھی بلایا اور ایک مخصوص جگہ پر جو اہل شام کی نشست سے قریب تھی بٹھلایا اس سے آگے جو کارروائی کیگئی وہ روضۃ الصفا کی اصلی عبارت سے ملاحظہ فرمائی جاوے۔

روز دیگر شد معاویہ باستحضار صنادید قریش وغیرہم فرمان داد امام حسین علیہ السلام و عبدالرحمن ابن ابی بکر و عبداللہ ابن عمر و عبداللہ ابن زبیر بموجب فرمودہ حاضر گشتند معاویہ بر منبر رفتہ خطبہ آغاز کرد و بتدریج سخن بہ مقصود رسانیدہ گفت من از مردم سخنان می شنوم کہ آں را اعتبارے نیست دیروز چنان استماع نمودم کہ جماعتے باہم می گفتند کہ امام حسین علیہ السلام و عبدالرحمن و عبداللہ ابن عمر و عبداللہ ابن زبیر بخلافت یزید راضی نیستند و با وے بیعت نمی کنند از سخن ایشان متعجب شدم و این چہار کس را کہ اُستادان قریش و اکابر قبیلہ اند بحضور خویش طلبیدم و ازاین معنی شمۂ استفسار بجا آوردم تلطفہا کردند و بہ بیعت یزید اعتراف نمودند و این حدیث در حضور ایشان می گویم کہ ہر کس را در این شک و شبہ باشد مرتفع گردد و در این اثنا اہل شام شمشیرہا از نیام برآوردہ گفتند کہ اگر این چہار کس آشکارا بیعت کردند فبہا والا ما سر چہار کس را می کشیم چہ راضی نیستیم کہ این بیعت در خفیہ واقع شود با وجود دبدبہ شوکت و استقلال و عظمت یزید متابعت این چہار کس چہ احتیاج است اے معاویہ با دستوری بفرما تا ہر چہار کس را گردن زنیم معاویہ با ایشان گفت ساکن باشید و شمشیرہائے خود را غلاف کنید و طالب شر و فساد و فتنہ و خون ریختن نباشید اے اہل شام از خدا بترسید و فتنہ مگیرید کہ ہدم بنیان دین مبارک نباشد اہالیان و امرائے شام شمشیرہا را در نیام کردند امیر المومنین امام حسین علیہ السلام و عبدالرحمن ابن ابی بکر و عبداللہ ابن عمر و عبداللہ ابن زبیر متحیر گشتند و با خود اندیشیدند کہ اگر بگوئیم بیعت نکردہ ایم لامحالہ ما را زندہ نگذارند لاجرم در آں محفل زبان را در کام کشیدند و ہیچ نگفتند و دیگران با یزید

بیعت کردند و معاویہ از منبر فرود آمدہ مردم متفرق گشتند و اعتقاد کردند کہ آں چہار کس نیز بحکومت یزید رضا دادند و باوے بیعت نمودند بنابراں اہل مکہ ایشاں را ملامت ہا نمودند و گفتند روز اول کہ معاویہ از شما بیعت یزید التماس کرد او را امتناع نمودید و بعد ازاں در خفیہ بیعت کردید ایشاں سوگند خوردند کہ ما ازیں خبر نداریم و معاویہ بنابراں معنی بہ پسر خویش کلمات نا واقع گفت و ما از بیم شمشیر ہیچ نتوانستیم گفت

روضۃ الصفا ص ۳۰ بمبئی

بیعت یزید پر اجماع کی صورت واقعہ یہ تھی جو ہمارے معتبر مورخ کی عبارت سے ظاہر ہوئی اس سے ہر شخص معلوم کر سکتا ہے کہ امیر صاحب نے اپنی مشکلوں کو کن کن دشواریوں سے حل کیا اور اہل اسلام کے ساتھ بیعت یزید کے معاملے میں کہاں تک اپنی دیانت اور امانت سے کام لیا مدینہ سے مکہ تک کی خاک اڑائی اور یزید کے خلیفہ تسلیم کرائے جانے کی کیسی کیسی ترکیبیں کی گئیں خطوط سفارشی لکھے گئے خزانوں کے منہ کھول دیئے گئے حقوق قرابت دکھائے گئے صلۂ رحم کے واسطے دلائے گئے گراں مایہ ہدیے اور تحائف بھیجے گئے سطوت و شوکت سلطانی بھی۔ اہل شام کی مخصوص عداوتوں سے ڈرائے گئے غرض کوئی بات چھوڑی نہیں گئی اور کوئی کوشش اٹھا نہیں گئی مگر جیسا ہے اتنی ترکیبوں سے کوئی ترکیب مفید کار ثابت ہوئی ہو کوئی نہیں ہر طرف سے مجبور ہو گئے تو انہیں عیاریوں کے قدم آ لگے جن کی بدولت ان کے تمام دنیاوی امور نے عموماً انتظام پایا تھا۔

اگر غور کی نگاہ سے دیکھا جائے تو بیعت یزید کی شہرت بھی انہوں نے ایسے ہی کرائی جس طرح جھوٹا سچا اعلان دومۃ الجندل میں اپنی خلافت کے لئے کرا لیا تھا اس کے لئے اگر حقوق بنی امیہ کے موید یہ اعتراض پیش کریں کہ ان حضرات کو اسیوقت معاویہ کی غلط بیانی اہل اسلام کے مجمع عام میں ثابت کر دینی ضرور تھی تاکہ وہ لوگ بھی ان کے انکار کو سنکر یزید کی بیعت حامی نہ بھرتے۔

ان لوگوں کے ساکت کرنے کے لئے اتنا جواب کافی ہے کہ فضیلت و ترجیح کے اعتبار سے جب ان حضرات کی تقلید عامہ اسلام پر واجب تھی تو ان مقلدین کے گروہ کا فرض تھا کہ معاویہ کا ایسا دعوے منکرین کی نسبت وہ آج تک مشتبہ چلے آتے تھے بیعت یزید پر اپنی رضا مندی ظاہر نکرتے تاوقتیکہ اپنے ان مقتدایان کی جماعت سے اس کی نسبت رضا مندی اور غیر رضا مندی کی پوری کیفیت نہ پوچھ لیتے ان کے استفسار کے لئے کوئی دقت نہیں تھی مگر ان حضرات کے زبان ہلانے پر ان کی غریب جانوں کی البتہ خیریت نہیں تھی ان کی ہلاکت کے پورے سامان موجود تھے جن کو یہ لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے تھے معاویہ کے متعدد سپاہی ننگی تلواریں کھینچے ان کے سروں پر کھڑے تھے کہ منکرین بیعت کی گردنیں اڑا دیں گے اب ایسے قیامت خیز وقتوں میں ان سے ظاہری رائے طلب کرنا حقیقتاً انصاف کا گلا کاٹنا ہے اس وجہ سے یہ الزام عامہ اسلام کی گردن پر جاتا ہے نہ ان لوگوں کے سر۔

بہرحال اب الزام چاہے جس کی گردن پر باندھا جائے معاویہ کی کوششوں میں قیام اور ان کے منتشر کاموں میں تھوڑا بہت انتظام ضروری آگیا اگرچہ بیعت یزید کا انعقاد صحیح اصول پہ ہوا ہو یا نہ ہو لیکن شہرت اور اشاعت تو ہو گئی اور امیر صاحب کا مقصود بھی یہی تھا۔

دومۃ الجندل کے فیصلہ کے کونسے اصول درست تھے جس نے امیر صاحب کو خواہ مخواہ کی خلافت دلوا دی اسیطرح مکہ میں ان کی عیّارانہ تدبیروں سے یزید کی ولیعہدی کا بھی غوغہ مچ گیا ورنہ صورت واقعہ اصل میں وہی تھی جو اوپر لکھی گئی۔

ہر شخص اس سے سمجھ سکتا ہے کہ دنیا کی سلطنتوں میں سے کسی سلطنت میں کسی فرمانروا کی تخت نشینی یا اس کے بعد اس کے کسی اعقاب و اولاد کی ولیعہدی کے لئے ایسے اصول برتے جاتے ہیں اصل میں بات تو یہ ہے کہ اب نہ اسلام کی خلافت رہی تھی نہ اس کے کوئی اصول جو امر تھا وہ خود غرضی پر مبنی اور اپنی نفع رسانی کا مقتضی ان سے پہلی خلافتوں میں یہ اصول قائم نہیں ہوئے تھے اس وجہ سے سلطنت اسلامی میں اس اصول موضوعہ کے واضع یہی ثابت ہوتے ہیں سابق خلافتوں کی پابندی اور تقلید ان کے لئے ضرور تھی لیکن وہ اصول چونکہ ان کے مقاصد کے خلاف ہوتے تھے اس لئے امیر صاحب نے اپنی قوت و اختیار کے زمانے میں ان اصول سے قطعی روگردانی اختیار فرمائی اور اپنی سلطنت کو دنیا کی معمولی سلطنتوں کے عام پیمانے پر اُتارا۔

اس وقت خلافت اسلام ہی ایک ایسی حکومت تھی جس کے اصول دنیا کی دوسری سلطنتوں کے بالکل خلاف تھے اور اس میں شریعت خداوندی کی پابندی نہایت ضروری تھی امیر صاحب نے اس کے اصول کے خلاف اپنے تازہ انتظام مملکت کو اپنے طور پر ترتیب دیا چنانچہ انہوں نے اپنے اصول خاصکر قریب کی ریاستوں کے اصول سے اخذ کئے اگرچہ ان ایجادوں کی اطلاع رعایا کو بہت کم ہوئی مگر بیعت یزید کا مسئلہ ایسا دشوار امر تھا جس کی مجبوریوں نے امیر صاحب کے تمام خفیہ رازوں کو طشت ازبام اور ان کو بدنام کر دیا اور ہر شخص ابتدا ہی سے ان کے دلی راز کو اچھی طرح سمجھ گیا بیعت یزید کی نسبت جو الزام اُم المومنین عائشہ عبدالرحمن ابن ابی بکر اور عبداللہ ابن عمر کی طرف سے ان پر لگائے گئے تھے وہ روضۃ الصفا جلد سوم مطبوعہ بمبئی صفحہ ۲۳ کے حوالے سے مفصل اوپر بیان کئے گئے یہ ایسے مشہور اور متواتر الزام ہیں جو تاریخوں اور سیر کی کتابوں کے علاوہ تمام حدیث اور کلام کی کتابوں میں علی العموم پائے جاتے ہیں چنانچہ صحیح البخاری صحیح النسائی اور تفسیر ابن ابی حاتم کی ایک عبارت یہ ہے جو ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

اخرجه البخاری والنسائی وابن حاتم فی تفسیرہ واللفظ له من طرق ان مروان خطب بالمدینة وهو علی الحجاز من قبل معاویة فقال انّ امیر المؤمنین قد رأی ان یستخلف علیهم۔

ولدہ یزید سنۃ ابی بکر وعمر فقام عبد الرحمٰن ابن ابی بکر فقال سنّت کسریٰ وقیصران ابابکر وعمر لم یجعل فی اولادھما ولا فی احد من اھل بیتھما

امام بخاری امام نسائی اور ابو حاتم نے اپنی تفسیر میں روایت کی ہے اور بلفظ اپنے طریق سے مروی کئے ہیں کہ مروان نے مدینہ میں خطبہ پڑھا اور وہ اس وقت معاویہ کی طرف سے مدینہ کا حاکم تھا کہنے لگا کہ معاویہ نے مناسب سمجھا ہے کہ اپنے بیٹے یزید کو اپنے بعد تم لوگوں کا خلیفہ بنائے ابوبکر و عمر کی سنت پر عبدالرحمٰن ابن ابوبکر کھڑے ہو گئے اور کہا نہیں بلکہ قیصر و کسریٰ کی سنت پر کیونکہ عمر اور ابوبکر نے خلیفہ اپنی اولاد یا اپنی اہلبیت میں سے نہیں بنایا۔

بہرحال اب ہم کو اس بحث کے متعلق کچھ لکھنا نہیں ہے ہماری یہ بحث ناظرین کتاب کی نگاہوں میں ضرور ایک مطول بیان معلوم ہوگی اس میں شک نہیں کہ ہماری یہ بحث امیر صاحب کی عیاریوں کے حیرت انگیز واقعات کے کامل دفتر اور ان کی شعبدہ بازیوں اور ہوش رُبا طلسموں کی مفصل داستان ہے اب ایسی وسیع اور طویل تفصیل کو دیکھکر ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ امیر صاحب نے خلافت یزید کے لئے عامۃ المسلمین سے ان کی رضامندی اور قبولیت حاصل کرنے کی کوششوں میں کہاں تک راستبازی اور صداقت سے کام لیا ہے اور انہوں نے صلح نامہ کی اس تحریری شرائط کی تعمیل میں کہ خلافت وہ موقع کے کل اختیار معاویہ کے بعد امام حسن علیہ السلام یا ان کے اہلبیت میں سے کسی کی طرف منتقل کر دیں گے یا اس امر کو شوریٰ پر چھوڑ دیں گے اور کسی شخص کو اپنی طرف سے متعین نہیں کریں گے امیر صاحب نے کہاں تک راستی اور صداقت سے کام لیا اور کہاں تک اپنی راستبازی دکھلائی اور جو لکھا تھا اور جس کی تعمیل پر عند اللہ و عند الناس معاہدہ کیا تھا کہاں تک پورا کیا۔

اس بحث کے آخر میں ہم یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ معاویہ نے اس شرط کی نسبت بالکل خلاف عمل کیا اور اپنے معاہدہ میں اس کے متعلق ایک عہد پہ بھی قائم نہ رہا ٭ ٭ ٭

تیسری شرط سب امیر المومنین علیہ السلام

اس شرط کی تمام و کمال کیفیت ہم اوپر لکھ چکے ہیں مگر تاہم اپنے سلسلۂ بیان قائم کرنے کے لئے ایک مختصر کیفیت جو انہیں سابق بیانات کا خلاصہ ہے جن کو ہم بذیل تذکرہ صلح نامہ علامہ ابن حجر کے انکار کی تردید میں لکھ آئے ہیں پھر اس مقام پر مندرج کرتے ہیں۔

جیسے ہم نے اوپر بیان کیا ہے کہ معاویہ نے اس شرط کو صلح نامہ میں دیکھ کر قطعی انکار کر دیا اور حقیقت یوں ہے کہ اسی بدعت کے ساتھ ان کو کمال اُلفت و محبت تھی اور اس کی اشاعت و اقامت سے

ان کے قلب کو کچھ ایسی ہی راحت پہنچتی تھی جس کی وجہ سے وہ اس کے امتناع کو ہرگز پسند نہیں کرتے تھے بس صرف ایک اسی امر سے ان کی عداوت علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام میں کمال شدت ثابت ہے کہ تمام شرائط قبول کرنے میں ان کو ایک لحظہ توقف نہیں ہوا بلکہ بکمال رغبت صلحنامے کے تمامی شرائط قبول کر لئے مگر اس سے صاف انکار کر دیا جب امام حسن علیہ السلام کی طرف سے اسپر بہت اصرار کیا گیا تو اس کے رواج کو قطعی بند کر دینے کا اقرار تو نہیں کیا مگر اتنا لکھ دیا کہ جس مجلس میں آپ تشریف رکھتے ہوں گے اس سے وہاں احتیاط کی جائے گی مورخ ابوالفداء لکھتے ہیں کہ اسپر بھی معاویہ نے وفا نہیں کی۔

بہرحال یہ ایجاد امیر صاحب کی ایسی کامل ایجاد تھی کہ ان کے بعد بھی پشت در پشت اور نسل بعد نسل جاری رہی ان کے زمانہ سے لے کر عمر ابن عبد العزیز کی خلافت تک یہ دستور تمام قلمرو اسلامی میں ہمیشہ جاری رہا چنانچہ مورخ ابوالفدا کی اصلی عبارت یہ ہے۔

وکان معاویة وعماله یدعون لعثمان فی الخطبة یوم الجمعة ویسبون علیا وکان المغیرة ابن شعبة متولی الکوفة کان یفعل ذالك فی طاعة ابوالفدا نسخہ عربی ص ۱۹۶

معاویہ اور اس کے عمال جمعہ کے دن خطبوں میں حضرت عثمان کے واسطے دعا کرتے تھے اور امیر المومنین علی علیہ السلام پر لعنت کرتے تھے مغیرہ حاکم کوفہ تھا وہ بھی معاویہ کی اطاعت کی وجہ سے ایسا ہی کیا کرتا تھا

پھر ہمارے معتبر مورخ آگے چل کر یہ عبارت تحریر کرتے ہیں۔

کان خلفاء بنی امیة یسبون علیا من سنة احدی وخمسین (اربعین) واهل بیته التی خلع الحسن علیه السلام فیها نفسه الخلافة الی اول سنة تسع وتسعین اخر ایام سلیمان ابن عبد الملك فلما ولی عمر ابطل ذالك وکتب الی نوابه باطله ابوالفدا نسخہ عربی ص ۲۱۲

ابتدائے خلع خلافت امام حسن علیہ السلام یعنی سنہ ۴۱ ہجری تا سنہ ۹۹ ہجری یعنی عہد معاویہ سے تا آخر عہد سلیمان ابن عبد الملک خلفائے بنی امیہ جناب امیر علیہ السلام اور ان کی اہلبیت علیہم السلام پر لعنت کیا کرتے تھے جب عمر ابن عبد العزیز حاکم ہوا تو اس نے اس بدعت کو موقوف کیا اور اس کے ابطال و موقوفی کے لئے تمام احکام اپنے نائبوں کو ملک میں بھیجے۔

ہم صرف اتنے ثبوت کو اپنے مدعا کے لئے کافی سمجھتے ہیں مگر اپنے ناظرین کے مزید اطمینان کے لئے اس ضمن عمر ابن عبد العزیز کے خاص لکھے ہوئے دو واقعات اور ذیل میں تحریر کئے دیتے ہیں جو انہوں نے امتناع سب علی علیہ السلام کے اسباب میں لکھے ہیں۔

عمر ابن عبد العزیز کا بیان ہے کہ میں عبید اللہ ابن عتبہ ابن مسعود سے کلام اللہ پڑھتا تھا ایک روز لڑکوں میں کھیل رہا تھا اس وقت ان کا کھیل کیا تھا جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کو گالیاں دینا اور ان کے اہلبیت علیہم السلام کو برا کہنا لڑکے کھیل رہے تھے کہ ان کا استاد عبید اللہ ابن عتبہ ابن مسعود آ گیا

اور مسجد میں چلا گیا جب عمر ابن عبدالعزیز اُس سے اپنا سبق پڑھنے گیا تب عبداللہ نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا جب میں نے وجہ پوچھی تو عبداللہ ابن عتبہ ابن مسعود نے کہا کہ تو علیہ السلام کو بُرا کہتا ہے میں نے نہایت آزادی سے جواب دیا ہاں اس میں عیب کیا ہے عبداللہ نے کہا تو نے کلام مجید میں کہیں پڑھا ہے کہ اہل بدر سے حق سبحانہ تعالےٰ راضی ہو کر پھر اُن پر غضبناک ہوا ہو میں نے پوچھا کہ کیا علی علیہ السلام اہل بدر سے تھے اس نے مجھے جواب دیا ویحک افسوس ہے تجھ پر تو نہیں جانتا کہ غزوۂ بدر بالتمام جناب علی مرتضےٰ علیہ السلام کے ہاتھوں پر فتح ہوا ہے عمر ابن عبدالعزیز کا قول ہے کہ اس دن سے میں نے وعدہ کر لیا کہ اب آپ کے حق میں بُرا نہ کہوں گا۔

اس واقعہ کے بعد دوسرا واقعہ وہ یوں لکھتے ہیں کہ جب میرا باپ ہشام ابن عبدالملک مدینہ میں امیر ہوا تو میں بروز جمعہ زیر منبر حاضر رہتا تھا وہ خطبہ پڑھنے لگتا تھا اس وقت تمام خطبہ تو کمال فصاحت و بلاغت سے ادا کرتا تھا مگر جب علی علیہ السلام کی مذمت پر آتا تھا تو اس کی زبان ژولیدگی کرنے لگتی تھی اور اسپر ایک عجیب اضطراب لاحق ہوتا تھا ایک روز میں نے اُس سے پوچھا کہ آپ تو فصحائے زمانہ میں ہیں پھر یہ کیا بات ہے کہ جب آپ علی علیہ السلام کی مذمت بیان کرنے لگتے ہیں تو آپ کی زبان ژولیدگی کرنے لگتی ہے اس نے کہا اے فرزند یہ لوگ جو اہل شام وغیرہ سے منبر کے نیچے جمع ہوتے ہیں اگر اس مرد کے فضائل و مناقب سے آگاہ ہو جائیں جس طرح تیرا باپ آگاہ ہے تو سب ہم سے برگشتہ ہو جائیں اور پھر ایک آدمی بھی ہماری اطاعت نہ کرے دیکھو تاریخ کامل ابن اثیر جلد ششم ص ۱۶

ان واقعات سے تو اس بدعت کا جس کے موجد خاصکر امیر صاحب ہی معلوم ہوتے ہیں اس زمانے میں ایسا عام رواج پایا جاتا ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ لڑکے کھیلتے بھی تھے تو ان کا کھیل بھی یہی تھا اور ان حضرات کے فضائل و مدارج سے ایسی ناواقفیت اور غفلت تھی کہ ان کے مناقب و معارج کی اصلی حقیقت تو کہاں معلوم ہوگی ان کو یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ یہ غزوۂ بدر میں شریک تھے یا نہیں۔

اب ہم کو اس سے زیادہ ثبوت پہنچانے کی مطلق ضرورت نہیں ہے اور ہم کو یقین ہے کہ ہمارے ناظرین کی تسکین کے لئے اتنا ہی کافی ہے۔

چوتھی شرط اس کے بعد یہ تھی کہ مضافات فارس کا خراج امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں برابر پہنچایا جایا کرے۔

مضافات فارس کی نسبت مختلف الفاظ لکھے ہیں کسی تاریخ میں **دارابجرد** لکھا ہے کسی میں **متعلقات بصرہ** کسی میں **مضافات مدائن** اسیطرح کوئی کچھ نام بتلاتا ہے کوئی کچھ غرض کوئی مقام ہو ہم کو اس سے بہت کم مطلب ہے غرض ہے تو اتنی کہ بلاد اسلامی میں کسی ایک جُز کی نسبت معاویہ نے یہ عہد کیا تھا کہ اس جزو خاص کا خراج امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں ہمیشہ پہنچتا رہے گا۔ تب اس کی نسبت

جہاں تک تحقیق کی گئی ہے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ رقم خراج بھی کسی سال میں آپ کی خدمت میں نہیں پہنچائی گئی (دیکھو روضۃ الصفا اعثم کوفی ابوالفدا اور طبری)۔

پانچویں شرط یہ تھی کہ تا روز صلح جس قدر رقم خزانۂ کوفہ و بصرہ میں موجود ہو وہ امام حسن علیہ السلام اور ان کے متعلقین کے ذاتی مصارف کے لئے تسلیم کردی جائے۔

اس کی کیفیت ابوالفدا طبری اور روضۃ الصفا کے معتبر مولفین نے یہ لکھی ہے کہ بصرہ کا زر محزونہ تو جناب عبداللہ ابن عباس کی تقدیر کا حصہ ٹھیرا باقی رہی کوفہ کی رقم وہ جناب امام حسن علیہ السلام کے ان طماع ہمراہیوں کے ہاتھ لگی جو ہر وقت اسی کی تاک لگائے بیٹھے تھے۔

چھٹی شرط یہ تھی کہ دس لاکھ رقم یا ایک لاکھ یا دس ہزار درہم سالانہ امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں برابر خلافت کی طرف سے پہنچتا رہے گا۔

اس کی نسبت بھی ہمیں کوئی قوی ثبوت نہیں پہنچا بعض تاریخوں سے یہ پتہ چلتا ہے کہ خلافت کی طرف سے کوئی رقم سالانہ آپ کی خدمت میں پہنچا کرتی تھی مگر کوئی تاریخ اس کی قرار واقعی تاریخ نہیں بتلاتی بعض مورخ یہ لکھتے ہیں کہ تعین سالانہ کی مستقل شرط نہیں تھی جب معاویہ حجاز کے سفر میں آتا تھا تو جہاں عامۃ المسلمین کے ساتھ سلوک ہوتا تھا وہاں فرزند سید المرسلین صلاۃ اللہ علیہ و آلہ اجمعین کے ساتھ بھی۔ مگر ہم ان مختلف بیانات پر اعتبار نہیں کرتے کیونکہ جو تاریخیں یہ اختلاف بیان کرتی ہیں وہی تاریخیں آخر میں انہیں شرائط کے فیصلہ میں قطعی طور سے یہ لکھتی ہیں کہ معاویہ نے ان شرائط میں سے ایک شرط پر بھی وفا نہیں کی (روضۃ الصفا اعثم کوفی ابوالفدا اور طبری کا قول ملاحظہ ہو)۔

ابوالفدا کی عبارت یہ ہے :۔ بیت المال کوفہ میں لاکھ درہم تھے وہ امام حسن علیہ السلام کے رفقا کے ہاتھ لگے باقی دار الجرد کا خراج وہ کبھی اہلبیت طاہرین کو نہ دیا۔ ترجمہ ابوالفدا صفحہ ۲۴۳ دہلی۔

ایک انگریزی مورخ **سائمن ڈی آکلی** جس کو جانبین سے اتفاق و اختلاف کی کوئی وجہ نہیں ہے اپنی تاریخ **ہسٹری آف سارا سینس** مطبوعہ لندن کے صفحہ ۴۴۳ میں بحوالہ تاریخ الامین یہی لکھتا ہے کہ معاویہ نے اپنے معاہد میں سے کسی عہد کو بھی پورا نہ کیا۔

اب ہماری اس مطول بحث اور اس مسلسل بیان کو پڑھکر جس کی ابتدا ہم نے اس سرخی سے کی تھی کہ امیر معاویہ نے اپنے شرائط میں سے کسی شرط کو بھی پورا نہیں کیا ہمارے ناظرین اپنی بخوبی تسکین کرلیں گے اور یہ سمجھ لیں گے کہ معاویہ نے اس صلح نامہ کے شرائط سے قطعی انحراف اختیار کیا اور ان شرائط میں سے کسی شرط کو بھی پورا نہ کیا ان کی راستبازی صداقت دیانت اور امانت غرض تمام اخلاقی محاسن اس سے معلوم ہوجاتے ہیں اس لئے جن معاہد کے ساتھ انہوں نے اسلام کی حکومت حاصل کی تھی وہ پوری نہیں کی تو ان کے تمام استحقاق باطل ہوگئے اور ان کو اپنے اثبات دعوے کیلئے کوئی دلیل باقی نہیں رہی۔

اگرچہ ہم نے اس بحث کے متعلق ضرورت سے زائد طوالت سے کام لیا ہے کیونکہ ہمارے مدعائے بیان کے لئے صرف ان تاریخوں کی یہ آخری رائے لکھ دینا کافی تھی جس کو ہم ابھی ابھی اپنی بحث کے آخر حصہ میں لکھ آئے ہیں مگر ہم نے اپنے اختصار کو اپنی کتاب کے ناظرین کے اطمینان کے لئے کامل طور سے کافی نہ سمجھا اور اسی وجہ سے تمام واقعات کو پوری تفصیل کے ساتھ لکھنے کے لئے مجبوری ہوئی۔

بہر حال صلح نامہ کے متعلق تمام حالات کو لکھ کر اب ہم اپنی تالیف کے قدیم سلسلہ پر آجاتے ہیں اوپر بیان ہوا ہے کہ جناب امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کی عزلت نشینی کے واقعات کے نشان ملنے دشوار ہیں کیونکہ تاریخ و سیر کی کتابوں میں واقعہ صلح نامہ کے بعد آپ کی وفات کے حالات کے سوا اور دوسرے واقعات نہیں ملتے یا دو چار واقعات جو ملتے ہیں وہ اخلاقی مضامین سے متعلق ہیں اس میں تاریخوں کی مجبوری درست ہے کیونکہ جب تک خلافت سے سروکار رہا اس وقت تک تالیفات سے آپ کے حالات لکھتے گئے اور جب سے آپ نے قطعی دست برداری اختیار فرمائی تو آپ کے حالات پہ پردہ پڑتا گیا اس وجہ سے آپ کے اس دہ سالہ حالات کا سراغ لگانا ایک سیرت نویس کے لئے ضرور دشوار ہے۔

اور یہ ہم نے آپ کی عزلت نشینی اور خانہ نشینی کے روزانہ مشاغل اور فرائض اور طرز معاشرت کی ایک اجمالی صورت ضرور قائم کر دی ہے جس سے ہمارے ناظرین کا پورا اطمینان ہو جائے۔

امام حسن علیہ السلام کی وفات کے حالات

امام حسن علیہ السلام نے دس برس کی مدت حیات صلح نامہ کے بعد معاویہ کی ظالمانہ حکومت کے زمانے میں کاٹی ان کی خود غرضی نے جو اندھیر تمام ملک میں مچا رکھا تھا وہ آپ اپنی آنکھوں سے ملاحظہ فرما رہے تھے آپ کے شیعوں اور دوستوں کے ساتھ جو سلوک ہوتے تھے وہ آپ اپنی مراۃ العین مشاہدہ فرماتے تھے مگر سوائے اس کے کہ آپ اُن اجل نصیبوں کے افسوسناک حالات اور قیامت خیز واقعات کو ملاحظہ فرمائیں اور صبر اختیار کر کے رہ جائیں اور کیا کر سکتے تھے خصوصاً حجر ابن عدیؓ اور ان کے ہمراہیوں کے قتل کا افسوسناک اور دل ہلا دینے والا واقعہ سُنکر آپ کے قلب نورانی کا کیا عالم تھا اس کا اندازہ ہماری تحریری قوتوں سے ناممکن ہے۔

امام حسن علیہ السلام کی حیات کا یہ عرصہ انہیں انتشار اور اضطراب میں گذرا اور کسی دن آپ کو ان وحشت خیز اور ملال انگیز اخبار و آثار سننے سے فرصت نہ ملی ؎

ہوتی ہی جاتی ہے احباب سے دُنیا خالی   اک نہ اک خط ہمیں ہر روز کھلا ملتا ہے

اس شخص کے محزون اور مجروح دل کی کیا کیفیت ہوگی جس پر ہر روز مخالفت زمانہ اور مخاصمت حریفانہ کے گہرے گہرے زخم لگتے ہوں گے ان حالتوں پر بھی حریف مقابل کو آپ کی طرف سے پورا اطمینان نہیں۔

اگرچہ امام حسن علیہ السلام کو اس دست برداری اور عزلت نشینی کے زمانہ میں بھی زندگی کا کوئی لطف اور کوئی حظ حاصل نہیں تھا مگر اسپر بھی معاویہ ان کے خیالوں اور ان کی فکروں سے خالی نہیں تھے وہ باوجود ان تجویزوں کے یہ تدبیر بھی سوچتے تھے کہ امام حسن علیہ السلام کی ہلاکت بھی ہو اور ہماری برأت بھی ان کا دلی مقصد یہ تھا کہ کسی حیلہ سے آپ کی شہادت ہوجائے مگر اس کی نسبت میری شرکت کا گمان اور شبہہ نہ پھیلنے پاوے چنانچہ امام طبری نے اس مضمون کو اپنی کتاب کی صاف صاف عبارت میں لکھدیا ہے وہ یہ ہے

چون حسن علیہ السلام رفت معاویہ در تدبیر ہلاک او ایستاد تا او را بچہ رو ہلاک کند تا مردمان ندانند کہ او را ہلاک کردہ است تاریخ طبری جلد چہارم ص ۹۰۴

امیر صاحب کی جو تجویزیں ہوتی ہیں دنیا سے نرالی کہیں آجتک خون ناحق بھی چھپا ہے پھر کس کا خون جو فرزند سید المرسلین اور حجۃ اللہ فی العالمین ہو سلام اللہ علیہم اجمعین۔

غرض امیر صاحب چھپانے کی جتنی اور جیسی فکریں کرتے گئے اتنے ہی ان کے معاصی اور معائب طشت از بام ہوتے گئے اپنی برأت کی تدبیروں میں سوچے تو یہ کہ کسی قریب اور عزیز کے ذریعہ سے ان کی شہادت کی ترکیبیں عمل میں لائی جائیں اہلبیت کرام علیہم السلام کے طبقہ سے ایسی بے وفائی کی مطلق امید رکھنا تو معاویہ ہی کا عقیدہ ہوگا ہم کیا کسی اہل اسلام کا ایسا گمان کرنا اس کے کفر کی دلیل ہے مگر جعدہ بنت الاشعث جو ان دنوں حضرت امام حسن علیہ السلام کے عقد نکاح میں تھی اس کے لئے تجویز کی گئی جعدہ کا سلسلہ عداوت بھی ملاحظہ ہو۔

جعدہ کا باپ اشعث ابن قیس حضرت ابی بکر کے سالے تھے ان کی عداوت و نفاق کی تفصیل اس کتاب کی جلد اول معارک صفین کے حالات میں دیکھی جائے۔

ملا مجلسی علیہ الرحمہ کا قول ہے کہ اشعث امیر المومنین علیہ السلام کے خون ناحق میں شامل اور بشہادت جناب مخبر صادق صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم شقی ترین اولین و آخرین میں داخل تھا ان کے صاحبزادے محمد بر عکس نہند نام زنگی کافور بمصداق الولد سرٌ لابیہ جناب امام حسین علیہ السلام کے قاتل چنانچہ جس اخیر ضرب شمشیر سے آپ تیورا کر تاش زین سے فرش زمین پر تشریف لائے وہ اسی بدبخت کے ہاتھوں کی صفائی تھی۔ جلاء العیون جلد ۱ ص ۲۸۷

خوب یاد آیا ملا رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے حال میں کچھ تھوڑا سا ان کے مظالم کا سلسلہ چھوڑ دیا ہے وہ ہم پورا کئے دیتے ہیں معرکۂ کربلا کے قبل ہی محمد بن اشعث تھے جنہوں نے حضرت مسلمؑ ابن عقیل کو اس عالم غربت میں اپنے غلام سیاہ رو کی سراغ رسانی پر طوعہ کے گھر میں سو سواروں کی دوڑ لے جا کر

جا گھیرا اور اس مظلوم کو زخموں سے معذور اور ہر طرف سے مجبور کر کے گناہگاروں کی طرح مشکیں باندھکر عبید اللہ ابن زیاد کے سامنے ڈال دیا۔

بہرحال جعدہ ایسے باپ کی بیٹی اور ایسے بھائی کی بہن تھی پھر ان کے دل میں امام حسن علیہ السلام یا اہلبیت کرام علیہم وعلے ابناہم سلام کی کیا محبت ہوگی اور ان سے ان کی ہمدردی کی کیا آمید ہوسکتی ہے۔

امیر صاحب جو توڑ جوڑ کے آدمی تھے وہ دنیا جانتی ہے انہوں نے مروان الحکم کے ذریعہ سے جو ان دنوں مدینہ کا عامل تھا جعدہ بنت الاشعث کی سازش کی فکر لگائی اور اس بدبخت کو اس وعدہ پر آمادہ کیا کہ جب تو امام حسن علیہ السلام کی شہادت کی ترکیبوں کو عمل میں لاچکے گی تو ہم تیرا نکاح اپنے ولی عہد یزید کے ساتھ کرادیں گے وہ ایمان فروش اس کے فریب میں آگئی اور ظاہری ثروت واقتدار کی فریفتہ ہوکر فرزند رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہلاکت کا باعث ہوئی اور دو یا تین بار جناب امام حسن المجتبےٰ علیہ السلام کو مختلف طریقوں سے زہر دیا مگر چونکہ سمیت کا اثر نہایت کم ہوا اس لئے طبیعت نے اس کا ازالہ آپ ہی کرلیا اور آنحضرت کو صحت ہوگئی معاویہ کو ان کیفیتوں کا تو روزانہ کچا چٹھا پہنچا کرتا تھا جعدہ کے دوبار ناکامیاب رہنے کی حقیقت معلوم کرکے انہوں نے اب کی بار وہ سریع التاثیر سم قاتل جو روم سے منگوایا تھا مروان کے ذریعہ سے جعدہ کے پاس بھجوایا اور جعدہ سے سابق وعدوں میں دو تین اور تازہ ہدیوں کا اضافہ فرمایا چنانچہ طبری کے مطابق وہ وعدے یہ تھے دو ہزار دینار دس پارچہ زرین سواد کوفہ کا زیت (خوشبودار روغن)

جعدہ ان سب چیزوں کو پاکر اپنے کام میں مصروف ہوئی اور موقع پاکر وہ شربت سم آلودہ امام حسن علیہ السلام کے پینے والے برتن میں سب کا سب ملادیا رات کا وقت تھا امام علیہ السلام سوتے سے اُٹھے پیاس معلوم ہوئی اور یکبارگی وہی زہر آلود پانی پی گئے جس کے ایک گھونٹ نے گلوئے مبارک سے اُترتے ہی فرزند رسولؐ اور جگر بند بتولؑ روحنا لہ الفداء کے جگر مبارک کے ایک ٹکڑے کے سو سو ٹکڑے کردیئے
ابو الفدا ص ۴۴۴ طبری جلد چہارم ص ۶۰۵

اس عزلت نشینی کے زمانے ہی میں جیسا ہم اوپر لکھ آئے ہیں آپ کو دوبارہ زہر دیا گیا تھا۔

طبری امام حسن علیہ السلام سے خود نقل کرتے ہیں کہ تیسری جس میں آپ کی رحلت واقع ہوئی لوگوں نے اس زہر کی نسبت آپ سے استفسار کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ سقیت السم مرتین و ھذہ الثالثہ

یہ تمام سازشیں مروان کے ذریعہ سے عمل میں لائی گئی تھیں جب جعدہ حسب الوعدہ شام میں پہنچی تو معاویہ نے اس کی طرف کوئی اعتنا نہیں کی۔ انتظار بسیار کے بعد جب اس نے امیر صاحب سے ان کے وعدوں کی نسبت زیادہ اصرار کیا تو جواب ملا کہ جب تو نے حضرت امام حسن علیہ السلام سے

یکتا اور مقدس شوہر کو جو سبط رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے کچھ نہ سمجھا اور ان کی ہلاکت کا باعث ہوئی تو میں یا میرا بیٹا یزید تجھ سے منتفع ہونے کی کیا اُمید رکھ سکتا ہے اتنا کہکر معاویہ نے اس کے قتل کا حکم دیا اور وہ شہر دمشق میں قتل کردی گئی تاریخ طبری جلد چہارم ص ۶۰۷

کفایۃ الطالب کے معتبر مولف لکھتے ہیں کہ "قتادہ ابن اثیر امام حسن علیہ السلام کی علالت کی خبر سُنکر عیادت کی غرض سے (تشریف لائے) حاضر خدمت ہوئے ان کا بیان ہے کہ میں نے اس حالت میں جناب امام حسن علیہ السلام کو پایا کہ آپ کے سامنے طشت رکھا تھا اور آپ جگر مبارک کے ٹکڑے اس میں اُگل رہے تھے جس زہر ہلاہل کی یہ قاتل تاثیر ہو اس سے انسان کی غریب جان کے بچنے کی اُمید کی جاسکتی ہے؟ اور اس سے جانبر ہونے کی کیا توقع ہوسکتی ہے امام حسن علیہ السلام نے کامل تین روز اسی اضطراب میں کاٹے جس روز آپ کی وفات واقع ہوئی اسی دن آپ نے حاضرین کے مجمع میں ذیل کی وصیتیں جو آپ کے منصب امامت کے لئے نہایت ضروری تھیں ادا فرمائیں جن کو ترجمہ جلاء العیون سے باسناد کتاب کفایۃ الطالب لکھتے ہیں:-

جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنی آخری وصیت کی ابتدا یوں فرمائی کہ میں نے سُنا ہے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے کہ بعد آنحضرت بارہ خلیفہ ہونگے اور یہ سب تیغ یا زہر سے شہید ہونگے پس طشت سامنے سے اُٹھایا گیا اور حضرت گریاں ہوئے۔ جنادہ ابن اُمیہ کا بیان ہے کہ میں نے پھر آپ کی خدمت میں موعظہ کے لئے استدعا کی تو آپ نے پھر وہیں سے اپنی تقریر کا سلسلہ اُٹھایا جہاں سے ختم کیا تھا اور ارشاد فرمایا کہ سفر آخرت پہ مہیا رہو اور توشہ سفر قبل اجل پہنچنے کی تحصیل کرلو اور واضح ہو کہ تم دُنیا کو طلب کرتے ہو اور موت تم کو طلب کرتی ہے اس روز کے اندوہ سے باز رہو جس روز تم نہ ہو اور وہ پیش نہیں آیا ہے واضح ہو کہ جو کچھ مال اپنی قوت سے زیادہ تحصیل کروگے اس میں تمہارا حصہ نہ ہوگا بلکہ اس کا دوسرا خزانہ دار ہوگا واضح ہو کہ حلال دنیا میں حساب اور حرام دنیا میں عذاب ہے اور ارتکاب شبہات دنیا ہونا موجب عتاب ہے پس دُنیا کو اپنے نزدیک بمنزلہ مُردہ جانور کے جانو اور اس سے نہ لو مگر جس قدر تم کو کافی ہو اگر حلال ہوگا اس میں زہد ہوگا اور اگر حرام ہوگا گناہ ہوگا اور وبال ہوگا دنیا میں ایسا کام نہ کرو کہ گویا ہمیشہ یہیں رہنا ہے اور آخرت کے لئے ایسا کام کرو کہ گویا کل ہی مرجاؤگے اگر چاہو بے قوم وقبیلہ عزیز رہو اور بغیر سلطنت وحکومت کے باہیبت رہو تو معصیت خدا سے بسوئے طاعت خدا متوجہ ہو اور جب کوئی حاجت پیش آئے اور مضطرب ہو کہ لوگوں سے مشورت اور مصاحبت کرو تو ایسے شخص کی مصاحبت (ہمراہی) اختیار کرو کہ اس کی مصاحبت تمہاری زینت ہو اگر تم اس کی خدمت کرو وہ تمہاری حفاظت کرے اگر اس سے یاوری چاہو یاوری کرے اگر تم کوئی بات کرو وہ تصدیق کرے اگر دشمن پر حملہ کرو وہ تمہاری تقویت کرے اگر تم ملتجی ہو وہ اپنے ہاتھ احسان کے ساتھ دراز

کرے اگر تمہارے احوال میں کوئی رخنہ ظاہر ہو وہ اس کا انسداد کرے اگر تم سے نیکی دیکھے انہیں شمار کرے اور ظاہر کرے اگر اس سے سوال کرو وہ عطا کرے اور ساکت رہو اور سوال نہ کرو تو وہ خود ابتدا کرے اور اس پر کوئی بلا وارد ہو تو تم بھی ملول رہو لازم ہے کہ اس سے تم کو مصیبتیں نہ پہنچیں اور اس کی وجہ سے تم پر بلائیں نہ وارد ہوں اور جب حقوق ضروریہ پیش ہوں تم کو نہ چھوڑے اگر کسی تقسیم میں باہم نزاع کرو تو تم کو اپنے اوپر اختیار کرے۔

راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کا سلسلۂ بیان یہاں تک پہنچا تو آپ کے تنفس کا انتظام بگڑ گیا اور صدائے مبارک منقطع ہو گئی چہرہ کا رنگ بھی متغیر ہو گیا یہ حالت مشاہدہ فرما کر جناب امام حسین علیہ السلام نے بہمراہی اسود ابن الاسود آپ کے سر مبارک کو اپنے آغوش میں لے لیا اور اپنے برادر بزرگوار کی آنکھوں کے درمیان اپنی محبت و الفت کے غیر متحمل تقاضے سے بوسہ لیا جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنے بھائی کو ایسے جوش محبت میں بے اختیار پا کر آنکھیں کھول دیں اور وہ تمام راز جو خدا کی جانب سے آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص و ودیعت ہوئے تھے جناب امام حسین علیہ السلام کے سپرد فرمائے اسیطرح جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنی رحلت کے وقت جناب امیر علیہ السلام کو بکمال رازداری اپنی خاص چادر میں لے کر امامت کے تمام راز سپرد فرمائے تھے ابوالاسود کا بیان ہے کہ ان رازوں کے بتانے کے بعد ہی آپ کے جسم مطہر سے آثار مرگ ظاہر ہوئے اور تھوڑی دیر کے بعد روح مقدس نے عالم قدس کیطرف انتقال فرمایا کل من علیها فان ویبقی وجه ربك ذو الجلال والاکرام جلا العیون ص ۲۹۳

جناب امام حسن علیہ السلام کی آنکھ بند ہوتے ہی اہلبیت علیہم السلام کے گھر میں کہرام مچ گیا جناب امام حسین علیہ السلام نے اس بیقراری اور گریہ و زاری کی موجودہ حالتوں میں اپنے مظلوم اور مسموم بھائی کے جسد مبارک کی آخیر خدمتوں سے فراغت پا کر جنازہ تیار کر دیا اور نماز جنازہ پڑھ کر آپ کی نعش مطہر روضۂ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف لے چلے۔

روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے روضۂ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ میں دفن ہونے کے لئے مخصوص وصیت بھی فرمائی تھی چنانچہ علامہ ابن اثیر اسد الغابہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

فلما اشتد مرضه قال لاخيه الحسين عليه السلام يا اخی سقيت السمّ ثلث مرات ولم اسق مثل هذه انی لاضع كبدی قال الحسين عليه السلام من سقاك يا اخی قال ما سوالك عن هذا اتريد ان تقاتلهم اكلهم الی الله عزّ وجل ولما حضرته الوفاة ارسل الی العائشة يطلب منها ان يدفن مع النبی صلے الله عليه واله وسلم فاجابته الی ذالك فقال لاخيه اذا انا مت فاطلب الی عائشة ان ادفن مع النبی صلے الله عليه

واٰلہ وسلم فاجابتہ الیٰ ذالک فقال لاخیہ اذا انا مت فاطلب الی عائشہ ان اذن مع النبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم فلقد کنت طلبت منہا فاجابت الی ذالک فلعلہا تستحیی منی فان اذنت فادفنی فی بقیع الغرقد جب جناب امام حسن علیہ السلام کے مرض میں شدت ہوئی تو آپ نے اپنے بھائی جناب امام حسین علیہ السلام سے فرمایا اے بھائی مجھ کو تین دفعہ زہر دیا گیا لیکن کبھی ایسا زہر نہیں دیا گیا میرا جگر کٹ کٹ کر گر گیا ہے جناب امام حسین علیہ السلام نے عرض کی کہ آپ کو کس نے زہر دیا ہے آپ نے فرمایا تم کیوں پوچھتے ہو کیا آپ کا ان سے لڑنے کا ارادہ ہے میں ان کو خدا کے سپرد کرتا ہوں جب جناب امام علیہ السلام کی وفات کا زمانہ قریب آیا تو عائشہ کے پاس پیغام بھیجا کہ آپ مجھ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دفن ہونے کی اجازت دیں عائشہ نے اس کو منظور کیا امام حسن علیہ السلام اپنے بھائی امام حسین علیہ السلام سے کہنے لگے جب ہمارا انتقال ہو جائے تو آپ عائشہ سے دفن کرنے کی نسبت کہنا کیونکہ انہوں نے مجھ سے تنہائی میں بوجہ حیا اقرار کر لیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دفن کرنے کے لئے مجھ کو (اجازت) جگہ دیجائے پس اگر وہ اجازت دیدیں تو مجھ کو جناب رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دفن کرنا لیکن میرا خیال یہ ہے کہ بنی اُمیہ کی قوم آپ کو میرے وہاں دفن کرنے سے مانع ہوگی پس آپ ان سے نہ جھگڑیں اور مجھ کو بقیع غرقد میں دفن کر دیں۔

بہرحال امام حسن علیہ السلام کا یہ خیال ضرور تھا کہ مجھ کو اپنے جدّ بزرگوار کا جوار نصیب ہو جیسا ہم اوپر اسد الغابہ کی عبارت سے لکھ آئے امام حسین علیہ السلام حسب الوصیت اپنے مسموم اور مرحوم بھائی کے جنازہ کو اٹھا کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ منورہ کی طرف لے چلے۔

یہ صحیح واقعہ ہے کہ جو کثرت الناس جوش رقت اور حسن مشایعت حضرت امام حسن علیہ السلام کے جنازہ کے ساتھ تھی ویسی عرب میں نہ اس سے قبل اور نہ اس کے بعد آج تک ہوئی جن لوگوں نے عرب کی تاریخیں پڑھی ہیں وہ جانتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لاش مبارک پر جتنے لوگوں نے نماز پڑھی اور جتنے لوگ شریک ہوئے وہ سب کو معلوم ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی تجہیز وتکفین سے لے کر آپ کی تدفین تک کے سارے سامان آپ کی وصیت کے مطابق سوتی رات کی تنہائی میں انجام دیئے گئے جناب امیر المومنین علی علیہ السلام کا جنازہ کوفہ میں اُٹھایا گیا فرقۂ خوارج اور بنی اُمیہ کی بے ادبیوں کے خیال سے آپ کا مدفن مبارک بھی عام طور سے پوشیدہ رکھا گیا حقیقت شناس تو یہیں سے معلوم ہوگئی۔

یہاں تک تو جنازے جناب امام حسن علیہ السلام کی وفات سے پہلے اُٹھے تھے اب ان کے بعد جنازوں کے حالات لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے عیاں راچہ بیاں امام حسین علیہ السلام کے جنازہ کی جیسی کچھ مشایعت ہوئی وہ ظاہر ہے پھر ان کے بعد اور نو آئمہ طاہرین علیہم السلام کی زندگی میں زمانہ کیا قدر کرتا تھا جو مرنے

کے بعد کرنا اسی ایک فقرہ سے سمجھ لینا چاہیے کہ ان غریب مظلوموں کے جنازہ کی شایعت میں کون ایسا ہمدرد اور موافق موجود ثابت ہوتا ہے جو اپنی طرف سے اہتمام کرتا اس وجہ سے جناب امام حسن علیہ السلام کے جنازہ کی نسبت یہ خاص شہرت نہایت صحیح ہے۔

بہرحال ہم اپنے سلسلۂ بیان پر آ جاتے ہیں جنازۂ امام حسن علیہ السلام ابھی روضۂ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچنے بھی نہیں پایا تھا کہ ام المومنین عائشہ بہمراہی بنی امیہ سدّ راہ ہو کر دفن سے مانع ہوئیں اس ممانعت کے ظاہر ہوتے ہی ہمراہیان جنازہ کے رگ و پے میں ایک فوری پُرجوشی پھیل گئی خصوصًا بنی ہاشم کی مشہور تلواریں نیاموں سے نکل معاً نکل باہر نکل آئیں اور قریب تھا کہ بہت خونریزی واقع ہو اسی اثنا میں محمد ابن حنفیہؓ اور نیز عبداللہ ابن عباسؓ اور ام المومنین عائشہ سے نزاع لفظی ہو گئی۔

جناب عبداللہ ابن عباس نے اس کی یادگار میں (واقعہ کے وقت یا اس کے بعد) دو شعر بھی منظوم فرمائے اہل تاریخ نے اکثر اس شعر کے مفہوم کو لکھا ہے مگر اصل شعر نہیں لکھے ہم ان اشعار کو لسان الواعظین کے اسناد سے ذیل میں مع اس کے ترجمہ کے لکھتے ہیں۔

تجمّلت تبغّلت ولو عشت تفیّلت
لک الثمن من التسع وللکلّ تصرّفت

آپ اونٹ پر سوار ہو چکیں (جنگ جمل) اور خچر پر بھی سوار ہو چکیں (واقعہ موجودہ) اور اگر اس سے زیادہ زندہ رہیں تو ہاتھی پر اب کی دفعہ سوار ہو جیے گا۔ نو حصوں میں آپ کا آٹھواں حصہ ہوتا ہے مگر تاہم آپ کل پر تصرف فرماتی ہیں۔

غرض جانبین میں بات بہت بڑھ چلی تھی اور ہمراہیان ام المومنین کی طرف سے تیر بارانی بھی شروع ہو گئی تھی بلکہ امام مظلوم کے جنازہ میں کئی تیر بھی پیوست ہو گئے تھے۔ بنی ہاشم پر ام المومنین کا یہ دوسرا حملہ تھا مگر پہلے سے فرق اتنا ہے کہ اول حملہ زندوں کے مقابلے میں تھا اور یہ مردوں کے ساتھ۔

امام حسین علیہ السلام نے اپنے پدر بزرگوار کی وصیت کے مطابق (ابھی ابھی اسد الغابہ کی عبارت سے لکھی گئی) اور لاش مطہر کی حرمت کے لحاظ سے بنی ہاشم کے بڑھتے ہوئے غیظ و غضب کو فوراً سنبھال لیا اور ان کو اپنے مسموم اور مرحوم بھائی کی آخری وصیتیں یاد دلا کر خونریزی کے ارادوں سے باز رکھا بھائی کے جنازہ کو جنّت البقیع میں واپس لائے اور اپنی مادر گرامی کے پہلو میں دفن فرمایا۔

اب ہم اپنے بیان کی تصدیق میں تاریخ کی اصلی شہادتیں ذیل میں مندرج کرتے ہیں صاحب روضۃ الصفا کی یہ تحریر ہے:۔

پس برائے او امام حسن علیہ السلام گورے کندیدند ہم پہلوئے گور جناب پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم و بر جنازہ نہادہ بیاوردند کہ بگور کنند کہ حضرت عائشہ آگاہ شد بیامد و بر استرے نشستہ و رہا نکردش کہ آن لاش در گور کنند و مردمان مدینہ بر عائشہ بشوریدند کہ نیکو نمی کنی یک روز بر شتر ہمی جنگ کنی و

دیگر سوار براستر از بہر جنازہ منازعت می نمائی و راہ نمی دہی کہ نبیرۂ پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ را بگور کنند ہر چند کہ گفتند عائشہ رہا کرد کہ او را بگور کنند و مروان بدو گردہ شدند گروہیکہ شیعت عائشہ بود تیر انداختن گرفتند تا جنازہ امام حسن علیہ السلام پُر تیر گشت پس امام حسن علیہ السلام را بہ بقیع غرقد بگور کردند و کسان حسن علیہ السلام آں روز را یوم البغل خواندند چنانکہ حرب بصرہ را یوم الجمل خواندہ بودند۔

طبری جلد چہارم ص ۶۰۵

صاحب روضۃ الصفا نے بھی طبری کے مُطابق بالکل یہی مضمون اس واقعہ کی تفصیل درج فرمائے ہیں جس کو ہم ان کی اصل عبارت کے ساتھ ذیل میں درج کرتے ہیں۔

در بعضی روایات آمدہ است کہ جہت امیر المومنین حسن علیہ السلام قبرے را نزدیک بقبر جناب رسول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کندند و جنازہ را بر سر قبر نہادند و قبل از دفن عائشہ بر ایں معنی وقوف یافتند براسترے سوار شدہ باں موقع رفت و بہ منع مشغول گشت شیعہ علی علیہ السلام بنیاد بہ غوغا کردہ گفتند اے عائشہ روزے بہ شتر نشستہ محاربت می کنی و روزے براستر سوار شدہ بر سر جنازہ نبیرۂ پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم منازعت آغاز می نمائی و نمگذاری کہ او را دفن کنند و چندانکہ سعی نمودند مفید نیفتاد و مردم بدو فرقہ متفرق شدہ بجانب دیگر تیر انداختند چند تیر بجنازہ رسید آنگاہ جناب امام حسین علیہ السلام بنا بر وصیتے کہ سابقًا مرقوم گشت جنازہ بہ بقیع بُردند روضۃ الصفا جلد سوم [illegible] اعثم کوفی کے مستند مولف نے بھی قریب قریب یہی عبارت اس واقعہ کی تفصیل میں درج فرمائی ہے اور کتاب المعارف ابن قتیبہ بھی باختلاف الفاظ یہی مضامین لکھے ہیں۔ تاریخ الاسلام مطبوعہ گورکھپور کے مصنف مولف مولوی محمد احسان اللہ عباسی وکیل عدالت گورکھپور نے بھی اس واقعہ کو زمانہ موجودہ کی گہری تحقیق کے بعد مندرج فرمایا ہے۔

بعض تاریخوں نے یہ لکھا ہے کہ اُم المومنین نے پہلے اجازت دیدی تھی پھر پیچھے بنی اُمیہ کے محض اشتعال اور تحریک سے جن میں سعید ابن العاص اور مروان الحکم کے نام خصوصیت کے ساتھ تبلائے جاتے ہیں منع فرمایا اور بعض روایتیں اُم المومنین کی صاف صاف اجازت دکھلاتی ہیں اور امتناع کو بنی اُمیہ کا قصور تبلاتی ہیں۔

اس کی نسبت یہ اختلاف ہم کو صاف صاف تبلا رہے ہیں کہ اس صحیح واقعہ پر صرف روایت کے رنگ بدل خلاف مزید چڑھائے گئے ہیں ورنہ نفس واقعہ کی صحت و صداقت میں کسیکو کلام نہیں ہے اور اگر اصل واقعہ کی حقیقت میں کچھ اصل ہی نہ ہوتی تو مورخین کی جماعت نے پھر اس کے وجود ہی سے اپنا قطعی انکار ظاہر کیا ہوتا اور اس کا ذکر ہی نہ کیا ہوتا مگر پورے ~~واقعہ کو~~ لکھکر پھر اُسپر لوگوں کی رائے اور قیاس سے اس کی تردید کی طرف کوشش کرنا اور خصوصًا اس فرقہ کے اقوال سے استدلال کرنا جس کو ملزم کی

ہمدردی اور حمایت کرنے کا پورا استحقاق حاصل ہو محض بیکار اور فضول ہے جو ہرگز اعتبار کے قابل نہیں۔ اُم المومنین کا اس وقت تک روضہ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پورا تعلق ثابت ہے اگرچہ وہ جائز طور سے اس کی مستحق ہوں یا نہوں جن لوگوں نے اسلامی تاریخیں دیکھی ہیں وہ جانتے ہیں کہ خلیفۂ اول کے روضۂ پیغمبر میں دفن کیے جانے کے بعد حضرت عمر نے بھی اپنے دفن کے واسطے انہیں سے (عائشہ سے) اجازت مانگی تھی تو اس سے ظاہر ہوا کہ خلافت کو اس معاملہ میں کوئی دخل پہلے سے نہیں تھا اس لئے بنی اُمیہ کے امتناع کو خلافت کے اختیارات پر اعتبار کرکے اس کا باعث بتلانا بنی ہوئی بات اور گھڑا ہوا فقرہ ہے اور کچھ بھی نہیں اس کے بعد دوسری روایت کی ظاہری عبارت کہ اُم المومنین نے اجازت دی تھی مگر بنی اُمیہ نے خود اس میں دخل اندازی کرکے خود بھی مانع ہوگئے اور اُم المومنین کے بھی ملزم بنانے کے باعث ہوئے مگر یہ بھی وہم باطل اور تحصیل حاصل ہے جسے کوئی ذی فہم کبھی اعتبار اور اعتنا نہیں کرسکتا کہ اگر مخالفت علی علیہ السلام اور بنی ہاشم کے اعتبار سے ان مظالم کی تخصیص فرقہ بنی اُمیہ کے سر تھوپی جاتی ہے تو زمانے کے واقعات کو تحقیق کے ساتھ دیکھنے والے اُم المومنین عائشہ کے دامن کو کب اس الزام سے پاک و صاف پاتے ہیں بلکہ وہ جانتے ہیں کہ معاویہ ابن ابوسفیان سے پہلے جو بنی اُمیہ کے سلطان تھے اُم المومنین ہی نے مخالفت علی علیہ السلام گھر سے باہر قدم نکالا ہے اور حجاز سے لے کر عراق تک تمام بلاد اسلامی میں ہل چل ڈال دی اور ایسے ایسے افسوسناک اور عبرت خیز واقعات پیش آئے جو تمام دیکھنے والوں کے لئے بہت بڑی عبرت اور حسرت کے باعث ہوئے اور ان تمام خصومتوں کا شرمناک نتیجہ آخر میں جو نکلا اُسکو جنگ جمل کی شکست کی صورتوں میں جناب اُم المومنین نے برائ العین خود مشاہدہ فرمایا۔

ان اختلافات سے اُم المومنین کی برأت صاف نہیں ہوتی بہرحال نفس واقعہ میں کوئی کلام نہیں اور وہ کسی طرح غیر معتبر نہیں سمجھا جاتا اور الزام سے جانبین خالی نہیں سمجھے جاتے اگر اُسپر اصرار کرنے والے حضرات بنی اُمیہ تھے تو ان کی تجویز اُم المومنین کی مشورت سے ہرگز خالی نہیں تھی۔

یہ تو اُم المومنین کے موئدین کی بحث تھی جو تھوڑی دیر کے لئے ہمارے سلسلۂ بیان میں حائل ہوگئی اور ہمکو تھوڑی دیر کے لئے اپنے قدیم سلسلہ کو چھوڑنا پڑا انہیں حضرات کی مانند دو چار امیر معاویہ کے مقلدین اور بنی اُمیہ کے معتقدین ہمارے زمانے میں پیدا ہوئے ہیں ان کی خام تحقیقات کا یہ دعوے اور ان کی باطل زعم کی یہ کوشش ہے کہ وہ امام حسن علیہ السلام کے خون کو ایک سرے سے معاویہ کی گردن سے چھڑا دیں اور جہاں تک ہوسکے اس واقعہ کا مُنہ کسی دوسری طرف پھیر دیا جائے۔

چنانچہ اسی طائفہ میں مرزا حیرت دہلوی ہیں جو سیرۃ المحمدیہ میں صرف دستار والی روایت پر ادھر اُدھر کے معمولی اعتراض کرکے اس واقعہ کی تضعیف کرتے ہیں اور مروان کے سر معاویہ کا الزام لگاتے ہیں۔

ان کو سمجھ لینا چاہیئے کہ حقوق اہلبیت علیہم السلام کی پامالی کے لئے جیسے معاویہ ویسے مروان معاویہ کا

فعل علین مروان کی کرتوت اور مروان کا فعل علین معاویہ کی کرتوت سمجھنا چاہیئے ۵ نشانہ ہونگے ہیں تیر جس کمان سے چلے ۔ اسلام کے سواد اعظم میں کسی ایک متنفس کو بھی عذر نہیں ہے اور اسلامی دائرہ میں بلا استثنا یہ امر مسلم ہو چکا ہے کہ امام حسن علیہ السلام کے مسموم کئے جانے کی عملی ترکیبیں معاویہ کی سازش سے ہوئی تھیں مرزا حیرت نے روضۃ الصفا سے دستار والی روایت تو آنکھیں بند کرکے لکھ دی مگر شربت سم آلود والی دوسری ترکیب جو فوراً اسی کے بعد درج ہے ٹٹول کر بھی نہ دیکھی اور اسکو ویسا کا ویسا ہی چھوڑ دیا یہ حرکت مولف کی دیانت اور امانت پر شرمناک حملہ کرتی ہے۔

اب ہم امام حسن علیہ السلام کی شہادت کا پورا واقعہ روضۃ الصفا کی اصل عبارت سے ابھی ابھی آپ کے حالات وفات میں لکھ چکے ہیں اس لئے اس کے اعادہ کے کوئی ضرورت نہیں ہے افسوس ہے کہ اس واقعہ کو مرزا حیرت نے اور تاریخوں کی عبارت سے بھی نہ ملایا سب تاریخیں چھوڑ کر صرف تاریخ طبری جلد چہارم کا صفحہ ۶۰۵ ملاحظہ کرلیں کہ ان کے امام طبری نے دستار والی روایت کے علاوہ اور بھی کوئی روایت لکھی ہے کہ نہیں اور امام صاحب نے بحیثیت مولف ان دونوں میں کس روایت پر اعتبار کیا ہے اور کسکو زیادہ تفصیل سے اپنی تالیف میں درج فرمایا ہے۔

اب اسپر بخوبی قیاس کرلینا کہ نہیں دستار ہی والی ترکیب عمل میں لائی گئی اور وہ خارج از عقل ہے اس لئے اس واقعہ کی کچھ اصل نہیں تو یہ خیالات شیخ چلیوں کے فضولیات سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے مرزا حیرت تیرہ سو برس کے بعد اس خون ناحق کے مٹانے اور اس کے الزام سے معاویہ کے بچانے کی کیوں کوشش فرماتے ہیں ہم ان کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ ان کوششوں میں قیامت تک کامیاب

علامہ سبط ابن جوزی تذکرہ خواص الائمہ میں امتناع عائشہ کی نسبت لکھتے ہیں

وقال ابن سعد عن الواقدی لما احتضر الحسن قال ادفنونی عند ابی یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فقامت بنو امیۃ ومروان ابن الحکم وسعید ابن العاص و کان والیا علی المدینۃ فمنعوہ وقامت بنو ہاشم لتقاتلھم فقال ابو ہریرۃ ارایتم لو مات ابن موسی اما کان یدفن مع ابیہ قال ابن سعد ومنھم ایضاً عائشۃ وقالت لا یدفن مع رسول اللہ احداً

ابن سعد نے واقدی سے روایت کی ہے کہ جب حالت احتضار حضرت امام حسن علیہ السلام پر طاری ہوئی تو فرمایا آپ نے کہ دفن کرنا مجھ کو میرے باپ کے نزدیک (یعنی رسول اللہؐ کے پاس) پس ارادہ فرمایا امام حسین علیہ السلام نے کہ دفن کریں امام حسن علیہ السلام کو حجرۂ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں لیکن کھڑے ہوئے بنی امیہ اور مروان الحکم اور سعید ابن العاص جو حاکم مدینہ تھا اور روکا انہوں نے امام حسین علیہ السلام کو اور کھڑے ہوئے بنی ہاشم واسطے قتال کے بنی امیہ سے پس کہا ابوہریرہ نے کہ

نہیں ہو سکتے کہاں تک وہ واقعات چھپائیں گے اور کہاں تک اپنے ہاں کی کتابوں کو جلائیں گے معمولی خون تو چھپتا نہیں اس پر وہ خون جو خاص فرزند رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دلبند بتول سلام اللہ علیہا کا ہے اگر مرزا صاحب کو ان تاریخوں پر اعتبار نہیں آتا تو مروج الذہب مسعودی کی عبارت ملاحظہ فرمائیں

وذکران امراتہ جعدۃ سقیتہ السم وقد کان معاویۃ دس الیہا ان احتلت فی قتل الحسن علیہ السلام وجھزت الیک بمائۃ الف درہم وزوجتک یزید فکان ذالک الذی بعثہا علی سمہ فلما مات وفی لہا المعاویۃ بالمال وارسل الیہا انا نحب حیات یزید ولولا ذالک لوفینا لک بتزوجہ

ذکر کرتے ہیں کہ آپ کی بیوی جعدہ نے آپ کو زہر دیا اس میں معاویہ کی سازش تھی کہ اگر تو نے کسی حیلہ سے جناب امام حسن علیہ السلام کو قتل کیا تو میں تجھ کو ایک لاکھ درہم بھیجوں گا اور تیرا نکاح اپنے بیٹے یزید سے کر دونگا پس اس فریب سے اس کو جناب امام حسن علیہ السلام کے قتل پر برانگیختہ کیا۔ جناب امام حسن علیہ السلام نے رحلت فرمائی تو امیر معاویہ نے حسب الوعدہ اس کے پاس مال روانہ کر دیا اور کہلا بھیجا کہ میں یزید کی زندگی کا خواہاں ہوں اگر اس کا خوف نہ ہوتا تو میں تیرا نکاح اس کے ساتھ کر دیتا۔

اب مرزا صاحب اور تاریخوں کے مضامین کو اوپر کی عبارت سے ملا لیں ہم امید کرتے ہیں کہ اس کو ملاحظہ فرما کر وہ ضرور اپنے دلیل دعوے کو واپس لیں گے اور آئندہ پھر ایسے لغویات اور ظاہر تحریفات پر جرأت نہ کریں گے ؛

حاشیہ بقیہ:- دیکھا تو نے کہ اگر مرتا بیٹا موسیٰ کا تو کیا دفن نہ کیا جاتا اپنے باپ کے ساتھ ابن سعد نے کہا ہے کہ حضرت عائشہ بھی گروہ مانعین میں سے تھیں اور کہا انہوں نے نہ دفن کیا جائے گا کوئی رسول صلعم کے ساتھ۔

تاریخ ابو الفداء میں یہ عبارت تحریر ہے:- وکان الحسن قد اوصی ان یدفن عند جدہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ والہ وسلم فلما توفی ارادوا ذالک وکاد یقع بین بنی امیۃ وبنی ہاشم بسبب ذالک فتنۃ فقالت عائشۃ البیت بیتی ولا اذن ان یدفن فیہ فیدفن بالبقیع

امام حسن علیہ السلام نے وصیت فرمائی تھی کہ ہم دفن کئے جائیں اپنے نانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس جب وفات پائی تو ارادہ کیا بنی ہاشم نے اس کا اور قریب ہوا کہ درمیان بنی امیہ وبنی ہاشم کے بسبب اس دفن کے فتنہ ہو پس حضرت عائشہ نے کہا کہ مکان میرا ہے اور میں اذن نہ دوں گی کہ وہ دفن کئے جاویں اس میں پس وہ دفن کئے گئے بقیع میں۔

شہادت امام حسن علیہ السلام پر معاویہ کی اظہار مسرت

ہم ان واقعات کو اوپر اس مقام میں لکھ چکے ہیں جہاں ہم نے امیر معاویہ کی ان ضرورتوں کو بیان کیا ہے جسکی وجہ سے معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کے خون ناحق میں نہایت عجلت سے کام لیا اس مقام پر ان تمام واقعات سے قطع نظر کر کے جو ہم نے بیعت یزید کے متعلق معاویہ کی عجلت کے ثبوت میں لکھا ہے صرف ان میں سے تاریخی ثبوت کے انتخاب کو درج کرتے ہیں۔ اور اس توارد کے لئے ناظرین سے معافی کے خواستگار رہیں۔

حیواۃ الحیوان دمیری میں تاریخ ابن خلکان سے یہ عبارت درج ہے:۔ فی الحیوٰۃ الحیوان قال ابن خلکان لما مرض الحسن علیہ السلام کتب مروان الحکم الی معاویۃ بذالک وکتب الیہ معاویۃ ان اقبل المطالتی لخبر الحسن علیہ السلام فلمّا بلغ معاویۃ موتہ سمع تکبیرۃ من الخضراء فکبّرہ اھل شام کذالک التکبیر فقالت فاختہ بنت قریظہ لمعاویہ امر اللہ عنک ما الذی کبرت لاجلہ قال مات الحسن علیہ السلام فقال اعلی موت ابن فاطمۃ سلام اللہ علیہا فکبّر فقال ما کبرت شماتۃ ولکن استراح قلبی۔

جب امام حسن علیہ السلام بیمار ہوئے تو مروان نے اس کی اطلاع معاویہ کو لکھ بھیجی معاویہ نے لکھا جب وہ تمام ہو جائیں تو مجھ کو فوراً خبر دینا جب معاویہ کو خبر وفات معلوم ہوئی تو آواز تکبیر قصر الخضرا سے بلند ہوئی جس کو سنکر تمام اہل شام نے زور زور سے تکبیریں کہیں اسیر فاختہ بنت قریضہ جو اس وقت معاویہ

ذیل کے علماء باتفاق خود لکھتے ہیں کہ معاویہ کے کہنے سے جعدہ نے امام حسن علیہ السلام کو زہر دیا

استیعاب عبدالبر کی قال قتادۃ سم الحسن بن علی علیہما السلام سمتہ امرأتہ جعدۃ بنت اشعث ابن قیس الکندی وقال طائفۃ کان ذالک منہا بتدسیس معاویہ الیہا وما بذل لہا فی ذالک وکان لہ ضرائر

قتادہ نے کہا کہ زہر دیا گیا حسن ابن علی علیہما السلام کو اور زہر دیا جعدہ بنت اشعث بنت قیس الکندی نے کہا ہے ایک گروہ نے کہ تھا یہ فعل جعدہ کا معاویہ کے اغوا سے و بسبب اس مال کے جو معاویہ نے جعدہ کو دیا اس امر کے لئے اور امام حسن علیہ السلام کے متعدد ازواج تھیں۔

ربیع الابرار زمخشری کی یہ عبارت ہے وقال ابوھم عمر جعل معاویۃ لجعدۃ بنت الاشعث امرأۃ الحسن مائۃ الف درہم حتی سمتہ

کہا ابو عمر نے مزد مقرر کیا امیر معاویہ نے واسطے جعدہ بنت اشعث زوجہ امام حسن علیہ السلام کو سم

کے پاس موجود تھی کہنے لگی کہ تمہاری تکبیروں کے کہنے کا کیا باعث ہے معاویہ نے کہا امام حسن علیہ السلام نے انتقال کیا فاختہ نے کہا کہ کیا فرزند بتول سلام اللہ علیہا کی موت سُنکر بھی تکبیر کہنی چاہیئے معاویہ نے جواب دیا کہ میں نے شماتت کے خیال سے تکبیر نہیں کہی بلکہ اس خبر سے مجھکو استراحت قلبی محسوس ہوتی ہے

اسی واقعہ کو امام طبری نے اپنی تاریخ میں عبد اللہ ابن عباس کے اسناد سے یہی لکھا ہے۔

عن الفضل بن عباس قال وقد عبد اللہ ابن عباس علی معاویة قال فواللہ انی لفی المسجد اذ کبر معاویة فی الخضراء وکبر اهل الخضراء ثم کبر اهل المسجد بتکبیر اهل الخضراء فخرجت فاختة بنت قریظة بن عمر بن نوفل بن عبد مناف من خوخة لها فقالت سرك اللہ یا امیر ماهذا الذی بلغك فسرت به قال موت الحسن علیه السلام فقالت انا للہ وانا الیه راجعون ثم بکت وقالت مات سید المسلمین وابن بنت رسول المسلمین فقال معاویة نعما واللہ وواللہ ما فعلت انه کان کذالك اهلا ان یبکی علیه ثم بلغ الخبر ابن عباس ان الحسن علیه السلام توفی قال الذالك کبرت قال نعم واللہ ما موته بالذی اجلك ولئن اصیب به فقد اصبت بسید المرسلین و امام المتقین ورسول رب العالمین صلی اللہ علیه وآله اجمعین ثم جبر اللہ تعالی تلك المصیبة ورفع تلك العبرة فقال ویحك یا ابن عباس ما علمتك الا وجدتك معدارا

فضل ابن عباس کہتے ہیں کہ عبداللہ ابن عباس بطریق سفارت معاویہ کے پاس گئے ہوئے وہ ناقل ہیں کہ میں مسجد میں تھا کہ ناگاہ معاویہ نے تکبیر کہی اور قصر خضرا کے سب آدمی تکبیر کہنے لگے اور ان کی آواز سنکر مسجد کے آدمی تکبیر کہنے لگے یہ سُنکر فاختہ بنت قریظہ بن عمر بن نوفل بن عبد مناف اپنی کھڑکی سے

بقیہ حاشیہ:- ہزار تک یہاں تک کہ زہر دیا اس نے امام حسن علیہ السلام کو۔

ابوالفدا یہ مذکور ہے توفی الحسن من سم سقته امرأته جعدة بنت الاشعث قیل فعلت ذالك بامر معاویة وفات پائی جناب امام حسن علیہ السلام نے اس زہر سے جو پلایا تھا ان کو ان کی زوجہ بنت الاشعث نے کہا گیا ہے کہ یہ فعل جعدہ نے بحکم معاویہ کیا تھا:-

تذکرہ خواص الائمہ علامہ سبط ابن جوزی میں یوں مسطور ہے وقال الشعبی انما دس الی جعدة بنت الاشعث معاویة فقال سمی الحسن وازوجك یزید واعطیك مائة الف درهم فلما مات الحسن بعثت الی معاویة تطلب انجاز الوعد فبعث الیها بالمال وقال انی احب یزید وارجوا حیوته ولولا ذالك لزوجتك ایاه قال الشعبی مصداق ان الحسن کان یقول عند موته وقد ابلغه ما صنع معاویة لقد عملت شربته وبلغ امنیته واللہ لا یفی بما وعد ولا یصدق فیما یقول۔

نکلکر کہنے لگی کہ اے امیر خدا تجھ کو خوش رکھے کون ایسی خبر تجھکو لگی ہے جس کی وجہ سے آپ خوش ہوئے ہیں معاویہ نے کہا امام حسن علیہ السلام کے مرنے کی خبر سننے سے میں خوش ہوا ہوں فاختہ نے کہا انا للہ وانا الیہ راجعون یہ کہکر رونے لگی اور کہنے لگیں کہ افسوس ہے مسلمانوں کا سردار اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرزند ارجمند مر گیا معاویہ نے کہا ہاں قسم ہے وہ اسی کا اہل تھا جو کچھ میں نے کیا ہے اور وہ ہرگز اس کا اہل نہیں تھا کہ کوئی اسپر روئے یہ خبر عبداللہ ابن عباس تک پہنچی وہ آرام کر کے معاویہ کے پاس پہنچے معاویہ نے کہا اے ابن عباس تجھ کو معلوم ہوا ہے کہ امام حسن علیہ السلام کا انتقال ہو گیا عبداللہ ابن عباس نے کہا کیا تم نے اسی لئے تکبیر کہی تھی معاویہ نے کہا ہاں ابن عباس نے کہا واللہ اگر وہ مر گئے تو تو بھی باقی نہیں رہے گا اور اگر ہم مر جائیں گے تو سید المرسلین اور رسول رب العالمین سلام اللہ علیہم اجمعین کے پاس پہنچیں گے پس خداوند تعالےٰ ہمارے زخم کی مرہم پٹی کرے گا اور ہمارے آنسو پونچھ جائیں گے معاویہ نے کہا تجھپر افسوس ہے اے ابن عباس میں نے کبھی تجھ سے گفتگو نہیں کی کہ تجھ کو تیار نہ پایا ہو۔

عرب میں یہ دستور تھا کہ جب کوئی حریف اپنے مقابل حریف کی شکست اور اس کے مغلوب کرنے میں کامیاب ہوتا تھا تو انتہائی درجہ کی مسرت کا اظہار کرتا تھا اسلام نے جہاں اور رسم کی ترمیم کی وہاں اس دستور کی بھی مناسب اصلاح اس طرح پر کی کہ جب کوئی اہل اسلام اپنے دشمن پر غالب آتا تھا تو اپنے اظہار مسرت کے خیال سے تکبیر کے متعدد نعرے بلند کرتا تھا غزوات رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مجاہدین کے یہی آئین تھے اور ابھی تک تمام اسلامی قوموں میں اظہار مسرت کے مخصوص اوقات پر اللہ اکبر کہنے کا عام قاعدہ جاری رہی ہے۔

معاویہ کا یہ جوش مسرت تبلا رہا ہے کہ ان کو اپنے دشمن کے خاتمہ پر پوری قدرت اور کامیابی حاصل ہوئی جس کی فکروں میں وہ مدت سے بیچین ہو رہے تھے جناب امام حسن علیہ السلام کی وفات معاویہ کے لئے مغتنمات سے ضرور تھی حقیقت میں یہ واقعہ ان کے لئے کتنی بڑی مسرت کا باعث ہوا جس کے لئے انہوں نے

بقیہ حاشیہ :۔ کہا شعبی نے کہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ پوشیدہ طور سے معاویہ نے جعدہ بنت اشعث کو پیغام دیا کہ تو زہر دے امام حسن علیہ السلام کو میں تیرا نکاح یزید سے کر دوں گا اور تجھکو سو ہزار درہم دوں گا پس جس وقت وفات پائی امام حسن علیہ السلام نے پیغام بھیجا جعدہ نے معاویہ کو ایفائے وعدہ کا پس بھیجا معاویہ نے اس کے پاس مال اور یہ پیغام کہ میں دوست رکھتا ہوں یزید کو اور آرزو رکھتا ہوں اس کی زندگی کی اگر یہ نہ ہوتا تو البتہ تیرا نکاح اس سے کر دیتا اور کہا شعبی نے کہ مصداق اس قول کا یہ ہے کہ تحقیق حسن علیہ السلام فرماتے تھے اپنی موت کے وقت جبکہ معلوم ہوا ان کو وہ جو معاویہ نے کیا البتہ عمل کیا اس کے شربت سے (یعنی وہ میری ہلاکت کا باعث ہو گیا) اور وہ اپنی امید کو پہنچا خدا کی قسم ہے نہ وفا کرے گا اس کو جو وعدہ کیا ہے اس نے اور نہ صادق ہوگا اس میں جس کو وہ کہتا ہے۔

تکبیروں کے بلند ورنعرے ایسے مارے کہ مجلس کی مجلس اور وہ قصر کا قصر گونج اٹھا اپنی بے حد مسرتوں کی پرجوش مشغولیوں میں امیر صاحب کو یہ بھی خیال نہیں رہا کہ ہم کو اظہار مسرت کی یہ مراسم ایک غیر مسلم مخالف کے وقوع وفات کے وقت ادا کرنے چاہئیں وہ ہم اس کی شہادت کی خبر سنکر علی الاعلان ادا کر رہے ہیں جو فرزند رسول اور دلبند بتول سلام اللہ علیہم ہے۔

اب معاویہ کے دامن سے امام حسن علیہ السلام کے خون کے دھبے چھڑانے والے حضرات جو یہ باتیں بناتے ہیں کہ اس واقعہ سے معاویہ کو کوئی تعلق نہیں تھا وہ ان واقعات کو غور سے ملاحظہ فرما کر اپنی رائیں واپس لے لیں ایسے صریح اور صحیح واقعات کے مقابلے میں حضرت امام حسن المجتبےٰ علیہ السلام کی وفات کا باعث معاویہ کو نہ سمجھنا کسی سمجھدار آدمی کا کام نہیں ہو سکتا علامہ ابو الفدا تو اس مضمون کی نسبت یہاں تک لکھ چکے ہیں کہ امام حسن علیہ السلام کے مرنے کی خبر سنکر معاویہ نے شکرانے کے سجدے کئے۔

ہم اس بحث کے متعلق اس وجہ سے کہ ایک امر مسلمہ کو بیکار الجھاوے میں ڈال دینا اور تاریخی مضامین کو خواہ مخواہ مناظرے کے پیرایہ پر اتارنا زیادہ لکھنے کی مطلق ضرورت نہیں دیکھتے یہ بیان کیا جاتا ہے کہ مروان الحکم ان کی شہادت کا باعث ہوا ایسی ضعیف اور بے اصل دلیل ہے جو ہرگز ساخت کے قابل نہیں اس میں کسی کو کلام نہیں کہ مروان کا اس وقت تک ملک میں کوئی حصہ نہیں تھا جس کی وجہ سے وہ جناب امام حسن علیہ السلام کے ساتھ مخصوص عداوت رکھتا مگر نہیں مروان کو معاویہ کے صرف تعمیل احکام نے اس واقعہ پر مستعد کر دیا مروان الحکم مدینہ کا امیر تھا امام حسن علیہ السلام وہیں خانہ نشین تھے اس نے مروان کو جیسا لکھا مروان نے ویسی ہی تعمیل کی۔

بقیہ حاشیہ :- **تاریخ حبیب السیر** میں یوں مذکور ہے۔

متون کتب و اخبار چناں اخبار می نماید کہ چوں معاویہ ابن ابی سفیان خاطر برآں قرار داد کہ ولد پلید خود یزید را ولیعہد خود گرداند و می دانست کہ با وجود امام حسن رضی اللہ عنہ این امر تمشیت نمی پذیرد و زیرا کہ یکے از شروط صلح آں بود کہ معاویہ در وقت وفات امر خلافت را بشورے نگذارد و بہ ہمگی متوجہ ہدم قصر حیات آن صدر نشین ایوان امامت گشت و مروان الحکم را کہ طرید سیّد عالم صلعم بود بمدینہ ارسال نمودہ گفت باید کہ بہ تدبیر کہ توانی جعدہ بنت اشعث بن قیس را کہ زوجہ حسن علیہ السلام است فریب دہی۔

روضۃ المناظر میں یہ لکھا ہے: کان وفاتہ بسم سقتہ زوجتہ جعدۃ بنت الاشعث قیل فعلت ذالک بامر معاویۃ وقیل بامر یزید وکان اوصی ان یدفن عند جدہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فمنعت من ذالک عائشہ وفات امام حسن علیہ السلام کی اس زہر سے ہوئی جس کو ان کی زوجہ جعدہ بنت اشعث نے انہیں پلایا تھا کہا گیا ہے کہ جعدہ نے اس فعل کو معاویہ کے حکم سے کیا تھا یا یزید کے حکم سے اور وصیت کی تھی امام حسن علیہ السلام نے کہ مجھکو میرے جدّ بزرگوار کے پاس

یہ اُلٹی قدردانی بھی تعریف سے خالی نہیں حقوقِ معاویہ کے مویدین کو مروان کی اس خیر خواہی کے صلہ میں بہت سا کچھ انعام واکرام دینا چاہتا تھا نہ کہ اور اُلٹا الزام اپنا سارا قصور اس کے سر باندھا مروان ہی پر منحصر نہیں ہے ہم نے جہاں تک معاویہ کے حالات کی نسبت تحقیق کی ہے ہم کو یہ امر پورے طور سے ثابت ہوا ہے کہ کسی نے بھی آج تک عام اس سے کہ ان کی خیر خواہیوں میں پسینہ کی جگہ اپنے خون کا دریا نہ بہایا ہو مگر ان کی ذات سے سوائے برائی کے بھلائی کا منہ نہیں دیکھا مالک ابن اشتر کے زہر دینے والے کو کیا ملا ابن آثال خالد ابن ولید کے صاحبزادے کے قاتل نے کیا پایا یا جعدہ بنت اشعث کو امام حسن علیہ السلام کے قتل کے صلے میں کیا دیا گیا اسیطرح سعید ابن العاص اور مروان الحکم کو اپنی اپنی خدمات کے صلے میں جو نصیب ہوا وہ ابھی ابھی ہم روضۃ الصفا کی عبارت سے اوپر لکھ چکے ہیں۔

تیرہ سو برس کے بعد ہمارے ہمعصر مورخ نے ان کھلے ہوئے واقعات کے چھپانے کے لئے کیوں کوشش فرمائی ہے ان سے قبل ان جیسے ہزاروں نے بڑی بڑی جانفشانیاں کیں اور بہت سر مارے مگر سوائے مٹی خراب ہونے کے خاک ہاتھ نہ آیا آپ کے امیر صاحب نے آپ سے پہلے خود ہی یہ بندوبست کرنا چاہا تھا کہ یہ الزام ان کے سر نہ آئے مگر کہیں سلف سے آج تک ایسے واقعات بھی چھپائے سے چھپے ہیں اور ایسے الزامات بھی مٹائے سے مٹے ہیں چنانچہ امام طبری نے اس واقعۂ جانگزا کے ابتدا ہی میں امیر صاحب کی ان چالوں کی نسبت کہکر لکھدیا ہے کہ۔

”معاویہ در تدبیر ہلاک او (امام حسن علیہ السلام) استادتا او را بچہ روئے ہلاک کند تا مردمان بدانند کہ او را ہلاک کردہ است“ تاریخ طبری جلد چہارم صفحہ ۶۰۲۔

جب لگاتار اس وقت سے اس وقت تک کی کوششیں ان واقعات کو چھپا نہ سکیں اور نہ ان حالات کو صفحۂ روزگار سے مٹا سکیں تو ہمارے ہمعصر مورخ کی شمار کس قطار میں ہے۔ جو اصل واقعہ تھا وہ لکھ دیا گیا اب بھی ہمارے مرزا حیرت اس موقع پر اپنے امیر صاحب کی رعایت اور استخفاف معائب کی غرض سے حیرت فرمائیں اور ایسے کثیر الاسناد واقعات سے انکار کردیں تو ان پر اور ان کی خام تحقیقات پر سوائے حسرت اور حیرت کے کیا کہا جا سکتا ہے فاعتبروا یا اولی الابصار۔

یہ خام خیالی اور یہ کورانہ تقلید محض دنیاوی ثروت و اقتدار کے ظاہری اعتبار کے باعث سے قائم ہوئی ہے ورنہ معاویہ میں کوئی ایسے صفات موجود نہیں تھے جن کی وجہ سے ان کی متابعت اور اطاعت لازم ہوتی ان کے تمام حالات ہم پوری تفصیل کے ساتھ اس سلسلہ کی جلد اول میں جمع کر چکے ہیں پھر ان کے لکھنے

بقیہ حاشیہ :- دفن کرنا مگر عائشہ وہاں دفن ہونے سے مانع ہوئیں۔

سیرۃ الاولیا میں امیر خسرو تحریر فرماتے ہیں۔

جعدہ بنت الاشعث الکندی بانگیختہ معاویہ طریقے کہ دست داد امیر المومنین حسن علیہ السلام را زہر داد و

کی کوئی ضرورت نہیں مگر چونکہ ان کے عادات و اطوار اور رفتار و کردار کے متعلق ہم کو تھوڑی سی بحث کرنی ضروری ہے اس لئے ہم ان کے ذاتی حالات کے متعلق ان اخبار و آثار کو نہایت اختصار کے ساتھ ذیل میں درج کرتے ہیں جو اسلام کی عام کتابوں میں مندرج ہیں۔

شیخ عبدالحق صاحب دہلوی مدارج النبوۃ میں لکھتے ہیں۔

محدثان گفتہ اند کہ ثابت نہ شد در فضل معاویہ ہیچ روایتے ،

محدث دہلوی کے علاوہ امام شعیب ابو عبدالرحمٰن نسائی کا قول ملاحظہ فرمائیے وہ صحیح میں تحریر کرتے ہیں۔ **ما اعرف له فضله الا لا اشبع الله فی بطنه** میں معاویہ کی فضیلت بجز اس کے اور کچھ نہیں جانتا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ خدا اس کے پیٹ کو نہ بھرے پھر دوسرے مقام میں امام صاحب ان کی نسبت تحریر فرماتے ہیں **اما یرضی معاویہ ان یخرج راسا براس** فضائل و مناقب سے قطع نظر کر کے کیا معاویہ اسی پر راضی نہیں ہے کہ وہ صرف نجات ہی پا جائیں۔

علامہ محمد ابن اسحٰق اصفہانی وفیات الاعیان امام یافعی اور مراۃ الجنان اور تاریخ ابن خلکان کے اسناد متواتر سے لکھتے ہیں۔ **سمعت مشائخنا بمصر یقولون ان اباعبدالرحمن النسائی فارق مصر فی آخر عمره وخرج الی دمشق فسئل عن معاویة وما روی من فضله فقال اما یرضی معاویة ان یخرج راسا براسه حتے یفضل وفی روایة ما اعرف له فضیلته الا لا اشبع الله بطنه** محمد ابن اسحٰق اصفہانی کہتے ہیں کہ میں نے اپنے مشائخ سے سنا ہے کہ امام عبدالرحمٰن نسائی علیہ الرحمہ اپنی آخر عمر میں مصر سے شہر دمشق چلے گئے تھے وہاں لوگوں نے ان سے معاویہ کے فضائل و مناقب کی نسبت پوچھا تو امام صاحب نے جواب دیا کہ کیا امیر صاحب اس پر راضی نہیں ہوتے کہ وہ نجات ہی پا جائیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ امام صاحب نے فرمایا مجھے انکی کوئی فضیلت معلوم نہیں سوائے اس کے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان کے لئے فرمایا کہ خدا ان کے پیٹ کو نہ بھرے۔

سواد اعظم اہلسنت میں ان کی نسبت جو کھلبلی پڑی ہوئی ہے وہ لطف سے خالی نہیں ان کی خلافت اور امارت آج تک گومگو کی غیر مفصل حالت میں ہے چنانچہ اس بحث کو نہایت تفصیل کے ساتھ ہمارے معزز ہمعصر مولانا عبیداللہ صاحب حنفی امرتسری نے اپنی کتاب ارجح المطالب فی عد مناقب جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام کے ۷۵۳ سے لے کر صفحہ ۶۵۲ تک قریب قریب تیس ورقوں کے لکھا ہے جس میں انہوں نے ان تمام شبہات اور مغالطوں کو نہایت متانت اور کمال وضاحت سے نقل فرما دیا ہے جو اکثر خام تحقیق والے حضرات کو معاویہ کی نسبت ان کے کاتب الوحی۔ خال المومنین مجتہد مخطی صحابہ کلہم عدول وغیرہم کی وجہ سے لاحق ہوتے ہیں چونکہ ہم اپنے تاریخی سلسلہ کو مناظرہ کی چاشنی سے زیادہ سخت کرنا نہیں چاہتے اس لئے ہم امیر صاحب کے مؤیدین کی خدمت میں اپنے معزز ہمعصر خواجہ صاحب کی وہ عالمانہ اور منصفانہ

تحریر جس کا حوالہ دیا گیا ہے پیش کر کے یہ درخواست کرتے ہیں کہ وہ اسکو غور سے پڑھکر اپنے خیالوں کی غلطی کی اصلاح فرمالیں اور امیر صاحب کی کورانہ تقلید کے گڑھے میں اوندھے منہ نہ گر پڑیں-

اب ہم خواجہ صاحب کی مفصل اور مطول عبارت کا ایک مختصر خلاصہ ذیل میں درج کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ معاؓ مسلمان تو تھے مگر مسلمانان الفتح میں داخل اور گروہ مولفۃ القلوب میں شامل چنانچہ امام عبدالبر استیعاب میں لکھتے ہیں ھو وابوہ واخوہ من مسلم الفتح وہ اور ان کے باپ اور بھائی فتح مکہ کے مسلمانوں میں تھے- فتح مکہ والے مسلمانوں کا جیسا ایمان ہے وہ سب پر ظاہر ہے ان کا اسلام لانا عین مجبوری اور کمال معذوری اور "اٹکا بنیا سودا کرے" کی مثال پوری ہے-

ابن اثیر اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ اور امام عبدالبر استیعاب میں لکھتے ہیں قال ابو عمر معاویۃ وابوہ من المولفة القلوب مولفۃ القلوب کے رسوخ ایمان کی حقیقت میرے کسی بیان کی محتاج نہیں-

بہرحال کسی نہ کسی طرح صحابہ کا اطلاق اگر ان پر قائم بھی کیا جاوے تو بھی ان کے اعمال ان کے حرکات ان کے کرتوت ایسے گذرے ہیں کہ وہ طبقہ بھی ان سے ایک شرمناک سبق لیتا ہے مگر تاہم ہم یہ دکھلاتے ہیں کہ صرف صحابہ کہلانے ہی سے ان کی بداعمالیاں محاسن سے نہیں بدل سکتیں اور ان کے عذاب ثواب سے متغیر نہیں ہوسکتے چنانچہ علامہ سعد الدین تفتازانی شرح مقاصد میں لکھتے ہیں- ما وقع بین الصحابہ من المحاربات والمشاجرات علی الوجہ المسطور والمذکور علی السنۃ الثقات یدل بظاہرہ علی ان بعضہم قد جاوز عن طریق الحق وبلغ حد الظلم والفسق وکان الباعث علیہ الحقد والعناد واللدد وطلب الملک والریاسات والمیل الی اللذات والشہوات اذ لیس کل صحابی معصوما ولا کل من لقی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بالخیر موسوما جو محاربات اور منازعات صحابہ سے وقوع میں آئے وہ کتب تواریخ میں مسطور اور ثقہ لوگوں کی زبانوں پر مذکور ہیں بظاہر اس امر پر دال ہیں کہ بعض صحابہ طریق حق سے تجاوز کر کے حد ظلم و فسق تک پہنچ گئے ہیں اور باعث اس کا کینہ- عناد- حسد- شدت خصومت- طلب ملک و ریاست اور شہوات نفسانی کی طرف میلان ہے کیونکہ ہر صحابی معصوم اور ہر وہ شخص جس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کی وہ خیر یعنی نیکی کے ساتھ موسوم نہیں تھا

علامہ سعد الملۃ والدین کے اس قول سے تو صحابہ کلہم عدول کا بالکل پردہ اٹھ گیا اور ان کا یہ حلقہ صحابۂ کرام کے دائرہ کے چاروں طرف گھوم گیا جس میں مہاجرین اولین بدری احدی خندقی اور خیبری غرضیکہ ہر طبقہ اور ہر درجہ کے صحابی شامل ہیں تو پھر ان کے مقابلے میں معاویہ کا کیا اعتبار- یہ تو غریب فتح مکہ کے بعد والے مسلمانوں میں تھے اور گروہ مولفۃ القلوب میں داخل تھے جب طبقہ اولی کا اعتبار ثابت نہیں ہوتا تو انکی عصمت کا خدا حافظ ہے یہ تو تمام صحابہ کی ذی اعتباری کی اجمالی کیفیت تھی جس میں معاویہ اور غیر معاویہ سب شامل تھے اب خاص معاویہ کی ذاتی قدر و منزلت علمائے کرام کی نگاہوں میں کہاں تک ثابت

ہوتی ہے وہ بھی ملاحظہ ہو۔

علامہ ابن حجر صواعق محرقہ میں تحریر فرماتے ہیں ومن اعتقاد اہلسنت والجماعت ان ما جری بین معاویۃ وعلے علیہ السلام من الحروب ولم یکن المنازعۃ فی الخلافۃ للاجماع علی حقیتہا لعلے علیہ السلام اہلسنت والجماعت کا اعتقاد ہے کہ جو محاربات معاویہ اور علی علیہ السلام کے مابین واقع ہوئے وہ خلافت کا جھگڑا نہیں تھے کیونکہ علی علیہ السلام کی خلافت پر اجماع ہو چکا تھا۔

اس قول سے امیر صاحب کے افعال کی وقعت کہاں تک ہوتی ہے علامہ عبدالشکور سلمی التمہید فی بیان التوحید میں تحریر کرتے ہیں وقال اہل السنۃ والجماعۃ ان معاویۃ فی حال حیوۃ علے علیہ السلام ومن تابعہ وکانوا مخطئین فی دعوی الامارۃ والبیعۃ باغین فی المقاتلۃ مع علے علیہ السلام اہلسنت والجماعت کہتے ہیں کہ معاویہ اور ان کے پیرو جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام کی زندگی میں امارت اور بیعت کے بارے میں خطاوار تھے اور جناب علی علیہ السلام کے ساتھ جنگ کرنے میں باغی تھے۔

لیجئے ایک نشد دو شد خیریت سے ابھی تک تو صرف خطاوار ہی تھے اب باغی بھی ثابت ہوئے ہم علامہ تفتازانی کا ایک دوسرا قول شرح مقاصد سے لکھتے ہیں وہ یہ ہے:

ذہب الکثیرون الی ان اول من بغی فی الاسلام معاویۃ اکثر علما کا مسلک یہ ہے کہ جس شخص نے اسلام میں سب سے پہلے بغاوت کی وہ معاویہ تھے۔

علامہ عبدالشکور اور علامہ تفتازانی کے فتاوے کے مطابق تو امیر صاحب پورے باغی ٹھہر گئے ان حضرات نے جو اہلسنت والجماعت کے سواد اعظم میں تمام مقتدا اور پیشوا تسلیم کئے جاتے ہیں تو بالکل دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیا اور امیر صاحب کی رہی سہی وقعت کو خاک میں ملا دیا اہل اسلام میں اب وہ کون ایسا عقل کا اندھا ہوگا جو باغی اور پھر نمبر اول کے باغی کے مطیع رہنے اور اس کی اطاعت و متابعت کو اپنا ایمان سمجھنے کا اقرار کریگا لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ہم سمجھتے ہیں کہ جو شامت کے مارے جاہل بیچارے اندھی بھیڑوں کی طرح اس کنوئیں میں گر پڑے ہیں اگر انہوں نے کچھ آنکھ کھولکر دیکھا بھالا اور اپنے آپ کو اس چاہ ضلالت سے نکالا تو خیر نہیں تو ان کو سچے اسلام والے ضرور لہم اعین لا یبصرون بہا ولہم اذان لا یسمعون بہا میں داخل اور آیہ دانی ہدایہ لا ناصر ولا مولا لہم میں شامل کریں گے۔

معاویہ کے حفظ معائب کے لئے اسی جیسا ایک اور جال تنا جاتا ہے اور ایک اور وہم بیان کیا جاتا ہے وہ خطائے اجتہادی کی شق ہے اگرچہ اس کے متعلق بھی ہم پوری بحث اس سلسلہ کی جلد اول میں لکھ آئے ہیں مگر پھر مناسب مقام اور سلسلہ بیان کے قیام کے لحاظ سے اختصار کے طور پر لکھتے ہیں۔

معاویہ ابن ابی سفیان کی خطائے شنیع پر جو خطائے اجتہادی کا اتنا لمبا چوڑا شرعی پردہ ڈالا جاتا ہے

اور عام طور سے ان کا کلنگ کا ٹیکہ جو ان کا نوشتۂ تقدیر تھا دنیا کی نگاہوں سے پوشیدہ کیا جاتا ہے۔ حقیقت میں ایسی جہل کوشش ہے جو کبھی مفید نہیں ہو سکتی یہ وہ سفید داغ ہیں جو نہ چھپائے چھپتے ہیں اور نہ مٹائے مٹتے ہیں ؎

باآب کوثر و زمزم سفید نتواں کرد   گلیم بخت کسے را کہ بافتند سیاہ

ہم ان کی خطائے اجتہادی کی جمی جمائی قلعی صرف دو مستند اور معتبر علما کے اقوال لکھ کر کھولے دیتے ہیں ہمارے ناظرین سمجھ لیں گے کہ ان ابلہ فریبیوں کی حقیقت کیا ہے چنانچہ کتاب مطالب السئول میں علامہ محمد ابن طلحۃ الشافعی ان کی خطائے اجتہادی کی نسبت اپنی رائے ذیل کی عبارت میں لکھتے ہیں۔

قیل معاویۃ من کتاب النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وکان خال المومنین فکیف یحکم علیہ وعلی من معہ یکونہم بقتال علی علیہ السلام بغاۃ فی فعلہم جائزین عن سنن الصّواب بقصدہم قاصدین بما ارتکبوہ من فیہم الجبن فی زمرۃ الخارجین من طاعۃ ربّہم قلت لم احکم علیہم بصفۃ البغی ولوازمہا وضعا وافتراءً واختراعا بل حکمت بہا نقلا واتباعا فانّہ روی الائمۃ الاعیان من المحدثین فی مسانیدہم الصّحاح احادیث متعددۃ ترفع کلّ واحد منہم حدیثہ بسندہ الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم قال لعمار ابن یاسر رضی اللہ عنہ تقتلک الفئۃ الباغیۃ وہذا الحدیث لا خطاء فی اسنادہا ولا اضطراب فی متونہا فثبت بہا ان النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم وصف الفئۃ القاتلۃ عمّارا بکونہا باغیۃ وصفۃ البغی لا ینفک عنہا وہی لازمہا والبغی عبارۃ من الظلم وقصد الفساد فکلّ من کان باغیا کان ظالما جائرا وکان فاسقا خارجا عن طاعۃ ربّہ فتکون الفئۃ القاتلۃ عمّارا متصفۃ بہذہ الصّفات بخبر الصّادق المصدوق

خلاصہ کلام فاضل یہ ہے کہ اکثر یہ بات کہی جاتی ہے کہ معاویہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کاتب اور تمام مسلمانوں کے ماموں تھے تم ان پر اور ان کے متابعین پر حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے کیوں الزام لگاتے ہو اور کس طرح ان پر بغاوت کا حکم لگاتے ہو اور یہ کہتے ہو کہ وہ اپنے فعل میں راہ ثواب سے بھٹکے ہوئے اور قصداً بغاوت کے مرتکب اور خدا کی اطاعت سے خارج ہونے والے تھے ہم کہتے ہیں کہ ہم نے ان پر بغاوت کا حکم بناوٹ جھوٹ اور اپنی طرف سے گھڑ کر نہیں لگایا بلکہ یہ حکم ہم نے بوجہ نقل اور اتباع کے کیا ہے جس کو محدثین میں سے مشہور آئمہ نے اپنے اپنے صحیح مسندوں میں متعدد حدیثوں کے درمیان روایت کیا ہے اور ہر ایک ان میں سے اپنی حدیث کی سند کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچاتا ہے کہ عمار یاسر رض کی نسبت آنحضرت نے فرمایا تھا کہ تجھے باغیوں کا گروہ قتل کرے گا یہ ایسی حدیث ہے کہ جس کے اسناد میں کوئی خلل نہیں ہے اور نہ اس کے متون میں کسی قسم کا اضطراب ہے پس ثابت ہوا کہ آنحضرت نے عمار یاسر رض کے قاتلوں کے گروہ کا وصف باغی ہونے کے ساتھ قرار دیا ہے اور بغی کا وصف

اس گروہ سے علیحدہ نہیں ہو سکتا اس گروہ کے لئے یہ وصف لازمی ہے اور بغاوت کے معنی ظلم اور کثرت فساد کے ہیں پس جو شخص کہ باغی ہے وہ ظالم جابر عدل سے تجاوز کرنے والا اور خدا کی اطاعت سے خارج ہونے والا ہے پس حضرت عمار یاسر رضی اللہ عنہ کے قتل کرنے والوں کا گروہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمانے کے مطابق ان صفات سے متصف ٹھہرایا۔

اب محمد ابن طلحہ الشافعی کی ایسی روشن اور واضح دلیل پڑھکر بھی کیا حقوق بنی اُمیہ کے مویدین عموماً اور امیر معاویہ کے مقلدین خصوصاً اپنی خطا پر نادم نہیں ہوں گے اور کیا اب بھی امیر صاحب کے مجتہد مخطی یا خطائے اجتہادی کے زعم باطل سے استعفا نہیں دیں گے ہم ابھی تک تو ان کے خطا کار اور قصوروار ہی ہونے پر تنہا اصرار کر رہے تھے علامہ موصوف نے تو ان کو اور ان کے تمام محاصرات و محاربات کو جن کی نسبت ان کے معتقدین آج تک جہاد فی سبیل اللہ ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں صحیح مفسدات اور صریح بغاوت ٹھہرا کر ان کو ظالم جابر عدل سے تجاوز کرنے والا یہاں تک کہ خدا کی اطاعت سے خارج ہونے والا ٹھہرایا وہ بھی اپنے قول سے نہیں بلکہ مخبر صادق صلے اللہ علیہ وآلہ کے قول سے جس کو تمام معتبر اور مستند محدثین نے باسناد متصل اپنے اپنے صحاح اور مسانید میں لکھا ہے اب ہم نہیں سمجھتے کہ جب محدثین کے تمام طبقے نے اپنی صحاح تالیفات میں اس خیال کی کامل طور سے تردید فرمائی ہے تو پھر اس خطائے اجتہادی کے مسئلے پر اصرار کرنے والی جماعت آنکھوں پر پٹی باندھکر اوندھے منہ ضلالت کے گڑھے میں کیوں گری پڑتی ہے اگر علامہ محمد ابن طلحۃ الشافعی کی تنہا رائے پر اعتبار نہ کیا جائے تو ہم روضۃ الندیہ شرح تحفۃ العلویہ سے حافظ محمد بن صلاح الامیر الیمانی جو اہلسنت والجماعت کے سواد اعظم میں امام الصنعانی کے معزز خطاب سے یاد فرمائے جاتے ہیں ذیل کی عبارت بلفظہ نقل کرتے ہیں جس کو امام صاحب نے خاصکر اپنے فرقہ کے خام عقائد والوں کی تنبیہ کے لئے مخصوص تحریر فرمایا ہے۔

قال النواصب قد اخطاء فی الاجتہاد واخطا فیہ صاحبہ والعفو فی ذاك مرجو لفاعلہ وفی اعالی الجنان الخلد راکبہ قلنا کذبتم فلم قال النبی صلے اللہ علیہ والہ وسلم لنا فی النار قاتل عمار وسالبہ واما دعوی الاجتہاد لمعاویۃ فی قتالہ الا کدعوی ابن حزم ان ابن ملجم شقی الاخرین مجتہد فی قتلہ لعلی علیہ السلام کما حکاہ عنہ الحافظ ابن حجر فی تلخیصہ واذ کان من ارتکب ہواہ ونفق باطلاً یروج بہ ما یراہ اجتہاد المرتبی فی الدنیا مبطل ذلا یات احد منکراً الا وقد ذہب لہ عذر

ناصبی گروہ کے لوگ کہتے ہیں کہ امیر معاویہ ان کے دوست سے خطا فی الاجتہاد صادر ہوئی ہے جس کے فاعل کے لئے خدا سے عفو کی اُمید کی جاتی ہے اور وہ جنت خلد کے عالی درجات میں ہوگا ہم کہتے ہیں تم لوگ جھوٹ کہتے ہو اگر تمہارا قول سچ ہے تو پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کیوں کہا تھا کہ عمار یاسر رضی اللہ عنہ اور ان کے مقتول ہو جانے کے بعد ان کے ہتھیار لے جانے والا جہنم میں ہوگا امیر معاویہ کے لئے ان کے جنگ کرنے کے ادعا میں

اجتہاد کا دعوے کرنا ایسا ہی ہے کہ جیسا ابن حزم نے باوجود اس قدر علم و فضل کے ابن ملجم اشقی الاخرین کو جناب امیر المومنین علیہ السلام کے قتل میں مجتہد قرار دیا ہے چنانچہ ابن حجر نے تلخیص میں ابن حزم سے اس بات کو نقل کیا ہے جب کوئی شخص اپنے ہوا و ہوس کے گھوڑے پر سوار ہو کر ہذیان بکنا شروع کرے تو جس کو چاہئے اجتہاد کہئے ایسی ایسی تاویلات سے دنیا میں کوئی امر باطل نہیں رہے گا جس کے لئے کوئی نہ کوئی عذر گھڑ لیا نہ جائے۔

امام صنعانی کی اس رائے کے بعد جو اس بحث کا اخیر فیصلہ ہے ہم کو پھر کسی دوسرے قول لکھنے کی مطلق ضرورت نہیں ہے کیونکہ جب اتنا بڑا محقق ایسے ایسے خیالات کاسد اور اعتقادات فاسد کو ہذیان سے نسبت دے تو ہم کو ایسے لوگوں سے بمصداق آیہ وافی ہدایہ واعرض عن الجاهلين زیادہ الجھنے کی ضرورت نہیں ہے اس لئے ہم اس بحث کو تمام ثبوتوں کے ساتھ خاتمہ تک پہنچا کر اپنے مضامین کے دوسرے سلسلہ کو آغاز کرتے ہیں۔

یہ کہا جاتا ہے کہ جناب امیر المومنین علیہ السلام کی وفات کے بعد امیر معاویہ تمام بلاد اسلامی میں خلیفہ تسلیم کر لئے گئے اور جب خلافت و امارت مسلّم ہو چکی تو متابعت و اطاعت بھی لازمی ٹھیری؛

یہ بھی یادر ہوا خیال ہے اور کچھ بھی نہیں دومۃ الجندل میں ایسی کوری بے ایمانی کی گئی اور ایمان فروش عمرو عاص نے اپنے سادہ لوح مقابل ابوموسی الاشعری سے جو چال چلی جس کی وجہ سے معاویہ کی خواہ مخواہ سلطنت ہو گئی دنیا کی نگاہوں سے پوشیدہ نہ رہ سکی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ باوجود تمام ملکی اختیارات حاصل ہو جانے اور تمام قلمرو اسلامی میں فرمان روائے عصر مان لئے جانے کے بعد بھی معاویہ کو کسی نے خلیفہ نہ لکھا نہ لکھا اور نہ انکی حاصل کردہ سلطنت کو خلافت تسلیم کیا اس بیان کے ثبوت میں علمائے کرام کے اعتقادات اور ارشادات ملاحظہ فرمائیے۔

فخر الاسلام بزودی علیہ الرحمہ المیسر میں تحریر فرماتے ہیں ومعاویة ماکان من جملة الخلفاء ولکن کان من جملة الملوك علی روینا عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ قال الخلافة بعدی ثلاثون سنة ثم بعدہ ملك عضوض وقد تم ثلاثون بعلی علیہ السلام

معاویہ خلفا میں سے نہیں ہیں بلکہ ملوک میں سے ہیں بنا بر اس حدیث کے کہ فرمایا جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ اجمعین نے کہ خلافت میرے بعد تیس برس تک رہے گی پھر ایک درندہ بادشاہی ہو گی اور تیس برس جناب امیر المومنین علی ابن ابی طالب علیہ السلام تک ہو گئے۔

اہلسنت والجماعت کی جماعت میں وہ کون ہو گا جو ایسی صحیح السند حدیث الخلافت من بعدی ثلاثون سنة ثم بعدہ ملك عضوض سے انکار کرے گا تا وقتیکہ اس حدیث سے انکار نہ کیا جاوے امیر صاحب کی خلافت اور ان کا خلیفہ ہونا قطعی محال ہے۔

علامہ بزودی کے علاوہ امام جلال الدین سیوطی کے اقوال جن کو ابن ابی شیبہ نے اپنی کتاب مصنف میں نقل کیا

ہے ذیل میں نقل کرتے ہیں۔

عن سعید بن جمهان قال قلت لسفینة ان بنی اُمیّة یزعمون ان الخلافة منهم قال کذبوا بنو الزرقاء بل هم ملوک من اشد الملوک واول الملوک معاویة سعید بن جمہان کہتے ہیں کہ میں نے سفینہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ بنی اُمیہ اپنے آپ کو خلفاء جانتے ہیں وہ کہنے لگی یہ گنجی عورت کے نطفے جھوٹ کہتے ہیں یہ لوگ سخت ترین بادشاہوں سے ہیں اور ان میں سے پہلا بادشاہ معاویہ ہے۔

اب اس سے بڑھکر ہم اپنے دعوے کے ثبوت میں اور کون مستند اور معتبر اقوال ان سے زیادہ پیش کرسکتے ہیں مگر اسپر بھی امیر صاحب کے مؤیدین کے اصرار کم نہوں تو پھر ہم فخرالاسلام حسن بزدوی علیہ الرحمہ کا قطعی فیصلہ درج کئے دیتے ہیں "لان احد من الصحابة لم یرہ امام حق ولم یعقد له عقد الامامة" کسی صحابی نے ان کو امام نہیں لکھا اور نہ اُن پر امامت کا عقد ہوا "وما کان من جملة الخلفآء" اور یہ خُلفا میں سے بھی نہیں تھے لیجئے امامت وخلافت سب رخصت اب ہاں کیا معاویہ کی نسبت خیال اور محض جھوٹی فضیلتوں نے جیسی جاہل مسلمانوں کی جانوں پر مصیبت ڈھائی ہے وہ بیان نہیں کی جاسکتی ان کی آنکھوں پر جہالت کے پُرزور ہاتھوں سے ایسی سخت پٹی باندھ رکھی ہے کہ وہ باوجود اتنے صحیح الاسناد اقوال کے حق و باطل میں کچھ بھی تمیز نہیں کرتے نہ محدثین کے اقوال پر اعتبار کرتے ہیں نہ مخبر صادق علیہ السلام کے قول کی تصدیق جس کو تمام معتبر و مستند محدثین نے بسند متصل اور موثق اپنے اپنے صحاح میں لکھا ہے کہ اب ہم نہیں سمجھتے کہ جب محدثین کے تمام طبقے نے اپنے صحاح تالیفات میں اس خیال کی کامل طور سے تردید فرمادی ہے تو پھر اس خطائے اجتہادی پر اصرار کرنیوالے حضرات کیوں اوندھے منہ گڑھے میں گرے پڑتے ہیں نہ وہ لوگ جمہور کے متفق علیہ عقائد پر نگاہ کرتے ہیں نہ سواد اعظم کے مسلم اصول پر لحاظ تعجب ہے کہ امیر صاحب کے اقتدار اور ان کی محبت واُلفت وعقیدت کا تو اتنا لحاظ کیا جاوے مگر بخلاف اس کے جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اقوال پر جو صحابہ اور تابعین اور معتبر و مستند محدثین کے قوی اور صحیح اسناد سے مکمل اور مسلسل پایا جاتا ہے کوئی اعتبار نہیں کیا جاتا اور اس پر کوئی توجہ نہیں فرمائی جاتی ہم کو یقین ہے کہ شاید اپنے امیر صاحب کے عقیدت کے خیالوں میں اس قدر ترقی کرگئے ہیں کہ اپنے امیر صاحب کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ترجیح دیتے ہیں۔ اللّٰھم احفظنا من ھذہ العقائد الفاسد

اسلامی فضیلت شرف صحابیت اعزاز خلافت منصب اجتہاد وغیرہ وغیرہ ایک ایک کرکے سب تو ہوچکے اب وہ کون شرافت ان کے متعلق رہی جاتی ہے جس کے واسطے ان کی عقیدت وارادت ایسے خلوص کے ساتھ برتی جاتی تھی اب تو ہم جانتے ہیں کوئی شرافت نہیں مگر ہاں خوب وقت پر یاد آیا انہیں توہمات کے ضمن میں دو خیالی شرافتیں اور بیان کی جاتی ہیں ایک تو خال المومنین ہونے کی شرافت دوسرے کاتب الوحی ہونے کے اعزاز یہ دو دلیلیں ایسی لاغر ہیں کہ کوئی عاقل ان پر ذرا بھی توجہ نہیں کرے گا اور ان کی تردید کو محض اپنی

تضیع اوقات سمجھے گا مگر ہم جب ان کی تمام شرافتوں کی قطع و برید کرنے آئے ہیں تو لگے ہاتھوں ان کو بھی کیوں چھوڑنے لگے۔

خال المومنین ہونے کی مہمل شرافت کو محمد ابن طلحۃ الشافعی نے ایسا ناقابل توجہ سمجھا کہ اُس پر کوئی لحاظ نہ فرمایا اور اپنی تضیع اوقات سمجھکر اس کی نسبت کچھ نہ لکھا اور ہم بھی اس کو ایسا ہی فضول اور طول کا باعث سمجھکر صرف اتنا لکھے دیتے ہیں کہ اگر خال المومنین ہونے کی شرافت سے ان کی فضیلت ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو پھر اس دائرہ میں حضرت اُم حبیبہ کے بھائی کی تنہا خصوصیت حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا حضرت عائشہ حفصہ سودہ میمونہ صفیہ وغیرہ وغیرہ سب کے بھائیوں کے لئے یہی استحقاق قائم کیا جائے گا۔

اب کتابت وحی کی دلیل بھی ایسی ہی ناکافی دلیل ہے جو عقل و شعور سے کوسوں دُور معلوم ہوتی ہے خال المومنین اور کتابت وحی دونوں شرافتوں کی حقیقتوں کو ملّا عبدالرحمن جامی اور حکیم سنائی غزنوی نے جو فرقۂ اہلسنت والجماعت میں شریعت اور طریقت دونوں کے رُکن اعظم تبلائے جاتے ہیں اچھی طرح تبلا دیا ہے ملّا جامی کتابت وحی کی نسبت تحریر کرتے ہیں ؎

اختلافے کہ داشت با حیدر   در خلافت صحابی دیگر
حق در آنجا بدست حیدر بود   جنگ با او خطائے منکر بود

خال المومنین کی نسبت حکیم سنائی تحریر فرماتے ہیں:-

حدیقہ سنائی

پسر ہند گرچہ خال من است   دوستی ویم بکارے نیست
در نوشتت او خطے برائے رسولؐ   ہم وراں نیز اقتدارے نیست
ہم در آنجا کہ شیر یزدان است   از خط و خال اعتبارے نیست

خال المومنین کی فضیلت تو خالی گئی کتابت وحی کی اصلی حقیقت بھی معلوم ہوئی اب اس پر بھی تسکین نہ ہو تو محدث دہلوی شیخ عبدالحق صاحب کا قول مدارج النبوۃ میں دیکھ لیں کہ وہ تحریر فرماتے ہیں۔

معاویہ ابن ابوسفیان کنیت کردہ می شود بہ ابی عبدالرحمن یکے از آں جملہ این است کہ می نوشت برائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم و بعضی گویند نوشت وحی صاحب جامع الاصول می گوید کتابت وحی بداشت در مواہب لدنیہ می گوید وی مشہور است بکتابت وحی و بعضے گویند وے نمی نوشت وحی را بلکہ می نوشت کتب و مناشیرا۔

لیجئے کتابت وحی کی اصلیت بھی معلوم ہوگئی کہ طبقات محدثین میں سے کسی کو اس کی نسبت صحیح اطلاع ہی نہیں امیر صاحب کی کتابت کا مسئلہ بھی دریائی افریقہ کی وسعت ہوئی جو آجتک زمانۂ موجودہ کے اہل جغرافیہ کو اپنی حقیقت پر آگاہ نہ کرسکی اور اصل امر تو یہ ہے کہ کتابت وحی کی وجہ سے فضیلت ثابت کرنا ایسا ہی

مہمل خیال ہے جس کی بنا کسی سطح پر قائم نہیں رہ سکتی چنانچہ اس وہم کی نسبت ہمارے قابل قدر ہمعصر خواجہ عبید اللہ صاحب ارجح المطالب میں تحریر فرماتے ہیں :-

"بعض اشخاص بیان کرتے ہیں کہ وہ کاتب الوحی تھے خیال کرنا چاہیئے کہ اگر کتابت وحی سے کسی قسم کی فضیلت ثابت ہوتی ہے تو مروان الحکم کے لئے بھی ثابت ہوتی ہے" ارجح المطالب ص ۶۶۷

اب ہمارے لئے ضرور نہیں ہے کہ ہم اس کے متعلق زیادہ لکھکر اپنے عزیز اوقات کو بیکار صرف کریں اور اپنی کتاب کا غیر ضروری حجم بڑھائیں حقوق معاویہ کے مؤیدین اپنے امیر صاحب کی نسبت جتنی جھوٹی اور جعلی فضیلتیں ثابت کرنا چاہتے تھے وہ تمام و کمال معدوم ہو گئیں اب کوئی شوشہ بھی ایسا باقی نہیں رہا جس کو وہ فضیلت معاویہ میں شمار کرتے ہوں اور اس کی کامل تردید اس مختصر کتاب میں تحریر نکر دی گئی ہو مگر ابھی ایک امر اور رہ جاتا ہے جس کو ان کے طرفدار جناب امام حسن علیہ السلام سے خاص نسبت دیکر ان کی فضیلت کی شہادت ثابت کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ اگر معاویہ لائق نہ ہوتے تو امام حسن علیہ السلام خلافت کے کاروبار ان کے تعلق نہ فرماتے۔

اول تو یہ خیال اور تنہا یہ خیال بلکہ وہ تمام توہمات جو فضیلت معاویہ کی نسبت اوپر لکھے گئے ان لوگوں سے مخصوص تعلق رکھتے ہیں جو خلافت اور خلیفہ کے ظاہری معنوں پر فریفتہ ہو کر اپنے جوش عقیدت اور حد خلوص سے تجاوز کر گئے ہیں علمائے کرام نے ان کی بہت بڑی روک تھام بھی کی اور تفاسیر و احادیث اور منقولات و معقولات کے دلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ سے ان کے عقائد فاسدہ کی اصلاح بھی فرمائی جو ماننے والے تھے وہ مانے اور جو ضدی تھے وہ نہ مانے اور دنیا نے ان کو نواصب کے لقب سے یاد کیا جو آجتک یادگار ہے غرض یہ تمام توہمات ناصبی گروہ کے لوگوں کے ہیں جو چیدہ چیدہ اہلسنت کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں اب ہم ان کے اس اخیر واہمہ کی دوا بھی انہیں کے نسخوں سے ڈھونڈھ نکالتے ہیں اور ان کی اس لاغر دلیل کی تردید میں اپنے قوی الاسناد اور ذی استعداد ہمعصر خواجہ عبید اللہ صاحب کی رائے ذیل میں تحریر کرتے ہیں جس کو انہوں نے نہایت سلاست کے ساتھ عام فہم عبارت میں مندرج فرمایا ہے۔

اگر امیر معاویہ عاصی اور باغی ہوتے تو جناب امام حسن المجتبیٰ علیہ السلام کیوں خلافت ان کے سپرد فرماتے لیکن یہ وہم بھی بیجا ہے کیونکہ امارت عامہ کی تفویض ایسے شخص کے ہاتھ میں کرنے سے جو پیشتر باغی رہچکا ہو اور پھر تائب ہو کر کتاب و سنّت اور سیرت شیخین کے اتباع کا عہد کرتا ہو کوئی اعتراض امام حسن علیہ السلام کے خدّام کی طرف عائد نہیں ہوتا جناب امام حسن علیہ السلام نے جو عہد امیر معاویہ سے امارت کے تفویض کے وقت لیا ہے وہ اعمال سابقہ سے بمنزلہ توبہ تصور کیا جا سکتا ہے لیکن جناب امام حسن علیہ السلام کی امارت عامہ تفویض فرما دینے سے امیر معاویہ کا امور سابقہ میں محفوظ عن الخطا ہونا ثابت نہیں ہوتا اس کی ٹھیک مثال ایسی ہی ہے کہ ایک گاؤں کے مالک نے غلہ کا انبار مساکین پر خیرات کرنے کے لئے جمع کیا ہوا ایک رہزن نکا

سردار اُسے غارت کرنا چاہے مالک اس کی حفاظت کے واسطے اس سے جنگ کرے پھر ایک مدت کے بعد مالک فوت ہو جائے اور اس کا بیٹا ان رہزنوں کے سردار سے یہ عہد لے کہ غلہ ہم اس شرط سے تمہارے سپرد کرتے ہیں کہ تم اس کو مساکین پر خرچ کیا کرو اور اس میں خیانت نہ کیا کرو وہ غلہ کا انبار اس کے سپرد کر دے اور اس تفویض سے فتنہ و فساد ہو جائے اور خونریزی مٹ جائے تو اس سے نہ اس غلہ کے مالک کی نسبت جو ان غارتگروں سے حفاظت غلہ کے لئے جنگ کرتا تھا کوئی اعتراض وارد ہو سکتا ہے اور نہ اس مالک کے بیٹے کی طرف جس نے یہ عہد لے کر غلہ ان رہزنوں کے سپرد کیا ہے اور غلہ کی حفاظت سے نہ اپنا ہی صرف پیچھا چھڑایا ہے بلکہ ایک خلق خدا کو ناحق کے کشت و خون سے بچایا ہے ورنہ ان رہزنوں کا افسر جس زمانے تک کہ غلہ اس کے لئے تفویض نہیں ہوا تھا اور وہ اس میں بے جا تصرف کرنا چاہتا تھا اعتراض سے بچ سکتا ہے البتہ اگر اس عہد کے بعد وہ اپنے قول و فعل میں صادق نکلے اور غلہ کو اپنے عہد کے موافق مساکین پر صرف کرتا ہے تو یہ خیال کیا جائے گا کہ اس نے اپنے اعمال سابقہ سے توبہ کی اور اب اس کو غلہ میں تصرف کرنا جائز ہو گیا اور اگر پھر وہ راہزن یا اس کا جانشین اپنے عہد سے انحراف کر کے شرائط کو پورا نہ کرے تو پھر عاہ متصور ہو گا اور اس کے ساتھ اس کے عہد گزیدہ یا اس کے جانشین پر جہاد واجب ہو جائے گا چنانچہ اسی بنا پر جناب امام حسین علیہ السلام نے امیر معاویہ کے جانشین یزید پلید کو جبکہ وہ شرب خمر کرنے لگا اور حقوق الناس میں حدود اللہ سے تجاوز کر کے بہن بھائی کی شادی کا مجوز ٹھہرنے لگا تنبیہ کرنا چاہا تھا اور جناب امام حسین علیہ السلام اس خروج میں محق تھے کیونکہ خلافت دراصل انہیں کا حق تھا۔

دوسرا وہم یہ ہے کہ جب جناب امام حسن علیہ السلام خلافت کو ترک کرنا چاہتے تھے تو امیر معاویہ کو خلافت کے لئے کیوں منتخب فرمایا اور خلافت کسی دوسرے کے سپرد کیوں نہ فرمائی جناب امام حسن علیہ السلام کے اس انتخاب سے یہ نتیجہ پیدا ہوتا ہے کہ امیر معاویہ اپنے عہد میں افاضل صحابہ سے ہوں گے جس کی وجہ سے جناب امام حسن علیہ السلام نے خلافت انہیں کے سپرد فرمائی ورنہ حضرت امام حسن علیہ السلام کسی دوسرے کو اس منصب کے لئے منتخب فرماتے؟

یہ وہم عدم تتبع کتب سیر و تاریخ سے ناشی ہوتا ہے کیونکہ جناب امام حسن علیہ السلام نے خلع خلافت کے وقت امیر معاویہ کو امارت عامہ اس وجہ سے سپرد فرمائی تھی اور دوسرے کو اس لئے منتخب نہیں کیا تھا کہ جز اس کے خونریزی کا انسداد محال تھا اگر جناب امام حسن علیہ السلام جس کسی اور صحابی کو امارت سپرد فرماتے تو حضرت معاویہ ان کے ساتھ بھی وہی معاملہ کرتے جو جناب امیر علیہ السلام کے ساتھ کر چکے تھے۔

اس کے ماسوا خلافت راشدہ کا زمانہ منقضی ہو چکا تھا اب ملکت عضوضہ کے عہد کی صبح نمودار ہونے والی تھی بجز معاویہ کے اور کوئی صحابی اس کو پسند نہیں کرتا تھا بفحوائے اعط القوس باریہا جناب امام حسن علیہ السلام نے امیر معاویہ کو اس منصب کے لائق سمجھا اور جس امر کے واسطے وہ برسوں سے سرگشت

وخون کر رہے تھے ان کے حسب منشا انہیں کے سپرد کیا۔ ارجح المطالب ص ۷۶۷ لاہور

اب ایسی قوی اور واضح رائے کے بعد ہم اپنی طرف سے اس بحث میں کسی خاص تحریری اضافہ کی مطلق ضرورت نہیں دیکھتے ہماری کتاب کے ناظرین امام حسن علیہ السلام کی وہ ضرورتیں جو تفویض خلافت کی نسبت معاویہ کی خصوصیت کے ساتھ وابستہ تھیں بخوبی سمجھ گئے ہوں گے ہمارے لائق ہمعصر کا یہ بیان کہ اگر امام حسن علیہ السلام کسی اور صحابی کو امارت تفویض فرما دیتے تو امیر معاویہ ان کے ساتھ بھی وہی معاملات کرتے جو جناب امیر علیہ السلام کے ساتھ کر چکے تھے کیسا صحیح اور قطعی فیصلہ ہے اس میں تو شک نہیں کہ جناب امام حسن علیہ السلام نے یہ تمام کوششیں صرف اہل اسلام کو آئندہ خونریزیوں سے بچانے کے لئے اور بلاد اسلامی میں امن وامان پھیلانے کے لئے فرمائی تھیں اب ان کو چھوڑ کر کسی اور کو امارت ملتی تو مسلمانوں کے قتل وخون اور ملک کی تباہی وبربادی کا ویسا ہی سلسلہ برابر جاری رہتا اور امام حسن علیہ السلام کا اصلی مقصود جو مخصوص امت اسلامیہ کی محافظت اور خونریزی کی ممانعت تھی مفقود ہوتا ایسی حالتوں میں امیر صاحب کے مؤیدین تو اور بھی دیدے پھاڑ پھاڑ کر اعتراض کو موجود ہو جاتے۔

امام حسن علیہ السلام کی صلح پر اعتراض کرنے والے خاص کر وہی حضرات نکلیں گے جو معاویہ کی محبت والفت کی پُرجوشیوں میں دنیا ومافیہا کی خبر نہیں رکھتے وہ ہمارے ان بیانات کو پڑھ کر اپنے توہمات لاطائل اور مغالطات باطل کی اصلاح کر لیں اور سمجھ لیں کہ معاملات صلح سے جناب امام حسن علیہ السلام کا جو مدّعا تھا وہ صرف اپنے جدّ بزرگوار صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت کی محافظت تھی اس کے سوا کچھ بھی نہیں یا جن ضرورتوں کی وجہ سے یہ منتخب کئے گئے وہ کوئی شرافت یا فضیلت نہیں تھی بلکہ ان کی شریر طبیعت اور فساد انگیز فطرت جو کسی وقت اور کسی حالت میں اپنی سرکشی اور سرتابی کے آزادانہ اور مفسدانہ خیالوں میں کسی دوسرے کے آگے اطاعت اور فرماں برداری کا سر جھکانے والی نہیں تھی اگر امام حسن علیہ السلام کے تفویض امارت سے بحث کر کے امیر صاحب کی فضیلت ثابت کرنے کی کوشش کی جائے گی تو ہم یقین دلاتے ہیں کہ بفحوائے آیہ کریمہ عسیٰ ان تحبّوا شیئًا وھو کرہ لکم ان کی نفسانیت خباثت اور مذمّت کے سوا اور کچھ بھی ثابت نہ ہو سکے گا۔

تفویض امارت سے امام حسن علیہ السلام کے ضعف وانحطاط رائے تجویز کرنے والے حضرات بھی سمجھ رکھیں کہ ہم تو ان معاملات میں امام حسن علیہ السلام کے خادموں کی طرف ایسا اعتقاد رکھنا کہاں تک ایسا وہم کرنا بھی معصیت سے خالی نہیں سمجھتے بلکہ معاملات صلح میں امام حسن علیہ السلام کی نسبت ضعف رائے کی جگہ حفاظت ماتقدم رعایت حقوق الناس اصلاح اُمت اور تحفظ عن الفساد اور امن وامان عامہ کے تمام محاسن ایسی بے نظیر مثالوں میں پایۂ ثبوت تک پہنچتے ہیں کہ پھر ان کی مثال کسی دوسرے کے احوال میں نہیں پائی جاتی۔

تفویض امارت کے نتائج اس کے اسرار و غوامض کی خوبیوں کی حقیقت معلوم کرنے کے لئے ان اقوال و اسباب کو دیکھنا ضروری ہے جن کو علم اصول کے ماہرین اور علم کلام کے واقفین نے اپنی اپنی مستند تالیفات میں درج فرمایا ہے ان کو دیکھ کر ہر شخص کامل طور سے سمجھ لے گا کہ حقیقت میں جناب امام حسن علیہ السلام نے معاویہ سے صلح نہیں فرمائی بلکہ اسلام اور اس کی حقیقت کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو ایک ایسے طوفانی تہلکہ سے نکال لیا ہے جو سالہا سال سے اس کو چاروں طرف سے گھیرے تھا اور قریب تھا کہ اس کو تہ آب کر دے۔

تاریخی دنیا میں امام حسن علیہ السلام کی مصالحت پر جو آج تک رائے دی جاتی ہے۔ وہ ہم ایک ایسے محقق کے قول سے ذیل میں درج کرتے ہیں جو اپنی تحریری اور تقریری قبولیت کے اعتبار سے ہندوستان میں اپنی آپ مثال مانا جاتا ہے دیکھو سیرۃ الحمدیہ میں ڈاکٹر سید احمد خان کی وہ رائے جو اس مصالحت کی نسبت انہوں نے دی ہے بلفظہ اس عبارت میں مندرج ہے۔

حضرت امام حسن علیہ السلام جب خلیفہ ہوئے تو انہوں نے تمام حالات اور واقعات پر غور فرما کر سمجھ لیا کہ اس کی اصلاح ممکن نہیں اصلاح امت کی آسائش اور قتل و خونریزی اور فساد دور کرنے کا صرف ایک ہی علاج ہے کہ اس دو عملی سے یکسوئی ہو جائے انہوں نے نہایت دانائی نیکی اور امت کی بھلائی کی نظر سے جس کی نظیر دنیا میں نہیں ہے خلافت سے ہاتھ اٹھایا درحقیقت یہ کام حضرت امام حسن علیہ السلام ہی جیسے کریم النفس شخص سے ہو سکتا تھا جس نے امت کے امن کیلئے ایسی خلافت کو چھوڑ دیا جس کے سامنے قیصر و کسریٰ کی بھی کچھ حقیقت نہیں تھی (دیکھو سیرۃ المحمدّیہ مطبوعہ دہلی ص ۶۹۳

بہرحال ہم نے اپنے اس مفصل بیان میں ان تمام مغالطوں مغالطوں اور وہموں کی کامل تردید کر دی ہے جو ان معاملات میں اکثر کورانہ تقلید اور جاہلانہ تاویل سے پیدا ہو جایا کرتا ہے اور ان میں سے ہر ایک شبہ کو پوری تفصیل سے لکھ کر ان کو محدثین مفسرین اور مورخین کے اقوال سے رد کر دیا ہے کہ آئندہ کے لئے نہ جائے سخن باقی رہے اور نہ مجال دم زدن۔

اگرچہ اس بحث کے متعلق ہم کو اختیار تھا کہ ہم ابھی اور وسعت بیانی سے کام لیتے مگر ہم جیسا اوپر بیان کر آئے ہیں ہمارا یہ مقصود ہرگز نہیں ہے کہ ضرورت سے زائد ہم اپنے تالیفی مقاصد کو تاریخی مضامین کے پیرایہ سے بڑھا کر علم الکلام اور مناظرے کے پیمانے تک پہنچائیں اس لئے ہم اس بحث کے متعلق اس سے زیادہ تفصیل و تشریح کو ارباب کلام اور اصحاب مناظرہ کے خاص فرائض سمجھ کر ختم کرتے ہیں اور اپنی کتاب کے موجودہ سلسلۂ بیان کو جناب امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق کے بیان کی طرف پھیرتے ہیں جو ترکیب تالیف اور ترتیب مضامین کے اعتبار سے ہماری تالیف کے اس حصہ کا اصلی مدعا قرار پا چکا ہے ؞ ؞

حضرت امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق

ہم کو آپ کے اخلاق حسنہ کی تفصیل میں کسی طول و طویل بیان کی اس وجہ سے ضرورت نہیں ہوگی کہ آپ کے محاسن اخلاق کے واقعات ایسے شہرۂ آفاق ہیں کہ میرے کیا کسی کے بیان کے محتاج نہیں اور آپ کی ذات مجمع الحسنات کے ساتھ ایسی خصوصیت کے ساتھ مترادف اور چسپاں ہیں کہ عام اصطلاح میں دُنیا کے تمام اہل کلام جب کسی کی اخلاقی خوبیوں کا ذکر کرنے لگتے ہیں تو اخلاق کے بعد پہلا لفظ جو ان کے مُنہ سے نکلتا ہے وہ حسن ہوتا ہے پھر جب یہ صفت ذات جامع الصفات کے ساتھ ایسی لازم و ملزوم ٹھیری ہو تو پھر اس کی تفصیل اور تشریح کی مطلق ضرورت باقی نہیں رہتی مگر تاہم ان کثیر واقعات سے جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہیں ہم صرف چند واقعات کی نقل پر اکتفا کرتے ہیں اور محاسن اخلاق کے موجودہ سلسلہ میں ہم پہلے جناب امام حسن علیہ السلام کے حلم و حیا کے واقعات ذیل میں تحریر کرتے ہیں ؟

جناب امام حسن علیہ السلام کا حلم

علامہ ابن سعد تحریر فرماتے ہیں۔ عن عمیر ابن اسحاق قال کان مروان امیرا علینا فکان یسب علیا کل جمعۃ علی المنبر والحسن علیہ السلام فیسمع فلا یرد شیئا ثم ارسل الیہ رجلا یقول لہ بعلی بعلی بعلی وبک وبک وبک وما وجدت مثلک الا مثل البغلۃ یقال لھا من ابوک فیقول امی الفرس فقال لہ الحسن علیہ السلام ارجع الیہ فقال لہ انی واللہ ما امحو عنک شیئا مما قلت ولکن موعدی وموعدک اللہ تعالی فان کنت صادقا جزاک اللہ بصدقک وان کنت کاذبا فاللہ اشد نقمۃ

عمیر ابن اسحٰق کہتے ہیں کہ مروان ہم پر امیر تھا اور وہ ہر جمعہ کو منبر پر چڑھ کر جناب امیر علیہ السلام پر سب کیا کرتا تھا اور جناب امام حسن علیہ السلام سُنا کرتے تھے اور کچھ جواب نہ دیتے تھے اس نے ایک دن ایک آدمی امام حسن علیہ السلام کے پاس بھیجا اور یہ کہلا بھیجا کہ علی پر علی پر علی پر تم پر تم پر تم پر تمہاری مثال خچر کی ہے جب اس سے پوچھو کہ تیرا باپ کون ہے تو وہ کہتا ہے کہ میری ماں گھوڑی ہے جناب امام حسن علیہ السلام نے یہ سنکر فرمایا کہ تو واپس جا کر ہماری طرف سے کہدے کہ خدا کی قسم ہے ہم تجھ سے کسی بات کو نہیں بھولے لیکن ہمارے تمہارے درمیان پروردگار عالم انصاف فرمائے گا اگر تو سچ کہتا ہے تو خدائے تعالےٰ تجھ کو تیری صداقت کی جزا دیگا اور اگر تو جھوٹ کہتا ہے تو یہ سمجھ لے کہ پروردگار عالم کا انتقام نہایت سخت ہے۔

اسی روایت کو علامہ ابن حجر نے بھی صواعق محرقہ میں باختلاف الفاظ لکھا ہے۔

کہاں ہیں امیر معاویہ کی محبّت و اُلفت پر جان دینے والے آنکھیں کھولکر اس واقعہ کو پڑھیں اور صلح نامہ کی اس شرط اور اس کے بار بار اصرار کو یاد کریں اور پھر اس اخیر فیصلہ پر غور کریں کہ جس محفل میں امام حسن علیہ السلام موجود ہوں گے وہاں سب علی علیہ السلام سے پرہیز کیا جائے گا اس مجلس میں امام حسن علیہ السلام بانفس النفیس موجود ہیں اور زبان دراز مروان ان کے سامنے اپنی بیہودہ سرائی اور یاوہ گوئیوں کے جوہر دکھلا رہا ہے۔

ہم نہیں کہہ سکتے کہ اہلبیت طاہرین علیہم السلام سے ان کے ان دیکھے قصور اور ان جانی خطا کے صلے میں اُن سے کس قدر نفرت اور بیزاری اختیار کی جائے گی اور ان کی محبت و اُلفت جو احکام الٰہی اور اقوال جناب رسالت پناہی کے مُطابق واجب ثابت ہو چکی ہے کہاں تک بھلائی جائے گی مگر ان سخت کلامیوں کے جواب میں امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق پر بھی غور کرنا چاہیئے کہ پہاڑ بھی اپنے سوال کا جواب دیتا ہے اور خالی مکان بھی اپنے مخاطب کو آواز دیتا ہے مگر امام حسن علیہ السلام کا حلم اور آپ کا سکوت ایسا لاجواب اور اپنی آپ مثال ہے کہ وہ ایسی سخت اور ناقابل برداشت کلاموں کا اپنی طرف سے کوئی جواب نہیں دیتا ؎

سُن بھی لو اپنی خموشی ہے ہزار
اور اس کی بدزبانی ایک ہے

مروان کی ایک اور زباندرازی کی کیفیت پر علامہ ابن سعد یوں تحریر فرماتے ہیں

عن زر ابن سواد قال کان بین الحسن علیہ السلام وبین مروان کلام فاقبل علیہ مروان فجعل یغلظ وحسن علیہ السلام ساکت

زر ابن سواد سے مروی ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام اور مروان کے درمیان گفتگو ہو رہی تھی مروان گالیاں دینے لگا امام حسن علیہ السلام چپ ہو رہے۔

اس روایت کو بھی علامہ ابن حجر نے صواعق محرقہ میں لکھا ہے۔

اب مروان کے ایک اور بھائی صاحب کا واقعہ ملاحظہ ہو ملّا مجلسی علیہ الرحمہ جلاء العیون میں لکھتے ہیں جسکے ترجمہ کی بلفظہ عبارت یہ ہے۔

ایک روز امام حسن علیہ السلام اپنے گھوڑے پر تشریف لئے جاتے تھے ایک مرد شامی آپ کے سامنے آیا اور دشنام و ناسزا بہت کچھ آپ کو کہا حضرت نے جواب اس کا نہ دیا یہاں تک کہ وہ اپنے کلام سے فارغ ہوا پس امام حسن علیہ السلام نے اس کی جانب دیکھکر اسکو سلام کیا اور تبسم فرما کر ارشاد فرمایا اے پیرمرد مجھے گمان ہے کہ تو مرد غریب ہے اور گویا چند اُمور میں تجھے شک ہوا ہے اگر تو مجھ سے کسی چیز کا سوال کرے تو میں تجھے عطا کروں گا اگر مجھ سے طلب ہدایت کرے تو تجھ کو ہدایت کروں اگر مجھ سے سواری مانگے تو تجھے سواری دے دوں اگر تو بھوکا ہے تو سیر کروں اگر ننگا ہے تو کپڑے پہنا دوں اگر محتاج ہے تو فی الحال غنی کر دوں اگر تجھے کسی نے نکالدیا ہے تو میں تجھکو پناہ دوں اگر کوئی حاجت رکھتا ہے میں اس کو بر لاؤں اپنا سامان اُٹھالا اور میرے گھر چلکر میرا مہمان ہو تو تیرے لئے بہتر ہوگا اس لئے کہ میرا گھر وسیع ہے اور جو

ہر کا نہ ہوگا وہ سب میرے پاس موجود ہے جب اس مرد شامی نے حضرت کا کلام سُنا تو یکا یک رونے لگا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ زمین پر خلیفۂ خدا اور نائب رسول ہیں اور خدا خوب واقف ہے کہ خلافت ورسالت کے لئے کون جگہ لائق ہے قبل اس کے میں آپ کو اور آپ کے باپ کو سب سے زیادہ دشمن رکھتا تھا اور اب سب خلق سے زیادہ آپ مجھے محبوب ہیں پس وہ شخص اپنا سامان حضرت کے گھر لایا اور جب تک مدینہ میں رہا امام حسن علیہ السلام کا مہمان رہا۔ ترجمہ جلا العیون ص ۲۵۵ جلد ایک ۔

باختلاف قصیرہ روایت کتاب مطالب السئول میں حضرت عائشہ سے بھی منقول ہے دیکھو فضل المبین ص ۳

یہ وہ صفات مخصوصہ ہیں جن کی نظیر سے انسان کی طبیعت عموماً خالی پائی جاتی ہے اور ممکن نہیں کہ ہم ایسی کریم النفسی اور تحمل کی مثال اپنے موجودہ زمانے میں پیدا کرسکیں اس جیسے بہت سے واقعات ہمارے پیش نظر ہیں جن کو ہم اپنے سلسلۂ بیان میں آسانی سے درج کرسکتے ہیں مگر چونکہ اخلاق آئمہ طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کا مسئلہ ایسا ہی مسلمہ اور مشہور امرات سے ہے جس سے کسی کو انکار نہیں اس لئے ہم اس سے زائد تفصیل کو مناسب نہیں سمجھتے مگر اسی ضمن میں عمیر ابن اسحٰق کی اس رائے کو جو انہوں نے امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق کی نسبت تحریر فرمایا ہے اپنے مدعا کے لئے کافی سمجھ کر ذیل میں لکھے دیتے ہیں ۔

عن عمیر ابن اسحاق قال ما تکلم عندی احد کان احب الیّ اذا تکلم ان یسکت من الحسن علیہ السلام ما سمعت منہ کلمۃ فحش قط الا مرۃ فانہ کان بین الحسن علیہ السلام و عمرو بن عثمان خصومۃ فی ارض فعرض الحسن علیہ السلام امرا لم یرضہ عمرو فقال الحسن علیہ السلام لیس عندنا الا ما رغم انفہ قال فہذہ اشد کلمۃ فحش ما سمعتہا منہ قط اخرجہ ابن سعد

عمیر ابن اسحٰق کہتے ہیں کہ کسی شخص نے میرے نزدیک ایسی گفتگو نہیں کی کہ مجھے بھلی معلوم ہوئی ہو جبکہ جناب امام حسن علیہ السلام بات کرنے لگتے تو میری یہ تمنا ہوتی تھی کہ چپ رہنا حضرت کے سامنے البتہ بھلا معلوم ہوتا تھا میں نے کبھی کوئی فحش کلمہ حضرت امام حسن علیہ السلام کی زبان سے نہیں سُنا ایک دفعہ جناب امام حسن علیہ السلام اور عمرو ابن عثمان میں ایک زمین کی نسبت جھگڑا تھا جناب امام حسن علیہ السلام نے ایک امر پیش کیا عمرو ابن عثمان اس پر راضی نہیں ہوا امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہمارے پاس ان کی ناک پر مٹی ڈالنے کے سوا اور کوئی امر نہیں ہے ۔

عمیر ابن اسحٰق کہتے ہیں کہ گویا یہ بہت بڑا فحش کلمہ تھا جو میں نے آج تک جناب امام حسن علیہ السلام سے سُنا تھا

حکیم سنائی جو سواد اعظم اہلسنت میں حامی شریعت ہونے کے علاوہ ہادی طریقت ہیں اپنی کتاب حدیقہ میں بذیل تذکرہ معاویہ ابن ابی سفیان یوں رقمطراز ہیں ۔ وھو ہذا

خال ما بود خصم ما حالی　　لیک خالے ز خیر ہا خالی
خال مشکیں نہ بود بر خورشید　　خال بر دیدہ بود لیک سپید

آنکه مرد دها و تلبیس است
آن نه خال و نه عم که ابلیس است
وانکه خوانی کنون معاویه اش
وانگه دربا و بیواست زادیه اش
شیر حق زین جهان به پرهیزد
سگ بود کز کلیچه نگریزد
تا بتش روح خواهد وقف صدر
روز خود بدر خواهد و شب قدر
آنکه خیر ابله و منافق نیست
شرم مخلوق و ترس خالق نیست
کرده خصمان او چه بنده چه حُر
مطبخ این جا و دوزخ آن جا پر
بهمه گردی بزیر چرخ کبود
کیسه برکاسه پر تواند بود
چه خطر دارد آل بوسفیان
که برآرند نامشان بزبان
آل مروان و آل سفله زیاد
که نرفتند جُز براه عناد
با علیؑ کے بود مخنث دوست
کے زبیر عوام با بت اوست
در رهِ دین یک زیاد بداند
طاغیان هم چه قوم عاد بد اند
دو گروه دور اند در نهاد و سرشت
باغبانش ز باغ هائے بهشت
دین چو باغ میان خوف و رجا
طمع لقمه دان و بیم قفا
هرکه او بر علیؑ بیرون آید
روز محشر بگو که چون آید
هرکه باشد خوارج و ملعون
واجب آنست کش بریزی خون
پس تو گوئی که حزم و حلم و وقار
بود با حالت معاویه بار
بغی کردن براو حلیمے نیست
علیؑ آزردن از حکیمے نیست
مصطفیٰؐ گاه رفتن از دُنیا
چُون بپیچید منزل عقبیٰ
جُمله اصحاب مرو را گفتند
که چه بگذاشتی بر آشفتند
گفت بگذاشتم کلام الله
عترتم را نکو کنید آن گاه
آنکه ز ابلیس حیله جوید و غدر
او مر ادریسؑ را چه داند قدر
نه علیؑ از خسان زبون بودے
شیر با گاومیش چون بودے
صورت ملک راکه روح نداشت
از پئے مرد صورتے بگذاشت
ملک معنی گرفت و نیک براند
آیتے عزل این جهان برخواند
نشنوی غافل از بنی هاشم
وز ید الله فوق ایدیهم
داد حق شیر این جهان همه را
جُز وطامش نه داد فاطمه را
دُور کرد آن دو گیر ناخوش را
سیر کرد آن دو گربه آتش را

جانب ہر کہ با علیؑ نہ نکو است
درد کان دماغ شش پہلو است
کند از بہر لوت و باد بروت
سینہ را ہم چو قلعہ الموت
از برائے دو سیر روغن گاؤ
معدہ چوں آسیہ گلو چوں ناؤ
خال ما داد بہر دُنیا را
ز ہر سر نور چشم زہراء را
گر ہمی خال باید ست ناچار
بود بو بکر را تو خال انکار
عائشہ بہتر است خواہر او
خال ما بہ بود برادرِ او
حفصہ و زینب و دوم زینب
آنکہ اورا خزیمہ بودش اب
باز میمونہ بود و ریحانہ
کہ شد آراستہ بدو خانہ
چوں فتادی بدبخت ابوسفیان
کہ ازو گشت خانداں ویراں
ایں ہمہ جفت مصطفےٰ بودند
جملگی مادران ما بودند
ہر یکے را برادراں بودند
مصطفےٰ را بسانِ جاں بودند
از چہ مخصوص شد بجائے ما
ابن سفیان زیاں حالے ما
جائے تطویل نیست در گفتار
اختصار اندریں سخن پیش آر
اے سنائی سخن دراز مکش
کوتہی بہ ز قصہ ناخوش

کرم و جود

علم و حیا کے بعد اب حضرت کے جود و سخاوت کے چند واقعات ذیل میں قلمبند ہوتے ہیں علامہ ابن حجر صواعق محرقہ میں حافظ ابونعیم کی حلیۃ الاولیا سے نقل کرتے ہیں۔

وقاسم للہ مالہ ثلاث مرات حتی انہ کان نعلا ویقسمك نعلا ویعطے خفا ویقسمك خفا

آپ نے اپنے کل مال کو تین بار راہ خدا میں لٹا دیا اور دو دفعہ اپنا نصف مال بخش دیا یہاں تک کہ اپنے پاؤں کی ایک نعلین رکھ لی اور ایک راہ خدا میں دیدی۔

امام یافعی نے "مراۃ الجنان" میں اس کی نسبت یہ عبارت لکھی ہے۔

انہ خرج للہ تعالیٰ من مالہ ثلاث مرات وشاطرہ مرتین حتی فی نعلہ امام موصوف ایک دوسرا واقعہ اس طرح لکھتے ہیں۔

انہ سالہ سائل فاعطاہ خمسین الف درھم وخمسمائۃ دینار وقال ایت بحمال یحمل لك یاتی بحمال فاعطاہ طیلسانہ وقال یکون کراء الحمال من قبلی

ایک شخص نے امام حسن علیہ السلام سے کچھ مانگا آپ نے اس کو پچاس ہزار درہم اور پانسو دینار عنایت فرمائے اور کہا حمّال کو لے آ کہ اُٹھا کر لے جاوے وہ حمّال کو لے آیا آپ نے اس حمال کو اپنی عبا اُتار کر دیدی اور ارشاد فرمایا کہ مزدور کی مزدوری بھی ہمارے ہی پاس سے ہونی چاہیئے۔

نورالابصار کے ذی اعتبار مولف ذیل کا واقعہ لکھتے ہیں۔

انّ رجلا ساله وشكا اليه حاله فدعا الحسن عليه السلام وكيله وجعل يحاسبه على نفقاته ومقبوضاته حتى استقصاها فقال هات الفاضل فاحضر خمسين الف درهم ثم قال ما فعلت بالخمس مائة دينار التى معك قال عندى قال فاحضرها فلمّا حضرها دفع الدراهم والدنانير اليه واعتذر منه

ایک شخص نے جناب امام حسن علیہ السلام سے کچھ مانگا اور اپنے حال زار کی شکایت کی آپ نے اپنے وکیل کو بُلا بھیجا اور آپ اس سے اپنی آمدنی اور خرچ کی جانچ کرنے لگے یہاں تک کہ تمام جانچ ہو چکی تو آپ نے اپنے وکیل سے پوچھا اب جو کچھ اور فاضل ہو وہ لے آ وہ پچاس ہزار درہم لے آیا پھر آپ نے فرمایا کہ تیرے پاس پانچ سو دینار بھی تو تھے وہ تو نے کیا کئے وکیل نے عرض کی وہ میرے پاس موجود ہیں آپ نے فرمایا ان کو حاضر کر جب اس نے حاضر کئے پھر آپ نے وہ سب درہم و دینار اس سائل کو دے دیئے اور پھر اس سے عذر خواہی بھی کی۔

پھر نورالابصار کے مولف ایک دوسرا واقعہ لکھتے ہیں۔

ومن كرمه ما نقل عنه انه سمع رجلاً يسأل الله ربّه ان يرزقه عشرة الاف درهم ثمّ انصرف الحسن عليه السلام الى منزله وبعث بها اليه

جناب امام حسن علیہ السلام کے جود و کرم کی نسبت نقل ہے کہ آپ نے سُنا ایک سائل خدائے جل جلالہٗ سے دس ہزار درہم مانگ رہا ہے آپ وہاں سے گھر لوٹ پڑے اور اس کے پاس دس ہزار درہم بھجوا دیئے

امام حسن علیہ السلام کے جود و کرم کے متعلق یہ ایسے بے نظیر اور بے عدیل مضامین ہیں جن کی مثال سے دنیا کی تاریخیں بالکل خالی ہیں انہیں جیسے اور چند واقعات ہم ذیل میں قلم بند کرتے ہیں۔

ایک سائل نے امام حسن علیہ السلام سے سوال کیا حضرت نے حکم دیا کہ اس سائل کو چار سو درہم دیدیئے جائیں کاتب نے سہوًا چار سو دینار لکھ دیئے جب وہ نوشتہ مہر کے لئے حضرت کے پاس آیا تو آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا کہ یہ ہمارے کاتب کی بخشش ہے پس چار ہزار درہم اور اضافہ فرما کر اس نوشتہ پر اپنی مُہر ثبت فرمائی۔

اس روایت کو علامہ ابن حجر نے صواعق میں اور علامہ السلیمان الحنفی القندوزی نے اپنی معتبر کتاب المودۃ فی القربےٰ میں مختلف طریقوں سے درج کیا ہے۔

جب جناب امام حسن علیہ السلام نے جعدہ بنت الاشعث کو جس نے حضرت کو آخر میں زہر پلا کر شہید کیا تزویج فرمایا تو پانچ سو درہم واسطے مہر کے مطابق سنت مقرر فرمایا اور پھر ایک ہزار درہم بخشش کے طور پر عنایت فرمائے۔

جناب امام حسن علیہ السلام کو معاویہ نے طلب کیا جب آپ کے پاس تشریف لے گئے تو دیکھا کہ کسی علاقہ سے خراج میں بہت سا مال و متاع آیا ہے اور محاسب اس کی فہرست طیار کر رہا ہے جب محاسب نے فہرست طیار کر لی تو وہ فہرست معاویہ کو دیدی اور معاویہ نے اپنے اظہار کرم و سخاوت کی غرض سے جناب امام حسن علیہ السلام کو دیدی آپ نے لے لی جب اس صحبت سے آپ محلسرا کی طرف تشریف لے جانے لگے تو معاویہ کے خادموں میں سے ایک خادم نے آپ کی نعلین اٹھا کر آپ کے سامنے رکھ دی آپ نے وہ فہرست جو ابھی آپ کے دست مبارک میں تھی بجنسہ اسکے حوالہ فرما دی اور محلسرا کی طرف واپس آئے

جب معاویہ شام سے مدینہ میں آیا تو ایک دن دربار عام کر کے تمام اشراف مدینہ کو بلایا اور ہر شخص کو اسکی لیاقت کے مطابق پچاس ہزار درہم سے لے کر سو ہزار درہم تک عطا و بخشش کئے پس جناب امام حسن علیہ السلام اخیر مجلس میں تشریف لے آئے معاویہ نے اپنے اظہار سخاوت کی غرض سے کہا کہ آپ دیر کر کے اس لئے مخصوص تشریف لائے ہیں کہ جب میرے پاس کچھ نہ رہے اور میں آپ کو کچھ نہ دے سکوں تو لوگ اس حال کو مشاہدہ کر کے مجھے بخیل کہیں یہ کہکر وہ اپنے خزانچی کے پاس گیا اور کہا کہ جس قدر رقم کہ اس وقت تک سب لوگوں کو دے دی جا چکی ہے اتنی ہی رقم جناب امام حسن علیہ السلام کو دیدی جائے خزانچی سے یہ تاکید کر کے امام حسن علیہ السلام سے مخاطب ہوا اور کہنے لگا کہ دیکھو میں پسر ہند ہوں امام حسن علیہ السلام اس کے اصلی مطلب کو سمجھ گئے خزانچی کی طرف متوجہ ہوئے اور بآواز بلند چلا کر فرمایا کہ جا یہ ساری رقم میں نے اپنی طرف سے تجھے ہبہ کر دی معاویہ سے کہدے کہ میں پسر سیدہ نساء العالمین و فرزند بضعۃ خیر المرسلین سلام اللہ علیہم اجمعین ہوں۔ ترجمہ جلاء العیون ص ۲۵۵

مروان کی بدسلوکیاں زبان درازیاں اور گستاخیاں اور اس کی عام بد اخلاقیاں جو اس نے حضرت امام حسن علیہ السلام کی شان میں جائز رکھی تھیں وہ اوپر کے واقعات سے ظاہر ہو گئیں اب اسی مروان کے ساتھ کرم و سخاوت اور خلق و مروت کے محاسن سلوک جو امام حسن علیہ السلام نے قائم رکھے وہ ذیل کے واقعہ سے روشن ہے۔

ایک دن مروان اپنی صحبت میں اپنے احباب سے کہنے لگا کہ مجھ کو جناب امام حسن علیہ السلام کی سواری کا خچر بہت پسند ہے اس کو میں کسی ترکیب سے لینا تو چاہتا ہوں مگر اپنی طرف سے مانگنا گوارا نہیں کرتا۔ ابن ابی عتیق نے کہا کہ اگر میں تجھے دلا دوں تو تو اقرار کر کہ تو میری تیس حاجتیں بر لائے گا مروان نے کہا البتہ ابن ابی عتیق نے کہا کہ کل جس وقت تیری صحبت میں لوگ جمع ہوں تو امام حسن علیہ السلام کو تم ضرور

بلا بھیجنا ہیں ان کے سامنے قبائل قریش کی تعریف کروں گا اور امام حسن علیہ السلام کا کوئی ذکر نہیں کروں گا تو تم مجھ سے اس کا سبب دریافت کرنا پھر میں اپنی بات بناؤنگا غرض یہ صلاح تو اس دن ٹھہر گئی دوسرے دن جب مروان کی صحبت گرم ہوئی تو جناب امام حسن علیہ السلام حسب صلاح بلائے گئے آپ تشریف لائے تو ابن ابی عتیق نے فضائل و مناقب قریش بیان کرنے شروع کر دیئے جب خاتمہ پر پہنچا تو مروان نے کہا کہ تو نے تمام قریش کے محامد اوصاف بیان کئے اور رئیس قریش امام حسن علیہ السلام کا کچھ ذکر نہیں کیا ابن ابی عتیق نے جواب دیا کہ میں نے صرف اشراف قریش کے اوصاف بیان کئے ہیں اگر پیغمبروں اور رسولوں کے مناقب و مدارج بیان کرتا تو البتہ حضرت کا بھی ذکر کرتا اور آپ کا نام سب پر مقدم رکھتا۔ اس وقت اتنا ہی ذکر ہو کر رہ گیا جب وہ صحبت برخاست ہو گئی تو امام حسن علیہ السلام باہر تشریف لائے اور چاہا کہ اپنے خچر پر سوار ہوں تو ابن ابی عتیق آپ کے ہمراہ دروازے تک آکر آپ کو سوار کرنے لگا امام حسن علیہ السلام اس کے دلی مطلب کو سمجھ گئے متبسم ہو کر فرمایا تو کیا چاہتا ہے اس نے عرض کی میں آپ کے خچر پر سوار ہونا چاہتا ہوں امام حسن علیہ السلام خچر پر سے فوراً نیچے اتر آئے اور اپنے خاصہ کا خچر اس کو عنایت فرمایا۔

ایک شخص امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ اے فرزند امیر المومنین علیہ السلام میرا ایک دشمن ہے وہ بڑا بے رحم اور ستمگار ہے بڈھوں کی حرمت و عزت نہیں کرتا اور بچوں پر رحم و شفقت نہیں فرماتا یہ سنکر امام حسن علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ وہ تیرا دشمن کون ہے کہ میں تیرا اس سے بدلہ لوں اس نے کہا یا حضرت وہ دشمن میرا میری تہیدستی اور پریشانی ہے حضرت نے تھوڑی دیر کے لئے سر جھکا لیا پھر خادم کو بلا کر فرمایا کہ جو کچھ مال میرا بچا ہو حاضر کر خادم پانچ ہزار درہم لایا حضرت نے وہ سب رقم اس مرد سائل کو دے ڈالی اور اس کو قسم دیدی کہ جس وقت تجھ کو تیرا یہ دشمن ستائے تو تو اس کی شکایت مجھ سے کرنا کہ میں اس کے ستم کو تجھ سے دفع کر دوں گا ترجمہ جلاء العیون ص ۴۵۶

نور الابصار کے معتبر مولف تحریر فرماتے ہیں:-

قیل للحسن علیہ السلام لای شئ نراك لا ترد سائلا وانکبت علی فاقة فقال انی لله سائل وفیه راغب وانا استحیی ان اکون سائلا وارد سائلا وان الله تعالی عودنی عادة عودنی ان نفیض نعمته علی دعوته انا افیض نعمته علی الناس ان تفیض نعمته علی الناس فاخشی ان قطعت العادة ان یمنع العادة وانشد ؎

اذا ما اتانی سائل قلت مرحبا　　بمن فضله فرض علی معجل
ومن فضله فضل علی کل فاضل　　وافضل ایام الفتی حین یفضل

جناب امام حسن علیہ السلام سے لوگوں نے یہ پوچھا کہ آپ کو ہم دیکھتے ہیں کہ باوجودیکہ آپ فاقہ سے رہتے ہیں تو

بھی سائل کو رد نہیں کرتے آپ نے فرمایا میں خدا کی درگاہ کا سائل ہوں اور خدا سے مانگنے والا ہوں اور مجھے حیا آتی ہے کہ خود سائل ہو کر سائل کو رد کروں خداوند تعالے نے میرے ساتھ یہ عادت جاری کی ہے کہ وہ اپنی نعمتیں مجھے پہنچاتا ہے اور میں نے یہ عادت کی ہے کہ اس کی فرستادہ نعمت اس کی مخلوق پر پہنچاتا رہوں پس میں ڈرتا ہوں کہ عادت اللہ کی منقطع نہو جائے اگر میں اپنی عادت ترک کردوں پھر یہ اشعار منظوم فرمائے ؎

جب میرے پاس سائل آتا ہے تو میں اس کے لئے مرحبا کہتا ہوں اس کے فضل ہی سے مجھ پر فضل جلدی ہوتا ہے اور اسی کے فضل سے ہر ایک فاضل کو فضیلت ہے اور جوانمرد انسان کی عمر میں وہ حصہ نہایت ہی افضل ہے جس میں کہ وہ بخشش کرتا ہے ؎

متعلق جود و کرم

نزہۃ المجالس کے ذی قدر مصنف تحریر فرماتے ہیں:- جاءت جاریة للحسن علیه السلام تحیّة بشیء من الریحان فقال انت حرّة لوجه الله فقیل له جاءتك جاریة بریحان فاعتقها فقال قال الله تعالی واذا حییتم بتحیّة فحیّوا باحسن منها ایک کنیز نے امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر پھول ہدیتہً پیش کیا آپ نے اس کنیز سے فرمایا کہ تو خالصتاً للّٰہ آزاد ہے لوگوں نے کہا کہ کنیز پھول ہدیہ لائی اور آپ نے اس کو آزاد کر دیا اس کا کیا سبب ہے آپ نے فرمایا کہ اللہ جلشانہ نے فرمایا ہے کہ جس وقت ہدیہ دیئے جاؤ تم ساتھ کسی چیز کے پس ہدیہ دو تم بہتر اس سے۔

صواعق محرقہ اور **اسعاف الراغبین** میں ہے:-

ومنها ای من وقائع کرم الحسن علیه السلام ما رواه المدائنی قال خرج الحسن والحسین وعبد الله ابن جعفر حجاجا ففاتهم اثقالهم فجاعوا وعطشوا فمروا بعجوز فی خباء فقالوا هل من شراب قالت نعم فاناخوا بها ولیس لها الا شویهة فی کسر الخیمة فقالت احلبوها وامتذقوا لبنها ففعلوا ذالك وقالوا لها هل من طعام قالت لا الا هذه الشاة فلیذبحها احدکم حتی اهیّئ لکم ما تاکلون فقام الیها احدهم فذبحها وکشطها ثمّ هیّأت لکم طعاما فاکلوا واقاموا حتی ابردوا فلمّا ارتحلوا قالوا لها نحن نفر من قریش نرید هذا الوجه فاذا رجعنا سالمین فالمّی بنا فانا صانعون الیك خیرا ثم ارتحلوا واقبل زوجها فاخبرته عن القوم والشّاة فغضب الرجل وقال ویحك تذبحین شاتی لاقوام لا تعرفینهم ثم تقولین نفر من قریش ثم بعد مدّة الجائتها الحاجة الی دخول المدینة فدخلاها وجعلا ینقلان البعر الیها ویبیعانه و

ويعيشان منه فمرّت العجوز فی بعض سكك المدينة فاذا الحسن عليه السلام علىٰ باب داره جالس فعرف العجوز وهی له منكرة فبعث الحسن غلامه فردّها فقال لها يا امة الله تعرفينی قالت لا قال انا ضيفك يوم كذا وكذا فقالت بابی انت وامّی فامر الحسنؑ فاشترىٰ لها من شاة الصّدقة الف شاة وامر لها الف دينار وبعث بها غلامه الى اخيه الحسين عليه السلام فقال بكم وصلك الاخی الحسن فقالت بالف دينار والف شاة فامر لها الحسين بمثل ذالك ثمّ بعث بها الى غلامه عبد الله ابن جعفر فقال بكم وصلك الحسن والحسين عليهما السلام فقالت بالفی دينار والفی شاة فامر لها عبد الله ابن جعفر بالفی دينار والفی شاة وقال لو بدأت بی لاتعبتهما فرجعت العجوز الى زوجها باربعة الاف شاة واربعة الاف دينار

مدائنی نے کہا ہے کہ سفر کیا جناب امام حسن علیہ السلام وامام حسین وعبداللہ ابن جعفر علیہما السلام نے حج کی غرض سے اور اتفاقاً ان حضرات کے وہ شتر جن پر زاد وراہ بار تھی گم ہوگئے پس یہ بزرگوار گرسنہ اور تشنہ لب ہوئے اور اسی حالت میں ایک ضعیفہ تک پہنچے جو اپنے خیمہ میں تھی اور اس ضعیفہ سے انہوں نے کہا کہ آیا کوئی شربت ہے (پانی دودھ یا مثل اس کے) اس ضعیفہ نے کہا کہ ہاں موجود ہے پس ان صاحبوں نے اپنے شتران سواری وہاں بٹھلایا اور حال یہ تھا کہ وہاں کوئی اور چیز سوائے ایک چھوٹی سی بکری کے نہیں تھی جو خیمہ کے ایک گوشے میں بندھی ہوئی تھی اس ضعیفہ نے کہا کہ اس بکری کا دودھ دوہ کر اس میں پانی ملاؤ اور پیو پس ان حضرات نے ایسا ہی کیا اور پھر اس ضعیفہ سے کہا کہ آیا کچھ کھانا ہے اس نے کہا کہ بجز اس بکری کے اور کوئی چیز نہیں ہے آپ لوگوں میں سے ایک شخص اس کو ذبح کرے تاکہ میں آپ لوگوں کے لئے خورش تیار کروں پس ان حضرات نے اس بکری کو ذبح کیا اور کھال جدا کی پھر اس ضعیفہ نے طعام ان کے لئے مہیا کیا پس انہوں نے طعام نوش فرمایا اور قیام کیا یہاں تک کہ وقت خنک داخل ہوئے پس جس وقت انہوں نے وہاں سے کوچ کیا تو اس ضعیفہ سے کہا کہ ہم لوگ قریش سے ہیں اور ارادۂ حج رکھتے ہیں جس وقت ہم سالم لوٹیں تو تم ہمارے یہاں آؤ ہم تمہارے ساتھ نیک سلوک کریں گے پھر روانہ ہوگئے شوہر اس ضعیفہ کا اپنے مکان پر آیا تو اس ضعیفہ نے اس بکری کے ذبح اور ان صاحبوں کے آنے کا اور طعام نوش فرمانے کا حال بیان کیا اس کا شوہر غصہ ہوا اور کہا کہ وائے ہو تجھ پر کہ تو نے ذبح کیا میری بکری کو مسافروں کے لئے اور نہ نشان دیا تو نے مجھکو ان کا مگر صرف اتنا کہ وہ چند آدمی قبیلہ قریش سے تھے اس کے بعد اتفاق ایام سے کوئی ضرورت ان دونوں زن وشوہر کو مدینہ میں لائی تو انہوں نے یہ اختیار کیا کہ مینگنیاں جمع کرکے لاتے اور اس کو فروخت کرکے زندگی بسر کرتے ایک روز گذر اس ضعیفہ کا مدینہ کے بعض کوچوں میں ہوا ناگاہ امام حسن علیہ السلام اپنے دروازہ پر بیٹھے تھے امام حسن علیہ السلام نے اس ضعیفہ کو پہچانا مگر وہ حضرت کو نہ پہچان سکی حضرت نے اپنے غلام کو بھیجا اور وہ اس کو آپ کی خدمت میں بلا لایا آپ نے اس ضعیفہ سے پوچھا کہ

اے کنیز خدا تو مجھ کو پہچانتی ہے اُس نے کہا نہیں حضرت نے فرمایا کہ میں فلاں روز تیرا مہمان ہوا تھا ضعیفہ نے کہا ہاں میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں پس آپ نے حکم فرمایا کہ ہزار بکریاں صدقے کی اس کے لئے خریدی گئیں اور معہ ہزار دینار بھی اسکو دیئے گئے اور پھر اپنا غلام اس کے ساتھ کرکے اپنے بھائی جناب امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں بھیجا امام حسین علیہ السلام نے اس سے دریافت کیا کہ بھائی صاحب نے تم کو کس قدر عطا کیا ہے اس نے عرض کیا کہ ہزار بکریاں اور ہزار دینار پس آپ نے بھی اسیقدر عطا فرمایا پھر ضعیفہ کو اپنے غلام کے ساتھ عبداللہ ابن جعفرؓ کی خدمت میں بھیجا انہوں نے بھی دریافت کیا کہ حضرت حسن وحسین علیہما السلام نے تم کو کس قدر عطا کیا ہے کہا کہ دو ہزار دینار اور دو ہزار بکریاں پس حضرت عبداللہ نے بھی اس کے واسطے دو ہزار بکریاں اور دو ہزار دینار کا حکم کیا اور فرمایا اگر تو پہلے میرے پاس آئی ہوتی تو میں اتباع حضرات حسنین علیہم السلام نکرتا پس وہ ضعیفہ اپنے شوہر کے پاس مع چار ہزار دینار اور چار ہزار بکریوں کے واپس گئی۔

فصول المہمہ مطالب السئول اور **نور الابصار** کے معتبر مولفین جناب امام حسن علیہ السلام کی جامعیت اور کمال علمیہ کے ثبوت میں ذیل کا واقعہ تحریر فرماتے ہیں۔

روی الامام ابوالحسن علی ابن احمد الواحدی رحمۃ اللہ فی تفسیرہ المسمّی بالوسیط ما یرفعہ بسندہ ان رجلاً قال دخلت مسجد المدینۃ فاذا انا برجل یحدث عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم والنّاس حولہ فقلت اخبرنی عن شاھد ومشھود فقال نعم امّا الشاھد فیوم الجمعۃ وامّا المشھود فیوم عرفۃ فجزتہ الی آخر یحدث عن رسول اللہ فقلت اخبرنی عن شاھد ومشھود فقال نعم امّا الشاھد فیوم الجمعۃ وامّا المشھود فیوم النحر فجزتھما الی غلام آخر وجھہ کالدینار وھو یحدث عن رسول اللہ فقلت اخبرنی عن شاھد ومشھود فقال نعم امّا الشاھد محمّد وامّا المشھود فیوم القیامۃ امّا سمعتہ عزوجل یقول یا ایّھا النّبی انّا ارسلناک شاھداً ومبشّراً ونذیراً وقال اللہ تعالٰی ذالک یوم مجموع لہ النّاس وذالک یوم مشھود فسالت عن الرّجل الاوّل فقالوا ابن عباسؓ وسالت عن الثّانی فقالوا ابن عمر وسئلت عن الثالث فقالوا الحسنؑ ابن علی ابن ابیطالب علیھما السلام فکان قول الحسن علیہ السلام احسن

امام ابوالحسن علی ابن واحدی اپنی تفسیر مسمّٰی بہ وسیط میں اپنے اسناد سے روایت کرتے ہیں کہ کہا ایک مرد نے کہ داخل ہوا میں مسجد مدینہ میں ناگاہ دیکھا میں نے کہ ایک مرد کے قریب ہوں اور وہ حدیث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان کرتا ہے اور لوگ اس کے گرد جمع ہیں میں نے اس سے پوچھا کہ خبر دے مجھکو شاہد ومشہود سے (یعنی شاہد ومشہود سے تنزیل میں کیا مراد ہے) اس نے جواب دیا کہ شاہد روز جمعہ اور مشہود روز عرفہ ہے پس میں اس کو چھوڑ کر دوسرے کے پاس گیا کہ وہ بھی حدیث رسولؐ بیان کرتا تھا میں نے اس

سے کہا کہ مجھکو شاہد و مشہود سے خبر دے اس نے کہا کہ شاہد یوم جمعہ ہے اور مشہود یوم قربانی پس میں اسکو چھوڑ کر ایک لڑکے کے پاس گذرا جس کا چہرہ مثل دینار کے چمکتا تھا اور حدیث رسولؐ بیان کرتا تھا اس سے میں نے کہا خبر دے مجھکو شاہد و مشہود سے پس کہا اس نے کہ شاہد محمد صلے اللہ علیہ وآلہ اور مشہود روز قیامت ہے آیا نہیں سنا تو نے کہ فرمایا جناب باری عز اسمہ نے يا ايها النبي انا ارسلناك شاهدا و مبشرا و نذيرا اور فرمایا قیامت کے بارہمیں خدائے سبحانہ تعالے نے کہ ذالك يومٌ مجموع له الناس و ذالك يوم مشهود پس دریافت کیا میں نے مرد اول کو یعنی جس سے میں نے پہلے ملاقات کی تھی کہ یہ کون ہیں تو معلوم ہوا کہ یہ ابن عباس ہیں اور دوسرے کی نسبت پوچھا تو لوگوں نے کہا کہ ابن عمر ہیں جب تیسرے شخص کے حال کا مستفسر ہوا تو لوگوں نے کہا کہ وہ حسنؑ ابن علی ابن ابی طالب علیہما السلام ہیں پس قول جناب امام حسن علیہ السلام کا احسن تھا۔

پھر انہیں کتابوں میں آپ کی **جامعیت** اور **فصاحت و بلاغت** کا یہ واقعہ لکھا ہے۔

نقل انه يوما اغتسل وخرج من داره في حلة فاخرة وبزة وطاهرة بمحاسن سافرة وقسمات ناضرة ونفحات ناشرة ووجهه يشرق حسنا وشكله قد كمل صورة ومعنى والاقبال يلوح من اعطافه ونضرة النعيم تعرف من اطرافه وقاضي القدر قد حكم ان السعادة من اوصافه ثم ركب بغلة فارهة غير قطوف وسار مكتنفا من حاشية وغاشية بصفوف فلو شاهده عبد مناف لازعم بمفاخرته به معاطس انوف وعده وجده لاحراز خصل الفخار يوم التفاخر بالوف فعرض له في طريقه من محاويج اليهود هرم في هدم قد انهكته العلة وارتكبته الذلة واهلكته القلة وجلده يستر عظامه وضعفه يقيد اقدامه وضره قد ملك زمامه وسوء حاله قد حبب اليه حمامه وشمس الظهيرة تشوي شواه واخمصه تصافح ثرى ممشاه وعذاب عرعرية قد عراه وطول طواه وهو حامل جر مملوا على مطاه وحالة تضعف عليه القلوب القاسية عند مراه فاستوقف الحسن عليه السلام وقال يا ابن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انصفني فقال في اي شيء فقال جدك يقول الدنيا سجن المومن وجنة الكافر وانت مومن وانا كافر فما ارى الدنيا الا جنة لك تتنعم فيها وتستلذ بها وما اراها الا سجنا لي قد اهلكني ضرها واتلفني فقرها فلما سمع الحسن عليه السلام كلامه اشرق عليه نور التاييد فاستخرج الجواب الحق بفهمه من خزانة علمه واوضح اليهودي خطاء ظنه وخطل زعمه فقال يا شيخ لو نظرت الى ما اعد الله تعالى للمومنين الذين تتجافى جنوبهم عن المضاجع من نعيم الجنان والخيرات الحسان في الدنيا والاخرة مما لا عين رأت ولا اذن سمعت لعلمت اني قبل انتقالي اليه في هذه الدنيا في

مبین ضنك ولو نظرت الى ما اعد الله لك ولكل كافر فى الدنيا والآخرة من سعير نار الجحيم ونكال العذاب المقيم لرأيت انك قبل مصيرك اليه الآن فى جنة واسعة ونعمة جامعة فانظر الى هذا الجواب الصادع بالثواب كيف تفجرت بمستعذبه عيون علمه وانبثقت بمستقر به فنون فهمه فياله جوابا ما امتنه وصوابا ما ابينه وخطابا ما احسنه صدر عن علم مقتبس من مشكوة نور النبوة وتائيد موروث من آثار معالم الرسالة

منقول ہے کہ ایک روز حضرت امام حسن علیہ السلام نے غسل فرمایا اور حلّہ فاخرہ اور لباس فاخرہ زیب جسم مطہر فرماکر دولتسرا سے باہر تشریف لائے محاسن شریف نورانی تھی اور اعضا چہرۂ مبارک تر و تازہ تھے اور خوشبوئیں حضرت سے پراگندہ ہوتی تھیں اور حُسن سے روئے مبارک روشن تھا اور شکل ہمایوں کامل تھی باعتبار صورت و معنی کے اور اقبال اطراف حضرت سے تابان تھا اور تازگی نعمت دست و پائے حضرت سے ظاہر تھی اور قاضی قدر نے حکم لگا دیا تھا کہ سعادت بعض اوصاف آنحضرت سے ہے پھر حضرت ایک ایسے الاغ پر سوار ہوئے جو چلنے میں کمی نہیں کرتا تھا اور تشریف لے چلے حضرت اس طرح کہ حضرت کے خدام اور اصحاب صف بصف احاطہ کئے ہوئے تھے پس اگر حضرت کو عبد مناف دیکھتے تو بسبب مفاخرت کرنے کے آپ کی ذات والا سے ناکیں خاک پر رگڑ دیتے اور مشاہدہ کرتے حضرت کو تنہا برابر ہزاروں کے واسطے حاصل کرنے غلبۂ فخر کے بروز تفاخر دیں جبکہ آپ اس طرح با جاہ و جلال رواں تھے) راستے میں ایک بوڑھا آدمی پرانے کپڑے پہنے ہوئے محتاجین یہود سے سامنے آیا بیماری نے اس کو ضعیف کر دیا تھا اور ذلت اسپر سوار تھی اور قلت مال نے اس کو قریب ہلاکت پہنچایا تھا اور اس کا پوست اس کی ہڈیوں کو چھپائے تھا اور ضعف نے اس کے پاؤں میں بیڑیاں ڈال دی تھیں اور اس کی زمام سختی ایام کے قبضۂ تصرف میں تھی اور سوء حال نے اس کو اپنی موت کا دوست کر دیا تھا اور آفتاب نیم روز اس کے چہرے کی جلد کو بھونتا تھا اور کف پا اس کے مصافحہ کرتے تھے خاک سے عذاب غم برہنگی اس کو لاحق تھا اور طول گرسنگی نے اس کے شکم کو ضعیف اور پیچیدہ کر دیا تھا اور اسی حالت وہ ایک گھڑا بھرا ہوا اپنی پشت پر اُٹھائے ہوئے تھا اسکو دیکھکر دل ہائے حضرت اسپر رحم کرتے تھے اس محتاج نے حضرت امام حسن علیہ السلام کو ٹھہرایا اور عرض کیا یا ابن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میرا انصاف کیجئے حضرت نے فرمایا کس بارے میں اس نے کہا آپ کے جد امجد فرماتے ہیں کہ دنیا مومن کا قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے اور آپ مومن ہیں اور میں کافر ہیں نہیں دیکھتا ہوں میں دنیا کو جنت مگر آپ کے واسطے کہ آپ اس میں متنعم ہیں اور لذت پاتے ہیں اس کے ساتھ اور نہیں دیکھتا ہوں میں اسی دنیا کو قید خانہ مگر اپنے لئے کہ مجھ کو اس کی سختی نے ہلاک اور اس کے فقر نے تلف کر دیا ہے۔

جب امام عالی مقام نے اِس کا کلام سُنا تو حضرت پر نُور تائید روشن ہوا اور جواب حق بسبب اپنے فہم کے

اپنے خزانۂ علم سے استخراج فرمایا اور خطائے ظن یہودی اسیر ظاہر کی اور فساد زعم اس کا اسیر عیان کیا اور ارشاد فرمایا کہ اگر تو اس چیز پر نظر کرتا جو جناب باری عز اسمہ نے مہیا فرمائی ہے ان مومنین کے واسطے کہ جن کے پہلو خوابگاہ سے علیحدہ رہتے ہیں از قبیل نعمائے بہشت و زنان صاحب جمال دنیا و آخرت میں یا حور عین کہ ان کو نہ کسی کی آنکھ نے اس کو دیکھا اور نہ کسی کے کان نے سُنا تو البتہ جانتا کہ تحقیق میں قبل اس کے کہ ان نعمتوں کی طرف انتقال کروں اس دارِ دنیا میں قیدخانۂ تنگی میں ہوں اور اگر دیکھتا تو اس چیز کی طرف جس کو مہیا کیا ہے اللہ جل شانہ نے تیرے لئے اور واسطے ہر کافر کے سعیر نار جہیم و نکال عذاب مقیم سے تو البتہ دیکھتا تو تم پر آئینہ قبل جانے طرف اس عذاب کے تو اس وقت ایک جنت وسیع اور نعمت جامع میں ہے پس یا ایہا الناظرین اس جواب کی طرف نظر کریں کہ جو ظاہر کرنے والا صواب کا ہے کس طور سے اس کلام شیریں سے آنجناب کے چشمہائے علم جوش زن ہیں اور کس طریقہ سے اس کلام عجیب و غریب سے شاخیں دانائی امام ہمام علیہ السلام کی بارور ہیں سبحان اللہ کیا ہی جواب متین اور کلام سراپا صواب و روشن ہے اور کیسا خطاب نیک ہے کہ صادر ہوا ہے اس علم سے جو مقتبس ہے مشکواۃ نور نبوت سے اور ظاہر ہوا ہے اس تائید سے جو موروثی ہے آثار معالم رسالت سے۔

کتاب فصول المہمہ اور مطالب السئول میں یہ نقل درج ہے۔

فی كلامه نقل الحافظ ابو نعیم رحمة الله تعالى فی حلیة بسنده فیها ان علیاً سأل ابنه الحسن علیه السلام عن اشیاء من امر المروة فقال یا بنی ما السداد فقال یا ابت السداد دفع المنكر بالمعروف قال ما الشرف قال اصطناع العشیرة وحمل الجریرة قال فما المروة قال العفاف واصلاح المال قال فما الدقة قال النظر فی الیسیر ومنع الحقیر قال البذل فی العسر والیسر قال فما الشح قال ان تری ما فی یدك سرفا وما انفقته تلفا قال فما الاخاء قال المساواة فی الشدة والرخاء قال فما الجبن قال الجرأة علی الصدیق والنكول عن العدو قال فما الغنیمة قال الرغبة فی التقوی والزهادة فی الدنیا هی الغنیمة الباردة قال فما الحلم قال كظم الغیظ وملك النفس قال فما الغنی قال رضاء النفس بما قسم الله تعالی لها وان قل وانما الغنی غنی النفس قال فما الفقر قال شره النفس فی كل شیء قال فما المنعة قال شدة الباس ومنازعة اعز الناس قال فما الذل قال الفزع عند المصدوقة قال فما العی قال العبث باللحیة وكثرة البزق عند المخاطبة قال فما الجرأة قال موافقة الاقران قال فما الكلفة قال كلامك فیما لا یعنیك قال فما المجد قال ان تعطی فی الغرم وتعفو عن الجرم قال حفظ القلب كلما استرعیته قال فما الخرق قال معاداتك امامك ورفعك علیه كلامك قال فما السناء قال اتیان الجمیل وترك القبیح قال فما الحزم قال طول الاناة والرفق

بالولادة قال فما السفه قال اتباع الدناة ومصاحبة الغواة قال فما الغفلة قال تركك المسجد وطاعتك المفسد قال فما الحرمان قال تركك حظك وقد عرض اليك قال فمن السيد قال الاحمق في ماله والمتهاون في عرضه يشتم فلا يجيب المهتم بامر عشيرته هو السيد فهذه الاجوبة الصادرة منه على بديهة حاضرة ومادة فضل وافرة وفكرة على استخراج الغوامض قادرة۔

نقل کیا ہے حافظ ابونعیم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب حلیۃ الاولیا میں اپنی سند سے کہ حضرت علی علیہ السلام نے اپنے فرزند ارجمند حضرت امام حسن علیہ السلام سے سوال کیا ان چند چیزوں کے بارے میں جو امور مروت سے (علم الاخلاق) ہیں پس فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے کہ اے فرزند سداد کیا ہے امام حسن علیہ السلام نے عرض کی برائی کو نیکی کے ساتھ دفع کرنے کو سداد کہتے ہیں آپ نے پوچھا شرف کیا چیز ہے عرض کی اپنے قبیلہ پر احسان کرنا اور ان کی خطا اپنے اوپر اٹھا لینا آپ نے پوچھا مروت کیا ہے عرض کی عفاف حال اور اصلاح مال کو مروت کہتے ہیں آپ نے پوچھا دقت کیا ہے عرض کی نظر کرنا تھوڑی چیز پر اور منع کرنا چھوٹی چیز کا آپ نے پوچھا کہ لوم کیا ہے عرض کی کہ مرد کا اپنے نفس کی نگہداشت کرنا اور اپنی زوجہ کی فروگذاشت فرمایا سماحت کیا ہے عرض کی سختی اور آسانی میں صرف کرنا فرمایا بخل کیا ہے عرض کی جو ہاتھ میں ہو اسکو اسراف اور جو خرچ کیا جائے اس کو تلف سمجھا جائے فرمایا کہ خویشاوندی کیا ہے عرض کی مساوی ہونا دونوں کا شدت سختی اور فراخی میں فرمایا کہ جبن کیا ہے عرض کی دوست پر جرأت کرنا اور دشمن سے بھاگ کھڑے ہونا فرمایا کہ غنیمت کیا ہے عرض کی رغبت کرنا پرہیزگاری میں اور بے رغبتی کرنا دنیا میں یہی غنیمت باردہ ہے فرمایا کہ حلم کیا ہے عرض کی ضبط کرنا غصے کا اور نفس کا مالک ہونا فرمایا کہ غنی کیا ہے عرض کی راضی ہونا اس سے جو اللہ جل شانہ نے اس کی قسمت ٹھیرائی ہو اگرچہ تھوڑا ہی ہو اور بجز اس کے نہیں ہے کہ خواہشات نفسانی سے علیحدہ اور بے پروا ہونا غنا ہے فرمایا فقر کیا ہے عرض کی کہ حریص ہونا نفس کا ہر چیز میں فرمایا منعہ (رفعت) کیا ہے عرض کی شدت یاس اور اغر الناس سے منازعت فرمایا ذلت کیا ہے عرض کی فزع کرنا نزدیک مصیبت کے فرمایا عی (درماندگی) کیا ہے عرض کی بازی کرنا ریش سے اور کثرت سے تھوکنا وقت خطاب کے فرمایا جرأت کیا ہے عرض کی موافقت اقران سے فرمایا کلفت کیا ہے عرض کی کلام کرنا امور لایعنی میں فرمایا مجد کیا ہے عرض کی عطا کرنا حالت تاوان میں اور درگذر کرنا جرم سے فرمایا عقل کیا ہے عرض کی حفاظت قلب کی جس وقت کہ اس کو ظرف اسرار یا ظرف یادداشت بنائے فرمایا خرق (بیوقوفی) کس کو کہتے ہیں عرض کی اپنے امام کو دشمن رکھنا اور اسپر اپنے کلام کو بلند کرنا فرمایا اسنا کیا ہے عرض کی نیک باتوں کا بجا لانا اور بری باتوں کا ترک کرنا فرمایا حزم ہے عرض کی درنگ اور تامل کو طول کرنا اور حکام کے ساتھ نرمی کرنا فرمایا سفہ کیا ہے عرض کی زانیوں کی پیروی کرنا اور گمراہوں کی ہم نشینی فرمایا

غفلت کیا ہے عرض کی مسجد کو ترک کرنا اور مفسد کی اطاعت کرنا فرمایا حرمان کیا ہے عرض کی ترک کرنا اپنے نصیب و حصے کا جو سامنے پیش ہوا ہے فرمایا سیّد کون ہے عرض کی جو احمق ہے اپنے مال میں اور سستی کرتا ہے اپنی آبرو میں گالیاں کھاتا ہے اور جواب نہیں دیتا اور اپنے قبیلے کے کام میں مہتم ہے وہی سید ہے پس یہ ایسے جوابات ہیں کہ حضرت امام حسن علیہ السلام سے فی البدیہہ بغیر فکر کے صادر ہوئے ہیں شاہد ہیں آپ کی بصیرۃ باہرہ اور بدیہتہ حاضرہ پر اور گواہ ہیں آپ کے اس مادہ فضل پر جو وافر ہے اور ایسی فکر پر جو استخراج غوامض پر قادر ہے۔

تذکرہ خواص الائمہ علامہ سبط ابن جوزی سے یہ نقل تحریر کرتے ہیں۔

ولما سلم الحسن علیه السلام الامر الی معاویة اقام تجهیز الی المدینة فاجتمع الی معاویة رهط من شیعته منهم عمر بن العاص والولید بن عقبة وهو اخو عثمان بن عفان رضی الله لامه وکان علی علیه السلام وقد جلدة فی الخمر وعتبه وقالوا نرید ان نحضر الحسن علی السبیل الزیارة لنخجله قبل مسیرة الی مدینة فنهٰهم معاویه وقال انه لسن بنی هاشم فالحوا علیه فارسل الی الحسن فاستزاره فلما حضر شرعوا فتناولوا علیا علیه السلام والحسن ساکت فلما فرغوا الحسن حمد الله واثنی علیه وصل علی رسوله محمد صلعم قال ان الذی اشرتم الیه قد صلے الی القبلتین وبایع البیعتین وانتم بالجمیع مشرکون وبما انزل الله علی نبیه کافرون وانه حرم علی نفسه الشهوات وامتنع اللذات حتے انزل الله فیه یا ایها الذین امنوا لا تحرموا طیبات ما احل الله لکم وانت یا معاویة ممن قال رسول الله صلے الله علیه واله وسلم فی حقه اللهم لا تشبعه اولا اشبع الله بطنك وبات امیر المومنین یحرس رسول الله عن المشرکین وفداه نفسه لیلة الهجرة حتی انزل الله تعالی وصفه ومن الناس من یشرے نفسه ابتغاء مرضات الله ووصفه الله بالایمان فقال انما ولیکم الله ورسوله والذین امنوا المراد به امیر المومنین وقال رسول الله صلے الله علیه واله وسلم انت منی بمنزلة هارون من موسی وانت اخی فی الدنیا والاخرة وانت معاویه نظر النبی الیك یوم الاحزاب فرای اباك علی جمل یحرض الناس علی قتاله واخوك یقود الجمل وانت تسوقه فقال لعن الله الراکب والقائد والسائق وما قاتله ابوك فی موطن الا ولعنته وکنت معه وانت الذی کنت تنهی اباك عن الاسلام حتی قلت مخاطبا له

شعر

یا صخر لا تسلمن طوعا فتفضحنا   بعد الذین ببدر اصبحوا فرقا
لا نزلن الی امر تقلدنا   والراقصات بنعان به الحرقا

وولاك عمر الشام فخنته ثم ولاك عثمان فتربصت علیه وکنت یوم بدر واحد والخندق

والمشاهد كلها تقاتل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم وقد علمت المسلمون الفراش الذي ولدت عليه ثم التفت الى عمرو بن عاص وقال ما انت يا ابن النابغة فادّعاك اربعة من قريش غلب اليك الامهم وهو العاص وولدت على فراش مشترك وفيك نزل ان شانئك هو الابتر وكنت عدوّ الله وعدوّ رسوله وعدوّ المسلمين وكنت اضرّ عليهم من كلّ مشرك واما انت يا وليد فلا الومك على بغض امير المؤمنين فانه قتل اباك صبرا وجلدك في الخمر لما صليت بالمسلمين الفجر سكرانا وقلت ازيدكم وسماك الله في كتابه فاسقا وسمى امير المؤمنين مؤمنا في قوله افمن كان مؤمنا كمن كان فاسقا لا يستوون واما انت يا عتبة فلا الومك في امير المؤمنين فانه قتل اباك يوم بدر واشترك في دم ابن عمك شيبة وانكرت على من غلب على فراشك ووجدته نائما عن مرشل ثم نقض الحسن عليه السلام ثوبه وقام

جب سپرد کیا حضرت امام حسن علیہ السلام نے امر خلافت معاویہ کو تو مدینہ منورہ کے سفر کا سامان شروع کیا پس جمع ہوا معاویہ کے پاس ایک گروہ اس کے رفقا کا جن میں عمر عاص اور ولید ابن عقبہ کہ بھائی تھا حضرت عثمان ابن عفان کا ماں کی طرف سے اور حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے اس پر شراب خواری کی حد جاری فرمائی تھی اور عتبہ تھا ان لوگوں نے معاویہ سے کہا کہ میرا ارادہ ہے کہ میں بسبیل زیارت امام حسن علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں تاکہ ان کو قبل روانگی مدینہ شرمندہ کریں معاویہ نے کہا ان لوگوں کو روکو اور کہا کہ حسنؑ قبیلہ بنی ہاشم کے زبان آور ہیں مگر ان لوگوں نے اس پر اصرار کیا (کیونکہ ان کا خیال تھا کہ امام حسن علیہ السلام کو بات نہیں کرنی آتی) پس امیر معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کو بلایا جب لوگ جمع ہوئے تو انہوں نے گفتگو شروع کی اور حضرت علی علیہ السلام کے معائب بیان کرنے شروع کئے اور حضرت حسنؑ خاموش تھے پس جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت امام حسن علیہ السلام نے حمد و ثنائے باری کی اور جناب رسالت پناہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر درود بھیجا پھر فرمایا کہ وہ جناب جن کی طرف تم نے اشارہ کیا انہوں نے نماز پڑھی دونوں قبلوں کی طرف اور دو بیعتیں کیں اس وقت کہ تم تمام مشرک تھے اور اس چیز سے منکر تھے جو نازل فرمائی جناب باری نے اپنے نبی پر اور اس جناب نے تحقیق کہ حرام کیا اپنے نفس پر خواہشات نفسانی کو اور باز رہے لذات سے یہاں تک کہ نازل فرمایا جناب باری نے آیہ یا ایها الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل الله لکم اور تو اے معاویہ وہ شخص ہے کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے جس کے حق میں فرمایا کہ اے اللہ میرے نہ سیر کر شکم اس کا یا نہ شکم پر کرے اللہ اس کا اور امیر المومنین علیؑ ابن ابی علیہ السلام وہ تھے کہ حفاظت کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی مشرکوں سے اور فدا کیا اپنی جان کو شب ہجرت میں رسول اللہ پر یہاں تک کہ نازل

فرمایا اللہ جلشانہ نے ان کی شان میں آیہ من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ پس فرمایا جناب باری نے نہیں ہے حاکم تمہارا مگر اللہ اور اس کا رسول اور وہ کہ ایمان لائے اور عمل کئے نیک اور نماز پڑھتے ہیں اور زکواۃ دیتے ہیں اس حالت میں کہ رکوع میں ہوتے ہیں اور مراد اس سے امیر المومنین علی علیہ السلام ہیں اور فرمایا ان کے حق میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تو مجھ سے بمنزلہ ہارون کے ہے موسیٰ سے اور تو بھائی میرا ہے دنیا و آخرت میں اور تو معاویہ وہ شخص ہے کہ نظر کی نبیؐ نے بروز احزاب پس دیکھا رسول خدا نے تیرے باپ کو کہ اونٹ پر سوار ہے اور لوگوں کو برانگیختہ کرتا ہے قتال رسول پر اور بھائی تیرا مہار کھینچتا تھا اونٹ کی اور تو اس کو پیچھے سے ہنکاتا تھا پس فرمایا رسول اللہ نے کہ لعنت کرے اللہ سوار پر اور کھینچنے والے پر اور ہانکنے والے پر اور نہ مقابلہ کیا رسول خدا سے تیرے باپ کا کسی جگہ پر مگر لعنت کی رسول خدا نے اسپر اور تھا تو اس کے ساتھ اور تو وہ شخص ہے کہ منع کرتا تھا اپنے باپ کو اسلام سے یہاں تک کہ تو نے مخاطب ہو کر اس سے یہ شعر پڑھے ترجمہ اے صخر نہ اسلام لا تو رغبت سے پس رسوا کرے گا تو ہم کو بعد ان لوگوں کے جو بدر میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے گئے اور نہ تو میلان کر اس امر کی طرف کہ ڈالے تو ہماری گردنوں میں قلادہ بیعت قومی کا اس کے سبب سے قسم ہے ان اونٹوں کی جو تیز روی کرنے والے ہیں وادی نعمان میں۔

اور والی کیا تجھ کو عمر نے شام کا پس خیانت کی تو نے ان کی اور پھر والی کیا تجھکو عثمان نے پس انتظار کیا تو نے ان پر بدی کا اور تھا تو بروز بدر و احد و احزاب اور کل مشاہد میں کہ مقاتلہ کرتا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ سے اور تحقیق کہ جانا ہے مسلمانوں نے اس فراش کو جسپر تو پیدا ہوا ہے پھر التفات کیا حضرت امام حسن علیہ السلام کی طرف اور فرمایا کہ اے پسر نابغہ وہ شخص ہے کہ دعوے کیا تھا چار شخصوں نے قریش سے اور غالب ہوا ان پر وہ شخص جو بڑا لئیم تھا ان میں اور وہ عاص ہے اور تو پیدا ہوا فراش مشترک پر اور تیرے بارے میں خدا نے اپنے نبی سے یہ فرمایا کہ تیرا دشمن مقطوع النسل ہے اور تھا دشمن اللہ جلشانہٗ اور اُس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اور مسلمانوں کا اور تھا تو زیادہ نقصان رسان ان پر ہر مشرک سے اور تو اے ولید میں نہ ملامت کروں گا تجھ کو عداوت کرنے پر امیر المومنین علیہ السلام کی کیونکہ اس جناب نے قتل کیا تیرے باپ کو بے بس کر کے اور کوڑے لگائے تجھ کو حد شراب خواری میں جس وقت کہ نماز پڑھائی تو نے مسلمانوں کو نشہ کی حالت میں اور کہا تو نے کہ میں زیادہ کروں اور رکعتوں کو اور نام رکھا اللہ جل شانہ نے تیرا اپنی کتاب میں فاسق اور نام رکھا امیر المومنین علیہ السلام کا مومن اس آیہ میں آیا پس وہ شخص کہ مومن ہے مثل اس کے ہے کہ فاسق ہے نہیں برابر ہوتے اور لیکن تو اے عتبہ تجھکو بھی میں ملامت نہ کروں گا امیر المومنین علیہ السلام کے باب میں کیونکہ تحقیق کہ امیر المومنین علیہ السلام نے تیرے باپ کو بروز بدر قتل کیا اور تیرے عم زاد بھائی شیبہ کے خون میں شریک ہوئے اور انکار کیا تو نے اس شخص پر جو تیرے فراش پر متصرف ہوا اور پایا تو نے اس کو سوتے ہوئے ساتھ تیری زوجہ کے اس کے بعد جناب امام حسن علیہ السلام نے اپنے کپڑے جھاڑے اور کھڑے ہو گئے

حکیم سنائی غزنوی نے آپ کے محامد اشفاق اور مکارم اخلاق میں اپنی کتاب **حدیقہ** میں یہ اشعار آبدار نظم فرمائے ہیں۔

اے سنائی بگوئے خوب سخن   در ثنائے گزیدہ میر حسن
قرۃ العین مصطفیٰ اگر ہیں   شاہ اسلام و شرع و خسرو دیں
بوعلی آنکہ در شمام دلے   آید از گیسوانش بوئے علیؓ
در سیادت دل مؤید اوست   در رسالت رسول سید اوست
بستمش در سیادت از سلطان   حسبش در زیادت از سبحان
چوں علیؓ در نیابت نبویؐ   کوثر داعی و عدوئے دعی
نامہ دوست حاکی دل اوست   دوست را جیبت بہ ز نامۂ دوست
قرۃ العین مصطفیٰ او بود   سید القوم انبیا او بود
آنچناں در دراں صدف او بود   اصفیا را بحق خلف او بود
جگر و جان علیؓ و زہراؓ را   جدہ او خدیجۃؓ الکبریٰ
منہج صدق در دلائل او   مہترے راست در مخائل او
بودہ مانند جد بخلق عظیم   پاک عرق و نفیس خلق کریم
فلذۂ بود از دل زہراؓ   دیدہ و دل حبیب مولا را
زیر قہر عدو ہلاکش کرد   نقد تریاک درد ناکش کرد
باک ناید ز مردم بے باک   عود ناید ز دود چوب اراک
ماہ در چشم او ہلال نمود   زہر در کام او زلال نمود
ذانکہ زاں واسطہ چشیدن زہر   واں ز دشمن بسے کشیدن قہر
بجہانید جانش از رہ حلق   برہانیدش از دناءت خلق
روز باطل چو حق شود پنہاں   اہل حق را توبہ نہ گور مداں
چوں جہاں خیر را اسیر کند   زال زر روئے چوں زریر کند
گرچہ ایں بد بروے او آمد   پشت اقبال سوئے او آمد
بود باآں دژم ولے ہمہ روز   ہمچو خورشید دہر شہر فروز
خواستہ چوں خود ز بہر پناہ   شرف از منصب کریمش جاہ
خاطرش ہمچو بحرے اندر شرع   راسخ اصل بود و شاخ فرع
چوں بہار است بر وضیع و شریف   منصب خوب روے پاک و لطیف

فلک جاہ کوکب زہرہ دواج — قمر تخت مہر بدین تاج
مسند مرقدش بر از افلاک — مشرب و منہلش زعالم پاک
مشرب عرق و منہل جگرش — باشد از حوض جدش و پدرش
ماندہ آباد از سخاے کفش — خاندان نبوت از شرفش
کردہ خصماں بر او جہاں فراخ — تنگ ہمچوں درون گبہ دردواخ
تا سوم بار کرد عزم درست — شربت زہر ہم چو بار نخست
راست کرد و بداد آں ناپاک — کہ جہاں باد از چناں زن پاک
صد و ہفتاد اند پارہ جگر — بدر انداخت زاں لب چو شکر
جاں بداد اندراں غم و حسرت — باد بر جان خصم او لعنت

تمام شد

خلق و مروت

حضرت امام حسن علیہ السلام کے غلاموں میں سے کسی غلام نے کچھ خیانت کی اور مستوجب سزا ہوا حضرت نے اس کی تادیب چاہی اس غلام نے کہا الکاظمین الغیظ حضرت نے فرمایا میں نے اپنے غصہ کو فرو کیا۔ غلام نے پھر کہا والعافین عن الناس حضرت نے فرمایا میں تیرے گناہوں سے درگذرا اس غلام نے عرض کی واللہ یحب المحسنین حضرت نے فرمایا میں نے تجھے آزاد کیا اور پہلے سے رقم مشاہرہ میں دونا مشاہرہ بڑھا دیا۔

(۲) ایک روز امام حسن علیہ السلام کا گذر گروہ فقرا میں ہوا وہ لوگ کچھ نان خشک کے ٹکڑے زمین میں رکھے ہوئے کھا رہے تھے حضرت کو دیکھا تو آپ سے اپنی دعوت قبول فرمانے کے لئے استدعا کی حضرت فوراً گھوڑے سے اُترے اور فرمایا خدا متکبر لوگوں کو دوست نہیں رکھتا اتنا کہکر ان کے سامنے زمین پر بیٹھ گئے اور ان کے ہمراہ ان کا ماحضر تناول فرمایا آپ کی برکت سے ان کے کھانے میں مطلق کمی نہ ہوئی پھر اپنے ہمراہ حضرت ان فقرا کو اپنے دولتسرا میں لائے اور بہت سے طعام ہائے لذیذ ان کو کھلائے اور خلعت فاخرہ دے کر انکو رخصت فرمایا جلاء العیون ص ۲۵۷

(۳) امام یافعی **مراۃ الجنان** میں لکھتے ہیں ذکر جماعۃ من العلماء فی تصانیفہم انہ مر بصبیان معہم کسر خبز فاستضافوہ فنزل علیٰ فرسہ فاکل معہم ثم حملہم الی منزلہ وکساہم وقال الید لہم لانہم لم یجدوا غیر ما اطعمونی ونحن نجد اکثر منہ

علماء کی ایک جماعت نے اپنی تصانیف میں اس کا ذکر کیا ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام ایکدفعہ چند لڑکوں کے پاس سے ہو کر نکلے ان کے پاس روٹیوں کے ٹکڑے تھے لڑکوں نے آپکی ضیافت کی آپ گھوڑے پر سے اُتر پڑے اور ان کے ساتھ کھانا کھانے کو بیٹھ گئے پھر اُن کو اپنے گھر لے گئے اور ان کو نئے کپڑے پہنائے اور ان کے لئے صلہ عطا فرمانے کے لئے حکم دیا اور فرمایا کیونکہ ان کے پاس سوائے اس کے جو انہوں نے مجھے کھلایا ہے اور کچھ نہیں تھا اور ہمارے پاس تو اس سے زیادہ ہے۔

امام حسن علیہ السلام کے محاسن اخلاق اور رفق مدارا کے یہ واقعات تو وہ ہیں جو انسانی طبقات کے ساتھ مشہور و معروف ہیں اب ہم آپ کے محاسن اخلاق و ترحم کا ایک واقعہ اور لکھتے ہیں کہ انسانی طبقہ پر منحصر نہیں مخلوق خدا کے عام طبقہ کے ساتھ آپ کے اخلاق و اشفاق یکساں ہوتے تھے۔

ایک روز جناب امام حسن علیہ السلام بیٹھے کھانا نوش فرما رہے تھے اور ایک کتا سامنے کھڑا تھا حضرت خود ایک لقمہ کھاتے تھے اور دوسرا لقمہ اس کے آگے ڈال دیتے تھے حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کی یا ابن رسول اللہ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کو نکال دوں حضرت نے ارشاد فرمایا رہنے دو مجھے خدا سے شرم آتی ہے کہ کوئی جاندار میرے کھانے کی طرف دیکھے اور میں اسے کھانا نہ دوں اور ہنکا دوں۔

اب ان واقعات سے بڑھکر اور کون حالات ہوں گے جو محاسن اخلاق اور رفق و مدارا کے ثبوت میں لکھے جائیں گے امام حسن علیہ السلام کی مقدس سیرت کے متعلق ابھی ہمارے پاس کافی سرمایہ ہے مگر ہم حسب وعدہ اپنے ناظرین کو اپنے بیان کی طوالت کے ہاتھوں زیادہ زحمت دینا گوارا نہیں کرتے کیونکہ ہماری تالیف کا موجودہ حصہ جس میں ہم نے اخلاقی باتوں کے لکھنے کا وعدہ کیا ہے وہ ایک مانا ہوا مسئلہ ہے کہ وہ کسی طرح ہمارے بیان کا محتاج نہیں ہے اس لئے ہم آپ کے اخلاقی واقعات سے قطع نظر کر کے آپ کے روحانی تقدس اور تقوے و عبادت کے حالات کا ذکر آغاز کرتے ہیں جو جناب امام حسن علیہ السلام کی ذات معدن البرکات کے ساتھ خداوند عالم کی طرف سے مخصوص ودیعت فرمائے گئے تھے:

خوف خدا

ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ جلا العیون میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسن علیہ السلام اپنے زمانے میں عابد ترین و زاہد ترین و فاضل ترین مردم تھے اور جب حج کو تشریف لے جاتے تھے تو پیادہ جاتے تھے اور جب موت قبر قیامت اور صراط کو یاد فرماتے تھے تو رونے لگتے تھے اور جب عرض اعمال بارگاہ حقتعالےٰ کا دل میں خیال آتا تھا تو ایک نعرہ مار کر بے ہوش ہو جاتے تھے اور جب نماز کو کھڑے ہوتے تھے تو اعضائے بدن خوف خدا کی وجہ سے کانپنے لگتے تھے اور جب بہشت و دوزخ کو یاد کرتے تھے اس طرح طپاں اور

لرزاں ہوتے تھے کہ جس طرح کسی کو سانپ یا بچھو نے کاٹ کھایا ہو اور خدا سے سوال بہشت کرتے تھے اور آتش جہنم سے پناہ مانگتے تھے اور جب قرآن میں یا ایہا الذین آمنوا پڑھتے تھے تو لبیک اللھم لبیک فرماتے تھے اور کسی حال میں کسی نے امام حسن علیہ السلام کو یاد خدا میں نہیں دیکھا مگر یاد خدا میں۔

علامہ ابن حجر صواعق محرقہ میں آپ کے اوصاف میں لکھتے ہیں :-

وکان الحسن علیه السلام سیدًا حلیمًا کریمًا زاهدًا اذا سکینة وقارًا وذا حشمة وجوادًا

اخرج ابو نعیم فی حلیه انه قال الحسن علیه السلام انی لاستحیی من ربی ان القاه ولم امش الی بیته فحج عشرین حجة ماشیا واخرج الحاکم عن ابن عمر قال لقد حج الحسن علیه السلام خمسه وعشرین حجة ماشیا

جناب امام حسن علیہ السلام بہت بڑے صاحب حلم صاحب کرم اور صاحب زہد تھے اور بہت بڑے صاحب تھے یقین و وقار اور اہل حشمت و اقتدار حلیۃ الاولیاء میں حافظ ابو نعیم لکھتے ہیں کہ جناب امام حسن علیہ السلام فرماتے تھے کہ مجھے شرم آتی ہے کہ میں خدا کے گھر جاؤں اور ننگے پاؤں نہوں امام حسن علیہ السلام نے بیس حج پیادہ پا فرمائے امام حاکم مستدرک میں تحریر فرماتے ہیں کہ ابن عمر سے مروی ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے پچیس حج پیادہ ادا فرمائے۔

آخر والی روایت باسناد فریقین زیادہ تر صحیح ہے اور متفق علیہ علامہ ابن اثیر حجوں کی خاص کوئی تعداد نہیں لکھتے انکی عبارت یہ ہے۔

قیل ان الحسن ابن علی علیهما السلام حج عدة حجات ماشیا وکان یقول انی لاستحیی من ربی ان القاه ولم امش الی بیته

جناب امام حسن علیہ السلام نے بہت سے پاپیادہ حج ادا فرمائے اور فرمایا کرتے تھے کہ مجھے حیا آتی ہے کہ میں اپنے رب سے ملوں اور اس کی طرف پیادہ پا نہ جاؤں۔

اکثر لوگوں نے آپ سے اتنی زحمت نہ اٹھانے کے لئے کوشش کی مگر حضرت نے اس عادت حسنہ کی ترک سے قطعی انکار کیا چنانچہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے ترجمہ جلاء العیون میں ذیل کا واقعہ تحریر فرمایا ہے۔

سعد ابن ابی وقاص نے ایک مرتبہ آپ کو سفر مکہ میں پیادہ پا چلتے ہوئے دیکھ کر عرض کی کہ یا ابن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپکا اس سفر دور ودراز میں پیادہ پا چلنا اور تمام لوگوں کو بے ادبی کے خیال سے نہایت ناگوار گذرتا ہے اس لئے بہتر ہے کہ آپ بھی سوار ہو لیں جناب امام حسن علیہ السلام نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کہ ہم اس امر میں مجبور ہیں اس وجہ سے کہ ہم نے حج بیت اللہ میں پیادہ روی کے مخصوص طریقے کو اپنے ذمہ نذر کر لیا ہے اس لئے اس کی اداکاری بھی ہمارے لئے حج کے برابر فرض ہے :-

جلاء العیون ص ۲۲۳

استغراق، عبادت اوراد اذکاری فرائض کے مقابلے میں آپ کی ذات مجمع الحسنات کو دنیاوی تعلقات سے کوئی علاقہ نہیں رہتا تھا اور حوادثات زمانہ کے متعلق آپ کے دل پر کوئی اثر نہیں ہوتا تھا چنانچہ آپ کی دختروں میں سے ایک دختر نے قضا فرمائی جس سے آپ زیادہ مانوس تھے اس کی تعزیت میں آپ کے احباب میں سے کسی احباب نے نہایت پُر اثر الفاظ لکھے آپ نے جو گرامی نامہ اس کے جواب میں تحریر فرمایا وہ یہ تھا تمہاری تحریر تعزیت مرگ دختر میں مجھے پہنچی جس میں تم نے مجھے تسلی دی ہے میں مصیبت دختر کے اجر کو میں خدا سے مانگتا ہوں اور قضائے الٰہی کو میں نے تسلیم کر لیا ہے اور اس کی بلا پر صابر ہوں بدرستیکہ مجھے زمانے کے مصائب نے بہت ملول کیا ہے مصیبت ہائے زمان اور ان دوستوں کی مفارقت میں جن سے میں اُلفت و محبت رکھتا تھا اور وہ برادر جن کو میں اپنا دوست جانتا تھا اور ان کے دیکھنے سے خوش ہوتا تھا اور میری آنکھیں اُن کے دیکھنے سے روشن ہوتی تھیں ان کی جدائی سے ملول ہوا ہوں میں مصائب نے ناگاہ ان کو گھیر لیا اور لوگ ان کو اُٹھا کر لشکر ہائے مردگان میں لے گئے اور یہ آپس میں باہمدیگر مجاور ہیں بغیر اس کے کہ آپس میں کوئی آشنا ہوں یا ایک دوسرے کی ملاقات کریں یا ایک دوسرے سے بہرہ مند ہوں اور ایک دوسرے کی زیارت کو جاویں باوجودیکہ گھر اُن کے ایک دوسرے سے بہت قریب ہیں ان کے خانہائے بدن ان کے صاحبوں سے خالی ہیں ان کے دوستوں اور یاروں نے اُن سے دوری اختیار فرمائی ہے مثل ان کے گھروں کے اور کسی کا گھر نہیں دیکھا ہے اور مثل ان کی قرارگاہوں کے دوسرا مکان کسی نے نہیں معائنہ کیا ہے ان کے گھروں میں وحشت انگیز ساکن ہوئے ہیں اُنہوں نے اپنے خانہائے مالوف سے دوری اختیار کی ہے ان کے دوستوں نے بغیر دشمنی کے ان سے مفارقت کی ہے اور ان کو بوسیدہ اور کہنہ ہونے کے لئے گڑھوں میں ڈال دیا ہے اور وہ میری لڑکی ایک کنیز مملوک تھی اور وہ بھی اسی راہ میں گئی جس راہ میں گزشتگان پہلے اس سے جا چکے ہیں اور آئندہ جانے والے ہیں۔ والسلام ترجمہ جلاء العیون ص ۲۵۲

ترک تعلق اور تمام روحانی تعلیمات کے اثر لینے والوں کے لئے جناب امام حسن علیہ السلام کا صرف یہ خط ایک دختر کے برابر ہے اور وہ اس مختصر لیکن پُر معنی تحریر سے بے ثباتی دنیا اور اجل موعودہ کے علم کی نسبت عبرت کے کافی اثر محسوس کر سکتے ہیں اب اس مضمون کی تحریر کے بعد ہم جناب امام حسن علیہ السلام کی علمی لیاقتوں کے چند واقعات اپنے سلسلہ بیان میں مندرج کرتے ہیں ؛

لیاقت علمی

(۱) ایک دن معاویہ کی مجلس میں عمرو نامی نے امتحاناً جناب امام حسن علیہ السلام سے پوچھا کہ کرم و نجدہ

مروت کیا چیز ہے اُمید ہے کہ آپ ان میں سے ہر ایک کو جدا جدا بیان فرمائیں آپ نے جواب دیا کرم نیکی کرنے کے معنوں میں مستعمل ہوتا ہے لیکن اصل کرم وہ ہے جو قبل از سوال اور خالی از خیال عوض ہو۔

نجدت کے معنی رفعت کے ہیں لیکن اصل نجدہ وہ ہے کہ دشمنوں کو اپنے مکارم سے دفع کرتا رہے اور مقام مکروہات میں صبر کرتا رہے اب رہی مروت مروت کے معنی آدمیت کے ہیں اور آدمیت کی اصلی مراد یہ ہے کہ آدمی اپنے دین کو نگاہ رکھے اور اپنے نفس کی کثافت و آلودگی سے حفاظت کرے اور بادائے حقوق خدا و خلق قیام کرے جسے دیکھے پہلے خود سلام کرے پس معاویہ نے عمرو عاص کو ملامت و نفرین کی اور کہا تو نے اہل شام کو فاسد کر دیا اور فضائل جناب امام حسن علیہ السلام پر مطلع کر دیا۔

عمرو عاص نے کہا ان باتوں کو چھوڑ دے اہل شام ہم کو دین کے لئے دوست نہیں رکھتے بلکہ دُنیا کے واسطے دوست رکھتے ہیں شمشیر و مال ہمارے ہاتھ میں ہے اس لئے سخنان امام حسن علیہ السلام مفید نہیں ہوں گے۔ جلا العیون ص ۲۶۶

(۳) ایک روز جناب امیر المومنین علیہ السلام کوفہ کے محلّہ رحبہ میں بیٹھے ہوئے تھے ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا کہ میں آپ کی رعیت سے ہوں اور آپ کے اہل شہر سے آپ نے فرمایا تو جھوٹ کہتا ہے تو نہ میری رعیت سے ہے نہ میرے اہل شہر سے لیکن حقیقت یہ ہے کہ تجھکو قیصر روم نے معاویہ کے پاس چند مسائل دریافت کرنے کے لئے بھیجا ہے چونکہ معاویہ اُن مسائل کا جواب نہیں جانتا اس لئے اس نے تجھ کو پوشیدہ میرے پاس بھیج دیا ہے کہ تو مجھ سے اپنے سوالوں کا جواب پوچھ لے اس شخص نے کہا ہے تو ایسا ہی معاویہ نے پوشیدہ مجھے بھیجا ہے کہ کوئی شخص اس راز پر بجز خدا کے مطلع نہیں ہے اتنا سُنکر جناب امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا میرے ان دونوں فرزندوں میں سے (حضرات حسنین علیہم السلام حاضر تھے) جس سے تو چاہے سوال کر اس نے امام حسن علیہ السلام کو دیکھا آپ نے فرمایا تو مجھ سے پوچھنے آیا ہے کہ حق و باطل میں کیا فرق ہے اور زمین و آسمان میں کتنی مسافت ہے اور مغرب و مشرق میں کتنی دُوری ہے اور قوس و قزح کیا چیز ہے اور مخنث کسے کہتے ہیں اور وہ دس چیزیں کونسی ہیں جو ایک دوسرے سے زیادہ سخت ہیں سائل نے کہا ہاں میں انہیں چیزوں کے دریافت کرنے کو آیا ہوں۔

پس جناب امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا حق و باطل میں چار اُنگل کا فرق ہے جو آنکھ سے دیکھیں وہ حق ہے اور جو کان سے سُنو وہ ناحق اور آسمان میں بقدر نفرین مظلوم اور بمقدار حد نگاہ فاصلہ ہے اور مشرق و مغرب میں بقدر مُسافت ایک روزہ آفتاب ہے اور قزح نام شیطان کا ہے اور یہ تو بنام شیطان نہیں ہے بلکہ قوس خدا ہے اور علامت فراوانی روزی ہے اور اہل زمین کے لئے غرق ہونے سے امان ہے اور مخنث وہ ہے کہ معلوم نہ ہو کہ وہ مرد ہے یا عورت اور دونوں مقام اس کے ہوں پس

تابلوغ انتظار کریں اگر محتلم ہو مرد ہے اور اگر حائض ہو پستان اُبھر آئیں عورت ہے اور اگر اس سے بھی ظاہر نہ ہو تو دیکھیں کہ پیشاب کرتے وقت اس کی دھار سیدھی ہو تو مرد ہے اور اگر بروش بول منتشر ہے تو عورت ہے۔

اس کے بعد وہ دس چیزیں جو ایک دوسرے سے زیادہ سخت ہیں پس پتھر کو خدا نے سخت پیدا کیا اور لوہے کو اس سے زیادہ سخت پیدا کیا کہ لوہا پتھر کو توڑ ڈالتا ہے اور آگ لوہے سے زیادہ سخت ہے کہ اُسے گھلا دیتی ہے اور پانی آگ سے زیادہ سخت ہے کہ اُسے بجھا دیتا ہے اور ابر پانی سے زیادہ سخت ہے کہ حکم اسکا پانی پر جاری ہے اور ہوا ابر سے زیادہ سخت ہے کہ ہوا اس کو حرکت دیتی ہے اور ہوا سے سخت وہ فرشتہ ہے کہ ہوا جس کے حکم میں مقرر کی گئی ہے اور اس فرشتہ سے سخت ملک الموت ہے جو اس کی روح کو قبض کرے گا اور ملک الموت سے زیادہ سخت موت ہے کہ خود ملک الموت بھی اُس سے مرے گا اور موت سے زیادہ سخت خدا کا حکم ہے کہ اسی کے حکم سے وارد ہوتی ہے اور دفع بھی ہو جاتی ہے واللہ علےٰ کلّ شیءٍ قدیر :- ترجمہ جلاء العیون ص ۲۹۰ وحیات القلوب جلد دوم

(۳) امام حسن علیہ السلام بخیال ادب کبھی جناب امیر المومنین علیہ السلام کے مقابلے میں باتیں نہیں کرتے تھے بعض اہل کوفہ نے جناب امیر المومنین علیہ السلام سے کہا کہ حضرت امام حسن علیہ السلام کلام کرنے سے قاصر ہیں پس جناب امیر علیہ السلام نے امام حسن علیہ السلام کو طلب فرمایا اور ارشاد کیا کہ تمہاری نسبت لوگ ایسا خیال کرتے ہیں تم منبر پر جاؤ اور اپنے فضل و کمال کو ان پر ظاہر کرو امام حسن علیہ السلام نے عرض کی کہ آپ کے سامنے مجھے یارائے کلام نہیں ہے جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا اے فرزند میں تیرے سامنے سے ہٹا جاتا ہوں پس جناب امیر المومنین علیہ السلام نے لوگوں کو جمع فرمایا جناب امام حسن علیہ السلام منبر پر تشریف لے گئے اور یہ خطبہ پڑھا کہ ایّہا النّاس اپنے پروردگار کا کلام سمجھو حق تعالےٰ فرماتا ہے :-

انّ اللہ اصطفےٰ ادم ونوحاً وّال ابراھیم وّال عمران علی العالمین ذرّیّۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم۔

واضح ہو کہ ہم ذرّیت برگزیدۂ آدمؑ و سلالۂ نوحؑ و برگزیدۂ آل ابراہیم و فرزند پسندیدۂ اسمٰعیلؑ و آل محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ہماری مثال تم میں آسمان کی طرح ہے کہ ہماری وجہ سے فیض رحمت تم پر برستی ہے اور ہم بمنزلۂ خورشید انور ہیں کہ جہان کو اپنے نور سے روشن کیا ہے اور ہم شجرۂ زیتونہ ہیں کہ خدائے سبحانہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں اس کی نسبت مثل دی ہے اور برکت یاد کیا ہے کہ نہ مشرق پر ہے نہ مغرب میں پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی جڑ ہیں اور جناب علی مرتضیٰ علیہ السلام اس کی شاخ ہیں اور ہم بخدا اسی درخت کے میوے ہیں جو کوئی اس کی

شاخوں میں سے کسی شاخ کو اختیار کرے وہ ناجی ہے اور جو اس درخت سے دوری اختیار کرے وہ ناری ہے۔

جناب امام حسن علیہ السلام نے خطبہ کو یہاں تک پہنچایا تھا کہ جناب امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام اقصائے مسجد سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور ردائے مبارک کھینچتے ہوئے تشریف لائے یہاں تک کہ منبر پر جاکر درمیان دو دیدہ امام حسن علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بوسہ دیا اور فرمایا یا ابن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تم نے اپنی حجت قوم پر خوب تمام کی اور اپنی اطاعت ان پہ واجب کی پس وائے ہو اُس پر جو اب بھی تمہاری مخالفت کرے۔

(جلاء العیون ص ۲۵۷)

(۴) ایک مرتبہ معاویہ نے اپنی صحبت میں جناب امام حسن علیہ السلام کی لیاقت و جامعیت کا امتحان لینا چاہا اور آپ سے درخواست کی کہ آپ ممبر پر جاکر خطبہ پڑھیں کہ لوگوں پر آپ کا نقص ظاہر ہو جاوے امام حسن علیہ السلام منبر پر تشریف لے گئے اور بعد حمد و ثنائے الٰہی فرمایا جو مجھے پہچانتا ہو پہچان لے اور جو نہ پہچانتا ہو وہ پہچان لے کہ میں حسنؑ ابن علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام ہوں اور میں فرزند فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ہوں جو دختر جناب سید المرسلین اور بضعہ حضرت ختم المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں میں صاحب فضائل اور معجزات و دلائل ہوں میں فرزند جناب امیر المومنین علیہ الصلوٰۃ والسلام ہوں کہ مجھے میرے حق سے محروم رکھا ہے ہم اور ہمارے بھائی حضرت امام حسین علیہ السلام بہترین جوانان اہل بہشت سے ہیں میں صاحب رکن و مقام و مکہ و منیٰ و مشعر عرفات ہوں۔

جب معاویہ نے یہاں تک حضرت کا خطبہ سُنا وہ ڈرا کہ لوگ کہیں حضرت کی طرف مایل نہ ہو جائیں تو عرض کی یا ابو محمد اب آپ رطب کی تعریف فرمائیں اس کلام سے کیا کام ہے آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہوا رطب کو بڑھاتی ہے اور گرمی پکاتی ہے اور سردی اسکو لطیف و پاکیزہ کرتی ہے

اتنا فرماکر حضرت نے پھر اپنے مطلب کی طرف رجوع فرمایا اور کہا کہ میں فرزند پیشوائے خلق ہوں اور جگر بند جناب فخر الانبیاء محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں اتنا سُنکر معاویہ اور خائف ہوا کہ اس کلام کے بعد حضرت ایسا موعظہ نہ فرمائیں کہ لوگ مجھ سے منحرف ہو جائیں یہ خیال کر کے کہا کہ آپ نے جو کچھ فرمایا وہ کافی ہے آپ کے منبر سے نیچے تشریف لائے پس آپ منبر سے نیچے تشریف لائے

جلاء العیون صفحہ ۲۵۰

اسی مضمون کی نسبت آپ کی حاضر جوابی ذکاوت اور اخلاقِ طبعی کے چند واقعات اور ذیل میں درج کرتے ہیں۔

(۵) معاویہ نے ایک دن آپ کے جود وکرم کی شہرت سن کر لکھ بھیجا کہ لا خیر فی اسراف قلم بلاغت رقم سے جو نکتہ اس کے جواب میں لکھا گیا جس نے معترض کے ہوش اُلٹ دیئے وہ یہ تھا لا اسراف فی خیر

(۶) اسیطرح ایک اور واقعہ امام یافعی نے مرآۃ الجنان میں درج فرمایا ہے۔

ما روی انہ بلغہ ان اباذر رضی اللہ عنہ یقول الفقراء احب الیّ من الغنا والسقم احب الی من الصحۃ فقال رحم اللہ اباذر رضہ اما انا اقول من اتکل علی حسن اختیار اللہ تعالیٰ لم یخیر ما اختار اللہ لہ

روایت ہے کہ جناب امام حسن علیہ السلام کو خبر لگی کہ ابوذر رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں، کہ میرے نزدیک تونگری سے فقیری بہتر ہے اور صحت سے بیماری اچھی ہے۔ آپ نے فرمایا ابوذر پر خدا رحم کرے میں یہ کہتا ہوں کہ جس نے خدا کے اختیار پر توکل کیا وہ کیوں خدا کے اختیار کے سوا اور کچھ اختیار کرے

(۷) زمانہ کے بعض کوتہ اندیشوں نے آپ سے آپ کی صلح کی نسبت اعتراض پیش کیئے آپ نے فوراً اس کے جواب میں ارشاد فرمایا

وہ شخص عیب نہیں لگایا جاسکتا جو اپنا حق کسی اور کو دے دے بلکہ اس شخص پر عیب رکھا جاتا ہے جو دوسروں کا حق لے لیتا ہے ہر امر حق نفع پہنچانے والا ہے اور ہر امر باطل اپنے اہل کو ضرر پہنچانے والا ہے۔

(جلاء العیون ص ۲۷۵)

(۸) اسیطرح ایک دوسرے شخص نے معاملات صلح کی نسبت آپ سے پوچھا تو جناب امام حسن علیہ السلام نے فوراً اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کہ اگر میں معاویہ سے جنگ کروں تو یہی لوگ (منافقین ہمراہی) مجھے اپنے ہاتھ سے پکڑ کے معاویہ کو دیدیں خدا کی قسم میرے لیے معاویہ سے صلح کرنا اور محفوظ رہنا کہیں بہتر ہے کہ ان کے ہاتھ میں آجاؤں اور وہ مجھے بخواری قتل کرے یا مجھپر احسان کر کے چھوڑ دے اور تا روز قیامت بنی ہاشم کے قبیلہ میں یہ عار باقی رہ جاوے اور ہمیشہ فرزندان معاویہ ہمارے فرزندوں اور ہمارے مردوں اور زندوں پر احسان رکھیں۔ (جلاء العیون ص ۲۷۶)

ہم نے نہایت اختصار کے ساتھ آپ کے ذاتی اور صفاتی محاسن کی نسبت چند واقعات صرف اپنے سلسلۂ بیان قائم رکھنے کے لیے لکھدیئے ورنہ ہمارے پاس اس کے متعلق کافی سرمایہ موجود ہے مگر جیسا ہم اوپر لکھ آئے ہیں کہ الحمدللہ ہمارے ائمہ

معصومین اور اہلبیت طاہرین سلام اللہ علیہم اجمعین کے محاسن اخلاق اور تمامی فضائل وشمائل ایسے مشہور معتبر اور متواتر ہیں جو میری کسی توضیح وتصریح کے ہرگز محتاج نہیں ہوسکتے اس لئے ہم ان تمام واقعات کو طوالت کے خوف سے قلم انداز کرتے ہیں اور اپنی تالیف کے تمامی مضامین کو خواجہ **محمد پارسا** کے ان اشعار پر ختم کرتے ہیں جنکو صاحب روضۃ الصفا نے آپکے حالات کے خاتمہ پر اپنی کتاب میں درج فرمایا ہے وھو ہذا ؎

اگر عمرے بیارایم سخن را — نشاید نعت من نعت حسنؑ را
سخن گیرم کہ مُرد دعدان نیست — سزائے وصف اخلاق حسنؑ نیست
سخن گر بگذرد از چرخ اخضر — ہنوز از قدر او باشد فروتر
سخن را گر بہ علّیین رسانم — رسانیدن بقدرش کے توانم
کمالش گرچہ نزد ماست ظاہر — زبان ما بوصف اوست قاصر
دو گیتی را وجودش زیب وزین است — نظیر او اگر جوئی حسینؑ است

تَمَّتْ بِالْخَیْرِ وَالْعَافِیَۃ

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ وآلہ اجمعین کہ کتاب دوم از سیرۃ اہلبیت کرام مشتمل براحوال خیر وبرکت جناب سبط اکبر جگر گوشہ حیدر صفدر امام زمین وزمن حضرت ابو محمد الحسن علیہ السلام است از تاریخ بست وہشتم ماہ محرم الحرام روز شنبہ سنہ ۱۳۲۲ھ بتعلقش پرداختم وامروز بتاریخ سوم ماہ ربیع الاولی روز شنبہ سنہ الیہ مرتب ساختم ؎

المؤلف اولاد حیدر

داخلہ نمبر ۱۵۵۸۱

سلسلۃ الذہب کی مقدس کڑیاں

آئمہ معصومین کی سوانح عمریاں

از مولانا مولوی فوقؔ بلگرامی

(۱) مدارج المبین فی تاریخ امیرالمومنین علیہ السلام جلد اول و دوم (زیر طبع) انشا جلد اول ماہ محرم الحرام تک تیار ہوجائیگی

(۲) سرو چمن فی احوال امام حسن علیہ السلام . . . . عہ/

(۳) ذبح عظیم فی احوال مظلوم کربلا علیہ التحیۃ والثنا . . . . . . للعہ

(۴) صحیفۃ العابدینؑ فی احوال حضرت سید الساجدین علیہ السلام عہ/

(۵) ماثر الباقریہ فی احوال حضرت امام محمد باقر علیہ السلام . . ۸/

(۶) آثار جعفریہ فی احوال حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام . عہ۴/

(۷) علوم کاظمیہ فی احوال حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام . . ۱۲/

(۸) تحفۂ رضویہ فی احوال حضرت امام علی رضا علیہ السلام . . . . عہ/

(۹) تحفۃ التقیین فی احوال حضرت امام محمد تقی علیہ السلام ۸/

(۱۰) النقی فی احوال حضرت امام علی نقی علیہ السلام ۱۲/

(۱۱) العسکری فی احوال حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام ۱۴/

(۱۲) دُرالمقصود فی احوال مہدی موعود عجل اللہ فرجہ وسہل اللہ مخرجہ . . . . زیر طبع

غیر مستطیع مومنین کے لئے ”چہاردہ معصومینؑ“ کا ذکر خیر یکجائی یعنی ”تذکرۃ المعصومینؑ“ اردو
مہر علاوہ محصول ڈاک

المشتہر سید منیر حسن زیدی مالک مطبع یوسفی دہلی و مختصر مینیجر یوسفی پریس دہلی

HYDERABAD STATE LIBRARY

ذخیرۂ مناقب

(مع معنیٰ بند) اس میں اردو اور فارسی کے وہ مناقب جمع کئے گئے ہیں۔ جو ملا جامی۔ حافظ شیراز۔ جناب قدسی۔ محسن کاشانی۔ حضرت شاہی اور محتشم کاشانی رحمہم اللہ تعالیٰ جیسے شعرائے گرامی نے ولائے جناب امیر خیبر گیر میں نظم فرمائے ہیں۔ ایک جلد ضرور طلب فرما کر ملاحظہ کیجئے۔ قیمت صرف دس آنے (۱۰؍)

سوانح عمری امیر مختار رضہ

قاتلان امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مختار نامدار رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست سے داخل دار البوار ہونے کی نہایت پاکیزہ اور مفصل تاریخ۔ انقلابات کی ایک شاندار تصویر۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ دس آنہ (۱؍۱۰)

مینیجر مطبع یوسفی دہلی سے طلب کیجئے

سراج الایمان ۱؍۴

تحفۃ الصلوٰۃ ۴؍

چہاردہ معصوم ۸؍

فالنامہ خواجہ ۲؍

ام الائمہ اردو

جناب سیدہ مظلومہ معصومہ سلام اللہ علیہا بضعۃ الرسول حضرت بتول کی رنجیدہ کیفیت، اور آپ کے مصائب [illegible] کی انتہا [illegible] العالمین کی ذات [illegible] سیدہ نساء العالمین [illegible] کا جواب [illegible] بابرکات [illegible] قیمت فی جلد صرف (۱۲؍)

صحیفہ کاملہ مترجم و محشی

حضرت سید الساجدین جناب امام زین العابدین علیہ السلام کی ان تمام دعاؤں کا مترجم ذخیرہ جو آپ تلاوت فرماتے تھے۔ اسے علمائے اسلام نے زبور آل محمدؐ اور انجیل اہلبیت کے نام سے یاد کیا ہے۔ کاغذ لاثانی۔ کتابت و طباعت بے مثل قیمت فی جلد (۱۲؍)

مراثی تجلی

تحت اللفظ خوانی کے اچھوتے اور معرکۃ الآرا مراثی کا ضخیم مجموعہ۔ رزم، بزم اور تجمل میں لاثانی (۱۵) مراثی۔ قیمت مجلد صرف ایک روپیہ تین آنے ۱؍۳

[illegible]

جنگ جمل کی مکمل تاریخ بطرز ناول اردو زبان میں۔ [illegible] عائشہ کی [illegible] کے خلاف اور اس کا انجام [illegible] قیمت مجلد نو آنے (۹؍)

[illegible]

ایک خارجی کی کتاب اسرار الجہاد کا مکمل اور دندان شکن جواب [illegible] شیعیان [illegible] قیمت فی جلد ۶؍

انتقام

حجر بن عدی صحابی جناب امیر علیہ السلام کا واقعہ قتل اور [illegible] مظلوم [illegible] ناول [illegible] قیمت ۹؍

[illegible]

[illegible] حصہ واقعات [illegible] قیمت فی جلد ۲؍

نیرنگ فصاحت

ترجمہ اردو

نہج البلاغۃ

جناب امیر خیبر گیر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جملہ فرامین، احکام، ملفوظات، اور خطبات کا عجیب و غریب اور مقبول عام بامحاورہ اردو ترجمہ۔ ہدیہ فی جلد تین روپے ۳؍

[illegible]

[illegible] سید الشہداء [illegible] اہلبیت [illegible] بعض مقامات [illegible] قیمت مجلد صرف [illegible]

[illegible]

اس کا ایک ایک حرف [illegible] وارثان جناب سید الشہداء علیہ السلام کی جان [illegible] امت کے لئے وسیلۂ مغفرت۔ قیمت فی جلد مجلد ایک روپیہ تین آنے

[illegible] (اردو)

ایک فرد اہلسنت و الجماعت [illegible] خلافت [illegible] قیمت فی جلد ۱۲؍

[illegible]

[illegible] خاندان نبی کی [illegible] لطف [illegible] قیمت فی جلد ۱؍۵

قصۂ اصحاب کہف (نظم)

قیمت ۶/

نوائب کربلا

کیلئے مجالس چہاردہ معصومین

جوڑہ مرثیے

۹/

مناقب مشکلکشا

کتب صحیحۂ فریقین سے شاہزادہ مرزا محمد عبد الغنی صاحب ارشد
گورگانی نے فضائل و مناقب جناب امیر المومنین کو نظم فرمایا ہے
قابل دید رسالہ ہے اور ہر شیعہ گھر میں اس کا
ہونا ضروری ہے قیمت
صرف دو آنے
۲/

کلام فصاحت

سید فضل حسین صاحب فصاحت مرحوم رئیس جلالی کی تصنیف سے پاکیزہ ... قیمت ۴/

مثنوی [illegible]

اس مثنوی کی ضخامت تقریباً ۵۰۰ صفحہ ... نہایت عجیب و غریب پر لطف نتیجہ خیز قصص و حکایات شرعی کو بصورت نظم قلمبند کیا گیا ہے ... جلدیں باقی ہیں جلد طلب فرمائیے قیمت (مجلد) فی جلد ایک روپیہ بارہ آنے

ثواب الاعمال

اس کتاب میں حضرت مولانا مولوی سید ... صاحب ... [illegible]

تمام کتب شیعہ کیلئے
مطبع یوسفی دہلی
منیجر سے خط و کتابت کیجئے

بشارات احمدی

[illegible]

عمدۃ الا[illegible]

قبلہ و کعبہ مولانا و مقتدانا مولوی سید علی حسین صاحب مرحوم و مغفور بانی مطبع یوسفی دہلی کی پاکیزہ تصنیفات سے یہ انمول رقعوں کا مجموعہ ان کی یاد قلوب مومنین میں تازہ رکھنے کے لئے دوبارہ طبع کیا گیا ہے۔ انشا پردازی اور مناظرہ کی جان ہے۔ قیمت ۸/

مہر خاموشی

مولوی منشی سید سجاد حسین صاحب کی کتب مناظرہ
میں اس رسالہ کو جو خاص اعزاز حاصل ہے اسکی اطلاع
کم و بیش تمام ملک میں ہے۔ مناظرے میں جیسا یہ بےمثل رسالہ ہے اسی
قدر اس کے شائقین کو جلد سے جلد اسکی خریداری کی طرف توجہ
کرنی چاہیئے۔ قیمت فی جلد صرف (۱۰/)
محصولڈاک بذمہ خریدار

صراط مستقیم

الآیات [illegible]